اشاعت نمبر: ۴۷

إنّ من الشّعر حكمة. (رواه البخاری)

# دِیُوَانُ
# الإمَامِ الشّافِعیؒ

ابی عبد الله محمد بن ادریس الشافعیؒ

(۱۵۰ھ ۷٦۷م - ۲۰۴ھ ۸۲۰م)

## ترجمه و تشریح

حضرت مولانا عبداللہ صاحب کاپودروی دامت برکاتہم

**ناشر**

(حضرت مولانا مفتی) احمد دیولوی صاحب (دامت برکاتہم)

جامعہ علوم القرآن، جمبوسر، بھروچ، گجرات، الھند

| | |
|---|---|
| نام کتاب | ترجمہ و تشریح دیوان الإمام الشافعیؒ |
| مترجم وشارح | حضرت مولانا عبداللہ صاحب کاپودروی، دامت برکاتہم |
| ترتیب وتنقیح | حضرت مولانا عبدالرشید خانپوری ندوی، زیدمجدہ |
| ناشر | حضرت مولانا مفتی احمد دیولوی صاحب، دامت برکاتہم |
| کمپیوٹر ٹائپنگ وسیٹنگ | مولانا محمد شاکر بورسدی، فاضل، جامعہ جمبوسر |
| تعداد | ۱۱۰۰، (گیارہ سو) |
| قیمت | ۱۰۰، روپے |

# ناشر

## شعبۂ نشر واشاعت

جامعہ علوم القرآن، بمقام جمبوسر، ضلع بھروچ، صوبہ گجرات، الھند
Jamiah Uloomul Quraan, by pass road
Jambusar (Dist. Bharuch ) 392 150
Web: www.jamiahjambusar.com
E-mail : jamia@satyam.net.in
Tel. (02644) 220786 / 220286 Fax. 222677

# انتساب

والدین مرحومین کے نام جنہوں نے نامساعد حالات میں بھی علوم اسلامیہ وعربیہ کی تعلیم میں لگا کر مجھ پراحسان عظیم فرمایا۔

مشفق اساتذۂ کرام کے نام جنہوں نے انتہائی شفقت اور مہربانی فرما کر دو لفظ لکھنے پڑھنے کے قابل بنایا۔

رفیقۂ حیات کے نام جس نے خدمت کا حق ادا کر کے مجھے گھریلو کاموں سے فارغ رکھا۔

**فجزاهم الله تعالى جميعاً أحسن الجزاء**

# ترتيب القوافي
# لترجمة ديوان الإمام الشافعي (رحمة الله عليه)


| نمبر شمار | عنوان | تعداد اشعار | صفحه نمبر |
|---|---|---|---|
| ١ | ناشرنامہ | | ١٢ |
| ٢ | مقدمہ طبع ثانی | | ١٨ |
| ٣ | تقریظ | | ٢٠ |
| ٤ | پیش لفظ | | ٢٢ |
| ٥ | حالات امام شافعیؒ | | ٢٥ |
| | **قافية الهمزه** | | |
| ٦ | دَعِ الأَيَّام | ١٤ | ٣٥ |
| ٧ | قِيمَةُ الدّعاءِ | ٣ | ٤٠ |
| ٨ | جَهْدُ البَلاءِ | ٢ | ٤١ |
| ٩ | واحسرةً للفتى | ٢ | ٤٢ |
| ١٠ | الصّبر على فقد الاحبّة | ٢ | ٤٣ |
| ١١ | القَضَاءُ والقَدَرُ | ٣ | ٤٤ |
| | **قافية الباء** | | |
| ١٢ | وُقُوفُ المَاءِ يُفسِدُهُ | ٧ | ٤٦ |
| ١٣ | بَاعُوا الرَّأسَ بِالذَّنبِ | ٤ | ٥٠ |
| ١٤ | جَرَّدْتُ صَارِماً | ١٠ | ٥٣ |
| ١٥ | يُقَاسُ بِطِفْلٍ | ٢ | ٥٧ |
| ١٦ | أَنتَ حَسْبِي | ٢ | ٥٩ |
| ١٧ | خَبَرُ المُنَجِّم | ٢ | ٦١ |
| ١٨ | خَالِفْ هَوَاكَ | ٢ | ٦٣ |
| ١٩ | تَمُوتُ الأُسُدُ جُوعاً | ٢ | ٦٥ |

| نمبر شمار | عنوان | تعداد اشعار | صفحه نمبر |
|---|---|---|---|
| ٢٠ | تَزَايَدُتُ رِفْعَةً | ٤ | ٦٧ |
| ٢١ | مِنَ البِلِيَّةِ | ٢ | ٦٩ |
| ٢٢ | الشَّيْبُ نَذِيرُ الفَنَاءِ | ١٥ | ٧٠ |
| ٢٣ | اَزِيدُ حِلْماً | ٢ | ٧٥ |
| ٢٤ | تَهَيَّبُوهُ | ٢ | ٧٦ |
| ٢٥ | السُّكُوتُ عن اللّئِيم جوابٌ | ٢ | ٧٨ |
| ٢٦ | قل علّی رقيب | ٥ | ٨٠ |
| ٢٧ | حبّ آل محمّد | ٩ | ٨٦ |
| | **قافية التاء** | | |
| ٢٨ | النَّاسُ دَاءٌ | ٦ | ٨٥ |
| ٢٩ | ليس عندی | ٢ | ٨٧ |
| ٣٠ | كَبِّرْ علَيْهِ | ٤ | ٨٩ |
| ٣١ | مَنْ لِي بَهَذَا ؟ | ٤ | ٩١ |
| ٣٢ | آلُ النَّبِيِّ ذَرِيعَتِی | ٢ | ٩٣ |
| ٣٣ | اَفْضَلُ النَّاسِ | ٥ | ٩٤ |
| ٣٤ | قَدْ ضَلُّوا | ٢ | ٩٦ |
| ٣٥ | مَا عَطَفُوا | ٢ | ٩٧ |
| ٣٦ | من بنی لِلّه بيتا | ٢ | ٩٨ |
| ٣٧ | البراء ة والشّكر | ٢ | ٩٩ |
| | **قافيةالجيم** | | |
| ٣٨ | الفَرَجُ بَعْدَ الشِّدَّةِ | ٢ | ١٠٠ |
| ٣٩ | عَدَاوَةُ الشُّعَرَاءِ دَاءٌ | ٨ | ١٠٢ |
| ٤٠ | صَبْراً جَمِيلاً | ٢ | ١٠٤ |

| نمبر شمار | عنوان | تعداد اشعار | صفحه نمبر |
|---|---|---|---|
| | **قافية الحاء** | | |
| ٤١ | السُّكوت خَيرٌ مِنَ الإِجَابَةِ | ٣ | ١٠٥ |
| ٤٢ | مَعَاذَ اللّٰهِ | ٢ | ١٠٧ |
| ٤٣ | قَاسٍ وجَهُولُ | ٢ | ١٠٩ |
| ٤٤ | أَحُسَنُ بِالإِنُسَانِ | ٢ | ١١٠ |
| | **قافية الدال** | | |
| ٤٥ | هُوَ الرَّدى | ٣ | ١١١ |
| ٤٦ | لَمُ أَرَ غَيُرَ شَامِتٍ | ٣ | ١١٣ |
| ٤٧ | اختيار الاصدقاءِ | ٤ | ١١٥ |
| ٤٨ | حُبُّ الوَلِيِّ | ٣ | ١١٦ |
| ٤٩ | كَمُ ضَاحِكٍ | ٣ | ١١٨ |
| ٥٠ | يَومَ الدُّعَاءِ | ١٦ | ١٢٠ |
| ٥١ | حَقُّ الجَارِ | ٤ | ١٢٣ |
| ٥٢ | ولَولا خَشُيَةُ الرَّحمنِ | ٣ | ١٢٥ |
| ٥٣ | خَمُسُ فَوَائد | ٢ | ١٢٧ |
| ٥٤ | لا تَنُقَضِي | ٢ | ١٢٨ |
| ٥٥ | خَلِّ الهَمَّ عَنِّي | ٣ | ١٣٠ |
| ٥٦ | لَاتَيُأَسنُ | ٤ | ١٣٢ |
| ٥٧ | الخَلُقُ لَيُسَ بِهَادٍ | ٣ | ١٣٤ |
| ٥٨ | تقوى اللّٰه أَفُضَلُ | ٢ | ١٣٥ |
| ٥٩ | عاداك من حسدٍ | ١ | ١٣٦ |
| ٦٠ | اللّٰه واحد | ٣ | ١٣٧ |

| نمبر شمار | عنوان | تعداد اشعار | صفحه نمبر |
|---|---|---|---|
| | **قافية الراء** | | |
| ٦١ | لَسْتُ بِخَاسِرٍ | ٢ | ١٣٩ |
| ٦٢ | لَاأَدْرِي | ٢ | ١٤٠ |
| ٦٣ | إلَّا | ١ | ١٤١ |
| ٦٤ | فَوقَ أَمْرِي | ٢ | ١٤١ |
| ٦٥ | الإعتماد على النفس | ٢ | ١٤٢ |
| ٦٦ | لَمْ أَجِدْ لي صَاحِباً | ٤ | ١٤٣ |
| ٦٧ | هُنَاكَ وَهَاهُنَا | ١ | ١٤٤ |
| ٦٨ | لَيْسَ كَثِيراً | ٢ | ١٤٥ |
| ٦٩ | دِيَةُ الذَّنْبِ | ٢ | ١٤٥ |
| ٧٠ | الرِّضٰى بِحُكْمِ الدَّهْرِ | ٢ | ١٤٦ |
| ٧١ | الحَذَْر والقَدَرُ والكَدُرُ | ٣ | ١٤٦ |
| ٧٢ | الدَّهْرُ يومَان | ٣ | ١٤٧ |
| ٧٣ | وَحُدَتِى أَلَذُّ | ٢ | ١٤٨ |
| ٧٤ | لست أعدم قوتاً | ٤ | ١٤٩ |
| ٧٥ | عِزَّةُ النَّفْسِ | ٤ | ١٥٠ |
| ٧٦ | الإعتذار | ٢ | ١٥٢ |
| ٧٧ | الفِرْدوس | ٣ | ١٥٣ |
| ٧٨ | تَعَلَّمْ | ٢ | ١٥٤ |
| ٧٩ | مِنَ الشَّقَاوَةِ | ٢ | ١٥٤ |
| ٨٠ | كَشَفْتُ حَقَائِقهَا | ٤ | ١٥٥ |
| ٨١ | صِفَة المنَاظَرَةِ | ٥ | ١٥٦ |
| ٨٢ | يَارَاقِدَ اللَّيلِ | ٣ | ١٥٧ |

| نمبر شمار | عنوان | تعداد اشعار | صفحه نمبر |
|---|---|---|---|
| ٨٣ | ثَوبُ القَنَاعَةِ | ٣ | ١٥٨ |
| ٨٤ | الرَزِيّةِ | ٢ | ١٥٩ |
| ٨٥ | البَلَاء | ٢ | ١٥٩ |
| ٨٦ | صُن وَجُهِكَ | ٣ | ١٦٠ |
| ٨٧ | اَلُسُنِ النَّاسِ | ٣ | ١٦١ |
| ٨٨ | النّظرة | ٢ | ١٦١ |
| | **قافية السين** | | |
| ٨٩ | قَلِيلُ الحَمُلِ لِلدَّنَسِ | ٦ | ١٦٢ |
| ٩٠ | قَرِيبٌ مِنَ عَدُوٍّ | ٤ | ١٦٣ |
| ٩١ | اللّٰهُ ذُو الآلاءِ | ٦ | ١٦٤ |
| ٩٢ | عزّة النّفس | ٥ | ١٦٥ |
| ٩٣ | العلم | ٥ | ١٦٦ |
| | **قافية الصاد** | | |
| ٩٤ | تَرُك المَعاصی | ٦ | ١٦٧ |
| ٩٥ | الإيمان و ذكر الخلفاء | ٥ | ١٦٩ |
| ٩٦ | الحسود | ٢ | ١٧٠ |
| ٩٧ | تَرك الشر | ٣ | ١٧٠ |
| ٩٨ | القناعة | ٤ | ١٧١ |
| | **قافية الضاد** | | |
| ٩٩ | حُبُّ آل مُحَمَّدٍ | ٤ | ١٧٢ |
| ١٠٠ | مِنُ عَادَةِ الأَيَّامِ | ٣ | ١٧٤ |
| ١٠١ | عُدُتُ بِالوُدِّ | ٣ | ١٧٥ |

| نمبر شمار | عنوان | تعداد اشعار | صفحه نمبر |
|---|---|---|---|
| | **قافية العين** | | |
| ١٠٢ | دعاء المظلوم | ٤ | ١٧٦ |
| ١٠٣ | إنّ المحبّ لمن يحبّ مطيع | ٣ | ١٧٨ |
| ١٠٤ | دواء الهوٰى | ٤ | ١٧٩ |
| ١٠٥ | حُبُّ الصّالحين وأدب النُّصح | ٥ | ١٨٠ |
| ١٠٦ | الورع | ٢ | ١٨١ |
| ١٠٧ | الذلّ فی الطّمع | ٣ | ١٨٢ |
| ١٠٨ | لا تطمعُ | ٢ | ١٨٣ |
| | **قافية الفاء** | | |
| ١٠٩ | ذِئَابٌ خِرَافٌ | ١ | ١٨٤ |
| ١١٠ | كَيُفَ الوُصُولُ | ٢ | ١٨٥ |
| ١١١ | العُقَابُ والذُّبَابُ | ١ | ١٨٥ |
| ١١٢ | سلامٌ على الدُّنيَا | ٧ | ١٨٦ |
| ١١٣ | إمام المسلمين ابو حنيفةؒ | ٤ | ١٨٧ |
| ١١٤ | الضِّدَّان المُفُتَرِقَانِ | ٨ | ١٨٨ |
| ١١٥ | حلاوةُ العِلُمِ | ٥ | ١٨٩ |
| ١١٦ | التغرّب | ٥ | ١٩٠ |
| ١١٧ | تَوَكَّلُتُ عَلى اللّٰهَ | ٤ | ١٩٢ |
| ١١٨ | تَبُقَى بِلَا صَدِيقٍ | ٢ | ١٩٣ |
| ١١٩ | عِلُمِی مَعِي | ٢ | ١٩٤ |
| ١٢٠ | الرزق مقسوم | ٢ | ١٩٤ |
| ١٢١ | الغريب | ٢ | ١٩٥ |
| ١٢٢ | الأحمق من الناس | ٢ | ١٩٦ |

| نمبر شمار | عنوان | تعداد اشعار | صفحه نمبر |
|---|---|---|---|
| ١٢٣ | المكر والملق | ٢ | ١٩٦ |
| ١٢٤ | مِنْ غَيْرِ قَصْدٍ | ١ | ١٩٧ |
| ١٢٥ | أدب الاسفار | ٢ | ١٩٧ |
| ١٢٦ | كتابة العلم | ٢ | ١٩٨ |
| | **قافية الكاف** | | |
| ١٢٧ | فَسَادٌ كَبِيرٌ | ٢ | ١٩٩ |
| ١٢٨ | القَنَاعَةُ رَأسُ الغِنٰى | ٣ | ٢٠٠ |
| | **قافيةاللام** | | |
| ١٢٩ | طالب الحكمة | ٤ | ٢٠١ |
| ١٣٠ | مَنْ طَلَبَ العُلٰى | ٣ | ٢٠٢ |
| ١٣١ | حَتّٰى أُوَسِّد | ٣ | ٢٠٣ |
| ١٣٢ | ما لَمْ يَعْمَل | ٢ | ٢٠٤ |
| ١٣٣ | أَدَّبَنِى الدَّهْرُ | ٢ | ٢٠٥ |
| ١٣٤ | الفقيه والرّئيس والغنىّ | ٣ | ٢٠٥ |
| ١٣٥ | صفة الأخوان | ٥ | ٢٠٦ |
| ١٣٦ | بلاء الملوك | ٣ | ٢٠٧ |
| ١٣٧ | الحثّ على العلم | ٣ | ٢٠٨ |
| ١٣٨ | مشاكلة النّاس | ٢ | ٢٠٩ |
| ١٣٩ | أَحْدَثُوا بِدْعاَ | ٢ | ٢٠٩ |
| ١٤٠ | مداراة الحسود | ٢ | ٢١٠ |
| ١٤١ | أَرَاهُ طَعَاماًوَبِيلاً | ٢ | ٢١٠ |
| ١٤٢ | لَعَلَّهُ | ٥ | ٢١١ |
| ١٤٣ | حُبُّكُمْ فَرْضٌ | ٢ | ٢١٢ |

| نمبر شمار | عنوان | تعداد اشعار | صفحه نمبر |
|---|---|---|---|
| | **قافية الميم** | | |
| ١٤٤ | مُهْلِكَةُ الْأَنَامِ | ٢ | ٢١٣ |
| ١٤٥ | العِفّة | ٥ | ٢١٤ |
| ١٤٦ | مَجْدُ العِلْمِ | ٤ | ٢١٥ |
| ١٤٧ | إختيار الاصدقاء | ٦ | ٢١٦ |
| ١٤٨ | بِهِمْ عِفَّةٌ | ٢ | ٢١٧ |
| ١٤٩ | كَفَاكَ تَعْلِيمِى | ١ | ٢١٧ |
| ١٥٠ | بينى وبين الله | ٣ | ٢١٨ |
| ١٥١ | الاسماء الحسنى | ٥ | ٢١٩ |
| ١٥٢ | كَانَ عَفْوُكَ أَعْظَمَا | ٢٦ | ٢٢٠ |
| ١٥٣ | فضل العلم | ٤ | ٢٢٤ |
| ١٥٤ | العلم فى غير أهلِهِ | ٥ | ٢٢٥ |
| ١٥٥ | الجهل يزرى بأهله | ٨ | ٢٢٦ |
| | **قافية النون** | | |
| ١٥٦ | إِكْرَامُ النَّفْسِ | ٥ | ٢٢٧ |
| ١٥٧ | طَلَاقُ الوَالِى | ٤ | ٢٢٨ |
| ١٥٨ | العزاء | ٢ | ٢٢٩ |
| ١٥٩ | هذا بذاك | ٣ | ٢٢٩ |
| ١٦٠ | كيف تنال العلم | ٢ | ٢٣٠ |
| ١٦١ | وَسْوَاسُ الشَّيَاطِين | ٢ | ٢٣١ |
| ١٦٢ | جنون الجنون | ١ | ٢٣٢ |
| ١٦٣ | سأصبر | ٢ | ٢٣٢ |
| ١٦٤ | الصَّمْتُ أَجْمَلُ | ٣ | ٢٣٣ |

| نمبر شمار | عنوان | تعداد اشعار | صفحه نمبر |
|---|---|---|---|
| ١٦٥ | لُقَمَةٌ تَكْفِينِى | ٢ | ٢٣٤ |
| ١٦٦ | شوق إلى غزّة | ٢ | ٢٣٤ |
| ١٦٧ | النَّصائح الغَالِية | ٤ | ٢٣٥ |
| ١٦٨ | تَرُك الهُمُوم | ٣ | ٢٣٦ |
| ١٦٩ | هوان الطّمع | ٣ | ٢٣٧ |
| ١٧٠ | إحُفَظ لسانك | ٢ | ٢٣٨ |
| ١٧١ | إهانة النفس | ١ | ٢٣٩ |
| ١٧٢ | العَيُبُ فِينَا | ٥ | ٢٤٠ |
| ١٧٣ | عباد الرّحمن | ٣ | ٢٤١ |
| ١٧٤ | فَبِشِّرُهُ | ٢ | ٢٤١ |
| ١٧٥ | عَمِيُقٌ بَحُرُهُ | ٢ | ٢٤٢ |
| ١٧٦ | الصَّبُرُ جُنَّة | ٣ | ٢٤٣ |
| ١٧٧ | مَا شِئُتَ كَانَ | ٤ | ٢٤٤ |
| ١٧٨ | مِنُ أَقُوى الفِطَن | ٢ | ٢٤٥ |
| ١٧٩ | إرجع إلى ربّ العباد | ٤ | ٢٤٦ |
| ١٩٠ | الإحسان | ٣ | ٢٤٧ |
| ١٩١ | ان شئت ان تحى | ١ | ٢٤٨ |
| ١٩٢ | جامع المال | ٢ | ٢٤٨ |
| ١٩٣ | حبّ العجوز | ٢ | ٢٤٩ |
| ١٩٤ | البر والايمان | ٣ | ٢٥٠ |
| ١٩٥ | سميع الدّعاء | ٢ | ٢٥١ |

| نمبر شمار | عنوان | تعداد اشعار | صفحه نمبر |
|---|---|---|---|
| | **قافية الهاء** | | |
| ١٩٦ | الأُسُود والكلاب | ٤ | ٢٥٢ |
| | **قافية الألف المقصورة** | | |
| ١٩٧ | حياة الأشراف واللّئام | ٤ | ٢٥٣ |
| | **قافية الياء** | | |
| ١٩٨ | أَعْرِض عَنِ الجَاهِلِ | ٢ | ٢٥٤ |
| ١٩٩ | وعين الرِّضا | ٤ | ٢٥٥ |
| ٢٠٠ | حُبُّ الفاطمية | ٣ | ٢٥٦ |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ناشر نامہ

مفتی احمد دیولوی
رئیس: جامعہ علوم القرآن
جمبوسر، بھروچ، گجرات، الہند

سیدنا امام شافعیؒ آسمان علم کے وہ تابندہ ستارے ہیں؛ جس سے علمی دنیا ہر زمانے میں رہبری پاتی رہی، بالخصوص آپکی ذات فقہ اسلامی کے فلک پر نمودار ہونے والی وہ ذات ہے؛ جسکی روشنی، ایک عالم کو روشن کرتی رہی اور انشاء اللہ تا قیام ساعت روشن کرتی رہیگی، اسلئے کہ احکام اسلام کو اصول وضوابط میں منضبط کر کے؛ عمل کے اعتبار سے آسانی پیدا کرنے والے؛ چار معروف فقہی مسالک میں سے ایک کا تعلق؛ انہیں کی ذات بابرکت سے ہے، جسے لوگ فقہ شافعی سے موسوم کرتے ہیں۔ محمد بن ادریسؒ وہ نام ہے جو صفحۂ ہستی پر وجود پانیکے بعد سے آج تک صدہا کتابوں کی زینت، ہزارہا ممالک وفقہاء کی قیادت اور کروڑہا زبانوں کو لذت وحلاوت بخشتا رہا، یہی نہیں؛ حق تعالیٰ نے اس نام کے ساتھ نسبت وتعارف کے طور پر ان گنت دیگر ناموں کو جوڑ کر؛ زندہ تابندہ رہنے والے ناموں کی فہرست میں اس نام کو بھی شامل کرلیا،

ایں سعادت بزور بازو نیست، تا نبخشد خدائے بخشندہ

امام شافعیؒ کی بے پناہ مقبولیت کا راز انکی خاندانی نسبت بھی ہے اور انکی ذاتی صلاحیت بھی، انکی والدہ کی محنت بھی ہے اور انکی طلب علم میں مشقت بھی، انکی خداداد ذہانت بھی ہے اور انکے اساتذہ کی شفقت بھی، انکا بے مثال حافظہ بھی ہے اور انکے شیوخ کا انکی شخصیت سازی کا لاثانی جذبہ بھی، انکی لغت دانی بھی ہے انکی نسب دانی بھی، انکا علوم قرآن سے بے پایاں لگاؤ بھی ہے اور احادیث بنویہ سے مثالی شغف بھی، انکے حصول علم کے طویل اسفار بھی ہیں اور علوم عربیہ کی صحرانوردی بھی، انکے کامیاب مناظرات بھی ہیں، انکی سیکڑوں تصانیف بھی، انکا تواضع بھی ہے انکا تصوف بھی، انکی سخاوت بھی ہے انکی شرافت بھی، انکی شجاعت بھی ہے انکی صاف

گوئی بھی ، انکی جرأت رندانہ بھی ، انکی جست قلندارانہ بھی ، انکی نرمی بھی ، انکی گرمی بھی ، انکا فہم بھی ، انکی فراست بھی ، انکی طبابت بھی انکی حذاقت بھی ، انکی حکمت بھی انکی دانائی بھی ، انکی عقل بھی ، انکی تدبیر بھی ، انکی قناعت بھی انکا استغناء بھی ، انکی دعوت نہاری بھی انکی آہ سحر گاہی بھی ، الغرض یہ آپکی ہمہ گیر شخصیت کے عناوین بھی ہیں اور آپ کی مقبولیت کے عوامل واسباب بھی ، اور سنت خداوندی ہیکہ جو بھی اپنے آپکو مذکورہ اوصاف کا حامل اور مکارم کا خوگر بنالے ؛ اللہ تعالیٰ کا فضل اور اسکی رحمت اسکی دستگیری کر کے بلندی کے منازل طے کرادیتی ہے۔

امام شافعیؒ نے غریب گھرانے میں آنکھ کھولنے اور یتیمی کے دور سے گذرنے کے باوجود شوق علم اور ذوق طلب کو ذرا بھی ماند نہ ہونے دیا ، مسئلہ معاش میں توکل کی راہ اختیار کر کے ، راہ علم کے راہی بن گئے ، عربوں میں عزت کا سبب مانے جانے والے علم الانساب میں سند کا درجہ حاصل کیا اور مردوں سے بڑھکر عورتوں کے انساب بھی ، جو کم یاد کئے جاتے تھے ؛ یاد کر لئے ، علوم تاریخ ولغت پر گرفت کے لئے وقت کے مشہور قبیلے ہذیل میں طویل مدت رہکر ؛ ہذیلی شعراء کے دس ہزار اشعار زبانی یاد کر لئے ، قرآن کریم کی جانب توجہ کی تو سات سال کی عمر میں حفظ قرآن کریم کی دولت سے مشرف ہوئے ، اور دس سال کی عمر میں حدیث کی پہلی کتاب موطا امام مالک حفظ کر کے خود مصنف کو چند مجلسوں میں سنادی ، تیرہ چودہ سال کی عمر میں فقہ مالکی کے بانی امام مالکؒ کی پر جلال مجلس میں طلاق کے ایک مسئلے کو " للاکثر حکم الکل " کے اصول پر حل کر کے فتوی کی اجازت حاصل کی اور معاً دیگر اساتذہ سے بھی فقہ وفتاوی میں اعتماد حاصل کیا ، تصنیف وتألیف کی طرف توجہ کی تو عمر کے صرف آخری چار سالوں میں خونی بواسیر کی شدید تکلیف کے باوجود ؛ قیام مصر کے دوران ؛ بقول ملاعلی قاریؒ ایک سو تیرہ کتابیں اور بقول حضرت حسن بن علی مصریؒ دوسو کتابیں تصنیف فرمائیں ، جسمیں الرّسالۃ ، کتاب الأمّ اور کتاب السّنن جیسی کتابیں بھی شامل ہیں ، مناظرہ کے میدان میں قدم رکھا تو سب پر بھاری ثابت ہوئے اور مسکت جواب اور مضبوط دلائل سے سب کو خاموش کر دیا ، شاہاں وقت نے بھی آپ کا لوہا مانا اور انعام واکرام سے نوازا ، علم فراست میں ایسا ید طولیٰ حاصل تھا کہ آپکا اندازہ کم غلط ثابت ہوتا ، علم طب اور قدیم اطبّاء بقراط ، سقراط ، جالینوس اور ارسطو کی کتابوں پر طبیبوں کے سامنے گفتگو ہوتی ؛

تو لوگوں کو شبہ ہوتا کہ آپکو علم طب ہی میں مہارت حاصل ہے، علم لغت اور فصاحت و بلاغت میں اتنی مہارت پیدا کی کہ وقت کے ادباء محض آپ کا کلام سننے کے لئے مجلس میں آنے لگے اور ارباب لغت نے آپکے کلام کو لغت میں بطور حجت وسند تسلیم کیا، علم تاریخ وایّام عرب میں لوگوں نے آپکے " أعرف بالتاریخ "، ہونیکی شہادت دی۔

علوم القرآن میں امامؒ اپنی مہارت کو خود اسطرح بیان فرماتے ہیں ؛ قرآن کریم میں ایسا کوئی کلمہ نہیں، جسکا مطلب محاورۂ عرب کے لحاظ سے میں نہ جانتا ہوں، وجوہ نظم قرآن مثلا مجمل ،مبین، محکم، متشابہ، عام، خاص، ناسخ ومنسوخ، اعتبار، امثال ،قصص، احکام، اسباب نزول اور محاورات عرب؛ سب پر آپکی غائر نظر تھی اور اپنی کتاب احکام القرآن میں اسکو تفصیل سے بیان بھی فرمایا، حدیث اور فقہ حدیث میں آپ کی صلاحیت واستعداد ڈھکی چھپی نہیں؛ سینکڑوں علماء حتی کہ آپکے اساتذہ نے بھی آپ کی حدیث میں مہارت تامہ کی شہادت دی، یہی نہیں؛ حدیث قبول یا رد کرنیکے آپ نے مستقل شرائط تیار فرمائے ،تقوی، طہارت اور عبادت خداوندی میں آپ کے زمانے میں آپکی نظیر ملنا مشکل ہے؛ رات کے تین حصے کرتے، ایک تصنیف، کا ایک عبادت کا، ایک آرام کا، ہر ماہ تیس قرآن ختم فرماتے اور رمضان المبارک میں مکمل ساٹھ، کثرت درود کا اہتمام فرماتے، عظمت ومحبت رسول ﷺ کے پیش نظر اگر کوئی " قال الرّسول "، کہتا تو ناراض ہوکر فرماتے یوں کہو " قال رسول الله ﷺ" ایسے سخی کہ بادشاہ وقت اور قدر دانوں کی جانب سے ملنے والے انعامات واکرامات راستے ہی میں تقسیم کردیتے؛ آپکے شاگرد حضرت ربیع بن سلیمانؒ فرماتے ہیں کہ ایک بار مجھے حساب لکھتے ہوئے دیکھکر فرمایا، کاغذ خراب مت کرو؛ میں نے تم سے کب حساب مانگا ہے؟ نثر ونظم میں ایسی مہارت کے مالک تھے کہ ایک بار خود فرمایا؛ اگر میں شعر گوئی کا پیشہ اختیار کرتا تو لبید سے بڑا شاعر ہوتا، آپکا جامع کلمات پر مشتمل پر از حکمت نثر بھی کتابوں میں محفوظ ہے؛ جسکو پڑھنے والا محظوظ ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

مجلس درس کی مقبولیت کا یہ حال تھا کہ جامع بغداد میں جہاں بیس بیس حلقہائے درس لگا کرتے تھے۔ آپ کی آمد کے بعد صرف تین رہ گئے۔ باقی سترہ حلقے آپ ہی کے حلقے میں تحلیل ہوگئے ، درس کا یہ حال ہوتا کہ صبح کی نماز کے بعد طلوع آفتاب تک فقہ کا درس دیتے،

پھرحدیث شریف کا درس شروع ہوتا، اسکے بعد مجلس وعظ لگتی، پھر مذاکرات علمیہ ہوتے، ظہر کے بعد ادب، شعر شاعری، عروض، نحو، لغت وغیرہ کا درس ہوتا رہتا، عصر سے مغرب تک ذکر الٰہی میں مصروف رہتے اور رات کے تین حصے فرماتے، آپکی کتابوں کو نقل کرنیکے لئے کبھی کبھی آپکے شاگرد ربیع بن سلیمانؒ کے دروازے پر نوسو سواریاں کھڑی ہو جاتی، امام احمد بن حنبلؒ نے ایک مرتبہ " **ما أحد مسّ محبرة و قلما الاّ و للشافعیؒ فی عنقه منّة**"فرما کر امام شافعیؒ کی کتابوں کی جامعیت وافادیت کی شہادت دی، امام احمدؒ ہی نے دوسرے موقع سے فرمایا "**الشافعیؒ فلیسوف اربعة أشیاء،فی اللّغة و اختلاف النّاس، والمعانی و الفقه**" بزرگوں اور اساتذہ کا حد درجہ احترام فرماتے، حضرت امام ابوحنیفہؒ کا تذکرہ آتا تو فرماتے، سنو، لوگ فقہ میں امام ابوحنیفہؒ کی اولاد ہیں، کسی نے آپ کے سامنے امام مالکؒ اور سفیان بن عیینہؒ کا ذکر فرمایا تو کہا؛ اگر یہ دونوں نہ ہوتے تو حجاز سے علم حدیث ناپید ہو جاتا، الغرض ساٹھ سے متجاوز جلیل القدر ائمہ وقت اور ماہرین فن اساتذۂ کرام سے علم حاصل کرنے والے اور سینکڑوں اساطین امت وراہبران ملت، تلامذہ چھوڑنے والے امام شافعیؒ کے اوصاف اور مناقب وکمالات کہاں تک ذکر کئے جائیں؟

آپکے علم وفہم اور امت مسلمہ کو قرآن کریم، احادیث نبویہ اور فقہ اسلامی سے روشناس کرانیکی مساعئ جمیلہ کو دیکھتے ہوئے کہا جاسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی فقہی رہبری کے لئے خاص وقت میں آپ کو پیدا فرمایا؛ اور حق تعالی کی سنت بھی رہی ہیکہ اسنے وقت کی اہمیت، لوگوں کی ضرورت اور زمانے کے چیلنج کے اعتبار سے اس امت میں بے شمار اہل علم پیدا فرمائے؛ جنہوں نے اخلاص، درد، کڑھن اور بے پناہ ایثار کے ساتھ دین اسلام کی علمی خدمت کا فریضہ انجام دیا اور اشاعت علم کی راہ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، انکے علوم کو اگر جمع کیا جائے تو اسکی روشنی کے سامنے سورج ماند پڑ جائے، انہیں بندگان خدا کی محنت، کاوش اور ایثار وفرمابرداری کا نتیجہ ہیکہ چودہ صدیاں بیت جانے کے باوجود آج قرآن وحدیث کا علم ہمارے سامنے اسطرح روشن اور تابناک ہے جیسے اسوقت تھا جب قرآن نازل ہوا تھا، جناب رسول اللہ ﷺ کے اقوال، افعال، احوال ہمارے بیچ ٹھیک اسی طرح موجود ہیں جیسے کہ آپ ﷺ نے صحابۂ کرامؓ کے

سامنے فرمائے تھے، آپ ﷺ کا اسوۂ حسنہ ہمارے سامنے مکمل موجود ہے، صحابۂ کرامؓ کے اقوال گویا ہمارے کانوں میں گونج رہے ہیں اور انکے افعال کے نقوش ہم اپنی آنکھوں سے گویا دیکھ رہے ہیں، یہ درحقیقت برکت ہے آنحضرت ﷺ کے انفاس قدسیہ کی، اور صلہ ہے صحابۂ کرامؓ کی جانی مالی قربانی اور علماء امت کے ایثار کا، اور یہ دراصل ظہور ہے اس وعدۂ خداوندی کا؛ جسکا اعلان اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں ان الفاظ میں فرمایا ہے ''ہم ہی نے ذکر یعنی قرآن کریم کو نازل فرمایا ہے اور ہم ہی اسکی حفاظت کرنے والے ہیں'' (الحجر:۹)

زیر نظر کتاب امام شافعیؒ کے مختلف مناسبتوں سے شاگردوں کے سامنے برملا کہے ہوئے اشعار کا مجموعہ ہے، جسکو امام شافعیؒ کے تلامذہ نے مختلف کتابوں میں اپنے استاذ کی جانب منسوب کرکے رقم فرمائے تھے اور بعد والوں نے یکجا کرکے، مستقل دیوان کی شکل دیکر '' **دیوان امام شافعیؒ** '' کے نام سے شائع کئے، دوران گفتگو، بغیر اہتمام کے؛ غیر ارادی طور پر کہے جانے والے یہ اشعار پڑھکر قاری خود ہی محسوس کریگا کہ امامؒ اگر باقاعدہ شعر شاعری کی جانب متوجہ ہوئے ہوتے تو یقیناً '' **أشعر من لبید** '' ہی نہیں '' **أشعر العرب** '' کہے جاتے، اسلئے کہ فصاحت، بلاغت، ادب، لغت اور عروض وقوافی کے قوانین کی رعایت کے ساتھ، مدح، ذم، مراثی، عشق، فخر، حماسہ، مقابلہ اور اغراض فاسدہ ومقاصد غیر مرضیہ پر کلام کرنے والے شعراء تو تاریخ عرب میں ان گنت مل جائینگے مگر! معانی، حکمت، وعظ، عبرت، مکارم، اصلاح، اعتدال اور بلند اخلاق وبلند کردار کے مضامین پر مشتمل اشعار کہنے والے امام شافعیؒ کی طرح خال خال ہی نظر آئینگے، اور اسمیں کوئی شک نہیں کہ آپکا کلام قرآن وسنت کا ترجمان اور ایک امامِ فقہ کو زیب دینے والا عالی کلام ہے اور امام علیہ الرحمۃ نے ایسے کلام کے ذریعہ بھی گویا امت کی، بالخصوص طالبان علوم نبوت کی بہترین خدمت فرمائی ہے۔ '' **جزاھم اللہ تعالیٰ عنّا وعن جمیع المسلمین أحسن الجزاء** ''

جامعہ علوم القرآن، جمبوسر، بھروچ، گجرات، الھند، کے شعبۂ نشر واشاعت کی نیک بختی وسعادت ہیکہ خطۂ گجرات کے مایۂ ناز فرزند، اپنے علمی وقار، متانت اور قابلیت واستعداد کے

حوالے سے ہندوستان کے طول وعرض میں پہچانی جانے والی شخصیت، بزرگوں کی یادگار، ملت کے غم خوار، استاذ الاساتذۃ، استاذ محترم حضرت مولانا عبد اللہ کاپودروی، دامت برکاتہم نے ''دیوان امام شافعیؒ'' کی ترتیب وتنقیح اور نشر واشاعت کے لئے اسکا انتخاب فرمایا، ہم حضرت مولانا جیسے سلیقہ مندی کے پابند اور صاف ستھرا ذوق رکھنے والے عالم دین کے انتخاب پر جہاں رشک وسرور کا احساس کرتے ہیں وہیں حق تعالی کے حضور شکر گذاری وثناخوانی میں باہمہ جان وتن مصروف ہیں، '' اللّٰھم لا نحصی ثناء علیک ،أنت کما أثنیت علی نفسک ''

ترتیب وتنقیح کی اہم ذمہ داری مولانا محترم کے بلند ذوق کے عین مطابق کام کرنیکی صلاحیت وعادت رکھنے والے اور اس سے قبل شعبۂ نشر واشاعت کی وقیع خدمت انجام دینے والے جامعہ کے استاذ حدیث ،عزیز گرامی ،حضرت مولانا رشید ابراہیم ندوی خانپوری صاحب کو حوالے کی گئی ،مولانا موصوف نے درسی مشغولیات اور دیگر مسئولیات کے باوجود یہ کام بحسن وخوبی انجام دیا، والحمد للہ علی ذلک ، اللہ تعالیٰ انکے علم ،عمل اور عمر میں برکت عطا فرمائے اور عافیت کے ساتھ مربوط ومستحکم علمی کاموں کے لئے قبول فرمائے ،آمین۔

قارئین کرام سے جامعہ کے شعبۂ نشر واشاعت کی قابل قدر اشاعتوں سے مستفید ہونے؛ نیز علوم دینیہ کوآنے والی نسل تک امانت داری کے ساتھ منتقل کرنیکے اسکے عظیم ھدف کی؛ علمی ،مالی، مشاورتی ،وتجمیعی اعانت کرنے کی درخواست ہے۔ جامعہ اپنے منصوبوں کی تکمیل میں آپ کی نیم شبی دعاؤں کا بھی محتاج ہے، حق تعالی ملت کی اس امانت کو ہمہ جہت پروان چڑھائے اور جملہ شرور وفتن سے اپنے حفظ وامان میں رکھے۔ آمین۔

(حضرت مولانا مفتی) احمد دیولوی (دامت برکاتہم )
مہتمم: جامعہ علوم القرآن، جمبوسر، بھروچ، گجرات

# مقدمہ طبع ثانی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"**دیوان الامام الشافعیؒ**" کے ترجمہ کا کام ۲۰۰۱ء میں مکمل ہوگیا تھا، اسکی طباعت ایک سال کے بعد ہوئی۔ عزیزم مولوی عبدالرحیم صاحب سلمہ، رویدروی، استاذ حدیث جامعہ اشاعت العلوم اکل کوا، کی مساعی اور عزیز محترم مولانا غلام محمد وستانوی حفظہ اللہ کے تعاون خاص سے کتاب طبع ہوئی تھی مگر بدقسمتی سے اسکی پروف ریڈنگ خاطر خواہ نہ ہوسکی اس لئے کتاب میں طباعت کی غلطیاں بہت زیادہ رہ گئیں۔ چنانچہ اسکی تقسیم روک دی گئی۔

محترم مولانا مفتی احمد دیولوی صاحب مدظلہ (بانی ومہتمم: جامعہ علوم القرآن، جمبوسر) کے سامنے تذکرہ ہوا تو انہوں نے اسکی دوبارہ طباعت کرنے کا خیال ظاہر فرمایا۔ اور کتاب کی اغلاط کی اصلاح کے لئے جامعہ کے مدرس مولانا عبدالرشید خانپوری صاحب سلمہ؛ کو ذمہ داری سپرد فرمائی۔ عزیز موصوف نے بہت عرق ریزی سے اصلاح کا کام انجام دیا۔ درس وتدریس کے ساتھ کتاب پر نظر فرماتے رہے؛ اسی اثناء میں انکے والد محترم کی سخت علالت اور وفات کے سبب کام میں تاخیر ہوتی رہی، چنانچہ ڈیرھ سال کے بعد اب یہ کام مکمل ہوا ہے۔ مولانا نے ترجمہ پر بھی نظر ڈالی اور تشریحی نوٹ میں بھی ضروری اضافے فرمادئے ہیں اس لئے اب اس جدید ایڈیشن میں مولانا موصوف کا قابل قدر حصہ بھی شامل ہوگیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مولانا کی اس کاوش ومحنت کا بہترین بدلہ عطا فرمائے۔ بالخصوص ان کے والد مرحوم کے لئے اس محنت کو ذریعۂ نجات بنائے۔ آمین۔ **اللھم اغفرلہ وارحمہ وسکّنہ فی الجنة.**

مولانا عبدالرشید صاحب کے ساتھ مولانا محمد شاکر صاحب، بورسدی، فاضل جامعہ علوم القرآن کا شکریہ ادا کرنا بھی ضروری ہے عزیز موصوف نے اصلاح شدہ مسوّدہ کو کمپیوٹر پر خوبصورت انداز میں لکھکر طباعت کے قابل بنایا۔ اللہ تعالیٰ مولانا کی اس گراں قدر خدمت کو قبول فرماکر اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین۔

اس جدید ایڈیشن میں دیوان امام شافعیؒ کے دوسرے نسخوں کو بھی جو بعد میں دستیاب ہوئے تھے سامنے رکھا گیا ہے، مجموعی طور پر **دیوان امام الشافعیؒ** کے جملہ نسخے پیش نظر ہے، اور موجودہ نسخوں کے دیگر اشعار بھی مولانا عبدالرشید صاحب نے شامل فرمائے ہیں۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان مساعی کو قبول فرما کر طلباء مدارس کے لئے انکو نافع بنائے اور مترجم، شارح، کاتب و ناشر سب کے لئے نجات کا ذریعہ بنائے۔ ''**وما ذلک علی اللہ بعزیز**''

والسلام
احقر عبداللہ کاپودروی غفرلہٗ
۵، محرم الحرام، ۱۴۲۵ھ

بسم الله الرحمن الرحیم

# تقریظ

از: مولانا نور عالم خلیل امینی صاحب، زید مجدہ
استاذ ادب: دار العلوم دیو بند

**الحمد لله و کفی و سلام علی عبادہ الذین اصطفی، اما بعد :**

امام شافعیؒ (ابو عبد اللہ محمد بن ادریس ۱۵۰-۲۰۴ھ) نہ صرف صاحب مذہب مجتہد اور حدیث وفقہ و علوم شریعت کے عالی مقام امام تھے، عربی علوم کے بھی اعلی پایے کے امام تھے۔ زبان وادب میں ان کی مجتہدانہ شان کا یہ عالم تھا کہ مشاہیر ادبا وشعرا ان سے رجوع کیا کرتے تھے۔ امام صاحبؒ حدیث وفقہ واجتہاد میں ہمہ تن مشغول رہنے کی وجہ سے اگرچہ زبان وادب میں اشتغال کے لیے با قاعدہ وقت نہ نکال سکے۔ لیکن ان کا جو مطبوعہ دیوان ہے، اس کو پڑھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ کسی جریر، کسی فرزدق اور کسی اخطل سے کم پایے کے شاعر نہ تھے۔ امام صاحبؒ کے اشعار میں صرف زبان کی فصاحت وبلاغت، عربی زبان کی حلاوت ولذت اور تعبیر کی نزاکت ہی خصوصیت کا درجہ نہیں رکھتی، بلکہ علم وحکمت، نصیحت وموعظت، انسانی تجربات کی پختگی، دنیا کی بے وفائی و بے ثباتی، علم وفضل کی برتری، دین داری وخدا ترسی، نیک صحبت کی اثر اندازی اور حقائق زندگی کی تصویر کشی جیسی خصوصیات امام صاحبؒ کے اشعار میں جس قدر پائی جاتی ہیں، عربی زبان کے پورے سرمایے میں اس خوب صورتی کے ساتھ، اتنے بافیض طریقے پر کہیں اور نظر نہیں آتیں۔

ہمارے ہندوستان کے وہ مدارس عربیہ خوش قسمت ہیں جہاں امام صاحبؒ کا دیوان پڑھایا جاتا ہے اور نو عمر طلبہ کے قلب وذہن میں عربی زبان وادب سے محبت کی آبیاری کے ساتھ ساتھ، امام شافعیؒ کے اشعار میں موجود علم وحکمت کے موتیوں سے ان کے دامن کو مالا مال کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

ضرورت تھی کہ اس بے مثال شعری مجموعے کو اردو کے قالب میں ڈھالا جائے تاکہ اردو داں عوام وخواص، علم وحکمت کے اس خزانے اور عربی محاورات وامثال کے اس گنجینے سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکیں۔ اللہ تعالی نے یہ سعادت محترم المقام حضرت مولانا عبد اللہ صاحب کاپودروی سورتی،

دامت برکاتہم ،حال مقیم ٹورنٹو، کینیڈا کے لیے لکھ دی تھی، جو ہم عصر گجراتی علماء میں علمی ذوق ،تصنیف و تالیف کے مذاق، تاریخ وسیر کے گہرے مطالعہ اور بالخصوص عربی زبان وادب سے بے پایاں شغف کے حوالے سے نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ مولانا موصوف عرصے تک دار العلوم فلاح دارین، بمقام ترکیسر، ضلع سورت، صوبہ گجرات کے مہتمم رہے اور اس مدرسہ کو مدارس گجرات میں خصوصا اور ہندوستان کے مدارس میں عموما اپنی علمی، تعلیمی، تربیتی، انتظامی اور دعوتی لیاقت کی وجہ سے معتبر مدارس کی فہرست میں لا کھڑا کیا۔ اب وہ کچھ سالوں سے کینیڈا میں مقیم ہیں۔ وہاں بھی ان کی علمی و تالیفی سرگرمیاں جاری ہیں اور پردیس میں رہ کر بھی وہ علم ومطالعہ کی دنیا کے حوالے سے پردیسی نہیں ہیں، اللہ تعالی ان کی صحت وقوت میں اضافے کے ساتھ ساتھ انہیں عمر دراز اور توفیق کار خیر سے نوازتا رہے۔ آمین

راقم الحروف کے لئے انتہائی سعادت کی بات ہے کہ اس کو بطور تمہید چند سطریں لکھنے کے لیے محترم المقام جناب مولانا غلام محمد وستانوی صاحب، دامت برکاتہم نے مکلّف کیا۔ کاش یہ کام اطمینان کے ساتھ کرنے کا موقع ملا ہوتا! لیکن صورت حال یہ ہے کہ ایک صاحب بالکل سر پر کھڑے ہیں کہ دو گھنٹے کے اندر اندر کتاب کا آخری پروف نکالنا ہے اور آج ہی طباعت کے لیے پہنچانا ہے، اس لیے جلدی جلدی میں جو کچھ ہوسکا اسی پر بس کیا جاتا ہے۔

اللہ تعالی امام ہُمام ابوعبد اللہ محمد بن ادریس شافعیؒ کے ساتھ ساتھ مترجم، تمہید نگار اور جملہ معاونین کو بخشش کا پروانہ عطا فرمائے۔ آمین

وما ذلك على الله بعزيز

و آخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمين

**نور عالم خلیل امینی**

**رئیس التحریر "الداعی" عربي**

**و استاذ ادب دار العلوم دیوبند(یو. پی. انڈیا)**

جمعہ ۱۰، دس بجے صبح ۲۸/۵/۱۴۲۳ھ ۹/۸/۲۰۰۲ء

بسم الله الرحمن الرحیم

# پیش لفظ

ناچیز کو اپنے محترم ماموں الحاج غلام حسین پٹیل صاحب افریقی اور ان کے رفیق سفر الحاج ریاض احمد خاں صاحب افریقی کے ہمراہ اوائل ۲۰۰۰ء میں علاقۂ کوکن (جنوبی ہند) کے سفر کرنے کا اتفاق ہوا، کوکن کی مشہور دینی درسگاہ (۱) جامعہ اسلامیہ شری وردھن کے ناظم صاحب اور اساتذۂ کرام چند سالوں سے اس درسگاہ کی ملاقات کی دعوت دے رہے تھے مگر باوجود دومرتبہ پروگرام طے ہونے کے سفر نہ ہوسکا تھا، اس لیے اس سفر میں وہاں کی حاضری کا پختہ ارادہ کرلیا گیا۔ اور بھائی ریاض خاں صاحب نے فون کے ذریعہ پروگرام کی اطلاع دے دی۔

جب وہاں حاضر ہوئے تو اساتذۂ کرام اور طلبہ نے بے حد اکرام اور محبت کا اظہار فرمایا، اس درسگاہ میں دار العلوم فلاح دارین، ترکیسر کے چند فضلا بھی تدریس کی خدمت میں لگے ہوئے ہیں۔ ان کی اور دیگر اساتذۂ کرام کی تعلیمی اور تربیتی سرگرمیوں کو دیکھ کر دل بہت خوش ہوا۔ طلبہ میں حسن اخلاق اور جامعہ میں ہر طرف صاف ستھرا ماحول دیکھ کر مزید مسرت ہوئی۔

تعلیمی مسائل پر گفتگو ہوئی اور نصاب تعلیم کے بارے میں معلومات حاصل کی تو ''**دیـــوان الإمـام الشـافعیؒ**'' کو بھی شامل نصاب پایا۔ راقم سطور نے جب اس کتاب کو دیکھا تو بہت پسند آئی اس لئے کہ امام جلیل کا یہ دیوان حسن اخلاق اور حکمت وموعظت سے لبریز ہے۔

مولوی زین العابدین سلمہٗ ودیگر عزیزوں نے بندہ کو اس کتاب کا ترجمہ کرنے کی طرف اشارہ فرمایا اور کتاب کے دو نسخے بھی ہدیۃً مرحمت فرمائے۔ جزاهم الله تعالى خيرا۔

سفر سے وطن واپسی پر معلوم ہوا کہ قریب کے قریہ سے ایک صاحب ٹورنٹو کے سفر پر جا رہے ہیں۔ بندہ نے ان کے ساتھ دونوں کتابیں اس غرض سے ارسال کیں کہ ٹورنٹو، کینیڈا احقر کے گھر پہنچا دیں؛ مگر بدقسمتی سے کتابیں نہ پہونچ سکیں۔ کتاب کی گمشدگی کا علم ہوا تو بہت قلق ہوا مگر صبر کے علاوہ چارہ نہ تھا، ٹورنٹو کے عربی مکتبات میں تلاش کی مگر دیوان امام شافعیؒ کا ایک بھی نسخہ دستیاب نہ ہوسکا۔

---

(۱) یہ درسگاہ حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنیؒ کی ذات گرامی کی طرف منسوب ہے اور اس کا پورا نام مدرسہ حسینیہ عربیہ شری وردھن ہے۔

١٤٢١ھ کے رمضان المبارک میں حرمین شریفین کی زیارت کی سعادت حاصل ہوئی ، یہ سفر عزیزم مولانا غلام محمد وستانوی حفظہ اللہ، رئیس جامعہ اشاعت العلوم اکل کوا اور نور چشم عزیزم مولوی اسماعیل سلمہ، مقیم بولٹن کی عنایتوں کےسبب ہوا۔ فجزاھم اللہ خیرا ۔اس سفر میں حرمین شریفین کے مکتبات میں دیوان امام شافعیؒ کی جستجو شروع کی ،الحمدللہ وہاں چند ایسے نسخے دستیاب ہوگئے جومختلف اہل علم کی تحقیق سےشائع ہوئے تھے۔جسکی تفصیل یہ ہے۔

(١) دیوان الإمام الشافعیؒ:شرحہ و ضبط نصوصہ و قدّم لہ،الدکتور عمر فاروق الطبّاع، شرکۃ دار الأرقم بن ابی الأرقم ، بَیروت، لبنان.

(٢) دیوان الإمام الشافعیؒ : تقدیم و مراجعۃ، الدکتور احسان عباس، دار صادر، بیروت، لبنان.

(٣) دیوان الإمام الشافعیؒ :المسمیّ بالجوھر النفیس فی شعر الإمام محمد بن ادریس، اعدادوتعلیق و تقدیم، محمد ابراھیم سلیم، مکتبۃ ابن سینا، قاھرہ، مصر الجدیدۃ.

(٤) دیوان الإمام الشافعیؒ : جمعہ و علّق علیہ محمد عفیف الزعی، دار النور.

(٥) دیوان الإمام الشافعیؒ : جمعہ و حققہ و شرحہ، دکتور امیل یعقوب، دار الکتاب العربی، بیروت.

(٦) دیوان الإمام الشافعیؒ : جمعہ و شرحہ الاستاذ عبد العزیز سید الاھل، یصدرہ المجلس الاعلی للشئون الاسلامیۃ، قاھرہ، مصر.

ان میں سے چار نسخے حرمین شریفین کے کتب خانوں سےخریدےاورنمبر٤، چاراور٦ ، چھ پر مذکور نسخے جامعہ اسلامیہ ڈابھیل، گجرات کے کتب خانہ سے مستعار لئے گئے۔ نیز حکمت صالح کی کتاب ُدراسۃ فنیۃ فی شعر الشافعیؒ ، بھی مکتبۃ الایمان مدینہ منورہ سےمل گئی۔البتہ استاذ زاھد کا مرتب کردہ دیوان نہ مل سکا۔

سیدنا امام شافعیؒ کی تمام توجہ علم حدیث وتفسیر وفقہ کی طرف تھی اورعمر کا قیمتی وقت استنباط مسائل ہی میں صرف فرمایااور باوجود ادبی ذوق کےشعروشاعری کی طرف رخ نہیں فرمایا۔فرماتے ہیں :

لَوْلاَ الشِّعْرُ بِالْعُلَمَاءِ یُزْرِی لَکُنْتُ الْیَوْمَ أَشْعَرَ مِنْ لَبِیْدِ

شعرگوئی کا پیشہ اختیار کرلیناعلماء کے لئےعیب کی بات نہ ہوتی تو میں آج لبید سے بڑا شاعر ہوتا۔

امام موصوف نے اپنی حیات میں نہ اسکو اہمیت دی اور نہ ہی ان کا کوئی دیوان مرتب ہوا، مگر مختلف مواقع اور مناسبت پر امام شافعیؒ برجستہ کچھ قطعات ارشاد فرما دیتے تھے، جو انکے تلامذہ محفوظ کر لیتے تھے، وہ اشعار مختلف کتابوں میں منتشر طور پر نقل ہوتے رہے اور انہیں اشعار کو بعد والوں نے جمع کر کے دیوان امام شافعیؒ کے نام سے شائع کر دیا۔

اس دیوان کے مختلف نسخوں کو دیکھ کر اندازہ ہوا کہ محققین اور امام صاحبؒ کے اشعار جمع کرنے والوں کے نزدیک بعض اشعار کا انتساب امامؒ کی جانب صحیح نہیں ہے، اسی لئے ہر نسخہ میں اشعار کی تعداد نیز ہر قافیہ کی ابتدا اور ترتیب میں فرق ہے۔ ان میں بعض وہ اشعار ہیں جن کی نسبت سیدنا حضرت علیؓ کی طرف کی گئی ہے اور بعض وہ اشعار بھی ہیں جو اصلا دوسرے شعرا کے ہیں مگر امام شافعیؒ چونکہ ان اشعار کو اکثر پڑھا کرتے تھے اسلئے امامؒ کے تلامذہ نے ان اشعار کی نسبت بھی امام صاحبؒ کی طرف کر دی ہے۔ بہر حال ہم نے ترجمہ کی سہولت کے لئے ڈاکٹر عمر فاروق الطباع کے نسخہ کو سامنے رکھا ہے اور ڈاکٹر احسان عباس کے نسخہ کے زائد اشعار بھی شامل کرنے کی کوشش کی ہے۔

دکتور امیل یعقوب نے ان اشعار کی تخریج اور حوالوں کا خاص اہتمام کیا ہے اور مختلف کتابوں میں اشعار میں واقع الفاظ کے فرق کو بھی حاشیہ میں لکھ دیا ہے۔ جن اشعار کی نسبت سیدنا علیؓ یا کسی اور کی طرف کی گئی ہے اس کی بھی تصریح کر دی ہے۔

ناچیز کو اس بات کے اعتراف میں کوئی حرج نہیں ہے کہ درس و تدریس کا سلسلہ عرصہ سے چھوٹ جانے کے سبب ترجمہ کا حق ادا نہیں کر سکا ہوں تاہم جو کچھ ہو سکا ہے پیش کر دیا ہے۔ اہل علم حضرات سے مؤدبانہ گذارش ہے کہ جہاں کہیں غلطی ہوئی ہو مطلع فرما کر احسان فرمادیں تاکہ آئندہ اسکی اصلاح ہو سکے۔

اللہ تعالی امام شافعیؒ کے درجات کو بلند فرمائے اور ہم سب کو ان کے اس قیمتی خزانہ سے استفادہ کرنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔ آمین

والسلام

عبداللہ کاپودروی غفرلہٗ، حال مقیم ٹورنٹو (کینیڈا)

۴، صفر المظفر ۱۴۲۲ھ، مطابق یکم مئی ۲۰۰۱ء

# امام محمد بن ادریس الشافعیؒ

کے مختصر حالات زندگی ۱۵۰ھ سنہ ۲۰۴ھ

## اسم گرامی

ابـو عبد الله محمد بن ادريس بن العباس بن عثمان بن شافع بن السائب بن عبيد بـن عبـد يـزيـد بـن هـاشـم بن عبد المطلب بن عبد مناف بن قصى بن كلاب بن مره بن كـعـب بـن لؤ ي بن غالب بن فهر بن مالک بن النضر بن كنانة بن خزيمة بن مدركة بن الياس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان بن أد بن أدد.

بعض روایتوں کے مطابق آپکے جدامجد میں شافع کی ملاقات رسول اللہ ﷺ سے ہوئی تھی اور شافع کے والد سائب جنگِ بدر میں بنو ہاشم کے جھنڈا بردار تھے۔ بدر میں قید ہوئے اور فدیہ دیکر رہا ہوئے اسکے بعد اسلام قبول فرمایا۔ (بحواله وفيات الاعيان)

## مقام پیدائش

امام شافعیؒ کی ولادت باسعادت فلسطین کے شہر غزّہ میں ۱۵۰ھ میں ہوئی، بعض تذکرہ نویسوں نے مقام عسقلان جائے پیدائش لکھا ہے اور بعضوں نے یمن لکھا ہے، عسقلان غزّہ سے تین میل پر واقع ہے اس لئے اس میں تو کوئی اشکال نہیں، مگر یمن کے بارے میں یہی کہا جاسکتا ہے کہ اس سے وہ قبائل یمن مراد ہونگے جو غزّہ میں مقیم ہو گئے تھے۔ واللہ اعلم۔

یاقوت حموی نے بھی آپ کی ولادت باسعادت غزّہ ہی میں لکھی ہے اور اس کی تائید میں امام صاحبؒ کے دو شعر نقل فرمائے ہیں۔

وإِنّـي لَـمُـشْتَـاقٌ إِلٰى اَرُضِ غَـزَّةَ ۔۔۔ وَ إِن خَـانَـنِـي بَعُدَ التَفَـرُّقِ كِتُمَـانِي

سَقٰـى الـلّـه أَرُضًـا لَوُ ظَفِـرُتُ بِتُـرُبِهَا ۔۔۔ كَـحَـلُـتُ بِهَا مِنُ شِدَّ ةِ الشَّـوُقِ اَجُـفَانِي

اور میں غزہ کی سرزمین کا مشتاق ھوں، اگر چہ جدائی کے بعد میرے کتمان نے اس اشتیاق کے ساتھ خیانت کی ہے۔ اللہ تعالی اس سرزمین کو تروتازہ رکھے جسکی مٹی اگر مجھے مل جائے تو شدت شوق سے اپنی پلکوں کا سرمہ بنالوں۔

## والد مکرم کی وفات

امام شافعیؒ ابھی ماں کی گود میں تھے کہ والد مکرم کی وفات ہوگئی اور آپ یتیم ہوگئے، شفقتِ پدری سے محرومی کے باوجود آپ کی والدہ نے آپ کی دیکھ بھال اور پرورش میں ذرہ برابر کوتاہی نہیں فرمائی، دو سال کی عمر کے بعد والدہ محترمہ آپ کو مکہ مکرمہ (زادھا اللہ شرفا و کرامۃ) لے آئیں اور امام صاحبؒ نے زندگی کے ابتدائی ایام جوار کعبہ میں گذارے اور مکہ معظّمہ کی مقدس سرزمین پر آپ کی تعلیم کی ابتدا ہوئی۔

## حفظ قرآن مجید

امام صاحبؒ جب سنِ شعور کو پہنچے تو سب سے پہلے قرآن مجید کے حفظ کی طرف توجہ فرمائی، ابھی عمر کے سات سال پورے بھی نہیں ہوئے تھے کہ آپ نے حفظ قرآن کریم مکمل کرلیا، دس سال کی عمر میں عربی زبان کی تعلیم کے ساتھ ساتھ مؤطا امام مالکؒ بھی حفظ کرلی اور باوجود غربت اور تنگیٔ عیش کے علم کے حصول میں لگے رہے۔

امام صاحبؒ فرماتے ہیں:

”لم یکن لی مال، فکنت أطلب العلم فی الحداثة، أذهب الی الدیوان، استوهب الظهور، اکتب فیها“.

میرے پاس مال نہیں تھا مگر میں نوعمری میں ہی طلب علم میں مشغول ہوگیا، کبھی کبھی میں کچہری جاتا اور اوراق مانگ لیتا پھر اس میں لکھا کرتا تھا۔

## تیر اندازی کا شوق

پڑھنے لکھنے کے ساتھ آپ کو ورزش اور تیر اندازی کا بھی شوق تھا، تیر اندازی میں اتنی مہارت ہوگئی تھی کہ دس میں سے نو تیر نشانے پر لگتے تھے اور بعض مرتبہ دس میں سے ایک بھی خطا نہیں کرتا تھا۔

## عربی زبان کی تعلیم

آپ نے عربی زبان کی ابتدائی تعلیم حرم پاک میں شروع فرمائی اور وہاں کے جید علماء سے کسب فیض فرمایا۔ پھر عربیت کی تعلیم کے لئے قبیلۂ بنو ہذیل تشریف لے گئے، یہ قبیلہ اپنی فصاحت میں مشہور تھا، امام صاحبؒ سترہ سال تک سفر وحضر میں اس قبیلہ کے ساتھ رہے۔ آپ نے صرف اسی قبیلہ کے شعراء کے دس ہزار اشعار یاد کرلئے تھے، دیگر شعراء کے اشعار اسکے علاوہ ہیں۔

## علم فقه و حدیث

بعض علماء نے امام موصوف کی ذہانت، فصاحت اور قوت حافظہ کو دیکھکر آپ کو مشورہ دیا کہ آپکو علم فقہ و حدیث کی طرف توجہ دینی چاہیے۔ چنانچہ امام صاحبؒ نے اپنی پوری توجہ فقہ و حدیث شریف کی طرف مبذول فرمائی اور مکہ معظّمہ میں موجود علماء کرام سے علم فقہ و حدیث حاصل کرنے لگے۔ ان کے اساتذہ میں مفتیٔ مکہ معظّمہ مسلم بن خالد زنجیؒ اور سفیان بن عیینہؒ بھی ہیں؛ جو علم حدیث میں یدطولی رکھتے تھے، پھر آپ نے مدینہ منورہ ''علی صاحبها الف الف صلوة '' کا سفر اختیار فرمایا اور امام دار الھجرۃ سیدنا مالک بن انسؒ کے درس میں حاضر ہوکر کسب فیض فرماتے رہے، امام مالکؒ نے بھی آپ کی استعداد اور صلاحیت کا اندازہ کرکے آپ پر پوری توجہ فرمائی، امام مالکؒ کی وفات تک آپ مدینہ منورہ میں رہکر فیض حاصل فرماتے رہے۔

## یمن کے منصب قضا پر

امام صاحبؒ کو ان کی علمی مہارت کے سبب بہت جلد مقبولیت حاصل ہوگئی اور یمن میں منصب قضا کی ذمہ داری سپرد کی گئی، اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ امام صاحبؒ وہاں کے علماء کرام سے بھی اکتساب فیض فرماتے رہے۔ وہاں کے معروف علماء میں عمر بن ابی مسلمہؒ، یحی بن حسانؒ، ہشام بن یوسفؒ قاضیٔ صنعاء آپکے اساتذہ میں شمار ہوتے ہیں۔

## رفض کی تہمت

امام صاحبؒ کی بڑھتی ہوئی شہرت اور غیر معمولی مقبولیت کے سبب حاسدین کی ایک جماعت بھی تیار ہوگئی جنہوں نے امام صاحبؒ پر رفض کی تہمت لگا کر خلیفۂ وقت کو شکایات کیں، خلیفہ نے بغرض تحقیق آپ کو بغداد طلب فرمایا، امام صاحب نے نہ صرف تشفی بخش جوابات دیکر سب کو مطمئن کر دیا، آپ کی علمیت اور فن فقہ و حدیث و تفسیر میں مہارت کا بھی ثبوت دیا۔ خلیفہ ہارون رشید نے آپ کو الزامات سے بری ظاہر فرما کر اعزاز و اکرام کے ساتھ واپس فرمایا۔ ان حاسدین کے جواب میں امام صاحبؒ نے بہترین اشعار بھی کہے ہیں جو اس دیوان میں موجود ہیں۔

## مکہ معظمہ واپسی

بغداد سے پھر آپ مکہ مکرمہ ''زادها الله شرفا'' تشریف لائے اور مسجد حرام کے حلقۂ

درس کے صدر نشین ہو گئے۔ امام صاحب ؒ اس سے قبل نوعمری میں بھی حرم پاک میں لوگوں کو قرآن کریم پڑھایا کرتے تھے، حرملة بن یحی فرماتے ہیں:

رأیت الشافعیؒ یُقْرأ الناس فی المسجد الحرام و هو ابن ثلاث عشرة سنة.

**ترجمه** : میں نے امام شافعیؒ کو مسجد حرام میں لوگوں کو قرآن مجید پڑھاتے ہوئے دیکھا جبکہ آپکی عمر صرف تیرہ سال کی تھی۔

امام ہمامؒ ۱۹۵ھ میں خلیفہ ہارون رشید کے دور حکومت میں بغداد تشریف لے گئے اور دو سال قیام فرما کر ۱۹۷ھ میں مکہ معظّمہ واپس تشریف لائے۔ ۱۹۸ھ میں بغداد کا تیسرا سفر فرمایا وہاں چند ماہ رہکر مصر کا رخ فرمایا۔ ان مختلف اسفار میں آپ نے امام محمد بن حسن شیبانیؒ اور امام احمد بن حنبلؒ سے بھی علمی مذاکرہ کر کے فیض حاصل کیا۔

## امام صاحب مصر میں

امام شافعیؒ جب مصر تشریف لائے تو ان کی علمی شہرت میں مزید اضافہ ہو گیا، عمر کی پختگی کے ساتھ امام صاحبؒ کی علمی و فکری صلاحیتوں میں بھی اضافہ اورنکھار پیدا ہوا اور استنباط فقہ میں ان کا اپنا مستقل مذہب و طریقہ شائع ہونے لگا۔ مصر میں فقہ شافعیؒ کی مقبولیت ہوئی اور اس کا اثر عالم اسلام کے دوسرے علاقوں تک بھی پہنچا۔

## علمی مقام

امام شافعیؒ کا علمی مقام بہت ہی بلند تھا، بعض علماء کا قول ہے ''کان الإمام الشافعیؒ أشبه بدائرة معارف عصره ''امام شافعیؒ اپنے دور کے علوم کی انسائکلو پیڈیا ''مخزن العلوم'' تھے، کسی نے کہا ہے کہ'' کان مجموعة العلماء فی رجل ''ان کی ذات عالی گویا علماء کا مجموعہ تھی۔ حفظ قرآن مجید کے ساتھ ساتھ آپ علم قرأۃ، تفسیر، حدیث، فقہ، اصول فقہ، علم کلام، علوم عربیہ، علم جرح و تعدیل وغیرہ میں بھی ماہرانہ صلاحیت رکھتے تھے۔

## پر سوز قرأة

امام شافعیؒ قرآن مجید کی تلاوت بہت ہی پر سوز لہجہ میں فرماتے تھے، علم تجوید و قرأۃ کے ساتھ اللہ تعالی نے حسن صوت اور پر درد لہجہ بھی عطا فرمایا تھا، لوگ مستقل قرآن مجید سننے کے لئے حاضر ہوتے تھے اور آپ کی قرأۃ سنکر بے قابو ہو جاتے تھے۔

بحر بن نصر فرماتے ہیں:

"کنا إذا أردنا نبکی ، قلنا بعضنا لبعض قوموا بنا إلی هذا الفتی المُطّلبی یقرأ القرآن، فأذا اتیناه استفتح القرآن ونحن نتساقط بین یدیه و یکثر عجیجنا بالبکاء، فاذا رأی ذلک أمسک عن القراءة فی حسن صوته"

**ترجمہ** : ہم جب رودھوکر دل ہلکا کرنا چاہتے تو ایک دوسرے کو کہتے تھے کہ چلو اس مطّلبی نوجوان کے پاس جا کر قرآن مجید سنیں، ہم جب ان کی خدمت میں حاضر ہوتے تو ہماری درخواست پر امام صاحبؒ قرآن مجید کی تلاوت شروع فرماتے، انکی پر اثر تلاوت کا یہ اثر ہوتا کہ ہم بے قرار ہوکر ایک دوسرے پر گرنے لگتے اور ہمارے رونے کی آوازیں بلند ہوجاتیں، جب آپ ہماری یہ حالت دیکھتے تو تلاوت موقوف فرمادیتے۔

## امام شافعیؒ اور علوم عربیہ

امام صاحبؒ فقہ اور حدیث میں تو امامت کے درجہ پر فائز تھے اور نحو وصرف ولغت اور شاعری جیسے عربی علوم میں بھی بلند مقام کے مالک تھے، مبرّد فرماتے ہیں:

رحم الله الشافعیؒ فأنه کان من أشعر النّاس و آدب النّاس و أعرفهم بالقراءة.

**ترجمہ** :اللہ تعالی امام شافعیؒ پر رحم فرمائے وہ لوگوں میں سب سے بڑے شاعر، سب سے اچھے ادیب اور ماہر قراءۃ تھے۔

عبدالملک بن ہشام نحوی جو کہ نحو کے امام سمجھے جاتے ہیں فرماتے ہیں:

جالست الشافعیؒ زمانا، فما سمعته تکلّم بکلمة إلّا اعتبرها المعتبر، لایجد فی العربیة أحسن منها و قال ایضاً، للشافعیؒ لغة یُحتجّ بها و کانت لغته فتنة.

**ترجمہ**: میں امام شافعیؒ کے ساتھ ایک زمانے تک بیٹھا، انکی زبان سے نکلنے والا ایک ایک کلمہ ایسا ہوتا تھا؛ کہ غور وفکر کرنے والا اس نتیجہ پر پہونچے ؛ کہ اس معنی کی ادائیگی کے لئے کلام عرب میں ان سے بہتر کلمات کی گنجائش ہی نہیں ہے، نیز کہا، امام شافعیؒ ایسی لسان کے مالک ہیں جو باب لغت میں حجت مانی جاسکتی ہے اور آپکی زبان کھرے کھوٹے کی پہچان تھی۔

معروف ادیب اصمعی شہادت دیتا ہے: "أخذت شعر هذیل عن الشافعیؒ "، میں نے قبیلۂ بنو ہذیل کے اشعار امام شافعیؒ سے سیکھے ہیں۔

ابوعثمان مازنی فرماتے ہیں: ''الشافعیؒ عندنا حجة فی النحو ''، امام شافعیؒ ہمارے نزدیک فن نحو میں حجت اور سند ہیں۔

## لسان شافعیؒ کی مقناطیسیت

آپ فصیح و بلیغ عربی بولتے تھے، بعض لوگ آپ کی مجلس میں صرف آپ کی زبان سننے ہی کی غرض سے حاضر ہوتے تھے۔ یاقوت حموی کا بیان ہے:

حُدّثت عن الحسن بن محمّد الزّعفرانی قال، کان قوم من اهل العربیة یختلفون إلی مجلس الشافعیؒ معنا و یجلسون ناحیة، قال فقلت لرجل من رؤسائهم إنّکم لا تتعاطون العلم فلم تختلفون معنا ؟ قالوا نسمع لغة الشافعیؒ.

**ترجمہ**: حسن بن محمد زعفرانی کے ذریعہ مجھے یہ بات بیان کی گئی کہ عربی زبان کے شوقین لوگوں کی ایک جماعت ہمارے ساتھ امام شافعیؒ کے حلقۂ درس میں آتی تھی اور ایک کنارہ پر بیٹھ جاتی تھی میں نے ان کے امیر سے پوچھا آپ لوگ جب ان سے کوئی علم حاصل نہیں کرتے پھر ہمارے ساتھ انکی مجالس میں آتے جاتے کیوں ہو؟ انہوں نے فرمایا کہ ہم تو شافعیؒ کی زبان سننے آتے ہیں۔

یونس بن عبدالاعلیٰ فرماتے ہیں: ''کانت ألفاظ الشافعیؒ کأنها سُکّر''، امام صاحبؒ کے الفاظ شکر کی طرح شیریں ہوتے تھے

## تصنیفات اور اسلوب تحریر

امام شافعیؒ نے مختلف مسائل اور موضوعات پر کثیر تعداد میں کتابیں تصنیف فرمائی ہیں جن کی فہرست طویل ہے، کتاب الاُم آپ کی سب سے گرانقدر اور معروف تصنیف ہے، امام صاحبؒ جب علمی گفتگو فرماتے تھے تو فصاحت لسانی کی بنیاد پر بعض اوقات آپکی زبان سے ایسے الفاظ بھی نکلتے تھے جسکا سمجھنا عام لوگوں کے لئے مشکل ھوجاتا تھا مگر تالیفات میں عموماً صاف اور سہل زبان ھی کا استعمال فرماتے تھے۔

امام صاحبؒ کے بارے میں یہ بھی کہا گیا کہ '' کان عربیّ النفس عربیّ اللّسان''

اسی طرح ابونعیم استداباذی ربیع بن سلیمان سے نقل فرماتے ہیں:

لو رأیت الشافعیؒ و حسن بیانه و فصاحته لعجبت منه، لو أنه ألّف هذه الکتب علی عربیته التی کان یتکلّم بها معنا فی المناظرة، لم یقدر النّاس علی قراء ة کتبه لفصاحته و غرائب ألفاظه، غیر أنه فی تألیفه یجتهد فی أن یوضح للعوام.

**ترجمه** : اگرآپ امام شافعیؒ اوران کے حسن بیان اورفصاحت کودیکھتے توتعجب کرتے اور اگرآپ اپنی اس خالص عربی زبان میں کتابوں کی تالیف فرماتے جو ہمارے ساتھ بات چیت اور مناظرہ میں استعمال کرتے تھے تو شاید بہت سارے لوگ انکی فصاحت اور دورازفہم الفاظ کے سبب ان کی کتابوں سے استفادہ نہ کرسکتے۔مگرآپ نے اپنی تالیفات میں عوام کی رعایت کرتے ہوئے واضح اسلوب اختیارفرمایا۔

عربی زبان کے معروف ادیب جاحظ فرماتے ہیں:

**نظرت فی کتب هولاء النبغة الذین نبغوا فی العلم فلم أر أحسن تألیفا من المُطّلبی (الشافعیؒ) کان کلامه درّ إلی درّ.**

**ترجمه**: میں نے ماہرین فن اور یکتائے زمانہ فضلا کی کتابوں کودیکھا مگرامام شافعیؒ سے بہتر تالیف کرنے والا کوئی اورنہیں پایا،آپ کا کلام موتیوں کی لڑی کی طرح مرتب ومزیّن ھوتا تھا۔

یہ شہادتیں آپ کے نثر’’غیر منظوم کلام‘‘ کے بارے میں ہیں،رہی آپ کی شاعری تواس میں آپ کااسلوب سہل ممتنع کاہے،دوسری خصوصیت یہ ہے کہ آپ کے اشعارحکمت وموعظت اوراخلاقی تعلیم کاخزانہ ہیں،اور بہت سے اشعارتو قرآن مجید کی آیات کے ترجمان ہیں،دل چسپی کے لئے چندمثالیں ملاحظہ ہوں:

اللہ تعالی کاپاک ارشادہے : ﴿وَ لاَ تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا﴾ (لقمان)

امام صاحبؒ فرماتے ہیں:

وَ لَا تَـمْشِيَنْ فِي مَنْكَبِ الْأَرْضِ فاخراً فـعـمَّـا قَـلِيـلٍ يَـحتَـوِيکَ تُـرَابُهَـا

ارشادربّانی ہے : ﴿فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّکَ سَوْطَ عَذَاب﴾ (الفجر)

امام صاحبؒ فرماتے ہیں:

و جُـوزِیَ بـالْأَمرِ الَّذِی کَـانَ فَـاعِلاً وَ صَــبَّ عَـلَيْــهِ الـلّٰــهُ سَوْطَ عَذَابِـهِ

ارشادباری ہے:

﴿اِدْفَعْ بِالَّتِی هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِی بَيْنَکَ وَ بَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ کَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِيْم﴾

(حٰمٓ السجدة)

امام صاحبؒ فرماتے ہیں:

وَ عَاشَرْ بِمَعْرُوفٍ، وَ سَامِحْ مَنِ اعْتَدَی　　　وَ دَافِعْ وَ لَکِنْ بِا الَّتِی هِیَ اَحْسَنُ

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿اَیْنَمَا تَکُونُوْا یُدْرِکُکُمُ الْمَوْتُ وَ لَوْ کُنْتُمْ فِی بُرُوجٍ مُشَیَّدَةٍ﴾ (النساء)

امام صاحبؒ فرماتے ہیں:

وَمَنْ نَزَلَتْ بِسَاحَتِهِ الْمَنَایَا　　　فَلاَ أَرْضٌ تَقِیْهِ وَ لَا سَمَاءُ

ارشادِ ربّانی ہے:

﴿اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ وَ یُطَهِّرَکُمْ تَطْهِیْرًا﴾ (الاحزاب)

امام صاحبؒ فرماتے ہیں:

یَا آلَ بَیْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ حُبُّکُمْ　　　فَرْضٌ مِنَ اللّٰهِ فِی الْقُرْآنِ اَنْزَلَهُ

بہرحال امام شافعیؒ کے اشعار کو ادب اسلامی کا بہترین نمونہ کہا جاسکتا ہے، انکے سَلیس عربی زبان کے ساتھ بلند اخلاق کی تعلیم سے لبریز اشعار طلبہ کے لئے حفظ کرنے کے قابل ہیں۔

## کچھ دیوان کے بارے میں

جیسے پہلے عرض کیا جاچکا ہے کہ امام موصوفؒ کو شعر و شاعری سے اشتغال پسند نہیں تھا، البتہ مختلف اوقات میں فی البدیہہ اشعار کہہ دیا کرتے تھے۔ امام صاحبؒ کو چونکہ انکے جمع و ترتیب کی فکر نہیں تھی اس لئے ان کی حیات میں کوئی دیوان مرتب نہ ہوسکا، تاھم ان کے اشعار مختلف لوگوں کی زبانی نیز مختلف روایتوں میں نقل ہوتے رہے اور مؤلفین اپنی اپنی کتابوں میں ان کا ذکر کرتے رہے۔

شاید سب سے پہلے ۱۹۵۳ء میں شیخ محمد مصطفیٰ مصری نے آپ کے اشعار جمع کرکے ان کو شائع کرنے کا اہتمام کیا، چنانچہ "الجوهر النفيس فی أشعار الإمام محمد بن ادریسؒ" کے نام سے یہ مجموعہ قاہرہ سے شائع ہوا، پھر محمود ابراھیم هبیه نے ۱۳۶۹ء میں دیوان امام شافعیؒ شائع کیا اور اسی دیوان کو ۱۹۶۱ء میں استاذ زاہد یکین نے اپنی تحقیق کے ساتھ شائع کیا، جب لوگوں میں اس کی طلب بڑھنے لگی تو پھر کئی حضرات نے دیوان امام شافعیؒ کو اپنی طرف سے شائع کیا، تاھم شیخ محمد عفیف زعبی کا نسخہ زیادہ مقبول ہوا مگر اہل تحقیق نے زاہد یکین کے نسخہ کو زیادہ پسند فرمایا، تاھم یہ بات

اپنی جگہ مسلّم ہے کہ دیوان امام شافعیؒ کے ہر نسخہ میں تفاوت پایا جاتا ہے اور ہم نے ترجمہ کے لئے عمر فاروق الطبّاع والے نسخہ کو سامنے رکھا ہے۔

## مرض الموت

امام شافعیؒ کو بواسیر اور دیگر امراض نے نڈھال کر رکھا تھا مگر امراض کثیرہ کے باوجود ان کا علمی اشتغال برابر جاری رہا، مرض الوفات میں امام مزنیؒ تشریف لائے تو یہ گفتگو ہوئی، مزنیؒ فرماتے ہیں:

**دخلت على الشافعیؒ فی مرضه الذی مات فيه، فقلت کیف اصبحت ؟ قال : أصبحت من الدّنيا راحلاً، و للإخوان مفارقاً، ولكأس المنية شارباً ، و على الله عزّ و جلّ ذكره و ارداً، ولا و اللّٰه ماأدری روحی تصير إلى الجنّة فأهنّئها، أو الى النّار فأعزيها ثم بكى و أنشأ يقول :**

**فَلَمَّا قَسَا قَلْبِي وَضَاقَتْ مَذَاهِبِي      جَعَلْتُ رَجَامِنِّي لِعَفْوِكَ سُلّما**

**ترجمہ** : میں امام شافعیؒ کی خدمت میں ان کے مرض الوفات میں حاضر ہوا اور ان کا "کیف أصبحت ؟" کہکر حال دریافت کیا تو فرمانے لگے کہ میں نے دنیا سے کوچ کرنے، دوستوں سے جدا ہونے، موت کا پیالہ نوش کرنے اور اللہ جلّ ذکرہ کے سامنے حاضر ہونے کی حالت میں صبح کی ہے، قسم خدائے پاک کی مجھے نہیں معلوم کہ میری روح کو جنت کی طرف لے جایا جائے گا کہ میں اس کو مبارک بادی دوں یا جہنم کی طرف کہ میں اسکی تعزیت کروں "تسلّی دوں" پھر آپ پر گریہ طاری ہو گیا اور یہ شعر پڑھا:

جب میرا دل سخت ہو گیا اور میرے راستے تنگ ہو گئے      تو میں نے تیرے عفو کی امید کو اپنے لئے سیڑھی بنایا

## وفات

امام صاحبؒ نے مورخہ ۲۹، رجب المرجب ۲۰۴ھ شب جمعہ میں وفات پائی، لوگوں نے تدفین سے واپسی پر ھلال شعبان طلوع ھوتے دیکھا، ادھر آفتابِ علم غروب ہوا، ادھر ہلال شعبانی نظر آیا۔

**اللهم أمطر عليه شآبيب رحمتک و رضوانک، و أدخله فی جنّتک، جنّة الخُلد مع الصدّيقين و الصّالحين، آمين.**

## ربیع بن سلیمان کا خواب

ربیع بن سلیمانؒ فرماتے ہیں کہ آپ کی وفات کے بعد میں نے خواب دیکھا اور امام شافعیؒ سے دریافت کیا کہ اے ابوعبداللہ! اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا ؟ آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے سونے کی کرسی پر بٹھایا اور مجھ پر موتی نچھاور کئے گئے۔ کسی نے کیا ہی خوب کہا ہے :

جَمَالُ ذِی الْأَرْضِ کَانُوا فِی الحَیَاةِ وَهُمْ    بَعْدَ الْمَمَاتِ جَمَالُ الْكُتُبِ و السِّیَرِ

**ترجمہ** : وہ زندگی میں روئے ارض کی زینت تھے اور وفات کے بعد سیرت سوانح کی کتابوں کی زینت بنے ہوئے ہیں۔

**نوٹ** : سوانح کا یہ خاکہ مختلف دیوانوں کے مقدمات اور حکمت صالح کی کتاب ''دراسة فنية فی شعر الشافعیؒ'' سے لیا گیا ہے۔

# قَافِیَةُ الهمزَةِ

## دَعِ الاَیّام

١ دَعِ الأَیَّــامَ تَـفْـعَلُ مَــا تَشَــاءُ وَطِـبْ نَـفْسـاً إِذَا حَـكَـمَ الْـقَضَـاءُ

زمانہ کواس کے حال پرچھوڑ دے جو چاہے کرتا رہے اور تقدیر نے جو فیصلہ کر دیا اس پر خوش دلی سے راضی رہ

٢ وَلاَ تَـجْـزَعْ لِـحَـادِثَةِ اللَّیَـالِی فَـمَـا لِـحَـوَادِثِ الـدُّنْیَـا بَـقَـاءُ

اور زمانہ کے حوادثات سے بے قرار نہ ہو جا اس لئے کہ حوادثاتِ دنیا ہمیشہ نہیں رہتے

٣ وَ كُـنْ رَجُلاً عَـلَـى الأَهْـوَالِ جَـلْداً وَ شِیْـمَتُکَ الـسَّـمَـاحَةُ وَ الْـوَفَـاءُ

اور مصیبتوں پر مضبوطی سے صبر کرنے والا بن جا اور عفوو درگذر اور وفا داری کو اپنی خاص عادتیں بنا

٤ وَإِن كَثُـرَتْ عُیُـوبُکَ فِـی الْبَـرَایَا وَ سَـرَّکَ أَنْ یَـكُـوْنَ لَهَـا غِـطَـاءُ

اور اگر مخلوقات پر تیرے کثیر عیوب ظاہر ہو گئے ہوں اور تجھے یہ بات پسند ہو کہ اسکی پردہ پوشی ہو

٥ یُـغَـطّٰی بِـالسَّـمَـاحَةِ كُـلُّ عَیْـبٍ وَ كَـمْ عَیْـبٍ یُـغَطِّیْـهِ السَّـخَـاءُ

---

١ ــ **دَعْ** : وَدَعَ الشَّیٴ سے امر ہے، چھوڑ دے. **طِبْ** : طَاب یَطِیب طِیباً وَ طابا و طِیبةً و طابت النفس بکذا، دل خوش ہونا، لذت حاصل ہونا. **القضاء** : ج اقضیة، فیصلۂ الٰہی.

٢ ــ **لَا تَجْزَعْ** : جَزِعَ (س) جَزَعاً و جُزُوعاً، بے صبری کرنا.

**حَادِثَةُ اللَّیَالِی** : زمانہ کی مصیبتیں، آلام روزگار.

٣ ــ **الاهوال**: هَوْلٌ کی جمع، هَالَ(ن) یَهُولُ هَوْلاً الامر فلان، گھبراہٹ میں ڈالنا، خوفناک کرنا، یہاں اهوال سے مصائب مراد ہیں. **جَلْد** : ج اَجْلاد، قوی مضبوط، جلُدَ (ک) جَلْداً وَ جَلَادَةً وَ جُلُودَةً وَ مَجْلُوداً، صبر واستقلال اور قوت دکھانا. **شِیْمَةٌ** : ج شِیَمٌ، عادت، طبیعت.

**السَّمَاحَةُ** : سَمُحَ (ک، ف) سَمَاحاً، سُمُوحاً وَ سَمْحاً وَ سَمَاحَةً، فیاض اور سخی ہونا.

٤ ــ **البَرَایَا**: بَرِیَّةٌ کی جمع، مخلوق. **سَرَّ**: (ن) سُرُوراً، خوش ہونا.

**غِطَاءُ** : ج اغطِیَةُ، پردہ، غَطا (ن) غَطْواً وَ غُطُوّاً الشیٴ، چھپانا، اسی سے غَطّٰی تغْطِیَةً الشیٴ، چھپانا.

یہ شعر بعض کتابوں میں اس طرح ہے:

٦ تَسَتَّرْ بِالسَّخَاءِ فَكُلُّ عَيْبٍ — يُغَطِّيهِ كَمَا قِيلَ السَّخَاءُ

تو سخاوت و بخشش کے ذریعہ پردہ پوشی اختیار کر — مشہور ہے کہ سخاوت ہر عیب کو چھپا دیتی ہے

٧ وَلا تُرِ لِلْأَعَادِي قَطُّ ذُلًّا — فَإِنَّ شَمَاتَةَ الْأَعْدَا بَلاءُ

اور دشمنوں کے سامنے کبھی ذلت کا اظہار مت کر — اسلئے کہ دشمنوں کے طعنے مستقل بلا ہے

٨ وَلا تَرْجُ السَّمَاحَةَ مِنْ بَخِيلٍ — فَمَا فِي النَّارِ لِلظَّمْآنِ مَاءُ

اور کسی بخیل سے جود و سخا کی امید مت رکھ — اس لئے کہ پیاسے کو آگ میں پانی نہیں ملتا

٩ وَ رِزْقُكَ لَيْسَ يُنْقِصُهُ التَّأَنِّي — وَ لَيْسَ يَزِيدُ فِي الرِّزْقِ الْعَنَاءُ

اور تاخیر تیرے رزق میں کمی نہیں کرتی — اور بہت مشقت سے رزق میں اضافہ نہیں ہوتا

---

٥ ۔ **تَسَتَّرْ**: سَتَرَ (ن ض) سَتْراً وَسَتَراً وَ سَتَّرَ الشيءَ، کسی چیز کو چھپانا، ڈھانکنا، واِسْتَتَرَ و اِنْسَتَرَ، چھپنا، ڈھک جانا، کہا جاتا ہے هُوَ لَا يَسْتَتِرُ مِنَ اللّٰهِ بِسِتْرٍ، وہ اللہ تعالی سے نہیں ڈرتا. **عَيْبٌ** : ج عُيُوبٌ برائی۔

٦ ۔ **ولا تُرِ** : اَرَاهُ يُرِيْه اِراءةً و اِراءً الشيءَ، دکھانا، اَرِنِي بِرَأْيِكَ، مجھے مشورہ دو۔

**الْأَعَادِي**: العَدُوُّ دشمن ج اَعْدَاءُ، عُدَاة جج اَعَادَی، عَادَى يُعَادِيْ مُعادَاةً، دشمنی کرنا۔

**ذَلّ**: (ض) ذُلاّ و ذِلَّةً وَ ذَلَالَةً، ذلیل ہونا، صفت ذليل وذُلّان ج ، اَذِلَّاءُ و اَذِلَّة۔

**الشَّمَاتَةُ** : شَمِتَ (س) شَمَاتاً وَ شَمَاتَةً بفُلانٍ، کسی کی مصیبت پر خوش ہونا۔

٧ ــ **لَاتَرْجُ**: رَجَا (ن) رَجَاءً و رَجَاءَةً ، پرامید ہونا۔ **ظَمْآنُ** : ج ظِمَاءٌ، پیاسا، ظَمِئَ (س) ظَمَأً وَظَمْأً وَ ظَمَاءً وَ ظَمَاءَةً، سخت پیاسا ہونا.

٨ ۔ **التَأنّي** : الْأَنَاةُ والتَمَهُّلُ، اَنَی يأني و اَنِيَ (س) اَنِيّاً و اِنًى ، دیر کرنا، پیچھے رہنا۔

**العَنَاءُ**: التَّعْبُ و النَّصَبُ، تھکنا، مصیبت، عَنى يَعْنِي عَنايَةً، الْأَمْرُ فُلانًا، مشغول کرنا، فکرمند کرنا، عُنِي بالاَمر وعَنىَ به يعنىٰ عَنىً، مشقت لاحق ہونا، فکرمند ہونا۔

**يُنْقِصُهُ** : نَقَصَ (ن) نَقْصاً کم ہونا، گھٹنا۔ کسی نے کہا ہے:

الرزق مقسوم على من ترى — يناله الأَبيض و الأسود

كلّ يوفىّ رزقه كاملا — من كفّ عن جهد و من يجهد

۱۰ و لا حُـــزْنٌ یَـدُوْمُ وَ لاَ سُـــرُورُ — و لا بُــؤْسٌ عَـلَیْکَ وَ لاَ رَخَـاءُ

اور خوشی اور غمی ہمیشہ نہیں رہتی — اور نہ تنگ دستی اور فراخی دائمی ہے

۱۱ إِذا مَــاکُـنــتَ ذَا قَـلْـبٍ قَـنُـوعٍ — فَــأَنْـتَ وَ مَـالِکُ الـدُّنْیَـا سَـوَاءُ

اگر تو قناعت والا دل رکھتا ہے — تو پھر تو اور دنیا کا مالک دونوں برابر ہیں

۱۲ وَ مَـنْ نَـزَلَـتْ بِسَـاحَتِـهِ المَنَـایَا — فَلاَ أَرْضٌ تَـقِیْــهِ وَ لاَ سَـمَـــاءُ

اور موت جب کسی کے صحن میں فروکش ہوجاتی ہے — تو پھر اسکو زمین وآسمان کی کوئی طاقت بچانہیں سکتی

۱۳ وَ أَرْضُ الـلــهِ وَاسِـعَةٌ وَ لٰـکِـنْ — إِذَا نَـزَلَ الْـقَـضَـا ضَـاقَ الـفِضَـاءُ

اللہ تعالی کی زمین بہت وسیع ہے لیکن — جب موت آتی ہے تو فضا تنگ ہوجاتی ہے

۱٤ دَعِ الأَیَّـــامَ تَــغْـدِرُ کُـلَّ حِیـنٍ — فَـمـا یُـغْـنِـي عَـنِ الـمَـوتِ الـدَّواءُ

شکوہ زمانہ کو چھوڑ وہ تو ہر وقت دھوکہ دیتا رہتا ہے — اور موت سے کوئی دوا بچانہیں سکتی

---

۹ ۔ **الحُزنُ**: ج أَحْزَانٌ، حَزِنَ (س) حَزَنًا لَهُ وَعَلَیْهِ، غمگین ہونا۔ صفت، حَزِیْنٌ ،ج،حُزْنَاءُ.وحِزَانٌ، وحَزَانٰی. **البُؤْسُ**: ج ، أبْؤُسٌ ،بَئِس(س)بُؤساً وبَئِسْیاً وبُؤُساً، سخت حاجتمند ہونا، صفت، بَائِسٌ.
**رَخاَ**:(ن)ورَخٰی(ف)ورَخِیَ(س)ورَخُوَ(ک) رَخَاءَ العَیْشُ، زندگی کا آسودہ ہونا، صفت، رَاخٍ ورَخِیّ.
۱۰ ۔ **القُنُوعُ**: ج ،قُنُعٌ والقَنِیعُ ج قُنُعَاءُ، قناعت پسند،قَنِـع (س) قَنعاً وقناعة وقُنعانا، جوکچھ حصہ میں آئے اسپر صبر کرنا۔
۱۱ ـــ **سَاحَةٌ**: ج ،سَاحَاتٌ، آنگن،ایریا،میدان، سَاحَةُ القِتَالِ ،میدان جنگ، سَاحَةُ الصَّرَاعَاتِ، اکھاڑہ۔ **مَنِیَّةٌ** :منایا،فیصلۂ الٰہی ،موت،وفات. **تَقِیْهِ** : وَقَی ،یَقِی ،وِقَایَةً، حفاظت کرنا،اذیت سے بچانا۔
۱۲ ۔ **القَضَا**:قَضَاءٌ کامخفف،حکم الٰہی ،فیصلہ،موت،عرب لوگ کہتے ہیں اِذَا نَزَلَ الحَیْن حَارَتِ العَیْن.
۱۳ ۔ **غَدَرَ**: (ن،ض،س)غَدْرًا، بدعہدی کرنا،خیانت کرنا۔ **یُغْنِی**: غَنِیَ (س)غِنیً وغنِی بالشئ عنِ غَیْرِہِ، اکتفا کرنا، بس کرنا،اَغنٰی اِغناءً عَنْهُ، کافی ہونا مایُغْنِی عَنْکَ شَیْئًا، یہ تجھے کوئی فائدہ نہیں دیگا.
**دُوَاءٌ**: (ج) اَدْوِیَةٌ، دوا ،علاج۔

**تشریح :** سیدنا امام شافعیؒ نے ان اشعار میں رضا بالقضا کی تلقین کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر اللہ تعالی اپنے کسی بندے کے صبر کا امتحان لینے کے لئے اسے رنج ومصیبت میں مبتلا کریں تو بندۂ مؤمن کا شیوہ صبر وثبات اور رجوع الی اللہ کا ہونا چاہئے ؛ کیونکہ اولا تو حوادثات زمانہ ہوں یا سکون وراحت دونوں ہی دائمی حالتیں نہیں ہیں، رات دن اور دھوپ چھاؤں کی طرح بدلتی رہتی ہیں۔ تکلیف کے ایام بھی بہت جلد راحت میں تبدیل ہو جائینگے اور ثانیا اللہ تعالی اپنے محبوب بندے کے درجات بلند کرنے کے لئے ہی شکر سے آزمانے کے بعد کبھی صبر کے امتحان میں مبتلا کرتے ہیں، کیونکہ صبر بھی رضاء الٰہی اور قرب خداوندی پانے کا بہترین وسیلہ ہے۔ حق تعالی فرماتے ہیں.

﴿ واستعینوا بالصبر والصلوة ان الله مع الصٰبرین﴾ (البقرة:۱۵۳)

حدیث شریف میں اس مضمون کو اسطرح بیان کیا گیا ہے:

”عجباً لأمرِ المؤمنِ إنّ أمرَہ کلہُ خیرٌ ، ولیس ذلک لأحد إلا للمؤمنِ،إن أصابتہُ سرّاءُ شکرَ،فکان خیرا لہ، وإن أصابتہُ ضرّاءُ صبرَ فکان خیرا لہ“ (صحیح مسلم)

سخاوت کی تعریف کرتے ہوئے امامؒ سمجھاتے ہیں کہ یہ وہ وصف ممدوح ہے جس سے آدمی اللہ اور بندوں کے قریب ہو جاتا ہے اور وہ انسان کے ان عیوب پر بھی پردہ ڈال دیتا ہے جو انسانی ضعف کی وجہ سے کبھی کبھی سرزد ہو جاتے ہیں حدیث شریف کا مضمون ہے:

”السخیُّ قریبٌ من اللہِ، قریبٌ من الجَنّۃِ قریبٌ من النّاسِ بعیدٌ من النّارِ ، والبخیلُ بعیدٌ من اللہِ ، بعیدٌ من الجنۃِ، بعیدٌ من الناسِ، قریبٌ من النّارِ،وَلَجاھلٌ سخیٌ أحبُّ إلی اللہِ من عابدٍ بخیلٍ“ (صحیح ترمذی)

ہواء وحرص والے دل کو سکون وغنا کا اصلی راز بتاتے ہوئے امامؒ نے فرمایا کہ ابن آدم کو دولت دنیا کے حصول سے حقیقی چین وسکون میسّر نہیں آتا جب تک کہ اسکا دل قناعت واستغنا کی صفت سے متصف نہیں ہو جاتا، اگر یہ بات پیدا ہو جائے تو محکوم اپنے آپ میں حاکم جیسا یا اس سے بھی زیادہ سکون محسوس کرنے لگے۔

آپ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے۔” لیسَ الغِنیٰ عن کثرۃِ العَرَضِ ولکنَّ الغِنیٰ غِنَی النفسِ“ (متفق علیہ)

موت کی لافانی حقیقت اوراٹل قانون قدرت کوآشکارا کرتے ہوئے فرمایا کہ موت سے کسی نفس کو چھٹکارانہیں، جو یہاں آتا ہے جانے کے لئے ہی آتا ہے اگر دنیا ہمیشہ رہنے کی جگہ ہوتی تو انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام زیادہ مستحق تھے کہ وہ ہمیشہ رہتے، ازل سے ابد تک رہنے والی ذات اللہ وحدہ لاشریک لہٗ کی ذات ہے۔آج تک نہ کوئی طبیب حاذق موت کا علاج کر سکا نہ ہی روح کی حقیقت سے واقف ہوسکا،قرآن ناطق ہے:

﴿ قُلِ الرُّوحُ مِنْ اَمرِ رَبِیّ وماۤ اُوتِیتُم مِّنَ العِلْمِ اِلاّ قَلِیْلاً﴾ (بنی اسرآئیل: ۸۵)

اجل ایک ایسی چیز ہے جو وسیع تر عالم کو بھی صاحب اجل پر تنگ کر دیتی ہے اوراسکی دنیا موت پر سمٹ جاتی ہے،

﴿اِذَا جَاءَ اَجَلُهُمْ فَلاَ یَسْتَأخِرُونَ ساعةً ولا یَسْتَقْدِمُونَ﴾ (یونس: ۴۹)

# قِيمَةُ الدُّعَاءِ

١ اَتَهْـزَأُ بِـالـدُّعَـاءِ وَتَـزْدَرِيْـهِ     وَمَـا تَـدْرِی بِـمَـاصَـنَـعَ الـدُّعَـاءُ
تو دعا کا مذاق اڑاتا ہے اور اسکو حقیر سمجھتا ہے     تجھے کیا معلوم کہ دعا کیا اثر رکھتی ہے؟

٢ سِهَـامُ الـلَّيـلِ لاَ تُـخْـطِـي وَلٰـكِنْ     لَهَـا أَمَـدٌ وَلِلأَمَـدِ انْـقِـضَـاءُ
(دعا) بے خطا سہام لیل ہیں ہاں مگر     اسکی ایک میعاد ہے اور ہر میعاد پوری ہوکر رہتی ہے

٣ فَيُـمْسِـكُهَـا إِذَامَـاشَـاءَ رَبِّي     وَيُـرْسِـلُهَـا إِذَانَـفَـذَ الـقَـضَـاءُ
میرا رب جب چاہتا ہے اسکو روک لیتا ہے     اور جب تقدیر کا فیصلہ ہوتا ہے تو اسکو چھوڑ دیتا ہے

**تشـریح:** سیدنا امام شافعیؒ دعا کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اللہ رب العزت کی ذات عالی کو حاکم اور نفع نقصان کا مالک ماننے والا مؤمن دعا کو کارگر ہتھیار اور در الٰہی پر دستک دینے کا مؤثر ذریعہ سمجھتا ہے۔ حق تعالیٰ خود فرماتے ہیں ﴿اُدْعُوْنِیٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ﴾ (المؤمن : ٦٠) ،اور آنحضرت ﷺ نے بھی "الدُّعَاءُ سِلاحُ المُؤمِنُ" (مستدرک حاکم ومسند ابی یعلی ؛ بحوالة کنز العمّال) اور" لَايَرُدُّ الْقَضَاءَ اِلَّا الدُّعاءُ وَلَا يَزِيْدُ فِیُ العُمُرِ اِلَّا البِرُّ" (صحیح ترمذی) کہکر دعا کی عظمت کو واضح فرمایا ہے۔ بدر واُحد کا نقشہ حضور اکرم ﷺ کی دعاؤں ہی نے بدلا تھا اور تاریخ کے ہر دور میں اصحاب دعوت وعزیمت کی سحر گاہی آہوں نے ہی باطل کا رخ پھیرا ہے۔ نبی خاتم ﷺ کا اپنی امت کو ہر لمحہ وموقع کی دعائیں تلقین کرنا دعا کی قدر ومنزلت کو بہت زیادہ بڑھا دیتا ہے۔

**نوٹ**: آخری شعر احسان عباس اور امیل یعقوب کے نسخہ میں ہے بقیہ نسخوں میں نہیں ہے۔

---

١ ـ **اَتَهْزَأُ:** هَزَأَ وهَزِئَ هَزْأً وهُزْءً وهُزُءً، لفُلاَنٍ وَمِنْهُ، کسی سے مسخری کرنا، مذاق اڑانا۔

**الدُّعَاءُ :** الطلب مع التَّذلل والخُضوع ،دَعَا (ن)دُعَاءً ودَعْوًى ـ هٗ ـ پکارنا، مدد چاہنا، ــلَهٗ ـ دعا کرنا، ـعَلَيْهِ ـ بددعا کرنا، ـ اِلَيْه ـ کسی چیز کی طرف بلانا۔

**تَزْدَرِيْهِ:** تمتهنه وتحتقره،زَرَی(ض)زَرْيا وزِرايَةً وازْدرٰی اِزْدِراءً، حقیر سمجھنا،صفت، زَارٍ أَوْمُزْدَرٍ۔

٢ ـ **سَهْمٌ** : ج، سِهَامٌ : تیر **اَمَدٌ** :آخری حد، ج آمَادٌ، کہاجاتا ہے﴿طَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ﴾ ان پر مدت طویل ہوگئی۔

## جَهْدُ البَلاءِ

١ أَكْثَـرَالـنَّـاسُ فِـى الـنِّسَـاءِ وقَـالُوا　　إنَّ حُـبَّ الـنِّسَــاءِ جَهْـدُالبـلاءِ

لوگوں نے عورتوں کے بارے میں مختلف رائیں قائم کیں　　اور یہ بھی کہا کہ عورتوں کی محبت سخت مصیبت ہے

٢ ليسَ حُـبُّ الـنِّسـاءِ جَهْداً ولكنْ　　قُـربُ مَـنْ لاتُـحِـبُّ جَهـدُ البـلاءِ

عورتوں کی محبت کوئی بڑی مصیبت نہیں البتہ　　ناپسندیدہ فرد کا قرب بڑی مصیبت ہوتا ہے

**تشریح:** سیدنا امام شافعیؒ نے اقوام عالم کے عورت کے بارے میں قائم کردہ تصورات کی تردید اور مذھب اسلام کے معتدل اور مبنی بر انصاف نظریہ کی ترجمانی کرتے ہوئے فرمایا کہ عورت مصیبت کی نہیں، راحت کی چیز ہے بلکہ اکثر کامیاب مردوں کی کامیابی کے پیچھے کسی نہ کسی صالح عورت کی محنت یقیناً شامل ہوتی ہے، آپ ﷺ نے "الـدُّنيـا كُـلُّهَـا مَتَـاعٌ وَخَيْـرُ متاعِ الـدُّنيـا اَلْـمَـرْاَةُ الصَّالحةُ" (صحيح مسلم) فرما کر عورت کی اسی عظمت کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔

امام شافعیؒ چونکہ خوش مزاج تھے خشک مزاج نہیں، اسلئے کبھی کبھی خوش طبعی کے طور پر برجستہ ایسے دل چسپ اشعار کہہ دیا کرتے تھے جبکہ متنبّی کہتا ہے،

وَمِنْ نَـكَـدِ الـدُّنْيا عَلى الحُرِّ أَن يَرىٰ　　عَـدُوًّا لَــهُ مَــامِــنْ صَـداقَتِـهِ بُـدُّ

دنیا کی یہ بھی ستم ظریفی ہے کہ آزاد مرد کو　　دفع شر کے خاطر دشمن سے اظہار دوستی کرنا پڑے

---

١ ـــ جُهد: ضمہ اور فتحہ کے ساتھ طاقت، استطاعت، قرآن مجید میں ہے، ﴿لايَـجِـدُوْنَ اِلّاجُهْـدَهُـمْ﴾، ﴿وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ﴾ فتحہ کے ساتھ، مشقت جَهَدَ (ف) جَهْدًا فِي الْأَمْرِ، إِذَا طَلَبَ حَتَّى بَلَغَ غَايَتَهُ، جَهَدَهُ الْمَرَضُ إِذَا بَلَغَ مِنْهُ الْمَشَقَّةِ.

٢ ـ البَلاَءُ: بَلاَ (ن) بَلواً وَبَلاَءً، کسی کو آزمانا، تجربہ کرنا، امتحان لینا، یہ لفظ ابتلاء بالخير والشر دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے، قرآن کریم میں ہے، ﴿وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً﴾.

## وَاحَسرَةً لِلفَتیٰ

١ وَاحَسْرَةً لِلْفَتیٰ سَاعةً يَعِيشُها بَعْدَ أَوِدَّائِهِ

انسان کے لئے وہ گھڑی کتنی حسرتناک ہوتی ہے جو وہ اپنے دوستوں سے فراق کے بعد گذارتا ہے

٢ عُمْرُ الفَتیٰ لَوْكَانَ فِي كَفِّهِ رَمیٰ بِهِ بَعْدَ أَحِبَّائِهِ

اگر آدمی کی عمر اسکے قبضے میں ہوتی تو وہ دوستوں کی جدائی کے بعد اسکو پھینک دیتا

**تشریح :** انسان فطرۃ مدنی الطبع واقع ہوا ہے۔کسی شاعر نے کہا ہے:

مَاسُمِّي الإِنْسَانُ إِلاّلِأُنْسِهِ وَمَاالقَلْبُ إِلاّ أَنَّهُ يَتَقَلَّبُ

انسان کو انسان سے فطرۃً اُنس ہوتا ہے؛ یہی اُنس انسان کو حقوق کی ادائیگی، اتحاد واتفاق، مودت ومحبت، مواخات ومووالات اور تراحم وتعاطف کی طرف لے جاتا ہے، جسکی بنیاد پر انسان چین، سکون اور راحت واطمینان کی زندگی گذارتا ہے۔

﴿وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ المَاءِ بَشَراً فَجَعَلَهُ نَسَباً وَصِهْراً﴾ (الفرقان :۵۴) کی آیت بھی اسی مضمون کی تائید کرتی ہے اور ﴿وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوباً وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوْا﴾ (الحجرات :۱۳) والی آیت بھی تعارف وتعاون باہمی کو انسان کی فطری ضرورت بتاتی ہے۔فرمانِ رسول ﷺ میں بھی انسانی فطرت کے اس ضروری عنصر کو ایک خصوصی ھدایت کے ذریعہ دوام بخشا گیا ہے۔آنحضور ﷺ کا پاک ارشاد ہے"إِذَا اٰخىَ الرَّجُلُ الرَّجُلَ فَلْيَسألهُ عن إِسْمِهِ واِسْمِ أَبِيْهِ وَمِمَّن هُوَ، فإِنَّهُ أَوْصَلُ لِلْمَوَدةِ "(صحيح ترمذی) یہی وجہ ہیکہ خوشی وغمی کے مواقع پر انسان کو شرکاءِ خوشی وغم کی ضرورت پڑتی ہے، اگر وہ نہ ہوں تو حاصل شدہ خوشی حقیقی معنی میں خوشی نہیں رہتی اور غم کے بادل جلدی نہیں چھٹتے۔امام شافعیؒ نے ایک جگہ نثر میں اسی مضمون کو اسطرح ادا فرمایا ہے۔ " لا سرور يعدل صحبة الإخوان ولا غمّ يعدل فراقهم،والغريب من فقد ألفهٗ لامن فقد منزله"

---

١ ـ وَا: حرف ندا ہے جوذکر محاسن میت کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے وا ولداہ، واکبداہ اورکبھی نداء حقیقی میں بھی مستعمل ہوتا ہے۔ **الحَسْرَةُ:** ج ،حَسَرَات ، شدّة التلهّف والحزن وأشدّ النّدم،قرآن کریم میں ہے، ﴿يَا حَسْرَتیٰ علیٰ مافَرَّطْتُ فِي جَنْبِ اللّٰهِ﴾ **الأَوِدَّاءُ:** م، وَدِيْدٌ،ساتھی،محبت کرنے والا۔
٢ ـ **الكفُّ** : ج كُفُوْفٌ واكُفٌ وَكُفٌ،ہتھیلی انگلیوں سمیت۔
**الأَحِبَّاءِ:** م،حَبِيْبٌ، حَبَّهُ (ض) حُبّاً وحِبَّا، محبت کرنا،صفت حَبِيْبٌ وَمَحْبُوبٌ.

# اَلصَّبرُ عَلٰی فَقْدِ الأَحِبَّةِ

١ وَمَنْ یَتَمَنَّ العُمُرَ فَلْیَدَّرِعْ صَبْراً علی فَقْدِ أحِبَّائِہِ

جوشخص درازی عمر کا متمنی ہواس کو چاہئے کہ دوستوں کے فراق پر صبر کا لباس پہنے

٢ وَمَنْ یُعَمَّرْ یَلْقَ فِی نَفْسِہِ مَایَتَمَنَّاہ لِأعْدَائِہِ

اور جوشخص لمبی عمر پائیگا تو اپنے لئے بھی وہی تمنا کریگا جو دشمن کے لئے تمنا کرتا تھا

**تشریح:** سیدنا امام شافعیؒ پہلے شعر میں دوستوں کی موت اور شدائد دنیا پر صبر کے دامن کو مضبوطی سے تھامنے کی تلقین کر کے یہ سبق دینا چاہتے ہیں کہ صبر وہ جوہر ہے جو کمزور انسان کو حوادثات زمانہ جھیلنے اور گردش دوراں میں ثابت قدم رہنے کا حوصلہ فراہم کرتا ہے۔ اگر انسان کو صبر کی تعلیم نہ دی جاتی تو طویل عمر پانے والا انسان طویل عمر سے کثرت حسنات کا فائدہ اٹھانیکے بجائے؛ فراق احباب کے غم میں اپنے آپکو ہلاک کرلیتا۔ دوسرے شعر میں یہ کہکر کہ آدمی کی عمر جب زیادہ دراز ہوتی ہے تو وہ بھی اپنے لئے موت کی ایسی ہی تمنا کرتا ہے جیسے اگلے زمانہ میں اپنے دشمنوں کی ھلاکت چاہا کرتا تھا؛ امام شافعیؒ شاید ارذل عمر کی طرف اشارہ کرنا چاہتے ہیں؛ جسکا تذکرہ قرآن میں اسطرح آیا ہے ﴿وَمِنْکُمْ مَنْ یُرَدُّ اِلٰی اَرْذَلِ العُمُرِ لِکَیْ لَا یَعْلَمَ مِنْ بَعْدِ عِلْمٍ شیئا﴾ (النحل، ٧٠) اور جس سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلّم نے بھی یہ کہکر پناہ چاہی ہے " اَللّٰھُمَّ اِنّی أَعُوذُبِک مِنَ البُخلِ، وأَعُوذُ بِک مِن الجُبنِ، وأَعُوذُبِک مِن أن أُرَدَّ اِلیٰ أرْذَلِ العُمُرِ وفِتْنَةِ الدُّنیا وعَذابِ القبرِ" (کنز العمّال)

---

١ ۔ **یَتَمَنَّ:** تَمَنَّی الشَّیٴ، ارادہ کرنا، الکتاب، پڑھنا، الرجل، جھوٹ بولنا، الحدیث، جھوٹی بات گھڑنا. المُنْیَةُ ج مُنیً مِنیً والاُمْنِیّةُ ج اَمَان واَمانِیّ، خواہش، آرزو، مطلوب. **یَدَّرِعْ:** دَرَّعَهُ، تَدَرَّعَ واِدَّرَعَ، زرہ پہننا، صبر کو درع سے تشبیہ دیکر صبر کا لباس پہن لینے یعنی صابر بن جانے کی تلقین کی گئی ہے۔

**الصَّبْرُ:** صَبَرَ(ض) صَبْراً، صفت، صَابِرٌ وَصَبِیْرٌ وصَبُوْرٌ، ضبط النّفس، کظم الغیظ، سعة الصّدر، التّجلّد وحسن الاحتمال، الشُّجاعة وترک الشّکویٰ.

٢ ۔ **یُعَمَّرُ:** عَمَّرَ الرَّجُلُ، لمبی زندگی پانا، قرآن کریم میں ہے ﴿وَمَنْ نُعَمِّرْہُ نُنَکِّسہُ فِی الخَلقِ﴾ العُمْرُ، العُمُرُ، العَمْرُ ج أعمار، زندگی۔ والمعنی أن الذی یحبّ أن یعیش طویلا ویُعمر مدة طویلة، لملاقاة أحبائه وإخوانه، یجد نفسه عندما یبلغ العمر وھناً ضعیفاً مریضاً کما کان یتمنّی أن یری أعدائه. "دیوان الإمام الشافعیؒ، تحقیق محمدعبد الرحیم، صفحة ١١٧"

# القَضَاءُ والقَدَرُ

١ إِنّ الـطَّبِيْـبَ بِـطِبِّـهِ وَدَوَائِـهِ — لا يَسْتَطِيْعُ دِفَاعَ مَقْدُوْرِ القَضَاء

طبیب علم طب اور دوائی کے ذریعہ — تقدیر کے فیصلوں کو بدل نہیں سکتا

٢ مَـالِلطَّبِيْـبِ يَـمُوْتُ بِـالدَّاءِ الَّذِي — قَدْ كَـان يُبْرِ ئُ مِثْلَـهُ فِيْـمَا مَضٰى

طبیب کو کیا ہو گیا کہ ایسی بیماری میں وفات پاتا ہے — جس بیماری کا علاج کر کے وہ کبھی دوسروں کو شفایاب کر چکا تھا

٣ هَـلَكَ الـمُـدَاوِيُ والـمُـداوىٰ وَالـذّي — جَـلَـبَ الـدَّوَاءَ وبَـاعَـهُ ومَنِ اشْتَـرٰى

علاج کرنے والا طبیب علاج پانے والا مریض اور — دوائی بنانے والا اور بیع وشراء کرنے والا اسکو موت نے ہلاک کر دیا

**تشریح:** امام شافعیؒ موت کی اٹل حقیقت کو آشکارا کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ سائنسدانوں، حکیموں، فلسفیوں اور ڈاکٹروں کی باتیں اور تحقیقات اپنی جگہ، لیکن موت ایک ایسی حقیقت ہے جسکا انکار نہیں ہوسکتا، یورپ نے حفظانِ صحت اور بہتر زندگی کے لئے بے شمار طریقے اور علاج دریافت کئے ہیں اور اسے اپنی طبّی تحقیقات اور علاج معالجے کے جدید وسائل واسباب پر ناز بھی بہت ہے مگر ان تمام چیزوں کے باوجود کیا ایک بھی ایسا سائنسداں یا ڈاکٹر ہے جو یہ دعوٰی کر سکے کہ میں نے موت کا علاج دریافت کر لیا ہے؟ ارے، بسا اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک ڈاکٹر کو جس مرض کے علاج میں مہارت ہوتی ہے اسی مرض میں اسکا انتقال ہوجاتا ہے۔ ⇦

---

١ ـ **الطّبِيْبُ**: طَبَّهُ (ن،ض) طَبّاً، علاج کرنا، تَطَبَّبَ الرَّجُل، طبیب بننا، اِسْتَطَبَّهُ، دوائی دریافت کرنا. الطَبُّ والطِبُّ والطُبُّ، جسمانی اور روحانی علاج، صفت، طَبِيْبٌ ج اَطِبَّةٌ وَاَطِبَّاءُ، مؤنث، طَبِيْبَةٌ.

٢ ـ **يَمُوتُ**: مَاتَ يَمُوْتُ مَوْتاً، مرنا، المَوْتُ الاَبْيَضُ، طبعی موت، الاَحْمَرُ، مقتول ہونا، الاَسْوَدُ، گلا گھٹ کر مرنا، المَيْتُ ج اَمْوَاتٌ وَمَوْتىٰ والمَيِّتُ ج مَيِّتُون، مؤنث مَيْتَةٌ ج مَيْتَاتٌ ومَيِّتَاتٌ .

**يُبْرِأ**: بَرِى (س) بَرَءَ (ف) بَرُءَ (ک) بَرْءاً وبُرْءاً وبُرُوءاً، من المَرَضِ، بیماری سے شفا پانا.

٣ ـ **المُدَاوِى**: دَاوىٰ مُدَاواةً، بیمار کا علاج کرنا، ـ فا ـ المُداوِى ـ مفع ـ المُدَاوىٰ.

**الدّاءُ**: دَاءَ يَدَاءُ (ف) دَاءً ودَوْءاً، بیمار ہونا، صفت دَاءٍ، الدّاءُ، بیماری ج اَدْوَاءٌ.

**جَلَبَ**: جَلَبَهُ (ن،ض) جَلْباً، ہانک کر لانا، یہاں فقط لانیکے معنی میں ہے۔

ماہرین امراض قلب کا انتقال ہارٹ اٹیک سے اور ماہرین امراض سرطان کا انتقال مرض سرطان میں ہوتا دیکھا گیا۔عربی کا ایک شعر اسی حقیقت کی ترجمانی کرتا ہے۔

بِسِلٍّ مَاتَ اَرَسْطَالِیْسَ وَاَفْلاَطُونَ مَفْلُوجاً وَلُقْمَانَ بِسِرْسَامَ وَجَالِیْنُوسَ مَبْطُوْناً

مرض سل سے ارسطالیس مرا اور افلاطون فالج سے لقمان مرض دماغ سے اور جالینوس اسہال سے

حالانکہ انہیں امراض میں ان حکماء کو ید طولیٰ اور مرتبۂ کمال حاصل تھا۔غرض یہ کہ جو بنا ہے وہ فنا ہے، یہاں جو آیا ہے جانیکے لئے آیا ہے، رہنے کہ لئے کوئی نہیں آیا۔موت کا مراقبہ کرنا ہر نفس کے لئے بہت ضروری ہے؛ مجذوب فرماتے ہیں۔

تو برائے بندگی ہے یاد رکھ بہر سر افگندگی ہے یاد رکھ
ورنہ پھر شرمندگی ہے یاد رکھ چندروزہ زندگی ہے یاد رکھ
ایک دن مرنا ہے آخر موت ہے کرلے جو کرنا ہے آخر موت ہے

ارشاد خداوندی ہے۔

﴿قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِی تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَإِنَّهُ مُلاقِیْکُم﴾ (الجمعة : ۱۱)

# ﴿ قَافِيَةُ البَاءِ ﴾

## وُقُوْفُ المَاءِ يُفْسِدُهُ

١ مَـافِـي الـمُـقَـامِ لِذِي عَقْلٍ وذِی أَدَبٍ — مِـنْ رَاحةٍ فَـدَعِ الأَوْطَـانَ وَاغتَـرِبِ

صاحب عقل وفہم کوایک جگہ پڑے رہنے میں — راحت نہیں اس لئے وطن چھوڑ اور سفر اختیار کر

٢ سَـافِـرْ تَـجِـدْ عِـوَضـاً عـمَّنْ تُفَارِقُـهُ — وَانْـصَـبْ فَإِنَّ لَذِيْذَ العَيْشِ فی النَّصَبِ

سفر کر ترک وطن کا بدلہ پائیگا — اور مشقت برداشت کر کیونکہ لذت عیش تھکن میں ہے

٣ إِنّـي رَأيـتُ وُقُـوفَ الـمَـاءِ يُفْسِدُهُ — إِنْ سَـاحَ طَابَ وَإِنْ لَمْ يَجْرِ لَمْ يَطِبِ

میں نے دیکھا کہ ٹھہراؤ پانی کوخراب کر دیتا ہے — بہنا پانی کو اچھا رکھتا ہے اور نہ بہنا خراب کر دیتا ہے

---

١ ـ **المُقَام**: ضمّہ کے ساتھ ٹھہرنے کی جگہ یاوقت، فتحہ کے ساتھ جائے قیام، ج مقامات۔

**الأدب**: اَدُبَ(ک) اَدَباً، اچھی تربیت والا یا شائستہ ہونا، اَدِیبٌ ج اُدَبَاءُ، الأَدَبُ، وہ اخلاقی ملکہ جو انسان کو ہر ناشائستہ بات سے باز رکھے، ج آداب. **اَوْطَانٌ**: م، الوَطَنُ، انسان کی سکونت کی جگہ خواہ وہاں پیدا ہوا ہو یا نہ ہوا ہو، وَطَّنَ و اَوْطَنَ و اِسْتَوْطَنَ، البَلَدَ، کسی شہر کو اپنا وطن بنانا۔

**اِغْتَرَبَ**: غَـرَبَ(ن) غَرَابَةً وغُرَابَةً وغُرْباً، وطن سے جدا ہونا، پردیسی ہونا، اِغْتَرَبَ الرَّجُلُ، وطن سے نکل جانا، الغَرِيْبُ ج غُرَبَاءُ.

٢ ـ **النَّصَبُ**: نَصَبَهُ (ض،ف) واَنْصَبَهُ نَصْباً، تھکانا، نَصِبَ(س) نَصَباً، تھکنا، فِی الأَمْرِ، کوشش کرنا، قرآن میں ہے ﴿لا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ ولا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ﴾

٣ ـ **سَاحَ**: سَاحَ يَسِيْحُ سَيْحاً وسَيَحَاناً، المَاءُ، پانی کا سطح زمین پر بہنا، صفت، سَائِحٌ وسَيْحٌ.

**طَاب**: طَابَ يَطِيبُ طِيباً وطَاباً وطِيْبَةً، مزیدار، میٹھا، عمدہ ہونا۔ **يَجْرِ**: جَرَى (ض) جَرْياً وجَرْيَاناً وجَرِيَةً ـ الماءُ، پانی کا بہنا، کہا جاتا ہے " نَهْرٌ سَرِيْعُ الجَرْيَةِ " تیز بہنے والی نہر۔

٤ وَالأَسَدُ لَوْلاَ فِراقُ الأَرضِ ماافْتَرَسَتْ وَالسَّهمُ لَوْلَا فِراقُ القَوْسِ لَمْ يُصِبِ

شیر اگر کچھاڑ نہ چھوڑے تو شکار نہیں کرسکتا اور تیر کمان سے جدا نہ ہوتو نشانے پر نہیں لگتا

٥ وَالشَّمْسُ لَوْ وَقَفَتْ فِي الفُلكِ دَائِمةً لَمَلَّهَا النّاسُ مِنْ عُجمٍ ومِنْ عَرَبِ

آفتاب اگر آسمان میں ایک جگہ ٹھہرا رہے تو عرب وعجم سبھی تنگ آجائیں

٦ وَالتِّبْرُ كَالتُّرْبِ مُلقًى فِي أَماكِنِه والعُودُ فِي أرضِهِ نَوْعٌ مِن الحَطَبِ

سونا اپنی جگہ میں مٹی کا ایک پہاڑ ہے اور عود پیدا ہونیکی جگہ میں جنگل کی ایک لکڑی ہے

٧ فَإِنْ تَغَرَّبَ هَذَا عَزَّ مَطْلَبُهُ وَإِنْ تَغَرَّبَ ذَاکَ عَزَّ كَالذَّهَبِ

جب سونا بے وطن ہوا تو باعزت ہوا اور جب عود غریب الوطن ہوئی تو سونے جیسی قیمتی بنی

---

٤ ـ **اَسَدٌ:** شیر نر ہو یا مادہ دونوں کے لئے مستعمل ہے ج اُسُدٌ واُسُودٌ وآسُدُ، داء الاسد، جذام.
**اِفْتَرَسْت:** فَرَسَ (ض) فَرْساً واِفْتَرَسَ ـ الاَسَدُ، فَرِيسةً، شکار کرنا۔
**القَوسُ:** مصدر، کمان، مؤنث ہے، کبھی مذکر بھی مستعمل ہوتا ہے، تصغیر، قُوَيْسَةٌ وَقُوَيسٌ، ج قِسِيٌّ واَقْوَاسٌ، قوسُ نَدفٍ، دھنتے کی کمان، قَوْسُ نَبلٍ، تیر کی کمان، قَوْسُ قُزَحٍ دُھنک، ست رنگی کمان قَوْسُ الرَّجُلِ، جھکی ہوئی پیٹھ. **يُصِيْبُ:** اَصَابَ يُصِيْبُ اِصَابَةً ـ اَلسَّهمُ، تیر کا ٹھیک نشانے پر لگنا.
٥ ـ **الفَلَکُ:** آسمان، ستاروں کے چکّر لگانے کی جگہ، ج فُلُکٌ وفُلُکٌ واَفْلاکٌ. **مَلَّها:** مَلَّ (س) مَلَلاً و مَلالاً ومَلَّةً ومَلالَةً ـــ الشیٴ ومن الشیٴ، اکتانا، زچ ہونا، صفت المَلُولُ. **عُجُمٍ:** الأَعْجَمِيُّ والعَجُمِيُّ، مؤنث عَجماءُ ج عُجُمٌ، غیر عرب، عربی بولتا ہو یا نہ بولتا ہو۔
**عَرَب:** العُرُبُ والعَرَبُ ج اَعْرُبٌ وعُرُوْبٌ، عرب کے باشندے۔
٦ ـ **التِّبْرُ:** م، تِبْرَةٌ، سونے کا بغیر ڈھلا ہوا ٹکڑا۔ **العُوْدُ:** ایک خوشبودار لکڑی، جسکو بطور بخور استعمال کیا جاتا ہے، عرب لوگ اس لکڑی سے بنی ہوئی خوشبو کو جسے وہ دهن العُود کہتے ہیں بہت پسند کرتے ہیں۔
٤ ـ **تَغَرّبَ:** وطن سے علحدہ ہونا۔ **عزَّ:** عَزَّ (ض) عِزّاً وعَزَّةً (ن) عِزّا، عزیز ہونا، قوی ہونا، عزّت کی کوشش میں غالب ہونا۔ **المَطْلبُ:** ج مَطَالِبُ، مطلب، مقصد۔

**تشــریح:** نیک مقصد کے حصول کے لئے سفر کرنے کی قرآن کریم اوراحادیث نبویہ میں اجازت،فضیلت اور کہیں کہیں امر بھی وارد ہوا ہے۔"وَأَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ "( حج : ١٠٠ ) میں سفرحج کا امر ہےتو " فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ"(الجمعة: ١٠ ) میں طلب رزق حلال کے لئے سفر کی ھدایت ہے. "اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَثِقَالاً وَجَاهِدُوا بِأَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ "(التوبة: ٤١) میں پوری انسانیت کوجہنّم کی آگ سے بچانیکے لئے سفر جہاد کا حکم ہےتو" وَمَنْ يَخْرُجْ مَنْ بَيْتِهِ مُهَاجِرًا إِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ"(النساء : ١٠٠ ) میں ہجرت یعنی ترک وطن کا تذکرہ ہے " لاَ أَبْـرَحُ حَتّٰـى أَبْلُـغَ مَـجْـمَعَ الْبَحْـرَيْنِ اَوْأَمْضِـيَ حُـقُبًـا"(الـكهف: ٦٠ ) میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زبانی طویل سفرعلم کی ترغیب ہے۔تو "اَلاَ لِيُبَلِّـغِ الشَّـاهِـدِ الـغَـائِبَ"(رواه البخـاری) میں تبلیغ دین کے لئے سفر کا حکم ہے۔کہیں "سِيْـرُو فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوْا "(الأنعام : ١١) کےذریعہ اقوام عالم کےاحوال سےعبرت کے لئے سیر وسیاحت کی ہدایت ہےتو کہیں " لَـوْكَانَ عَرَضًا قَرِيْبًاوَسَفَراً قَاصِدًا لاَ تَّبَعُوكَ وَلٰكِنْ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّة"(التوبة: ٤٢) کہکر دین کے خاطر مشقت والا سفر چھوڑنے والوں پر تنبیہ کی گئی ہے ۔کہیں مساجد ثلثہ کی زیارت وحصول برکات کے لئے شدّ رحال کی اجازت دی گئی ہےتو کہیں بیمار پرسی اور دیگر حقوق کی ادائیگی کے لئے سفر کی ترغیب دی گئی ہے۔

آپ ﷺ کی سیرت طیّبہ میں تجارت،ہجرت اورتبلیغ وجہاد کےاسفار، نیزصحابہؓ،تابعین، اسلاف کرام اورعلماء ربّانیین کی زندگیوں کےحصول علم واشاعت دین کےاسفارحتی کہ اکثر اکابرین کی جائے پیدائش وجائے وفات کاایک نہ ہونا اس بات کی علامت ہیکہ وہ اپنے وطن اوراپنے ماحول پر اکتفا کرکے بیٹھے رہنے کےبجائے" الـخَـلْـقُ عَيَـالُ اللّٰه "(رواه البيهقى فى شعب الإيمان) کے ناطے پوری انسانیت کی فکر کرنے والے اور" ہر ملک ملک ماست کہ ملک خدائے ماست" پرعمل پیرا تھے، اورایسا کرنے سے انہیں دوہرا فائدہ بھی حاصل ہوا، ایک امر خداوندی کے امتثال کا، دوسرا مفید تجربات کےحصول کا۔

سیدناامام شافعیؒ شریعت مطہرہ کی ایسی جامعیت کواپنے ان اشعار میں نادرمثالوں کےساتھ بہترین انداز میں پیش فرماتے ہیں، ارشادفرماتے ہیں کہ عقلمند آدمی مناسب موقع اورتقاضے کےوقت ترک وطن اورسفر کرنے سے گریزنہیں کرتا،اسلئے کہ وہ ہی انسان کو بلند منازل تک لے جاتا ہےاور اس سےروگردانی ترقی کی راہ میں حائل ہوجاتی ہے۔

امام موصوفؒ اپنی اسی بات کو پانی کی روانی اور جمود کی مثال سے واضح فرماتے ہیں، کہ ماء راکد کو اسکا ٹھہراؤ خراب کر دیتا ہے جبکہ ماء جاری کا جریان اسکی تر و تازگی کو ہمیشہ باقی رکھتا ہے، نیز امامؒ نے علم و فضل والے کو شیر اور تیر کی مثال دیکر ایک حقیقت سمجھائی کہ جسطرح تیر جب تک ترکش کو اور شیر کچھار کو نہ چھوڑے دونوں ہی اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکتے؛ اسی طرح صاحب علم و فضل اپنے فضل سے دوسروں کو فائدہ پہونچانے اور دوسروں کے علم و فضل سے استفادہ کرنے کے مقصد میں اسوقت تک کامیاب نہیں ہوسکتا؛ جب تک کہ وہ عند الضرورت اپنا مکان و وطن نہ چھوڑے، سورج کی طرح کہ اسکا وجود انسانیت کے لئے بے انتہا مفید ہے مگر اسوقت تک کہ وہ آتا جاتا رہےاور لیل و نہار کا تسلسل باقی رہے؛ جبکہ اسکا سفر چھوڑ دینا اور ایک جگہ ٹھہر جانا انسانیت کے لئے پریشانی کا باعث بن جائے اور لوگوں کا جینا دوبھر ہو جائے۔

اخیر میں امام شافعیؒ دو حکیمانہ مثالیں دیکر اس بات کو سمجھانا چاہتے ہیں کہ سفر، محنت، جد و جہد، قربانی، لگن اور ترک وطن وہ عناصر ہیں جو انسان کو اپنے مقصد زندگی میں کامیاب بناتے ہیں، جس سے ادنی اعلیٰ اور ذرّہ آفتاب بن جاتا ہے، مثال دیتے ہیں کہ جسطرح سونا کہ جب تک وہ کان میں تھا مٹی کا ایک ڈھیر تھا اور ترک وطن کر کے تغیرات و تقلبات کی بھٹی سے گذرا تو حسینہ کے گلے کا ہار، ، بادشاہ کے سر کا تاج اور بازار کا رائج الوقت سکہ بنا اور جسطرح عود کی لکڑی کہ جب تک وہ جنگل میں تھی جنگل کی دیگر لکڑیوں سے زیادہ اسکی الگ کوئی حیثیت نہیں تھی مگر جب اسنے ترک وطن کیا اور کلہاڑے اور آڑے کے چلنے کی صعوبتیں برداشت کیں تو محلات و مساجد کی زینت بنی اور خوشبو دینے والی قیمتی لکڑی میں اسکا شمار ہوا۔

الغرض امام شافعیؒ ترک وطن، سفر، مجاہدات اور پیہم عمل کو ایک مسلمان کی کامیابی کے راز گردانتے ہیں اور اس سے جی چرانے کو شاہراہِ کامیابی کے بیچ کا سنگ گراں مانتے ہیں۔ اردو کے ایک شاعر نے اس خیال کی اسطرح ترجمانی کی ہے۔ ؎ سر پھول وہ چڑھا جو چمن سے نکل گیا...

علماء کرام کے طلب و اشاعت علم کے طول وطویل اسفار، غریب الوطنی اور طرح طرح کی صعوبتیں برداشت کرنا؛ تاریخ و سیرت کی کتابوں کے وہ زریں ابواب ہیں جو طالبان علوم نبوت کو ہر زمانے میں طلب علم کی راہ کا توشہ اور حوصلہ فراہم کرتے رہینگے، طلبۂ کرام کو شیخ عبد الفتاح ابوغدہؒ کی کتاب" صفحات من صبر العلماء" کا ضرور مطالعہ کرنا چاہئے۔

# بَاعُوا الرّأسَ بِالذَّنَب

**جاء فی معجم الأدباء قول الإمام الشافعیؒ،فی الفروق بین النّاس فی العقل والأدب والحسب:**

١ أَصْبَحْتُ مُطَّرَحاً فِي مَعْشَرٍ جَهِلوُا — حَقَّ الأَدِيْبِ فَبَاعُوا الرّأسَ بِالذَّنَبِ

میں پھینک دیا گیا ہوں ایسے معاشرہ میں جو بے خبر ہے — ادیب کے حق سے اور سر کو دُم کے عوض فروخت کرتے ہیں

٢ والنّاسُ يَجْمَعُهُم شَمْلٌ وَبَيْنَهُم — فِي العَقْلِ فَرْقٌ وفِي الآدَابِ والحَسَبِ

لوگ یوں تو ایک جماعت کے افراد معلوم ہوتے ہیں — مگر انکی عقل، آداب اور شرافت نسبی میں واضح فرق ہوتا ہے

٣ كَمِثْلِ مَا الذَّهَبِ الإِبْرِيزِيُشْرِكُهُ — فِي لَوْنِهِ الصُّفْرُ، والتَّفْضِيْلُ لِلذَّهَبِ

جیسے خالص سونا کہ زردرنگت میں تو پیتل اسکا شریک ہے — مگر قدرومنزلت میں ذھب ہی کو فضیلت حاصل ہے

٤ والعُودُ لَوْ لَمْ تَطِبْ مِنهُ رَوائِحُهُ — لَمْ يَفْرِقِ النّاسُ بَينَ العُودِ والحَطَبِ

جیسے عود کی لکڑی کہ اس سے اگر خوشبو نہ پھیلتی — تو لوگ ایندھن اور عود میں تمیز نہ کر پاتے

---

١۔ **مُطَّرَحاً:** مُلْقیً،مَرْمِیاً، مَنْبُوذاً، پھینکا ہوا. طَرَحَ (ف) طَرْحاً، الشیئ بالشیئ، پھینکنا،عنهُ، ڈالنا، دور کرنا،علیهِ مَسْئَلَةً ، مسئلہ پیش کرنا ۔ اِطّرَحَهُ، پھینک دینا، دور کرنا.

**مَعْشَرٍ:** ج، مَعَاشِرُ، جماعت، آدمی کے اہل، جن وانس۔

٢۔**الأَدِيْبُ:** الأَدَبُ ج آداب،صفت، اَدِیبٌ، اچھی روش، دانش، وہ اخلاقی ملکہ جو انسان کو ہر نا شائستہ بات سے روکے۔ **الرّأسُ:** ج اَرْؤُسٌ، رُؤُسٌ، رُوُسٌ، آراسٌ، سر، چیز کا بلند حصہ.

**الذَّنَبُ:** مِنَ الحَيْوَانِ، دم، ج، اَذْنَابٌ، اَذنَابُ النّاسِ، گھٹیا، نیچے طبقہ کے لوگ.

**الشَّمْلُ:** مصد، شمالی ہوا، مجتمع امر، متفرق امر، (ضد) جَمَعَ اللّٰہُ شَمْلَهُمْ، اللہ تعالی نے انکے بکھرے امور جمع کردئے. فَرَّقَ اللّٰہُ شَمْلَهُمْ، اللہ تعالی انکی جمعیت تتر بتر کردے.

٣۔ **الذَّهَبُ الإِبْرِيزُ:** اَلإِبْرِیزِیُّ مِنَ الذَّهَبِ، خالص سونا . **الصُّفْرُ:** پیتل۔

٤۔ **العُودُ:** ایک قسم کی لکڑی جو بطور بخور استعمال ہوتی ہے، ج عِيْدَانٌ، أَعْوَادٌ، اَعْوُدٌ.

**تشــریح:** اسلام کا آفتاب جہاں تاب، جہالت کے خاتمے کا اعلان کرتا ہوا نمودار ہوا، کتاب ہدایت کا پہلا بول جو دنیا کے کانوں نے سنا وہ "اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِی خَلَق"(علق: ۱) تھا گویا اسلام نے برّ و بحر کے فساد کا سبب متعین کر کے اسپر کاری ضرب لگائی اور جہالت کی ظلمت کو علم کی روشنی میں تبدیل کر دیا اور 'إقرأ' کا امر کر کے حصول علم کو لازم اور جاھل رہنے کو ممنوع قرار دیا، اسلئے کہ جہالت وہ مرض ہے جس سے انسان خود اپنے نفع نقصان کی تمیز نہیں کرسکتا چہ جائیکہ دوسروں کے حقوق ادا کر سکے۔

سیدنا امام شافعیؒ مذکورہ بالا اشعار میں معاشرہ کی ایسی کمزوریوں کی جانب اشارہ فرما رہے ہیں کہ میرا سابقہ ایسے جاہل لوگوں سے ہوا ہے جو سیاہ وسفید یا رخیص وغالی میں فرق کرنے کی صلاحیت ہی نہیں رکھتے؛ جو اتنے جاھل ہیں کہ سَر کو دُم کے عوض فروخت کر دیتے ہیں اور فاضل وادیب آدمی کے ساتھ جاہل و عامی جیسا برتاؤ کرتے ہیں، اور وہ ایسا انکی جہالت، ناعقلی، بے دینی اور نادانی کی وجہ سے کرتے ہیں، جیسے مفقود العقل بھینس کے سامنے زعفران اور گھاس دونوں یکساں ہیں یا جیسے ناقص العقل بچے کی نظر میں اصلی اور بناوٹی اشیاء کا کوئی فرق نہیں ہوتا ایسے ہی جاہلوں کی نظر میں ایک فاضل ادیب کی عام انسانوں سے بڑھکر کوئی حیثیت نہیں ہوتی، وہ قریب بیں ہوتے ہیں دور بیں نہیں، وہ ظاھر پر فیصلہ کرتے ہیں باطن تک انکی عقل کی رسائی نہیں ہوتی، انکی نگاہیں پیلی رنگت کا نظارہ تو کرسکتی ہیں مگر انکی عقل پیتل اور سونے کا ادراک نہیں کرسکتی، وہ عود وحطب دونوں پر بسبب جہالت کے حطب ہی کا اطلاق کرتے ہیں۔

المختصر سیدنا امام شافعیؒ اپنے ان اشعار میں جاھل معاشرہ کے خطرات کی نشاندہی کر کے ان خطرات سے اپنے آپکو محفوظ رکھنے کی تاکید کرنا چاہتے ہیں، جیسے خود قرآن کریم عباد الرحمٰن کو ہدایت کرتا ہے "وَإِذَا خَاطَبَهُمُ الجَاهِلُونَ قَالُوا سَلاَمًا"(الفرقان: ۶۳) ایک اور جگہ ارشاد ہے "سَلاَمٌ عَلَيْكُمْ لاَ نَبْتَغِي الجَاهِلِيْن"(القصص: ۵۵) عربی کے ایک شاعر نے اس مضمون کو اسطرح ادا فرمایا ہے،

إِذَا نَطَقَ السَّفِيهُ فَلاَ تُجِبْهُ ‏ ‏ ‏ ‏ فَخَيْرٌ مِنْ إِجَابَتِهِ السُّكُوتُ

سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں

ز جاھل گریزندہ چوں تیر باش　　　نہ آمیختہ چوں شکر شیر باش

البتہ جاھل معاشرہ کی اصلاح کی ذمہ داری بھی شریعت مطہّرہ نے علماء کرام پر ہی رکھی ہے، پھر جب یہی جاھل معاشرہ علم آشنا ہوجاتا ہے تو انہیں حیوان سے انسان بنانے والے مصلح ومحسن کا احسان کبھی فراموش نہیں کرتے اور اسپر اپنی جانیں قربان کرنے کے لئے ہمہ وقت تیار رہتے ہیں ۔صحابۂ کرامؓ اور محسن انسانیت ﷺ کی پاکیزہ سیرت ہمارے لئے بطور نمونہ موجود ہے، ایک ذمہ دار عالم پر اپنا دامن بچاتے ہوئے اس مسئولیت سے عہدہ برآں ہونا بھی ضروری ہے۔

# جَرَّدْتُ صَارِماً

**مـن خـواطـر الإمام الشّافعیؒ فی طبائع الناس وتباینهم فی الأخلاق والعادات وترفعه عن صحبة البخیل لائذا باعیانه وغنی ذاته :**

١ بَـلَـوْتُ بَـنِـي الـدُّنْيـا فَـلَـمْ أَرَ فِيْهِمُ — سِوٰى مَنْ غَـدَا والبُخْلُ مِلءُ إِهَـابِـهِ
میں نے دنیاوالوں کو آزمایا تو ان میں نہیں پایا — مگر ایسے لوگ کہ جنہوں نے بخل سے اپنے جسموں کو بھر رکھا تھا

٢ فَـجَـرَّدْتُ مِـنْ غِـمْدِ القَنَاعَةِ صَارِماً — قَـطَـعْـتُ رَجَـائِي مِـنْهُـم بِـذُبَـابِـهِ
تو میں نے قناعت کے میان سے سیف قاطع کو کھینچ کر — اسکی تیز دھار سے ان سے وابستہ امیدوں کو کاٹ ڈالا

٣ فَلاَ ذَا يَـرَانِـي وَاقِـفاً فِـي طَـرِيـقِـهِ — وَلاَ ذَا يَـرَانِـى قَـاعِـداً عِـنْـدبَـابِـهِ
پس نہ تو انمیں کا کوئی شخص اپنی راہ میں مجھے کھڑا دیکھتا ہے — اور نہ انمیں کا کوئی فرد مجھے اپنے دروازہ پر بیٹھا ہوا پاتا ہے

٤ غَـنِـيٌّ بِلاَ مَـالٍ عَـنِ الـنَّـاسِ كُلِّهِمُ — وَلَيْـسَ الـغِـنٰـى اِلَّاعَنِ الشّیءِ لابِـهِ
اب میں مالداری کے بغیر بھی سب لوگوں سے بے پرواہوں — اور اصلی غنٰی مال سے نہیں اعراض عن المال سے حاصل ہوتا ہے

٥ إِذَامَـا ظَـالِـمٌ اِسْتَـحْسَنَ الظُّلْمَ مَذْهَباً — وَلَـجَّ عُتُـوّاً فِـى قَبِيحِ اكْتِسَـابِـهِ
جب کوئی ظالم راہ ظلم کو اچھا سمجھکر اختیار کرے — اور ظلم جیسے برے عمل کا خوگر ہو جائے

---

١۔ **بَلَوْتُ**: بَلَا (ن) بِـلىً وبَلاءً، الرَّجل، کسی کو آزمانا، امتحان لینا، تجربہ کرنا، قرآن میں ہے ﴿ونبـلو کم بـالشرِّ والخیرفتنة﴾. **الدُّنیا**: موجودہ زندگی، ج، دُنىً، نسبت کے لئے، دُنْيَوِی ودُنْيَاوِي، کہتے ہیں، هـو فی دنیا دانیة، وہ آسودہ زندگی میں ہے۔ **غَدَا** : راح کی نقیض، غَدَا (ن) غُدُوّاً، صبح سویرے جانا، بمعنی صار بھی مستعمل ہے۔ **اَلإهابُ**: کچّی خال، خام چمڑا، ج، اُهُب، اَهَبٌ، آهبةٌ.

٢۔ **جَرَّدْتُ**: جَرَدَ (ن) جَرْداً وجَرَّدَ، العُود، لکڑی چھیلنا، السّیف، تلوار کو ننگی کرنا، جَرَّدَ الکِتَابَة، اعراب نہ لگانا۔ **صَارِماً**: فا، شمشیر برّاں، ج صَوَارِمُ . **ذُبَابٌ**: ذُبَابُ السَّیفِ، تلوار کی دھار، ذُبَابُ العَیْنِ، آنکھ کی پتلی .

٥۔ **ظَالِمٌ**: فا، ج، ظَلَمَةٌ ، ظالِمُونَ وَظُلّامٌ، الظُّلْمُ مصـ، کسی چیز کو غیر محل میں رکھنا، حق میں کمی کرنا.

**اَلْـمَذْهَبُ**: اعتقاد، طریقہ، ج، مَـذَاهِبُ. **لَجّ**: (ص، س) لَـجَـجاً ولَجَاجَةً، ضد سے جھگڑنا، دشمنی میں مداومت کرنا۔ **عُتُوّاً**: عَتَـا يَـعْتُو عُتُواً وعِتِياً، تکبر کرنا، حد سے گذرنا، صفت عاتٍ ج عُتَـاةٌ وعُتِیٌّ، عن الأَدَبِ، ادب قبول نہ کرنا.

٦ فَكِلْهُ إِلٰى صَرْفِ اللَّيَالِي فإِنَّهَا ستُبْدِي لَهُ مَالَمْ يَكُنْ فِي حِسَابِهِ

تو ایسے ظالم کو گردش ایام کے حوالے کردے زمانہ وہ حالات پیدا کریگا جسکا اسے گمان بھی نہ ہوگا

٧ فَكَمْ قَدْرَأَيْنَا ظَالِماًمُتَمَرِّداً يَرٰى النَّجْمَ تِيهاًتَحْتَ ظِلِّ رِكَابِهِ

ہم نے ایسے بے شمار سرکش ظالموں کو دیکھا ہے جو تکبر اور گھمنڈ میں ستاروں کو اپنی گرد پا سمجھتے تھے

٨ فَعَمَّا قَلِيلٍ وَهُوَفِي غَفَلاَتِهِ أَنَاخَتْ صُرُوفُ الحَادِثاتِ ببابِهِ

زیادہ وقت نہیں گذرا کہ انجام سے غافل ظالم کے در پر حوادثات زمانہ نے اپنا ڈیرا ڈال دیا

٩ فأَصْبَحَ لامَالٌ ولاَجَاهَ يُرْتَجٰى وَلاَ حَسَنَاتٌ تَلْتَقِي فِي كِتَابِهِ

پس مال رخصت ہوگیا اور جاہ کی توقع بھی باقی نہ تھی اور نامۂ عمل نیکیوں سے خالی ہوگیا

١٠ وَجُوزِي بِالأَمْرِ الَّذِي كان فاعِلاً وَصَبَّ عَلَيْهِ اللّٰهُ سَوْطَ عَذَابِهِ

اور اسے اسکے کرتوتوں کا بدلہ اور بھی دیا جایئگا اور اللہ تعالیٰ اسپر اپنے عذاب کا کوڑا برسائینگے۔

---

٦ـ **كِلْهُ**: وَكَلَ(ض)وَكْلاً ووُكُولاً، إِلَيْهِ الأَمْرُ، کوئی کام کسی کے سپرد کرنا، كِلني إلى كَذَا ، یہ کام مجھے کرنے دو. الوَكِيلُ، ج وُكَلاءَ ، وہ شخص جسپر بھروسہ کیا جائے، جسکو عاجز آدمی اپنا کام سپرد کرے۔

**صَرْفُ اللّيَالِي** : أوصَرْفُ الدَّهْرِ أو صروف الحادِثَات، حوادثات زمانہ، گردش دوراں۔

٧ـ **مُتَمَرِّداً**: فا ، تَمَرَّدَ عَلٰى النَّاسِ، سرکشی کرنا. **تِيهاً** :تَاهَ (ض) تَيْهاً، تکبر کرنا التِيهُ ، غرور، ڈینگ۔

**الرِّكَابُ**: زین کا وہ حصہ جسمیں سوار اپنا پیر ڈالتا ہے، ج، رُكُبٌ.

٨ ـ **غَفَلات**: غَفَلَ (ن)غُفُولاً وَغَفلاًوغَفْلَةً،غَفَلَ کا مصدر غفلةٌ کی جمع ، غافل ہونا، بھولنا۔

**أَنَاخَتْ**:أَنَاخَ إِنَاخَةً، الجَمَلَ، اونٹ کو بٹھانا، فُلانٌ بالمَكَانِ، کسی جگہ اقامت کرنا ،أناخ بِهِ البَلاءُ أو الذلُّ، کسی پر مصیبت کا نازل ہونا.

٩ـ **يُرْتَجٰى**: رَجَا(ن) رَجَاءً ورَجْواً وَرَجاةً وَرَجّٰى وتَرَجّٰى وارْتَجٰى، الشيئ، کسی سے امید لگانا.

١٠ـ **جُوزِيَ**: جَزَى (ض) جَزَاءً وجَازَاهُ مُجَازَاةً وجِزَاءً، الرَّجُلُ بِكَذَا وَعَلٰى كَذَا، بدلہ دینا۔

**سَوْطٌ**: کوڑا، چابک، ج، اَسْوَاطٌوسِيَاطٌ.

**تشریح:** اللہ تبارک وتعالیٰ بے نیاز ہیں؛ انسان محتاج ہے، قرآن کریم کہتا ہے " یَا اَیُّھَا النَّاسُ أَنتُمُ الفُقَرَاءُ إِلَی اللّٰہِ ، وَاللّٰہُ ھُوَ الغَنِیُّ الحَمِیْد "(۱۵ ۔ ۳۵) اور محتاج آدمی ہمیشہ دوسروں کی ضرورت پر اپنی ضرورت کو مقدم رکھتا ہے اور زائد از حاجت ہی کو خرچ کرنا پسند کرتا ہے، ایک بھوکا اپنی شکم سیری کو اور ایک پیاسا اپنی سیرابی کو دوسروں کی بھوک و پیاس پر مقدم رکھتا ہے، گویا انسان اپنی ضرورت کی حد تک بخیل وارد ہوا ہے، اکثریت کی اس عادت کا حوالہ دیکر امام شافعیؒ اپنی بات شروع فرماتے ہیں کہ میں نے دنیاداروں کو آزمایا تو وہ سارے ہی بخل کے مجسمے نظر آئے ، اور ایک بخیل جو اپنی ذات پر خرچ نہ کرسکتا ہو دوسروں پر کیسے خرچ کرسکتا ہے؟ امام علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ یہ صورت حال دیکھکر میں نے محتاج انسان سے وابستہ آس کو قناعت کی سیف قاطع کے ایک ہی وار میں منقطع کردیا، اب کوئی مجھے دنیاداروں کے در کی ٹھوکریں کھاتا، انکے آستانوں پر سر جھکاتا یا انکی راہوں میں دست بستہ کھڑا نہیں پاسکتا! اور قناعت نے مجھے استغناء کی وہ کیفیت بخشی ہیکہ میں بدون مال بھی جملہ انسانوں سے بے پروا ہوں، لوگوں نے غِنیٰ کی حقیقت کو سمجھا ہی نہیں اصل غِنیٰ تو اعراض عن المال سے حاصل ہوتا ہے نہ کے اقبال اِلی المال سے، آنحضور ﷺ کا ارشاد ہے "لیس الغِنی عن کثرۃ العَرض ولکنّ الغنی غنی النفس " (متفق علیہ) یہیں سے یہ بات سمجھی جاسکتی ہے ہیکہ قوت لایموت پر قناعت کرلینا اللہ تعالیٰ کی نظر میں؛ انسانوں کے سامنے دست سوال پھیلا کر رُسوا ہونے سے بہتر ہے، ایک حدیث میں ہے "من أصابتہ فاقۃ فأنزلھا بالناس لم تسدّ فاقتہ، ومن أنزلھاباللہ فیوشک اللہ برزق عاجل أو آجل" (رواہ الترمذی)

شعر نمبر پانچ سے اخیر تک امام علیہ الرحمۃ نے ظلم کی بُرائی ، اسکا انجام بد اور ظلم وعدل کے بارے میں سنت خداوندی کو بہترین پیرائے میں ذکر فرمایا ہے۔ فرماتے ہیں کہ ظلم کی ٹہنی کبھی پھلتی نہیں، یہ وہ بُری عادت ہے جو ظلم کی ہلاکت خیزی لئے ہوئے ظالم کے پیچھے سایے کی طرح لگی رہتی ہے، اور تھوڑی سی مہلت کے بعد اس سرکش ظالم کو جو بسبب اپنے کبر وغرور کے ستاروں کو اپنی گرد پا سمجھنے لگا تھا حوادثات زمانہ کے تھپیڑے دیکر گرد راہ چاٹنے پر مجبور کردیتی ہے۔ قرآن کریم ناطق ہے " وَسَیَعْلَمُ اللَّذِیْنَ ظَلَمُوا أَیَّ مُنْقَلَبٍ یَنْقَلِبُون" (۲۶ . ۲۲۷) اور حدیث شریف کا مضمون ہے " إنّ اللہ لیملی للظّالم فأذا اخذہ لم یفلتہ، ثم قرأ وَکَذٰلِکَ أَخْذُ رَبِّکَ إِذَا أَخَذَ القُرٰی وَھِیَ ظَالِمَۃٌ إِنَّ أَخْذَہُ

اَلِیْمٌ شَدِیْد“ (هود : ١٠٢) ایک عربی شاعراس مضمون کی اسطرح ترجمانی کرتا ہے۔

فَلَمْ أَرَ كَالْأَيَّامِ لِلْمَرْءِ وَاعِظًا     وَلَا كَصُرُوفِ الدَّهْرِ لِلْمَرْءِ هَادِيًا

قرآن کریم نے قارون ،نمرود اور فرعون جیسے امم سابقہ کے بے شمار ظالموں کا عبرت ناک انجام اسی پس منظر میں بیان کیا ہے، اللہ تعالیٰ اپنی اس زمین میں ظلم وفساد کو نہ تو پسند فرماتے ہیں نہ ہی ظالم ومفسد کو روا رکھتے ہیں۔ وہ عدل وانصاف کو پسند فرماتے ہیں اور ترقی دیتے ہیں اور ظلم وبربریت کو ناپسند فرماتے ہیں اور کیفر کردار تک پہونچاتے ہیں۔ظلم کے ساتھ ایک مسلمان کی حکمرانی بھی باقی نہیں رہ سکتی چہ جائیکہ کسی غیر مسلم کی، ہاں یہ ممکن ہیکہ مصلحت کے پیش نظر کسی عادل غیر مسلم حکمران کی حکمرانی روا رکھی جائے۔تاریخ نے اپنے دامن میں ظالم حکمرانوں کے وقتی عروج اور دائمی زوال کی ہزاروں داستانیں ؛عبرت قبول کرنے والی نگاہوں اور ہوش سے سننے والے کانوں کے لئے محفوظ کرلی ہیں ۔فاعتبروا یا أولی الأبصار.

# يُقَاسُ بِطِفُلٍ

١ أَرَىٰ الغِـرَّ فِـي الـدُّنْيَـا إِذَا كَانَ فَاضِلاً تَـرَ قّىٰ عـلٰى رُوسِ الرِّجَالِ ويَخُطُبُ

میں دنیا میں فاضل نو جوان کو دیکھتا ہوں کہ بڑے لوگوں کے سر پر چڑھکر خطاب کرتا ہے

٢ وَإِنْ كَـانَ مِثْـلِي لاَ فَـضِيـلَةَ عِـنُدَهُ يُـقَـاسُ بِـطِـفُـلٍ فِي الشَّوَارِعِ يَلْعَبُ

اور (میرے جیسے) بڑی عمر والے جاہل آدمی کے ساتھ گلیوں میں کھیلنے والے بچوں جیسا برتاؤ کیا جاتا ہے۔

**تشــریـح:** علم اللہ تعالی کی صفت ہے، جب آدمی حقیقی معنی میں علم حاصل کرلیتاہے تو حق تعالی اسے سربلندی عطا فرماتے ہیں، یہی وہ صفت ہے جسکی بنیاد پر حضرت آدم علیہ السلام مسجود ملائکہ ہوئے اور اسی بنیاد پر انسانوں کو ہر دور میں بلند درجات عنایت ہوتے رہے، قرآن کریم کا اعلان ہے "يَـرْفَـعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوا مِنْكُمُ وَالَّذِيْنَ أُوتُوا العِلْمَ دَرَجَات "(المجادلة :١١٧) امام علیہ الرحمۃ اسی مضمون کی ترجمانی اسطرح فرماتے ہیں کہ ایک فاضل نوجوان جو عمر کے اعتبار سے ابھی شباب کے مراحل میں ہوتا ہے اپنے علم وفضل کی بدولت مجلس کا صدر نشیں، ممبر کا خطیب اور قوم کا واعظ و مصلح بن جاتا ہے، جسکا علم وحکمت سے بھرا ہوا خطاب سننے کے لئے عمر رسیدہ بوڑھے سر جھکا کر بیٹھ جاتے ہیں اور جو جسموں سے آگے بڑھکر دلوں پر حکمرانی کرتا ہے؛ اسکے برخلاف جاھل بوڑھے باوجود عمر کے اعتبار سے معمّر ہونے کہ محلے میں کھیلنے والے کمسن بچوں سے زیادہ حثیت نہیں رکھتے، اسلئے انسان کو علم وفضل کے زیور سے اپنے آپکو آراستہ کرنا چاہئے، یہ وہ بلند مقام ہیکہ دنیا کا کوئی بھی مقام اسکا مقابلہ نہیں کرسکتا۔

⇦

---

١۔ **الغِرُّ**: ج ،أَغْرَارٌ، ناتجربہ کار جوان، حدیث میں آتا ہے "المؤمن غِرٌّ كَرِيمٌ والكَافِرُ خَبٌّ لَئِيمٌ.

**تَرَقّٰی** : اِرُتَقَى،اِرْتِقَاءً وَتَرَقّٰی تَرَقِّياً، الجَبَلَ، پہاڑ پر چڑھنا،فی السُّلَّمِ،سیڑھی پر چڑھنا، به الأمُر،کسی امر کی انتہاء کو پہونچنا۔

**الرّأسُ**: سر،ج، اَرْؤُسٌ ورُؤُسٌ وآرَاسٌ، رَأسُ القَومِ ،قوم کا سردار، رأسُ الشَّهْرِ أو العام،مہینہ یا سال کا پہلا دن۔

آپ ﷺ نے عالم فاضل کے مقام کوایک تمثیل دیکراسطرح سمجھایا ہے " **فضل العالم علی العابد کفضلی علی أدناکم**" (رواہ الترمذی)

تاریخ شاہد ہیکہ حکمرانوں نے جسموں پرحکومت کی اور علماء نے قلوب پر، سلاطین نے عوام پر حکومت کی اور شیوخ نے خود سلاطین پر، تاریخ عالم میں ایسے سینکڑوں امراء کا تذکرہ موجود ہے جنہوں نے شیوخ وقت کے سامنے زانوئے تلمذتہہ کرنے میں فخرمحسوس کیا، یہی نہیں شیخ وقت کی برہمی پر حاکم وقت کے تخت وتاج کے خطرے میں پڑنے بلکہ چلے جانیکی مثالیں بھی تاریخ نے محفوظ کیں ہیں ۔درحقیقت علم وہ جوہر ہے جو پست کو بالا کردیتا ہے اور جہالت وہ عیب ہے جوعزت دارکوذلیل کردیتا ہےایک عربی شاعر کہتا ہے۔

وَالعِلْمُ يَرْفَع بِالْخَسِيْسِ إِلَى العُلٰى وَالْجَهْلُ يَخْفِضُ بِالفَتَى المَنْسُوبِ

# أَنُتَ حَسُبِی

قـال الـمـزنـیؒ: دخـلـت عـلـی الشافعیؒ فی مرضه الذی مات فیه فقلت له یا أبا عبدالله ، کیف أصبـحـت؟ فـرفـع رأسه وقال أصبحت من الدنیا راحلا، ولأخوانی مفارقا، ولسوء عـمـلـی مـلاقیـا، وعـلـی الله واردا، ومأدری روحی تصیر إلی الجنة فأهنّها أو إلی النار فأعزیها:

١ أَنُـتَ حَسُبِـي وفِیک لِلُـقَلُبِ حَسُبُ وَلِـحَسُبِـي إِنُ صَـحَّ لِی فِیکَ حَسُـبُ

تو میرے لئے کافی ہےاوردل میں تیرے بارے میں اچھا گمان ہے اور میرا تیرے لئے اچھا گمان مجھے کافی ہے

٢ لاَ أُبـالِـي مَتٰی وِدَادُکَ لِی صَـحَّ مِـنُ الـدَّهُـرِ مـاتَـعَـرَّضَ خَـطُـبُ

جب مجھے تیری سچی محبت حاصل ہے مجھے مصائب وآلام کی کوئی پروانہیں

**تشـــریــح:** اللہ والوں کی زندگی کا واحد مقصد ذات حق تک رسائی اور اسکی رضا کا حصول ہوتا ہے، وہ حیات مستعار کے آسائیش وآرام یا مصائب وآلام کو اس امتحان گاہ میں صبر وشکر کے امتحان کے ذرائع مانتے ہیں، راحت دنیا انکی عبادت میں فتور یا گردش دوراں انکے مراقبہ میں خلل پیدانہیں کرسکتے۔ وہ قضاء خداوندی کے سامنے سرتسلیم خم کرنے والے اور ذات اِلہ میں ”کـأنک تراہ“ کی کیفیت سے گم ہوتے ہیں، محبت کے سمندر میں غوطہ زن اور عشق اِلٰہی میں سرشار، ذات اقدس کے دیوانے اور اسم اعظم کے متوالے ہوتے ہیں، جو رنج وراحت اور خلوت وجلوت میں ”تو ہی تو“ کی ضربیں بلند کرتے رہتے ہیں۔ ⇦

١ ـ **الحَسَبُ:** مصـ ، کافی ہونا، یہ جاننا، گننا، اجر پانا گمان کرنا وغیرہ کے معنی میں آتا ہے سیاق وسباق سے معنی کی تعیین ہوتی ہے۔ **وِدَادُ:** وَدَّ(ف) وَدّاً، ووُدّاً ووِدّاً ووَداَداً ووُداداً، محبت کرنا. الـوَدِیـدُ، محبت کرنے والا ، ج، اَوِدَّاءُ، اَوِدَّہ ،وَدِدُتُ لو کان کذا، کاش ایسا ہوتا۔

٢ـ **خَطُبُ:** مصـ، حالت کہاجاتا ہے مَاخَطُبُکَ؟ آپ کس حال میں ہیں؟ ،ج، خُطُوبٌ، عام طور پر اسکا استعمال بڑے ناپسندیدہ امور میں ہوتا ہے.

امام علیہ الرحمۃ کا شمار بھی ایسے ہی خدارسیدہ بندوں میں ہوتا ہے، اسلئے فرماتے ہیں کہ تو ہی میرے ظاھری وجود کے لئے کافی ہےاور دل کی راحت کا سامان بھی تیری ہی ذات سے مجھے حاصل ہوتا ہے، اگر تیری سچی محبت مجھے حاصل ہو جائے تو پھر حوادثات زمانہ کی مجھے کوئی پروانہیں؛ کیونکہ وہ میرا کچھ بگاڑ نہیں سکتے ،اسلئے کہ تو اور تیری محبت کا سکون مجھے کافی ہے، اللہ والوں کا یہی نعرہ قرآن کریم میں اسطرح مذکور ہے " حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الوَكِيْل، نِعْمَ المَوْلیٰ وَنِعْمَ النَّصِير "(الحج:٧٨).

عربی کا ایک شاعر کہتا ہے۔

حَسْبِــــي رَبِّــــي جَــلَّ الــلّٰــــه  مَــــافِــي قَــلْبِــي غَيْــرُالــلّٰــه

بچہ پیدا ہوتو ماں گہوارے میں سوئے بچے کو یہی لوری سنائے اور بقول امام علیہ الرحمۃ کے یہی بچہ زندگی گذار کر رخصت ہو رہا ہو تو بھی زبان قال یا حال سے زندگی کے اسی اصلی راز کا اعلان کرتا جائے کہ "أَنْتَ حَسْبِي"

# خَبَرُ الْمُنَجِّمِ

قال الشافعیؒ ،مسفّها قول كلّ منجم، مؤكّدا كفره بالتنجيم وإيمانه بالقضاء الإلهی:

١ خَبِّــرَا عَــنِّــی الْــمُــنَــجِّــمَ أَنِّـي    كَــافِــرٌ بِــالَّــذِي قَضَـتْـهُ الكَوَاكِـبُ

اے میرے دوستو، میری طرف سے نجومی کو آگاہ کردو    کہ میں ستاروں کے فیصلہ کا منکر ہوں

٢ عَــالِــمــاً أَنَّ مَــايَــكُــونُ ومَــاكَــانَ    قَــضَــاءٌ مِــنَ الْــمُهَــيْــمِــنِ وَاجِــبُ

اس بات کا یقین کرتے ہوئے کہ جو کچھ ہونے والا ہے یا ہو چکا    قادر مطلق کے اٹل قانون قضاء کے تحت ہوتا ہے

**تشــريـح:** اللہ تعالیٰ عالم الغیب ہیں، تقدیر کو کاتب تقدیر کے علاوہ اور کوئی نہیں جانتا، انبیاء کرام علیہم السلام حتی کہ نبیٔ خاتم، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھی بجز ان غیب کی باتوں کے جو اللہ تعالیٰ نے ان پر منکشف کردی تھی دیگر مغیبات سے واقف نہیں تھے۔ قرآن کریم نے نبی ﷺ کی زبانی یہ بات نقل فرمائی ہے " وَلَو كُنتُ أَعْلَمُ الغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرَ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوءُ" (الأعراف:١٨٨) اللہ تعالیٰ ہی کو عالم الغیب ماننا اور ماسوی اللہ کے عالم الغیب ہونے کا انکار کرنا ایک مؤمن کے ایمان کا لازمی جزو ہے جسکے بغیر آدمی مؤمن کہلانے کا مستحق نہیں، مؤمنین کو حلقۂ ایمان سے خارج کرنیکے لئے مؤمنین کا دشمن شیطان ہر زمانہ میں اسی نازک عقیدہ کا استعمال کرتا رہا اور ماسوی اللہ کو عالم الغیب ثابت کرتا رہا۔ نجومی بھی اسی زمرہ میں آتے ہیں جو ستاروں کی گردش سے غیب کی خبریں اور واقع ہونے والے احوال وتغیرات کی اطلاع دیتے ہیں اور لوگوں کے عقیدے میں رخنہ ڈالکر، انہیں اسلام کی حد سے باہر نکالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ⇦

---

١ـ الْـمُـنَـجِّمُ: ج، مُـنَـجِّـمُونَ، احوال معلوم کرنے کے لئے ستاروں کو دیکھنے والا، الـنِّـجَـامُ والـمُـنَجِّمُ وَالْمُتَنَجِّمُ، نجومی

٢ـ الْقَضَاءُ: قَـضٰـى يَقْضِی قَضَاءً وَقَضْياً وَقَضِيَّةً، بَيْنَ الخَصَمَيْنِ، فیصلہ کرنا، الأمـر له أو عليه، کسی معاملہ میں کسی کے حق میں یا خلاف فیصلہ کرنا، الشيئ، اطلاع دینا.

**الْمُهَيْمِنُ:** قدرت والا، طاقت والا، اسماء حسنی میں سے ہے

افسوس اس بات پر ہیکہ تہذیبوں کے تصادم کا شکار ھندوستانی مسلمان کو چھوڑ کر، خالص اسلامی ملکوں کے صدر بازاروں میں نجومیوں کی دکانیں اب بھی سجی سجائی آباد ہیں جسکے گراہک جاہل کم اور تعلیم یافتہ مسلمان زیادہ ہوتے ہیں۔

امام علیہ الرحمۃ اسی مرض خبیث پر تیشہ چلاتے ہوئے اعلان کرتے ہیں کہ وقت کے نجومیوں کو میری طرف سے مطلع کردو کہ میں ستاروں کی چال سے طے کئے جانے والے حالات کا منکر ہوں اور اس بات کا صاف ستھرا عقیدہ رکھتا ہوں کہ جو کچھ ہوا اور جو کچھ ہونے والا ہے سب تقدیر خداوندی سے ہوتا ہے، جسکا ایک حرف بھی سوائے مالک لوح وقلم کے کوئی نہیں جان سکتا، گویا امام علیہ الرحمۃ نے عقیدہ کی حفاظت اور اسلام کی واضح تعلیمات کی تبلیغ کی ذمہ داری دوٹوک الفاظ میں ادا فرمائی۔اور کیوں نہ کرتے جبکہ جناب رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے " من أتی عرّافا أو کاهنا فصدّقه بمایقول فقد کفر بما أنزل علی محمد ﷺ" (أخرجه البیهقی) ایک دوسری حدیث میں اس عمل کو بُت برستی سے مشابہ قرار دیتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا" العیافة والطیرة والطّرف من الجبت "(رواہ ابو داؤد)

ابن الانباری نے اس مضمون کو اپنے اشعار میں اسطرح ادا کیا ہے:

إنی بأحکام النّجوم مکذّب ولمُدّعیها لائم ومؤنّب

الغیب یعلمه المهیمن وحده وعن الخلائق اجمعین مغیّب

اللّٰه یعطی ویمنع قادرا فمن المنجّم ویحه والکواکب؟

## خَالِف هَوَاكَ

**قال الإمام الشافعیؒ يدعو إلى عدم ركوب مطيّة الأهواء لأنها الطريق المغالط والعيوب:**

١ إِذَا حَـــارَ أَمْـــرُکَ فِـــي مَـعْـنَيَيْـنِ وَلَـمْ تَـدْرِ حَيـثُ الـخَـطَا والصَّوابُ

جب تو کسی معاملہ کے دو پہلوؤں میں مذبذب ہوجائے اور یہ نہ جان سکے کہ صحیح کیا ہے اور غلط کیا ہے؟

٢ فَـخَـــالِفْ هَـوَاکَ فَـــإِنَّ الْهَـوَیٰ يَـقُـودُ الـنُّـفُـوسَ إِلٰی مَـايُعَـابُ

تو خواہشات نفس کی خلاف ورزی کر اسلئے کہ نفسانی خواہشات انسان کی بُری قیادت کرتی ہیں

**تشریح:** انسان کو اللہ کی سیدھی راہ سے ہٹانے والے عناصر میں دو اہم عناصر نفس اور شیطان ہیں، ان دونوں کی مخالفت کرنے والا صراط مستقیم کو پالیتا ہے اور ان کی موافقت کرنے والا ھلاکتی کی عمیق غار میں جا گرتا ہے۔قرآن کریم نے کہیں تو" وَاتَّبَعَ هَـوَاهُ فَتَـرْدَی" (٢٠.١٦)، کہکر اور کہیں" وَاتَّبَعَ هَـوَاهُ وَكَـانَ اَمْـرُهُ فُـرُطًا" (١٨.٢٨) کہکر اتباع ھوٰی کی ھلاکت و بربادی کو ذکر فرمایا ہے اور کفر وشرک کے اصلی سبب کے طور پر خواہشات نفس کی تعیین فرمائی ہے۔

سیدنا امام شافعیؒ اسی نکتہ کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ زندگی کے نشیب وفراز میں جب کسی معاملے کے دو پہلو سامنے آئیں، اور تم ان دو پہلوؤں میں سے کسی ایک کو ترجیح دیکر اختیار کرنے میں تذبذب محسوس کرو، تو معاملہ کے اس پہلو کی مخالفت کرو جسمیں خواہش نفس کا دخل ہو اور اس پہلو کو اختیار کرلو جو امر شریعت کے عین مطابق ہو، ایسا کرنا تمھیں کامیابی سے ہمکنار کردیگا اور رُسوا ہونے سے بھی بچائیگا، ⇦

---

١ـــحَارَ: حَـــارَ(س) حَيْـراً وَحَيْـرَةً وَحَيْـرَانـاً وَحَيَـراً، فی أمـرِهِ، اپنے امر میں حیران ہونا، صفت حَيْرَانٌ، مؤنث حَيرَی، ج، حَيَارَی وحُيَارَی.

٢ـ الهَوٰی: هَوِیَ کا مصدر، خواہش، عشق خیر ہو یا شر، غالب استعمال غیر محمود میں ہوتا ہے، مثلاً فُلاَنٌ مِنَ أَهْلِ الهَوٰی، فلاں بدعتی ہے، فُلاَنٌ اتَّبَعَ هَوَاهُ، فلاں خواہش نفس کا متبع ہے.

يَقُودُ: قَـادَ يَـقُـودُ قَوْداً وَقِيَـادَةً، الدَابَّةُ، چوپایہ کی رسی پکڑ کر آگے آگے چلنا، الـجيـش، لشکر کا سردار ہونا، القَاتِلُ إلٰی مَوضِعِ القَتْلِ، قاتل کو قتل کے مقام پر لے جانا۔

اسلئے کہ قرآن وسنت کی رہبری سے نیز تجربہ سے بات ثابت ہوچکی ہے کہ نفس انسان کا بُرا قائد ہے جسکی قیادت میں انسان ذلت وخواری اور تباہی وبربادی کی راہیں طے کرتا ہے جبکہ اسکی مخالفت کر کے نفس پر قدم رکھنے والا جنت کے منازل طے کرتا ہے۔اردو کا شاعر کہتا ہے:

ہوا و حرص والا دل بدل دے میرا غفلت میں ڈوبا دل بدل دے
گنہگاری میں کب تک عمر کاٹوں؟ بدل دے میرا رستہ دل بدل دے

# تَمُوتُ الأُسُدُ جُوعاً

١ تَـمُـوتُ الأُسُـدُ فِـي الـغَـابَـاتِ جُوعاً      ولَـحْـمُ الـضَّـأنِ تَـأْكُـلُـهُ الكِلاَبُ

شیر جنگلات میں بھوک کے مرجاتے ہیں      اور کتوں کو بھیڑ کا گوشت نصیب ہوتا ہے

٢ وَعَبْـدٌ قَـدْ یَـنَـامُ عَـلٰـی حَـرِیـرٍ      وَذُونَسَـبٍ مَـفَـارِشُـهُ التُّـرَابُ

کبھی کمینہ آدمی مخمل کے گدّوں پر آرام کرتا ہے      اور شریف آدمی کی خوابگاہ مٹی بنتی ہے

**تشریح:** اللہ تبارک وتعالی کل مخلوقات کے رازق ہیں " إِنَّ اللّٰـهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِیْن " (الذاریات:٥٨) میں اسکا اعلان کیا گیا ہے۔ پھر قرآن ہی نے رازق کی رزق رسانی کی ایک سنت کو اسطرح بیان فرمایا ہے " وَمَنْ یَتَّقِی اللّٰـهَ یَجْعَلْ لَـهُ مَخْرَجًا وَیَرْزُقْـهُ مِنْ حَیْثُ لَایَحْتَسِبُ" (الطلاق:٢) اور "إِیَّاکَ نَعْبُدُ وَإِیَّاکَ نَسْتَعِیْنَ "(الفاتحة:٤) کی ترتیب بھی عبادت کے بعد مدد کا ضابطہ بتاتی ہے نیز ایک جگہ " لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَأَزِیْدَنَّکُمْ "(ابراهیم:٧) کے ذریعہ شکر گذاروں کو نعمت میں اضافہ کا مژدہ بھی سنایا گیا ہے، تاہم کبھی کبھی اللہ تعالی کی جانب سے اسکے مقربین اور برگزیدہ بندوں کے ساتھ مذکورہ بالا ضابطوں کے خلاف بھی برتاؤ ہوتا ہے، وہ نبیوں کو بھی فاقے کرواتا ہے اور مھلک امراض سے گذارتا ہے اور اپنوں کو بھی مجاہدات کی بھٹی میں تپاتا ہے؛ اس وقت ایک مؤمن بندے کی نظر اللہ تعالی کے کاموں کی حکمتوں اور تکوینی امور پر ہونی چاہئے، اللہ تعالی کا ہر ہر عمل عجیب وغریب حکمتوں سے بھرا ہوا ہوتا ہے۔ جہاں تک بعض اوقات کم عقل وعلم انسان کی رسائی نہیں ہو پاتی۔ ⇦

---

١۔**الأَسَدُ:** شیر، نر ہو یا مادہ، کہا جاتا ہے ،هو الأَسَدُ، هِیَ الأَسَدُ، ج ، أُسُد وأُسُود، وآسُد وآسادُ، مادہ کو لبوۃ کہتے ہے، داءُ الأسد ،جذام کی بیماری.

**الغابات:** غابة کی جمع، جنگل، بانس کی جھاڑی. **الضّأنُ:** بھیڑ، دنبہ، ج، ضانٌ، ضَأنٌ، ضِئینٌ.

٢۔**عَبْدٌ:** انسان ،غلام، ج،عَبِیدٌ،عِبادٌ،عَبَدَةٌ، جج،اَعَابِدُ و اَعْبِدَةٌ، یہاں کم درجہ کا آدمی مراد ہے۔

**الحَرِیرُ:** ریشم، الحَرِیرِی، ریشم بنانے یا بیچنے والا. **مفارشُ:** المِفْرَاشُ والمِفْرَشَةُ، بچھونا ، ج،مَفَارِشُ.

سیدنا موسیٰ وخضر علیہما السلام کا واقعہ ایسے ہی امور کی نشاندہی کرتا ہے۔ نیک صفت انسان کی کشتی کا تختہ توڑنا موسیٰ کی شریعت میں جرم تھا مگر خضر کی نظر میں فرض منصبی تھا، مؤمن کے ایمان کا راز اور کمال یہی ہیکہ وہ تقدیر خداوندی بر بلا چوں چرا جبین نیاز خم کردے اور کہہ دے۔

ع : سر تسلیم خم ہے جو مزاج یار میں آئے...

امام علیہ الرحمۃ نے ان اشعار میں اللہ تعالی کے اپنی مخلوقات میں ایسے ہی تصرفات کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔

# تَزَايَدُتُ رِفُعَةً

١ إِذَا سَبَّنِي نَذُلٌ تَزَايَدُتُ رِفُعَةً وَمَا العَيُبُ إِلَّا أَنُ اَكُونَ مُسَابِبُهُ

خسیس آدمی کے سبّ وشتم سے میرا مرتبہ قدرے بلند ہو جاتا ہے اور میرا جواباً گالی دینا میرے لئے عیب کی بات ہے

٢ وَلَوُلَمُ تَكُنُ نَفُسِي عَلَيَّ عَزِيزَةً لَمَكَّنُتُهَا مِنُ كُلِّ نَذُلٍ تُحَارِبُهُ

اور اگر مجھے اپنی عزت نفس عزیز نہ ہوتی تو میں اپنے نفس کو ہر کمینہ سے لڑنے پر قادر بنا دیتا

٣ وَلَوُ أَنَّنِي أَسُعٰى لِنَفُعِي وَجَدُتُنِي كَثِيرَ التَّوَانِي لِلَّذِي أَنَا طَالِبُهُ

جب میں ذاتی مفادات کے حصول کی کوشش کرتا ہوں تو اپنے آپ کو مقصد کے حصول میں بہت سست پاتا ہوں

٤ وَلٰكِنَّنِي أَسُعٰى لِأَنُفَعَ صَاحِبِي وَعَارٌ عَلَى الشَّبُعَانِ إِنُ جَاعَ صَاحِبُهُ

میں ہمیشہ دوست کے نفع میں کوشاں رہتا ہوں شکم سیر آدمی کے لئے یہ شرم کی بات ہیکہ اسکا دوست بھوکا رہے۔

**تشریح:** اسلام سلامتی کا ضامن اور مؤمن امن عالم کا پیغامبر ہے؛ نبی آخر الزماں ﷺ نے اپنی بعثت کا واحد مقصد یہ بیان کیا ہیکہ "بعثت لأتمم حسن الأخلاق" (رواہ الموطا واحمد) یہ اسلام کی بہترین تعلیمات ہی کا نتیجہ تھا کہ تیرہ سال کے مختصر عرصہ میں صدیوں کے دشمن؛ دوست اور خون کے پیاسے بھائی بھائی بن گئے، حقوق ادا ہونے لگے، قتل وغارت گری دور ہوئی، عصمتیں محفوظ ہوئیں، انسانی جانوں نے احترام پایا، اللہ کا خوف پیدا ہوا، آخرت اور جزا سزا کا استحضار ہوا، ابن آدم بداخلاق کی پستی سے حسن اخلاق کی بلندی پر فائز ہوا۔ ⇦

١۔ **سَبَّنِي:** سَبَّهُ (ن) سَبّاً وَسَابَّهُ مُسَابَةً وَسِبَاباً، گالی دینا، بے عزتی کرنا.
**نَذُلٌ:** نَذُلَ (ک) نَذَالَةً وَنُذُولَةً، خسیس وحقیر ہونا، دین وحسب میں گرا ہوا ہونا، صفت نَذُلٌ، ج، اَنُذَالٌ، نُذُول وَنَذِيلَ، جَ، نُذُلاءُ وَنِذَالُ. **الرِّفُعَةُ:** رَفُعَ (ک) کا مصدر، قدر ومنزلت کی بلندی.
٢۔ **مَكَّنُتُهَا:** مَكَّنَهُ وَاَمُكَنَهُ، مِنَ الشيئ، قدرت دینا، اختیار دینا، قادر بنانا.
٣۔ **التَّوَانِي:** اَنَى يَأُنِي وَاَنِيَ (س) اَنِيّاً وَاِنىً وانَى اِيُنَاءً، دیر کرنا، پیچھے رہنا، غفلت کرنا، وَتانَّى واسُتَأُنٰى، فِي الأمر، انتظار کرنا، غور وفکر کرنا.
٤۔ **الشَّبُعَانُ:** شکم سیر ہونا، مؤنث، شَبُعَى وشَبُعَانَةٌ، ج، شِبَاعٌ وَشَبَاعٰى. يقال هِيَ شَبُعَى الذِّرَاعِ أو الخَلُخَالِ أو السِّوار، موٹی، فربہ عورت.

انسانی فطرت شر سے گریزاں اور خیر آشنا ہوئی فحش کاری رخصت ہوئی ،حیا کی آمد ہوئی ، سسکتی انسانیت نے چین کی سانس لی اور اخلاقی قدریں دنیا میں پہلی مرتبہ بلندی کے آخری سرے کو چھو سکی۔

امام شافعیؒ مذھب اسلام کی عطا کردہ انہیں تعلیمات پر عمل کے حوالے سے فرماتے ہیں کہ جب کوئی خسیس آدمی بوجہ اپنی خساست اوردنائت طبع کے میرے ساتھ سبّ وشتم سے پیش آتا ہے تو میں اپنے رتبہ کو بلند ہوتا ہوامحسوس کرتا ہوں،اور یہ اسلئے کہ آپ ﷺ کاارشاد ہے " مـانـقـصـتْ صـدقة من مال،وما زَاد اللّه عبدا بعفو إلّا عزّا وما تواضع أحد إلا رفعه الله "(رواه مسلم ) اور باوجود قدرت علی الجواب والانتقام کے میں عزت نفس کے خیال سے جوابا گالی دینا اپنے لئے عیب سمجھتا ہوں۔اسلئے کہ قرآن کریم میں حق تعالیٰ کا حکم ہے " خُـذِ الـعَـفْـوَ وَأْمُـرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الجَاهِلِيْن "(الاعراف. ۱۹۹ ) ایک حدیث میں وارد ہوا ہے " أنا زعيم بِبيت فى ربض الجنّة لمن تـرك الـمـراء وإن كـان مُـحـقاً، وببيت فى وسَط الجنّة لمن ترك الكِذب وإن كان مَازحا، وببيت فى أعلى الجنّة لمن حسن خلقه" (رواه ابوداؤد) آپ ﷺ کی سیرت طیبہ سے بھی ہمیں یہی سبق ملتا ہے۔

ع: سلام اس پر کہ جسنے گالیاں سنکر دعائیں دیں......

آخری دوشعر میں امام علیہ الرحمۃ ، مذھب اسلام کے بہترین نظام معاشرت کی نشاندہی کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ میں اگر چہ اپنی ضرورت کو پورا کرنیکی کوشش میں تو بڑا سُست واقع ہوا ہوں تاہم کسی مسلمان حاجتمند یا دوست کو ضرورت درپیش ہوتو اسکے لئے ممکنہ دوڑ دھوپ کرنے میں ذرا بھی کسر روا نہیں رکھتا،اسلئے کہ ایک شریف آدمی کے لئے یہ بات بڑی بے مروّتی کی مانی جائیگی کہ خود شکم سیر ہو اور اسکا ساتھی بھوکا سوئے، حدیث شریف میں تو ایسے عمل کو ایمان کی کمی اور خلل کی علامت قرار دیا گیا ہے۔آپ ﷺ کاارشادگرامی ہے " والـلّـه لايـؤمن ،واللّه لا يُؤمن ، واللّه لا يُـؤمـن ، قيـل مـن يـا رسـول اللّه ؟ قال الّذى لا يأمن جاره بوائقهُ وفى رواية الذى يشبع وجاره جائع فى جنبه"(رواه مسلم)

## مِنَ البَلِيَّةِ

جاء فی معجم الأدباء، لیاقوت الحموی، أن الإمام الشافعیؒ کان یمازح زوجة له مکّیة بقوله: وفی روایة الرازی قال،حدّثنا سعد بن محمد البیروتی قال،حدّثنا أحمد بن محمد المکّی قال، سمعت إبراهیم بن محمد الشافعی یقول، سمعت ابن عمّی محمد بن إدریس الشافعی یقول، کانت لی إمرأة، وکنت أُحبّها، فکنت إذا رأیتها قلتُ لها:

١ وَمِنَ البَلِيَّةِ أَنْ تُحِبَّ ۔۔۔ وَلاَ يُحِبُّکَ مَنْ تُحِبُّهُ

مصیبتوں میں سے ایک یہ ہیکہ تم جس سے محبت کرو ۔۔۔ اسکی طرف سے جواباً تمہیں اتنی محبت حاصل نہ ہو

فتقول هی:

٢ وَيَصُدُّ عَنْکَ بِوَجْهِهِ ۔۔۔ وَتُلِحُّ أَنْتَ فَلاَ تُغِبُّهُ

اور وہ تجھ سے روگردانی کرے ۔۔۔ اور تو بلا ناغہ ملاقات کرتا رہے۔

**تشریح:** مذکورہ دونوں اشعار سے جہاں یہ سمجھ میں آتا ہیکہ امام شافعیؒ خشک مزاج نہیں خوش مزاج تھے وہیں یہ بات بھی سمجھ میں آتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی اتباع میں آپ روزانہ اپنے گھر والوں کی خبر گیری فرمایا کرتے تھے اور صنف نازک کا حق مکمل ادا فرمانے کی سعی کرتے تھے۔ اسلئے کہ آپ ﷺ کا مبارک ارشاد ہے ”أکمل المؤمنین إیمانا أحسنهم خُلقا وخیارکم خیارکم لنسائهم“ (رواه الترمذی) قرآن کریم کا بھی صاف حکم ہے ”وَعَاشِرُوهُنَّ بِالمَعْرُوف“(نساء: ١٩)

---

١۔ **البَلِيَّةُ:** البَلْویٰ والبَلْوَةُ والبِلْيَةُ والبَلِيَّةُ، مصیبت،آزمائش،ج،بَلاَيَا. البَلِيَّةُ، وہ اونٹنی جسکو زمانۂ جاھلیت میں مالک کی قبر پر باندھ دیتے تھے اور گھاس نہیں دیتے تھی حتی کہ وہ مرجاتی۔

٢۔ **يَصُدُّ:** صَدَّ (ن،ض) صَدًّا وَصُدُوداً، عَنهُ، اعراض کرنا، مائل ہونا،صفت، صَادٌّ، ج، صُدَّادٌ.

**تُلِحُّ:** اَلَحَّ اِلْحَاءً، فی السُّؤالِ ، سوال میں اصرار کرنا، السَّحابُ بالمطر، لگا تار برسنا.

**تُغِبُّهُ:** غَبَّ (ج)غَباً وغِبًّا، کئی روز کے بعد ملاقات کرنا، غَبَّ عنهُ، ایک دین آنا ایک دین نہ آنا.

غَبَّتْ عَلَيه الحُمّٰی، تیسرے دن کا بخار آنا۔

# الشَّيْبُ نَذِيْرُ الفَنَاءِ

١ خَبَتْ نَارُ نَفْسِي بِاشْتِعَالِ مَفَارِقِي  وَاَظْلَمَ لَيْلِي إِذْ أَضَاءَ شِهَابُهَا

میرے بالوں کی سفیدی نے خواہشات کی آگ کو ٹھنڈا کر دیا  اور اسکی ستاروں جیسی چمک نے میری رات مزید تاریک کر دی

٢ أَيَا بُومَةً قَدْ عَشَّشْتَ فَوْقَ هَامَتِي  عَلَى الرَّغْمِ مِنِّي حِينَ طَارَ غُرَابُهَا

ہائے الو تو نے میرے سر پر میری خواہشات کے خلاف  اسکی سیاہی کے رخصت ہوتے ہی اپنا گھونسلہ بنا لیا

٣ رَأَيْتِ خَرَابَ الْعُمْرِ مِنِّي فَزُرْتَنِي  وَمَأْوَاكِ مِنْ كُلِّ الدِّيَارِ خَرَابُهَا

میری عمر کا ڈھلوان دیکھکر تو میری ملاقات کے لئے بھی آ گئی  اس لئے کہ تیرا آشیانہ ویرانہ ہی میں ہوتا ہے

---

١۔ **خَبَتْ**: خَبَتَ (ض) خَبْتاً، ذکرہُ، چرچا مٹ جانا، خبت النّار، ٹھنڈا ہونا، بجھنا۔
**مَفَارِقِي**: مَفْرَقٌ، کی جمع، بالوں کی مانگ، هنا الإشتعال والإظلام ،وشهاب المفارق كلّها من باب المجاز والاستعارة، شَبَّهُ الشّيب لبياضه بالشهب، واعتبر ظهوره سببا فى خمود نار النّفس.
**الشهاب**: آگ کا شعلہ، ٹوٹنے والا ستارہ، ج، شُهُبٌ وشُهبَانٌ وأَشْهُبُ، يُقَالُ فلانٌ شِهَابُ حربٍ، فلاں جنگ جو ہے۔
٢۔ **بُومَةٌ**: البُومُ والبُومَةُ، اُلّو، مذکر، مؤنث دونوں کے لئے، ج، اَبْوامُ. **الهَامَةُ**: ہر چیز کی چوٹی، سر، قوم کا سردار، رئیس، ج، هَامٌ وهَامَاتٌ. **عَشَّشْتَ**: عَشَّشَ الطائر واِعْتَشَّ، پرندہ کا گھونسلا بنانا، العَشُّ، والعُشُّ، گھونسلا، ج، عَشَاشٌ، عِشَشَةٌ واَعْشَاشٌ وعُشُوشٌ.
**الغُرَاب**: کوّا، ج، اَغْرُبٌ، غُرُبٌ غِرْبَانٌ اَغْرِبَةٌ، جج، غَرَابِينُ، العرب يتشائمون به إذا نعق قبل الرحيل و يسمّونه غُراب البين، ويضرب به المثل فى السّواد والبكور والحذر والبعد، يقال بكربكور الغراب، وفلانُ أحذرُ من الغراب.
٣۔ **خَرَابَ**: خَرِبَ (س) خَرَباً وخَرَاباً ،البيت ،گھر کا ویران ہونا، الخَرْبُ، ویران جگہ، الخُربُ، ہر گول سراخ۔ **الدِّيَارُ**: دارٌ، کی جمع، گھر، شہر، ملک، قبیلہ، زمانہ، دَارُالقرار، آخرت، دَارَانِ، دنیا و آخرت، دَارُالحَرْب، دشمن کا ملک۔

٤ أأَنْعَمُ عَيشاً بَعْدَ مَاحَلَّ عَارِضِی | طَلائِعُ شَيبٍ لَيسَ يُغْنِي خِضَابُهَا
میں خوشگوار زندگی کیسے گذار سکتا ہوں بعد اسکے کہ | چہرے پر ایسا بڑھاپا ظاہر ہوگیا جسکو خضاب لگانا بے سود ہے

٥ وَعِــزَّةُ عُـمُـرِ الـمَــرْءِ قَبْلَ مَشِيبِهِ | وَقَـدْ فَنِيَـتْ نَفْـسٌ تَـوَلّٰی شَبَابُهَـا
انسان کی بڑھاپے سے پہلے کی زندگی کام کی ہوتی ہے | شباب کے رخصت ہونے پر نفس کمزور ہوجاتا ہے

٦ إذَا اصْفَـرَّ لَونُ الـمَـرْءِ وابْيَضَّ شَعْرُهُ | تَـنَـغَّـصَ مِـنْ أَيَّـامِـهِ مُسْتَطَـابُهَـا
جب رنگت پیلی اور بال سفید ہوجاتے ہیں | تو زندگی کی خوشیاں مکدّر ہوجاتی ہے

٧ فَـدَعْ عَـنْکَ سَـوءَ اتِ الْأُمُوْرِ فَـإنَّهَـا | حَـرَامٌ عَـلَـی نَـفْـسِ التَّقِیِّ ارْتِکَابُهَا
اب تو منکرات کو چھوڑ دے اسلئے کہ | متقی آدمی منکرات کے ارتکاب کو حرام سمجھتا ہے

٨ وَأَدِّ زَکَـا ةَ الـجَـاهِ واعْـلَـمْ بِـأَنَّهَـا | کَـمِثْـلِ زَکَاةِ الـمَـالِ تَمَّ نِصَـابُهَـا
اور تو اپنی زندگی کی زکوۃ ادا کر اور سمجھ لے کہ | تمام عمر کی زکوۃ بھی تمام نصاب ہی کی طرح واجب ہے

٩ وَأَحْسِنْ إلٰی الأَحْـرَارِ تَـمْلِکْ رِقَـابَهُمْ | فَـخَيْـرُ تِـجَـارَاتِ الـکِرَامِ اکْتِسَابُهَا
شریفوں کے ساتھ حسن سلوک کر تو انکا دل جیت لیگا | اسلئے کہ قلوب پر حکمرانی ہی کریموں کی بہترین کمائی ہے

---

**٤۔عَارِضٌ**: فا، رخسار۔ **طَلائِعُ**: طَلِيعَةٌ کی جمع، ہراول، مقدمةالجيش، حالات معلوم کرنے کے لئے بھیجا جانے والا دستہ۔ **شَيْبٌ**: شَـابَ يَشِيبُ شَيْباً وَشَيْبَةً وَمَشِيباً، سفید بالوں والا ہونا، بوڑھا ہونا، صفت مذکر، اَشْيَبَ وَشَائِبُ ، صفت مؤنث، شَائبةٌ. مؤنث کی صفت میں شَيْبَاء کے بجائے شمطاء آتا ہے۔ **الخِضابُ**: رنگ، بالوں کو رنگنے کی چیز، الخَضيبُ، رنگا ہوا، کفٌّ خَضِيْبٌ، اِمْرَاةٌ خَضِيْبٌ، مہندی لگا ہوا ہاتھ یا عورت۔

**٥ ـ الشّبَابُ**: شَبَّ (ض) شَبَاباً وَشَبِيبَةً، الغلام، لڑکے کا جوان ہونا، مِنْ شَبِّ إلی دَبِّ، جوانی سے لیکر بڑھاپے تک، صفت ،الشابُ و الشَّبُّ ج شَبَابٌ،شُبَّانٌ، مؤنث شَابَّةٌ، ج، شَابّاتٌ، شَبَّاتٌ.

**٦۔تَنَغَّصَ**: نَغَّص وانْغَصَ، اللّٰهُ عليه العيشَ، وتَنَغَّصَ العَيْشُ، زندگی کا مکدّر رہنا، بدمزہ ہونا.

**مُسْتَطَابَ**: اسْتَطَابَ اِستِطَابَةً، الشيئ، اچھا پانا، القومُ، میٹھا پانی مانگنا، المُستطاب من الأيّام، ما كان طيّباً و هنيئاً. **سَوْئَاتٌ**: سَوْءَ ةٌ کی جمع، بے حیائی، بری خصلت، شرمگاہ۔

۱۰ وَلاتَمْشِيَنَ فِی مَنْکِبِ الأَرْضِ فاَخِراً ‏ فَعَمَّا قَلِيلٍ يَحْتَوِيکَ تُرَابُهَا
اورروئے ارض پر اِترا کرنہ چل ‏ اسلئے کہ تھوڑی ہی مدت میں زمین تجھے اپنے اندر سمولیگی

۱۱ وَمَنْ يَذُقِ الدُّنْيَا فَإِنِّی طَعِمْتُهَا ‏ وَسِيقَ إِلَيْنَا عَذْبُهَاوَعَذَابُهَا
ہے کوئی جسنے دنیا کا مزہ چکھا ہو، میں تو چکھ چکا ہوں ‏ اور ہم نے اسکے کڑوے میٹھے کو آزمایا ہے

۱۲ فَلَمْ أَرَهَا إِلَّا غُرُوْراً وَبَاطِلاً ‏ کَمَا لاَحَ فِی ظَهْرِ الفَلاَةِ سَرَابُهَا
پس میں نے اسکو دھوکہ اور باطل کے سوا کچھ نہیں پایا ‏ جیسے چٹیل میدان میں سراب سے پانی کا دھوکہ ہوتا ہے

۱۳ وَمَا هِیَ إِلَّا جِيفَةٌ مُسْتَحِيْلَةٌ ‏ عَلَيْهَا کِلاَبٌ هَمُّهُنَّ اجْتِذَابُهَا
دنیا اس سڑی ہوئی بدبودار لاش کے سوا کچھ نہیں ‏ جسکو پھاڑ کھانے کے لئے کتّے ٹوٹ پڑتے ہیں

۱۴ فَإِنْ تَجْتَنِبْهَا کُنْتَ سِلْماً لِأَهْلِهَا ‏ وَإِنْ تَجْتَذِبْهَانَازَعَتْکَ کِلاَبُهَا
اگر تو اس سے بچیگا تو دنیا والوں کے لئے باعث سلامتی ہوگا ‏ اور اگر تو اسمیں گریگا تو دنیا کے کتوں سے تیرا سابقہ ہوگا

۱۵ فَطُوبٰی لِنَفْسٍ أُوْلِعَتْ قَعْرَ دَارِهَا ‏ مُغَلَّقَةَ الأَبْوَابِ مُرْخیً حِجَابُهَا
مبارک بادی کے قابل ہے وہ آدمی جسنے گھر کا کونا پکڑ لیا ‏ گھر کے دروازے بند کر لئے اور ان پر پردے ڈال دیے

---

۱۰۔ **مَنْكِبُ:** ج، مَنَاكِبُ، سطح مرتفع، پہلو، گوشہ. **يَحْتَوِيکَ:** اِحتَوىَ ، اِحتِواءً، الشيئ و عليه، جمع کرنا، سمانا

۱۱۔ **يَذُقْ:** ذَاقَ (ن) ذَوْقاً و ذَوَاقاً و مَذَاقاً، الشيئ، کسی چیز کو چکھنا، العذاب، عذاب بھگتنا، الرّجل وما عندالرجل، کسی کو آزمانا. **سِيْقَ:** سَاقَ، يَسُوقُ سَوْقاوسِياقاً وسِيَاقَةً ومسَاقاً، الماشية، جانور کو پیچھے سے ہانکنا، صفت، سائقٌ ،ج، سَاقةٌ، سُوّاقٌ.

۱۲۔ **الفَلاَةُ:** وسیع بیابان، ج، فَلَوَاتٌ و فَلاَ اور فَلاً کی جج، اَفْلاءُ. **السَّرَابُ:** دھوپ میں پانی کی طرح نظر آنے والی ریت، جھوٹ اور فریب کے لئے ضرب المثل ہے۔ کہتے ہیں، هو اَخْدَعُ من السَّرابِ، وہ سراب سے زیادہ فریبی ہے.

۱۳۔ **جِيفَةٌ:** سڑی مردہ لاش، ج، جِيَفٌ و اَجْيَافٌ. **مُسْتَحِيْلَةٌ:** حَالَ(ض) حُيُولاً واِسْتَحَالَ اِسْتِحَالَةً، الشيئ، متغیر ہونا، بدل جانا. يشبه الدُّنْيابالجيفة كما يشبه المتعلقين بها بالكلاب التی تنهش فيها. ۱۵۔ **الطُّوبٰى:** رشک، سعادت، خیر، بہتری. **أُولِعَتْ:** وَلِعَ(س) وَلَعاً وَوُلُوعاًواَوْلَعَ، اِيلاَعاً وَتَولَّعَ بِهِ، شیفتہ ہونا، بہت محبت کرنا. **قَعْرَ:** القَعْرُ مِنَ كُلِّ شَيئٍ، ہر چیز کی گہرائی، جَلَسَ فُلاَنٌ فی قعر بيته، فلاں گھر کو لازم پکڑ کر بیٹھا ہے. **مُرْخیً:** أرْخٰى، اِرْخَاءً، الشَّيئُ، ڈھیلا کرنا، السِّتْرَ، پردہ چھوڑنا. **الحِجَابُ:** حَجَبَ(ن) کا مصدر، ج، حُجُبٌ، پردہ، دو چیزوں میں حائل چیز، الحَاجِبُ، دربان. ج، حُجَّابُ، حَجَبَةٌ.

**تشــــریــح:** سیدنا امام شافعیؒ اپنے زمانے کے عابد، زاہد اور خدا رسیدہ انسان تھے، دنیا کی بے ثباتی، موت کا مراقبہ، آخرت کا استحضار اور ایک دن دار فانی سے دار باقی کی طرف یقینی رحلت کے خیال میں ہر وقت مستغرق رہتے تھے، اسی استغراق کے عالم میں ایک دن اپنے بالوں کی سفیدی کو دیکھکر فرماتے ہیں کہ معلوم ہوتا ہے شب زندگی ہونے کو ہے، اسلئے کہ رات جوں جوں تاریک ہوتی ہے ستاروں کی (بالوں) کی چمک میں اضافہ ہوتا جاتا ہے، اور کچھ بالوں کی ویرانی (جڑھ جانا) زندگی کے خاتمے کی غمازی کرتا ہے، اس لئے کہ اُلّو اپنا آشیانہ ویرانے ہی میں بناتا ہے۔ مگر ظاہر بدن پر رونما ہونے والے ان حالات سے میں غافل نہیں ہوں۔ میں بالوں کی سفیدی اور جڑھنے کو بقوائے قرآن مذکر ونذیر مانتا ہوں، اسلئے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے کلام میں بندوں کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا ہے "أَوَ لَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَايَتَذَكَّرَ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَاءَ كُمُ النَّذِيْر" (فاطر: ۳) اور حضرت عکرمہؓ اور عیینہؒ نے نذیر کی تفسیر میں سفیدی اور بڑھاپے ہی کا قول نقل فرمایا ہے، اور دو جہاں کے سردار جناب محمد الرسول اللہ ﷺ کا بھی فرمان ہے " أعذر اللّه إلى امرئ أخّر أجله حتّى بلغ ستّين سنة " (رواه البخاری) قرآن وحدیث کی واضح ھدایت وتلقین کے پیش نظر میں اسی بات کا عقیدہ رکھتا ہوں کہ اگر کوئی ابھی بھی برائیاں نہ چھوڑے اور زندگی کے نصاب کی تکمیل اور حولان حیات پر مال کی زکوۃ کی طرح توبہ، انابت، استغفار اور ازدیاد اعمال خیر کے ذریعہ زندگی کی زکوۃ ادا کرنیکی فکر نہ کرے تو کل قیامت میں اسکے پاس عذاب الہی سے بچنے کے لئے کوئی عذر نہیں ہوگا اور فرشتہ اسکے عذر پر حق تعالیٰ کے اسی کلام کو دوہرائیگا کہ "أَوَ لَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَايَتَذَكَّرَ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ.........

امام علیہ الرحمۃ مزید فرماتے ہیں کہ بڑھاپے میں جب خواہشات ساکن ہو کر قرار پکڑ لیتی ہیں اور شہوات نفسانیہ سے بچنا فطرۃ آسان ہو جاتا ہے، خواہشات میں مبتلا رہنا اللہ کے غضب کو دعوت دینا ہے، اسی لئے احادیث نبویہ میں "شیخ زانی" کی انتہائی قباحت وارد ہوئی ہے جبکہ شہوت کے ہیجان پر قابو پا کر اللہ کی عبادت کرنے والے نوجوان کی " شَابٌّ نَشَأَ فِی الإِسْلَامِ " کے الفاظ میں تعریف کی گئی ہے، اسلئے انسان کو چاہئے کہ جوانی کے ایام کو غنیمت سمجھکر اسے اللہ تعالیٰ کی عبادت میں لگادے اور اگر نفس اور شیطان کے دھوکے میں آ کر جوانی کے اوقات کو لغویات، فضول باتوں اور عیّاشی میں ضائع

کردئے ہیں تو بڑھاپے کوغنیمت جان کراسکی تلافی میں لگ جائے ، ورنہ کل قیامت میں علی رؤوس الخلائق سوائے رسوائی کےاور کچھ ہاتھ نہیں آئیگا۔

ع : کرعبادت خدا کی جوانی میں تو کل بڑھاپا تیرے سرپے آجائیگا۔

اشعار کے نصف آخر میں امام علیہ الرحمۃ دنیا کی حقیقت ؛ جسکے دھوکے میں آکرانسان آخرت سے غافل ہوجاتاہے ؛ واضح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ دنیا نہ بھروسے کی چیز ہے نہ اترانے کی، تیری ابتدا بھی مٹی ہےاور تیری انتہا بھی مٹی ،اسلئے عنقریب مٹی میں ملنے والے انسان کومٹی پر اترا کر چلنا زیب نہیں دیتا، میں نے دنیااوراسکی زیب وزینت کوآزمایاہےاور میں اسکے کڑوے میٹھے تجربات سے گذرا ہوں ،اسکی چمک دمک کی حیثیت فلاۃ میں نظر آنے والے سَراب خادع سے زیادہ نہیں،حق تعالی نے سچی خبردی ہے " كَسَرَابٍ بِقِيعَةٍ يَحْسَبُهُ الظَّمْآنُ مَآءً" اور یہ سڑاند پھیلانے اور کھینچا تانی میں جیفۃ سے مکمل مشابہ ہے،ارشادنبوی ہے " الدُّنْيَا جِيفَةٌ وَ طَالِبُهَا كِلاَبٌ"

آخری دواشعار میں امام علیہ الرحمۃ دنیا سے عافیت اور سلامتی کے ساتھ فائدہ اٹھانے کا گُر سیکھاتے ہوئے فرماتے ہیں کہ دنیا کی یہ خاصیت ہیکہ اگرتو اسکے پیچھے پڑیگاتو تجھ سے دور بھاگے گی اورطالبان دنیا تیرے حریف ومقابل ہوجائینگے اور اگرتو اس سے اپنی خواہش منقطع کرکے، تقسیم خداوندی پرراضی ؛ تقدیر پرقانع اوراللہ کی صفت رزاقیت پرمتوکل ہوکر؛ اپنے گھر کا دروازہ بند کرکے؛ اسپر پردہ گراکرالگ تھلگ بیٹھ جائیگا تو وہ تیرے پاس عزت ،سلامتی اور برکت والی بنکر پہونچیگی تیرے در کی غلامی میں فخرمحسوس کریگی اور تیری ٹھوکریں کھاکربھی تیرے پاس سے جانا پسند نہیں کریگی۔

# أَ زِيْدُ حِلْماً

**قال الإمام الشافعیؒ، يصف كيف يقابل خطاب السّفيه إيّاه بالحلم الجميل:**

١ يُـخَـاطِبُـنِـي السَّـفِيْـهُ بِـكُـلِّ قُبْـحٍ فَـأَكْـرَهُ أَنْ أَكُـونَ لَـهُ مُـجِيبَـا

بے وقوف آدمی برے بھلے الفاظ میں مجھے پکارتا ہے مگر میں اسکا جواب دینا پسند نہیں کرتا

٢ يَـزِيـدُ سَـفَـاهَةً فَـأَزِيـدُ حِلْـمـاً كَـعُـودٍ زَادَهُ الإِ حْـرَاقُ طِيْبَـاً

وہ بے وقوفی بڑھاتا ہے تو میں بردباری میں اضافہ کرتا ہوں عود کی لکڑی کی طرح کہ زیادہ جلنے سے زیادہ خوشبو پھیلتی ہے

**تشـریح:** حلم و اناۃ ایسی دو صفتیں ہیں جو اللہ تعالی کو بے انتہا پسند ہیں۔ابن عباسؓ کی روایت ہے ”قال رسول الله ﷺ لأشج عبد القيس ، إنّ فيک خَصلتين يحبّهما الله ، الحلم والأناة“ (رواه مسلم) قرآن کریم نے تو اسے عزم امور میں شمار کروایا ہے۔ارشاد خداوندی ہے ” وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ إِنَّ ذٰلِکَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُور “ (الشوریٰ: ٤٣) امام علیہ الرحمۃ نے اسی صفت کو اختیار کرنے اور اسمیں مرتبۂ کمال تک پہونچنے کو ایک مثال سے واضح فرمایا ہے، کہتے ہیں کہ جب بے وقوف آدمی میرے ساتھ حماقت کرتا ہے تو میں یہ سوچکر کہ برتن میں جو ہوگا وہ ہی باہر آئیگا اسکا جواب دینا پسند نہیں کرتا بلکہ اسکی سفاہت کا جواب حلم سے دیتا ہوں تاکہ سفیہ وحلیم کا فرق واضح ہو اور تاکہ انجام کار دنیا اچھی بُری صفت میں تمیز کرسکے،عود کی لکڑی کی طرح کہ جسطرح وہ جلانے والے کو بھی خوشبو دیتی رہتی ہے اور کاٹنے والے کلہاڑے کو بھی خوشبودار بنادیتی ہے،اسی طرح حلیم آدمی اپنے حلم سے سفیہ آدمی کو حلیم بننے کی خاموش دعوت دیتا ہے،اور قرآن کریم کی اطلاع کے مطابق فی الواقع کبھی کبھی حلیم کا حلم سفیہ کے قلب پر گہرا اثر چھوڑ جاتا ہے ” وَلَا تَسْتَوِی الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَة ،اِدْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَن، فَإِذَا الَّذِی بَيْنَکَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ وَلِیٌّ حَمِيم “(فصّلت : ٣٤)

---

١۔**السَّفِيْهُ:** ج، سُفهَاءُ، سِفَاهٌ، بے وقوف، جاہل ،سَفِهَ (س) سَفهاً وَسَفَاهَةً، بے وقوف ہونا، بری عادت والا ہونا۔ **القُبْحُ:** ضدالحسن ، ويكون فی القول والفعل والصّورة ومانفر الذوق منه.

٢۔ **الحِلْمُ:** صبر، بردباری، آہستگی، کبھی جہالت کے مقابلہ میں آتا ہے۔صفت حَلِيْمٌ.

**الطِّيْبُ:** طَابَ يَطِيبُ کا مصدر، خوشبو، ج، اَطْيَابٌ وَطُيُوبٌ، حلال، بہترین چیز۔

## تَهَيّبُوهُ

١ وَمَنْ هَابَ الرِّجَالَ تَهَيَّبُوهُ وَمَنْ حَقَرَ الرِّجَالَ فَلَنْ يُهَابَا

جوشخص لوگوں کی عزت کرتا ہے،لوگ اسکی عزت کرتے ہیں اور جو دوسروں کو حقیر سمجھتا ہے اسکی کبھی عزت نہیں کی جاتی

٢ وَمَنْ قَضَتِ الرِّجَالُ لَهُ حُقُوقاً وَمَنْ يَعْصِ الرِّجَالَ فَمَا اَصَابَا

اور وہ شخص کہ لوگ تو اسکے حقوق ادا کریں مگر وہ انکی حق تلفی کرے وہ ٹھیک کام نہیں کرتا

**تشریح :** مذھب اسلام نے معاشرت واخلاق کے جامع اصول وضوابط کے ذریعہ ایک ایسے معاشرہ کی تشکیل کی ہے جسمیں آپسی عزت واحترام،حقوق کی ادائیگی ،مودت ومحبت اور شفقت ورحمت کا دور دورہ ہواور حق تلفی ، بےعزتی ،ظلم وزیادتی اور ناچاکی ونااتفاقی کا دور دور تک گذر نہ ہو۔مگر افسوس کہ اسلام کے مکمل ضابطۂ حیات پرعمل کرنے کا عہد کرنے والے مسلمان ؛اسلام میں مکمل داخل ہونیکے بجائے "نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَنَكْفُرُ بِبَعْضٍ" کی راہ پر چلکر ہر ہر حکم میں دوہرا معیار قائم کر چکے ہیں۔مثلاوہ باہمی حقوق کے باب میں اپنے حق کی وصولی کا تو مکمل اہتمام کرتے ہیں مگر دوسروں کے حق کی ادائیگی میں ٹال مٹول اور تاَ ویل وتساہل سے کام لیتے ہیں ، اکرام واحترام کے باب میں لوگوں سے خود کی تعظیم وتکریم کروانیکے تو خواہشمند رہتے ہیں مگر دوسروں کے ساتھ عزت سے پیش آنے میں کوتاہی، غیر ذمہ داری اور برائی کا ثبوت دیتے ہیں ،امام شافعیؒ معاشرے کے ایک حسّاس فرد کی حیثیت سے معاشرہ کی اس کمزوری اور اسکے تدارک کی نشاندہی کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ حقیقی اور اصلی عزت وہ پاتا ہے جو دوسروں کی عزت کرنا سیکھتا ہے اور حق تلفی اسکی نہیں کی جاتی جو اپنے آپ کو ادائیگی حقوق کا پابند بناتا ہے،' کما تدین تدان' کا ضابطہ اپنی جگہ مسلم ہے، برائی کا بیج بونے والا بھلائی کی فصل نہیں کاٹ سکتا،نفرت کے بدلے محبت کی امید اور بداخلاقی سے پیش آکر حسن اخلاق کی خواہش کرنا عبث ہے، اسلئے اگر چاہتے ہو کے معاشرے میں عزت کا مقام پاؤ تو عزت کرنا سیکھو، حدیث شریف کا مضمون ہے "ماأکرم شابّ شیخا لسنّه إلا قیّض الله له من یکرمه عند سنّه" (رواه الترمذی)⇦

---

١۔ **هَابَ:** هَابَ يَهَابُ هَيْباً وهَيْبَةً ومَهَابَةً، خوف کھانا،ڈرنا،بچنا،صفت،هائب وهَيُبَانٌ.
**حَقَرَ:** حَقَرَ(ض) حَقْراً وحُقْرِيَةً،هٗ، حقیر سمجھنا،چھوٹا جاننا.

ایک دوسری حدیث میں اس مضمون کو اسطرح بیان کیا گیا ہے۔" إن من إجلال الله تعالیٰ إکرام ذی الشیبة المسلم وحامل القرآن غیر الغالی فیه والجافی عنه وإکرام ذی السلطان المقسط" (رواه أبوداؤد)

آنحضورﷺ بھی ہر قوم کے کریم کی عزت فرماتے تھے اور لوگوں کو " انزلوا الناس منازلهم " (رواه ابوداؤد) کی ہدایت فرماتے تھے، یادرکھنا چاہئے کہ آدمی بلند مقام پر اسوقت تک نہیں پہونچتا جب تک کہ وہ چھوٹی چھوٹی باتوں کا اہتمام اور شریعت کے بتائے ہوئے آداب واخلاق کی رعایت نہیں کرتا اور یہ بھی وہ ادب ہے جو بلندی پر چڑھنے کا زینہ اور عزت کے محل کا صدر دروازہ ہے جسے مضبوطی سے تھامنا عزت کے متمنی کے لئے بے حد ضروری ہے۔

# اَلسُّكُوتُ عَنِ اللَّئِيمِ جَوابٌ

سُئل عن الشافعی ؒ ،يوماً عن مسئلة،فسكت،قيل له ،ألاتجيب؟ رحمك الله؟ فقال حتى أدرى الفضل فی سكوتی أو فی جوابی ، وفی هذاالصّدد يقول:

۱ قُلْ بِمَا شِئْتَ فِی مَسَبَّةِ عِرْضِي ¹ فَسُكُوتِي عَنِ اللَّئِيمِ جَوَابُ

میری آبروریزی میں تو جو چاہے بکواس کر — میں کمینوں کو خاموشی کا جواب دیتا ہوں

۲ مَا أَنَا عَادِمُ الجَوَابِ وَلٰكِنْ مَامِنَ الأُسْدِ أَنْ تُجِيبَ الكِلاَبُ

میں کبھی بھی عدیم الجواب نہیں ہوتا مگر — یہ مناسب نہیں کہ شیر کتوں کو جواب دے

**تشریح:** امام شافعیؒ مذکورہ اشعار میں حفظ لسان کی ترغیب اور بیجا استعمال سے پرہیز کی تاکید فرما کر سمجھا رہے ہیں کہ؛ جہاں مناسب مواقع پر مناسب انداز میں زبان کا چلانا مفید و مطلوب ہے وہاں نامناسب مقامات پر زبان کو بند رکھنا بھی ضروری اور کمینوں کی شرارت سے حفاظت کا بہترین وسیلہ ہے۔اسلئے جہاں دیکھو کہ لئیم آدمی کی زبان شیطان کا آلۂ کار بنکر فتنہ انگیزی کا سامان تیار کررہی ہے اور فوری جواب دینا بجائے اصلاح کے شقاق اور اختلاف کا دروازہ کھول سکتا ہے؛ایسے مقامات پر سکوت اختیار کرنا کلام سے زیادہ کارگر اور مفید ثابت ہوتا ہے۔فتنہ دب جاتا ہے، کمینے کی اسکیم فیل ہوجاتی ہے اورعوام الناس کی حمایت خاموشی اختیار کرنے والے کو حاصل ہوجاتی ہے۔

پھر یہ کرنا اسلئے بھی ضروری ہوتا ہے کہ ہر آدمی منہ لگنے کے قابل اور ہر معترض سُنے جانے کے لائق نہیں ہوتا۔کیا نہیں دیکھتے کہ کتوں کے بھونکنے سے ہاتھی کی رفتار میں ذرہ برابر فرق نہیں آتا اور جنگل کے جانوروں کی آوازیں شیر کے رعب وداب میں کمی پیدا نہیں کرسکتیں بلکہ اسکی ایک چنگھاڑ صحراء کے شور کو سناٹے میں تبدیل کردینے کے لئے کافی ہوتی ہے، بالکل اسی طرح لئیم کی بکواس پر مخلص کی خاموشی مخلص کے اثر ورسوخ کو قدرۃً بڑھادیتی ہے۔شاید ایسے ہی مواقع پر زبان کے استعمال کی ممانعت کو ⇦

---

۱۔ **العِرْضُ**: اچھی خصلت،عزت،باعث عز وفخر،ج،اَعْراضٌ، کہاجاتا ہے هُوَ نقيُّ العِرْض، وہ عیوب سے پاک ہے، هُوَ ذُو العِرْضِ مِنَ القَوْمِ، وہ اشراف قوم میں سے ہے.

**اللَّئِيمُ**: لَؤُمَ (ک) لُؤْماً وَمَلْأَمَةً وَلَآ مَةً، دنی الاصل ہونا،بخیل ہونا،ذلیل ہونا،صفت،لَئِيمٌ،ج، لِئَامٌ وَلُؤَمَاءُ.

آپ ﷺ نے اسطرح ذکر فرمایا ہے"ستکون فتنة صمّاء بکمآء عمیآء من أشرف لها إستشرفت له، وإشراف اللّسان فیها کوقوع السّیف" (رواه أبوداؤد) اورایک دوسری روایت میں مختصراور جامع انداز میں سکوت کی افادیت کواسطرح بیان فرمایا ہے " من صمت نجا " (رواه الترمذی) شریروں اورفتنہ پردازوں کے اثرورسوخ کے وقت آپ ﷺ کا یہ ارشادگرامی بھی انسان کی بہترین رہنمائی کرتا ہے " أملک علیک لسانک، ولیسعک بیتک، وابک علیٰ خطیئتک" (رواه الترمذی)

## قُل عَلَیَّ رَقِيبُ

١ إِذَا مَا خَلَوْتَ الدَّهْرَ يَوْماً فَلاَ تَقُلْ — خَلَوْتَ وَلٰكِنْ قُلْ عَلَیَّ رَقِيبُ

جب کسی دن تنہائی میسر ہوتو اپنے آپ کو تنہا نہ سمجھنا — بلکہ یہ خیال کرنا کہ مجھ پر کوئی نگران موجود ہے

٢ وَلاَ تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ يَغْفَلُ سَاعَةً — وَلاَ أَنْ مَا يَخْفٰى عَلَيْهِ يَغِيبُ

اللہ تعالیٰ کو ایک لمحہ کے لئے بھی ہرگز غافل نہ سمجھنا — اور یہ نہ ماننا کہ تمہارے مخفی امور اسکے علم سے باہر ہیں

٣ غَفَلْنَا لَعَمْرِ اللّٰهِ حَتّٰى تَرَاكَمَتْ — عَلَيْنَا ذُنُوبٌ بَعْدَهُنَّ ذُنُوبُ

بخدا ہم نے غفلت کی اس لئے ہمارے گناہوں کا — ڈھیر لگ گیا اور ہم گناہ پر گناہ کرتے رہے

٤ فَيَا لَيْتَ أَنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ مَا مَضٰى — وَيَأْذَنُ فِی تَوْبَاتِنَا فَنَتُوبُ

کاش کہ اللہ تعالیٰ گذشتہ گناہوں کو معاف فرمادیتے — اور رجوع کی توفیق عطا فرمادیتے تاکہ ہم توبہ کرلیں

٥ أَلَمْ تَرَ أَنَّ الْيَوْمَ أَسْرَعَ ذَاهِبٍ — وَأَنَّ غَداً لِلنَّاظِرِينَ قَرِيبٌ

کیا تو نہیں جانتا کہ آج بہت جلد گذر جائیگی — اور آنے والی کل دیکھتے ہی دیکھتے آموجود ہوگی

**تشریح:** امام شافعیؒ مذکورہ بالا اشعار میں مسلمانوں کو اپنی مسلمانی ٹٹولنے اور اسکا جائزہ لینے کی دعوت دیتے ہیں کہ ہر مسلمان کو چاہئے کہ اپنے رات دن کے اعمال کا آئینہ بنا کر اپنی صورت دیکھے اور فیصلہ کرے کہ کیا ہم مسلمان ہیں؟ ہم کیسے مسلمان ہیں؟ اور ہم کتنے مسلمان ہیں؟ کیا ہم نے ایمان کا تقاضہ اور کلمہ کا مفہوم سمجھا ہے؟ کیا ہم ایمان وشرک کا فرق اور شرک جلی وخفی کی اقسام سے واقف ہیں؟ کیا ہماری عبادات میں مطلوبہ اخلاص ہے؟ کیا معاملات ومعاشرت کو ہم نے دین کا حصہ سمجھا ہے؟ ⇦

---

١ـ **خَلَوْتَ:** خَلاَ (ن) خُلُوًّا وخَلاءَ وَخَلْوَةً ،به، معه،إليه، کسی کے ساتھ تنہائی میں ملنا، الرّجل، آدمی کا کسی جگہ تنہا ہونا، فعلته لخمس خلون من الشهر، میں نے یہ کام مھینہ کی پانچویں تاریخ کو کیا .

**الرَّقيب:** ج،رُقَبَاءُ نگہبان، محافظ، رَقَبَ (ن) رُقُوباً کی صفت.

٣ـ **تَرَاكَمَتْ** : رَكَمَ(ن) رَكْماً وَتَرَاكَمَ وارتكَمَ، الشيئ ،ڈھیر لگنا، تہ بتہ کرنا.

٤ـ **تَوْبَاتِنَا**: تَابَ (ۂ) تَوْبَةً وَمَتَاباً وَتَتُوبَةً، گناہ سے روگردانی کر کے اللہ کی طرف متوجہ ہونا، نادم وپشیمان ہونا، صفت ، تَائِبٌ.

کیا دن رات میں ایک بار بھی ہم موت کا استحضار کرتے ہیں؟ کیا مابعد الموت کی لامحدود زندگی کے لئے ہم نے کوئی تیاری کی ہے؟ کیا جہنم کا ڈر ہمیں گناہوں سے روکتا ہے؟ کیا اللہ ہر وقت دیکھ رہا ہے اسکا ہمیں یقین ہے؟ کیا محدود عمر کے قیمتی اوقات ہم عبادت میں گذار رہے ہیں یا غفلت میں؟ کیا مسلسل گذر رہی طبعی عمر اور آنے والی کل کا؛ جسمیں ہمیں حساب کے لئے پیش ہونا ہے؛ ہمیں احساس ہے؟ کیا ہم نے مقصد تخلیق ہی سے بغاوت نہیں کی ہے؟ اور کیا پھر بھی ہم معصیتوں پر شرمسار ہوکر بغرض توبہ دربار خداوندی میں ایک بار بھی حاضر ہوئے ہیں؟ ان تمام سوالات کا جواب اگر نہیں میں ہے تو یاد رکھو "خَسِرَ الدُّنْيَا وَالآخِرَةَ ذٰلِكَ هُوَ الخُسْرَانُ المُبِيْن" (الحج : ١١) کا فیصلہ یقینی ہے، اور ایسے ہی احباب کو امام شافعیؒ جلد از جلد تائب ہوکر مابقیہ زندگی میں رجوع إلی اللہ کی دعوت دیتے ہیں۔

پھر آخری شعر میں یہ نصحت بھی فرماتے ہیں کہ دیکھنا کہیں ابھی بہت وقت ہے، بعد میں توبہ کرلینگے؛ ایسا خیال کرکے شیطان کے دھوکہ میں نہ آجانا؛ اسلئے کہ آج کا دن دیکھتے ہی دیکھتے گذر جائیگا اور آنکھ بند ہوکر کھلتے ہی کل کا دن شروع ہوجائیگا اور ایام و ماہ وسال کا یہ نہ رکنے والا چکّر ایک دن تیری زندگی کا سورج بھی غروب کردیگا اور تو ہمیشہ کے دار کی طرف رخصت ہوتے وقت؛ کف افسوس مل رہا ہوگا۔"إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِأُولِي الأَلْبَاب"(الزمر: ٢٠)

X

## حُبُّ آلِ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم

**قال الإمام الشافعیؒ فی حبّ آل محمد ﷺ:**

١ تَـأَوَّهَ قَـلْبِـي وَ الْـفُـؤادُ كَـئِـيـبُ — وَأَرِقَ نَـوْمِـي فَـالسُّـهَـادُ عَـجِيـبُ

میرا دل آہ آہ کر رہا ہے اور میں کبیدہ خاطر ہوں — میری نیند اڑ گئی ہے اور عجیب بےخوابی کا عالم ہے

٢ فَـمَـنْ مُبْلِـغٍ عَـنِّـى الحُسَيْنَ رِسَـالَةً — وَإِنْ كَـرِهَتْهَـا أَنْـفُـسٌ وقُـلُـوبُ

ہے کوئی جو سیدنا حسینؓ کو میرا پیغام پہونچا دے؟ — اگرچہ بعض قلوب اور جانیں اسے ناپسند کرتی ہیں

٣ ذَبِيْـحٌ بِلاَ جُـرْمٍ كَـأَنَّ قَـمِيْـصَـهُ — صَبِيـغٌ بِـمَـاءِ الأُرْجُـوانِ خَـضِيْـبُ

آپ بلا جرم مظلوم شہید کردئے گئے گویا آپکی قمیص — ارجوان کے پانی سے رنگ دی گئی

٤ فَـلِـلـسَّـيْفِ إِعْـوَالٌ وَلِـلـرُّمْـحِ رَنَّـةٌ — وَلِـلْـخَيْـلِ مِـنْ بَـعْـدِ الصَّهِيْلِ نَحِيبُ

تلواریں غلط استعمال پر غم زدہ ہیں اور نیزے چیخ رہے ہیں — اور گھوڑوں کی ہنہناہٹ کے بعد رونے کی آوازیں آرہی ہیں

---

١۔ **تَأَوَّهَ** : شَكَا وتوجع وقال آه وأوه، كلمات تأسّف وتحزّن وتوجّع. **كَئِيبٌ**: كَئِبَ (س) كِأَباً و كَآبَةً، غم گین ہونا، بری حالت میں ہونا،صفت، كَئِيْبٌ.
**أَرِقَ**: أَرِقَ (س) أَرَقــاً، رات میں نیند نہ آنا، بےخوابی کی شکایت ہوجانا،صفت ، أَرِقَ آرِق،أُرُق، آخری صفت اسکی ہے جسکو بےخوابی کی عادت ہوگئی ہو. **السُّهَادُ**: سَهِدَ (س) سَهَداً، والسُّهُدُ، والسُّهَادُ، بے خوابی،کم نیند والا ہونا.
٣۔ **صَبِيغٌ**: صَبَغَ(ن،ض،ف)صَبْغاً وصِبْغاً،الثَّوْبَ، کپڑے کو رنگنا ،يده بالعمل، کام میں مشغول ہونا. الصَّبِيغُ، رنگا ہوا، الصَّبَّاغُ، رنگنے والا۔ **الأُرْجُوَانُ**: سرخ رنگ،سرخ کپڑے،ایک پھولدار درخت.
٤۔ **إعْوَالٌ**: غَـالَ يَغُولُ غَوْلاً، ہلاک کرنا،اچانک پکڑ لینا، الغُوْلُ، ج،اَغْوَال، ھلاکت،مصیبت،فساد، موت. **رَنَّةٌ**:رَنَّ(ض)رَنِيناً،بلند آواز سے رونا،الرَّنَّةُ،مطلق آواز یا غمگین آواز.
**الصَّهِيلُ**: صَهَـلَ (ف،ض)صَهِيلاً وصُهَـالاً، الفَرس، گھوڑے کا ہنہنانا۔ **النَّحِيبُ**: نَـحَبَ(ض) نَحْباً، الرجل،بلند آواز سے رونا، البعير ،اونٹ کا کھانسنا، الفرس، لمبے لمبے سانس لینا.

٥ تَـزَلْـزَلَـتِ الـدُّنْيَـا لِآلِ مُـحَـمَّـدٍ وَكَـادَتْ لَهُـمْ صُـمُّ الجِبَـالِ تَذُوبُ

دنیا آل محمد ﷺ کے غم میں کانپ اٹھی قریب تھا کہ بے کان جامد پہاڑ بھی پگھل جائیں

٦ وَغَـارَتْ نُـجُـومٌ وَاقْشَـعَرَّتْ كَوَاكِبُ وَهُتِّكَ اَسْتَـارٌ وَشُـقَّ جُيُـوبُ

ستارے چھپ گئے اور تاروں پر کپکپی طاری ہوگئی پردے پھاڑ دئے گئے اور گریبان تار تار کر دئے گئے

٧ يُصَلّٰـى عَـلَى المَبْعُوثِ مِنْ اٰلِ هَاشِمٍ وَيُـغْـزٰى بَـنُـوْهُ!! إِنَّ ذَا لَـعَـجِيْـبُ

اس ہاشمی پیغمبر پر درود پڑھا جائے اور انکی اولاد سے جنگ کی جائے؟ کتنی تعجب کی بات ہے

٨ لَـئِـنْ كَـانَ ذَنْبِـى حُـبَّ آلِ مُحَمَّدٍ فَـذٰلِكَ ذَنْـبٌ لَسْـتُ عَـنْـهُ أَتُوبُ

اگر آل محمد ﷺ سے محبت کرنا ہی میرا گناہ ہے تو یہ ایسا گناہ ہے جس سے میں توبہ نہیں کر سکتا

٩ هُـمْ شُـفَـعَـائِي يَوْمَ حَشْرِيْ وَمَوْقِفِي إِذَا مَـا بَـدَتْ لِـلـنّـاظِرِين خُطُوبُ

یہیں وہ لوگ ہیں جو میدان حشر میں میرے سفارشی ہونگے جس وقت آنکھیں عذاب وعقاب کے ہولناک مناظر دیکھیگی

**تشریح:** امام شافعیؒ نے مذکورہ بالا اشعار میں ١٠، محرم الحرام ٦١ھ مطابق ٦٨٠ء م بروز جمعہ؛ عراق میں؛ کوفہ سے قریب ؛کربلا کے مقام پر واقع ہونے والے اسلامی تاریخ کے جانکاہ واقعہ کا دلدوز وجانسوز انداز میں تذکرہ فرما کر؛ امت کو حبّ اٰل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو لازم پکڑنے اور اسمیں کوتاہی برتنے والے سے کنارہ کش رہنے کی دعوت دی ہے، فی الواقع سیدنا حسین بن علیؓ کی شہادت کا جان گسل سانحہ اپنے اندر بے شمار دروس وعبر اور مصالح وحکم لئے ہوئے ہے، یہ وہ واقعہ ہے جو صدیاں گذرنے کے باوجود؛ آج تک کل کے واقعہ کی طرح ذھن ودماغ میں مستحضر اور بچے وبوڑھے کی زبان پر جاری ہے، نہ گردش ایام سے اسکا غم ہلکا ہوا نہ تقلب لیل ونہار اسے گذرا بسرا اور پرانا کر سکا، ⇦

---

٦۔ **غَارَتْ:** غَارَتْ وَغَوَّرَتِ الشمس أو النّجوم او النّهارُ، سورج کا ڈھل جانا، ستاروں کا ڈوب جانا۔
**هُتِّکَ:** هَتَکَ (ض) هَتْكاً، السَّتَر ونحوه، پردہ پھاڑنا، بےعزتی کرنا، هتک الله سَتَر الفاجر، اللہ تعالی بدکار کو ذلیل ورسوا کرے.
٧۔ **يُغْزٰى:** غَزَى يَغْزُو غَزْواً، لڑنے کے لئے نکلنا، الغَزوَةُ، لڑائی، ج، غَزَوَاتٌ، الغَازِى، لڑنے والا، ج، غُزَاةٌ. ٨۔ **خُطُوبٌ**: الخَطْبُ کی جمع، حالت، عام طور پر ناپسندیدہ معاملہ کے لئے مستعمل ہوتا ہے.

تاریخ کے ہر دور میں یہ واقعہ شعراء کی جولان گاہ بھی رہا اور کتّاب وادباء کی قلم کا موضوع بھی، عاشقان رسول ﷺ کی آنکھوں سے خون کے آنسوں بھی بہاتا رہا ہے اور محبین آل رسول ﷺ کی محبت کو گرماتا بھی رہا، اور ایسا کیوں نہ ہوتا! جبکہ شریعت مطہرہ نے آل رسول ﷺ سے محبت کو ایمان کا جزء قرار دیا ہوا اور اہل بیت نبوی ﷺ سے تعلق بنائے رکھنے کی خود رسول اللہ ﷺ نے وصیت فرمائی ہو، ارشاد نبوی ہے " إنّي تارک فيكم ما إن تمسّكتم به لن تضلوا بعدی، أحدهما أعظم من الآخر ، كتاب الله حبل ممدود من السماء إلى الأرض وعترتی اهل بيتی، ولن يتفرّقا حتى يردا علىّ الحوض فانظروا كيف تخلفونی فيهما" (رواه الترمذی) حبّ اہل بیت کے بارے میں ارشاد نبوی ﷺ ہے "احبّوا الله لِما يغذوكم من نعمه وأحبونی لحبّ الله وأحبّوا أهل بيتی لحبّی" (رواه الترمذی) ایک روایت میں تو آپ ﷺ اہل بیت کی مثال سفینۂ نوح سے دی ہے کہ جو اسمیں سوار ہو گیا نجات پا گیا اور جو دور رہا ہلاک ہو گیا، ارشاد ہے " ألا إن مثل اهل بيتی فيكم مثل سفينة نوح، من ركبها نجا ومن تخلّف عنها هلک" (رواه احمد) اللہ تعالیٰ ہمیں رسول ﷺ اور آل رسول ﷺ کا عشق حقیقی عطا فرمائے اور گستاخ رسول ﷺ کے زمرے میں شامل ہو کر دنیا وآخرت میں ہلاک وبرباد ہونے سے بچائے۔ آمین۔

اردو کے ایک شاعر نے اس مضمون کو اپنے حکیمانہ شعر میں اسطرح پرویا ہے۔

ع: قتل حسینؓ اصل میں مرگ یزید تھا
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

# قافِيَةُ التّاءِ

## النّاسُ دَاءٌ

قال الإمام الشافعیؒ ، يصف سمّو أخلاقه وهی عنوان الآداب الإسلامية والإنسانية المثلی:

١ لَمَّا عَفَوْتُ وَلَمْ أَحْقِدْ عَلٰی أَحَدٍ … أَرَحْتُ نَفْسِي مِنْ هَمّ العَدَاوَاتِ
جب میں نے معافی دینے کی عادت بنالی اور کسی سے کینہ نہیں رکھا … تب میں نے اپنی ذات کو عداوتوں کے غم سے نجات دلادی

٢ إِنِّی أُحَيِّی عَدُوِّی عِنْدَ رُؤْيَتِهِ … لِأَدْفَعَ الشَّرَّ عَنِّي بِالتَّحِيَّاتِ
میں دشمن کو بھی سلام کرتا ہوں جب اسے دیکھتا ہوں … تاکہ سلام کی برکت سے اسکے شر کو دور کرسکوں

٣ وَأُظْهِرُ البِشْرَ لِلإِنْسَانِ أُبْغِضُهُ … كَمَا إِنْ قَدْ حَشَا قَلْبِی مَحَبَّاتِ
میں ناپسندیدہ انسان کے سامنے بھی بشاشت کا اظہار کرتا ہوں … گویا میرے دل میں اسکے لئے محبتیں بھری ہوئی ہو

٤ النَّاسُ دَاءٌ وَدَاءُ النَّاسِ قُرْبُهُمُ … وَفِي اعْتِزَالِهِمْ قَطْعُ المَوَدَّاتِ
لوگ ایک قسم کا مرض ہے جو کثرت اختلاط سے پیدا ہوتا ہے … تاہم بالکلیہ الگ ہوجانا قطع رحمی کا سبب بنتا ہے

٥ وَلَسْتُ أَسْلَمُ مِنْ خِلٍّ يُخَالِطُنِي … فَكَيْفَ أَسْلَمُ مِنْ أَهْلِ العَدَاوَاتِ
میں ملنے جلنے والے دوستوں سے اپنے آپکو محفوظ نہیں پاتا … پھر دشمنوں سے اپنے آپکو کیسے سلامت محسوس کروں؟

٦ وَأَحْزَمُ النَّاسِ مَنْ يَلْقٰی أَعَادِيهِ … فِی جِسْمِ حِقْدٍ وَثَوْبٍ مِنْ مَوَدَّاتِ
عقلمند آدمی وہ ہے جو اپنے دشمنوں سے بھی … دل کی ناراضگی کے باوجود خندہ پیشانی سے ملے

---

١ـ أَحْقِدُ: حَقَدَ (ض) حِقداً وحَقْداً وَحَقِدَ(س) حَقْداً وتَحَقَّدَ، عليه، کینہ رکھنا، بغض رکھنا، صفت، حاقِدٌ، ج، حَقَدَة. العَدَاوَاتِ: العَدَاوَةُ کی جمع، دشمنی. ٢ـ أُحَيِّ: حَيَّاهُ، تَحِيَّةً، کسی کو حَيَّاکَ اللّٰه کہنا، سلام کرنا. ٣ـ البِشْرَ : خندہ پیشانی، کشادہ روئی. حَشَا: حَشَا(ن) حَشْواً وَإِحْتَشٰی، إِحْتِشَاءً، بھرجانا، الوسادة بالقطن، تکیہ میں روئی بھرنا، الرُمَّانة بِالحَبِّ، انار دانوں سے پر ہوگیا.
٤ـ خِلٌّ: الخُلُّ، گہرا دوست، م، خَلّة، ج، اخلال. الخليل، خالص دوست، ج، اَخِلَّاءِ وخُلَّانٌ، م، خَلِيُلَةٌ، ج، خَلِيُلاتٌ وخَلائِلُ
٥ـ أَحْزَمُ: حَزُمَ(ک) حَزْماً وَحَزَامَةً، پکے ارادہ والا ہونا، مستقل مزاج ہونا، صفت، حَازِمٌ، ج، حُزَمَاء.

**تشریح :** اسلام اخلاقی قدروں کی تکمیل کے لئے نازل ہونے والا آخری وعالمگیر مذہب ہے، اسلام ہی نے " فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الجَمِيْل "( الحجر : ۸۵) کی تعلیم دی ہے اور اسلام ہی نے "صل من قطعک واعف عمّن ظلمک وأحسن إلى من أساء اليک " (رواه الترمذی) کی ہدایت فرمائی ہے، عداوت کا جواب محبت سے دینا اور نفرت کرنے والوں سے پیار کرنا آپ ﷺ کا امتیازی وصف تھا۔ غیروں سے امن کا معاہدہ کرنا اور مسلمانوں میں بھائی چارہ قائم فرمانا بھی اسی سلسلے کی کڑیاں ہیں، اسلام ہی کی مقدس تعلیمات نے نفرت، کینہ اور بغض وعداوت سے بھرے ہوئے قلوب کو ہمدردی، ایثار، خلوص اور تناصر وتعاون کے پاکیزہ جذبے سے معمور کردیا اور دم توڑتی انسانیت؛ اسلام کے سایۂ رحمت میں پنپنے لگی، اگر دشمنوں سے پیار کرنے کی تعلیم نہ دی جاتی تو دنیا عداوتوں سے بھر جاتی اور درندوں اور انسانوں میں تمیز باقی نہ رہتی، اُنس ومحبت کو زندہ رکھنے والی اور نفرت کی جڑیں کاٹ کر شجر محبت کی آبیاری کرنے والی اسی عمدہ خصلت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ دشمن کو معافی دے کر اسکے لئے دل میں پیدا ہونے والے حسد اور کینہ کو نکال دینا؛ جہاں دشمن پر احسان اور اسکی اصلاح کا مؤثر ذریعہ ہے وہیں اپنی ذات کو بھی راحت وآرام پہونچانیکا بہترین وسیلہ ہے، کیونکہ جسطرح ایک انسان دوستوں کی تعداد بڑھا کر ہر دل عزیز بنتا ہے اور انکے تعاون سے اپنے امور کو آسانی سے پایۂ تکمیل تک پہونچاتا ہے؛ اسی طرح دشمنوں کی تعداد بڑھا کر مبغوض بنتا ہے اور امور کی انجام دہی میں رکاوٹیں محسوس کرتا ہے، پھر امام شافعیؒ آخری تین شعر میں مذہب اسلام کے محبت وعداوت کے معتدل نقطۂ نظر کو حکمت بھرے انداز میں پیش کرتے ہوئے فرماتے ہیں؛ کہ ایک مسلمان کو لوگوں سے اختلاط واحتراز دونوں میں اعتدال کا دامن مضبوطی سے تھامے رکھنا چاہئے، افراط وتفریط کبھی نہ کبھی کہیں نہ کہیں مضر ثابت ہوسکتی ہے، حدیث شریف میں ہے " أحبب حبيبک هونا، ما عسىٰ أن يكون بغيضک يوماما، وأبغض بغيضک هونا، ما عسى أن يكون حبيبک يوماما" (رواه الترمذی) عوام الناس سے کثرت اختلاط بھی نہ رکھے کہ مطلوبہ وقار باقی نہ رہے اور مکمل اعتزال بھی نہ کرے کہ افادہ استفادہ کا ربط بھی ختم ہوجائے، مؤمنانہ فراست وبصیرت کو کام میں لاتے ہوئے بین بین معاملہ کرتا رہے اور فائدہ پہونچانے اور نقصان سے بچنے کی تدبیر بھی مدنظر رکھے۔

## لَيُس عِنُدِی ...

**قال الإمام الشافعیؒ، معبّرا عن ألمه،إذا عجز عن إسعاف ذوی الحاجة، من أهل المروئات:**

۱ **يَـالَهُفَ نَفسِي عَلٰى مَالٍ أُفَرِّقُهُ ۔۔۔ عَلَى الـمُـقِلِّيـنَ مِنُ أَهُلِ المُرُوءَ اتِ**

ہائے افسوس ایسے مال کے فقدان پر ۔۔۔ جو میں اہل مروّت فقراء پر تقسیم کرسکوں

۲ **إِنَّ اعُتِذَارِی إِلٰی مَنُ جَاءَ يَسُأَلُنِي ۔۔۔ لَيُسَ عِنُدِی لَمِنُ إِحُدَی المُصِيبَاتِ**

میں سائل کو معذرت خواہانہ انداز میں ۔۔۔ "لیس عندی" کہوں یہ ایک بڑی مصیبت ہے

**تشــریح :** سخاوت اسلام کی فطری زینت اور امتیازی وصف ہے، یہ وہ اخلاق ہے جسمیں دنیا کا کوئی سماوی یا ارضی مذھب یا تہذیب اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا، اللہ کے رسول ﷺ نے اپنی زندگی میں کبھی کسی سائل کو انکار میں جواب نہیں دیا۔ شاعر اسلامی؛ حسان بن ثابت الانصاریؓ اپنے البیلے انداز میں فرماتے ہیں۔

**مـاقـال لا قـط إلاّ فـی تشهّده ۔۔۔ لـو لا التّشـهـد كانت لاء ه نعم**

اسلامی تاریخ کا ہر ہر صفحہ مسلمانوں کی بے مثال سخاوتوں کی داستانوں سے معمور ہے اور یہ نہ منقطع ہوئے والا سلسلہ آج تک جاری وساری ہے۔ اور کیوں نہ ہوتا! جبکہ اسلام نے اپنی بنیاد جن چار ستونوں پر ڈالی ہے؛ انمیں سے دو کا تعلق انفاق مال سے ہے؛ جسمیں لازما ایک مسلمان کو رضاء خداوندی کے لئے مال خرچ کرنیکا پابند کیا گیا ہے، پھر قرآن کریم نے تو" يَسـئَـلُـونَکَ مَـاذَا يُنُفِقُونَ قُلِ العَفُوَ"(البقرة: ۲۱۹) جیسی ھدایت فرما کر مؤمن کے قلب میں وصف سخاوت کو راسخ کرنے اور مال کی محبت کم کرنے کا مؤثر علاج فرمایا ہے، سیدنا ابوبکرؓ کا اپنے گھر کو جھاڑو دے دینا اسی آیت پر عمل کی کامل تمثیل ہے۔ ⇦

---

۱۔ **اللَّهُفُ:** لَهِفَ (س) لَهُـفاً، علی مافات، کھوئی ہوئی چیز پر افسوس کرنا، صفت، لَهِيفٌ، و لَهِفٌ، افسوس کے وقت کہا جاتا ہے، وَا لَـهُفَاه، وَا نَفَسَاه، وَا أُمّيَاه.

**المُقِلِّينَ:** مُقِلُ کی جمع، فقیر، کم مال والا۔ **المُرُوء ات:** الـمُرُوء ةُ کی جمع، ایسا ملکہ جو انسان کو محاسن اخلاق پر ابھارے، مَرأَ (ک)، مُرُوءَ ةً مُرِوّت والا ہونا۔

مالی عبادت اور سخاوت کی بے مثال فضیلت کو پانے کے لئے ؛مؤمن کے قلب میں انفاق فی سبیل اللہ کی خواہش اور جذبہ کا بیدار ہونا ایک فطری بات ہے۔اسی فطرت کی ترجمانی کرتے ہوئے امام شافعیؒ مذکورہ بالا اشعار میں سائل کی ضرورت پوری نہ کر سکنے پر؛ افسوس کا اظہار فرماتے ہوئے کہتے ہیں کہ کاش میرے پاس اتنا مال ہوتا کہ میں ضرورت مندوں کی ضرورت پوری کر سکتا! اسلئے کہ سائل بامروت کو معذرت کرتے ہوئے " لیس عندی" کہنا طبیعت پر شاق گذرتا ہے۔

پھر حصول مال کی خواہش یہاں قابل اعتراض ہرگز نہیں، اسلئے کہ وہ طلب دنیا کے لئے نہیں، طلب آخرت کے لئے ہے اور اسلئے کہ یہ خواہش محض ہی خواہش کرنے والے کو " نيّة المؤمن أبلغ من عمله " کی وجہ سے انفاق فی سبیل اللہ کا مکمل اجر دلانے والی بھی ہے، اسکے ساتھ ساتھ احادیث میں فقراء مسلمین کو اغنیاء مسلمین کے انفاق فی سبیل اللہ کے ثواب تک پہونچنے کی اور بھی شکلیں بتائی گئی ہے مثلاً " تبسّمك في وجه أخيك لك صدقة". فقیر مؤمن شریعت مطہّرہ کی ان ہدایات پر عمل کر کے مالدار مؤمن کے مرتبہ کو پاسکتا ہے۔

# كَبِّرْ عَلَيهِ

قال الإمام الشافعیؒ ، يدعو إلى تحمّل صعاب التعلّم ؛ دفعا لذلِّ الجهل؛ ووطأته فی الحياة:

١ إِصْبِرْ عَلٰى مُرِّ الجَفَا مِنْ مُعَلِّمٍ — فَإِنَّ رُسُوبَ العِلْمِ فِی نَفَرَاتِهِ

استاذ کی کڑوی کسیلی پر صبر کر — اس لئے کہ علم کی پختگی اسکی ڈانٹ ڈپٹ میں ہے

٢ وَمَنْ لَمْ يَذُقْ مُرَّ التَّعَلُّمِ سَاعَةً — تَجَرَّعَ ذُلَّ الجَهْلِ طُولَ حَيَاتِهِ

جسنے حصول علم کی چندے سختی برداشت نہیں کی — وہ مدت العمر ذل جہالت کے گھونٹ پیتا رہیگا

٣ وَمَنْ فَاتَهُ التَّعْلِيمُ وَقْتَ شَبَابِهِ — فَكَبِّرْ عَلَيْهِ اَرْبَعاً لِوَفَاتِهِ

جسنے جوانی میں تعلیم حاصل نہیں کی — اس پر حصول علم کی اصل عمر گذرنے کی وجہ سے چار تکبیریں پڑھ دو

٤ وَذَاتُ الفَتٰى وَاللّٰهِ بِالعِلْمِ وَالتُّقٰى — إِذَا لَمْ يَكُونَا لاَ اعْتِبَارَ لِذَاتِهِ

نوجوانوں کا اصلی زیور بخدا علم وتقوی ہے — جب یہ دونوں نہ ہوتو بقیہ چیزوں کا کوئی اعتبار نہیں

**تشریح :** قرآن کریم نے اہل علم کی فضیلت کو حصر کے انداز میں اسطرح واضح فرمایا ہے "إنّما يخشى الله من عباده العلماء" (الفاطر:۲۸) اورحدیث میں "فضل العالم على العابد كفضلي على أدناكم " (رواه الترمذی) کے ذریعہ عابد اور عالم کے فرق کو واضح کیا گیا ہے۔علم اللہ تعالی کی صفت ہے، جبکہ عبادت بندے کا وصف ہے اور ایک عالم پر علم کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی اس صفت کا عکس پڑتا ہے۔

ظاہر ہے کہ علم جیسی عظیم صفت سے متصف ہونا، جس سے انسان مسجود ملائکہ وخلیفۃ اللہ فی الأرض بنا؛ اتنا آسان نہیں ہوسکتا، اسلئے کہ عظمتوں کے حصول کا راستہ مشقتوں سے بھرا ہوا ہوتا ہے۔ ⇦

١ـ **المُرُّ**: کڑوا، الحُلوُ کی ضد، مرّ(س،ن) مَرَارَةً،کڑوا ہونا، تلخ ہونا. **الجَفَا**: جَفَا(ن) جَفْواً وَجَفَاءً ، صاحبہ، اعراض کرنا، بدسلوکی سے پیش آنا،صفت، جَافِي، ج، جُفَاةٌ، مؤنث، جَافِيةٌ،ج، جَافِيات.

**رُسُوبَ**: رَسَبَ(ن،ک) رُسُوباً وَرَسَباً، الشيئ في الماء، پانی کی تہ میں چلا جانا، یہاں مراد علم کا سینہ میں اترنا ہے، الرَّاسِبُ والرَّسُوبُ من الرّجال، حلیم وبردبار،ثابت قدم۔

٢ ـ **تَجَرَّعَ**: جَرَّعَ المَاءَ، پانی تھوڑا تھوڑا پینا، جَرَّعَهُ المَاء، گھونٹ گھونٹ کرکے پلانا۔ قرآن میں ہے ﴿يَتَجرَّعُهُ وَلَا يَكَادُ يُسِيغُه﴾

شاعر کہتا ہے۔

من طلب العلی من غیر کدّ　　أضاع العمر فی طلب المحال

موسی علیہ الصلوۃ والسلام کا حصول علم کے لئے مجمع البحرین کا مشقت بھرا سفر اور کڑی شرائط والی شاگردی؛ حصول علم کے راستے کی دشواری کی بہترین مثال ہے، صحابہ کرامؓ، ائمہ حدیثؒ اور علماء راسخینؒ کی حصول علم کی مشقتیں تاریخ کی واجب تقلید داستانیں ہیں، کسی حکیم کا مقولہ ہے۔ ''ماں کا دودھ بچے کہ لئے، بارش کا پانی کھیتی کے لئے اور استاذ کی سختی طالب علم کے لئے یکساں مفید ہے''

مغرب کا بغیر سختی کے تعلیم کا اسلوب جدید اپنی جگہ! اور جہاں تک اس طریقہ سے کام چل سکتا ہو اسکی رعایت کرنا بھی مفید و بہتر! تاہم جس تعلیم میں شیطان زیادہ دخیل ہوتا ہو اور جس تعلیم سے روکنا اسکا اعلیٰ ترین مشغلہ ہو اس تعلیم میں شیطان کی اسکیم کو فیل کرنے کے لئے اگر حکمت آمیز سختی اور تأدیبی شدت کے ذریعہ مقصد پورا ہوسکتا ہو تو ثانوی درجہ میں وہ طریقہ اختیار کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہونا چاہئے ''علّموا الصبیّ الصلوٰۃ ابن سبع سنین ، واضربوہ علیھا ابن عشرۃ''(رواہ الترمذی) اور ''والّٰتِی تَخَافُونَ نُشُوزَھُنَّ فَعِظُوھُنَّ وَاھُجُرُوھُنَّ فِی المَضَاجِعِ وَاضرِبُوھُنَّ'' (النساء: ۳۴) سے تأدیبا شدت کی گنجائش ثابت ہے، تاہم حد بندی کی رعایت اور نفس کے کڑے محاسبہ کے ساتھ جو ابتدائی مرحلے میں یقیناً حاصل نہیں ہوتا اور تجربہ کے بعد کبھی کبھار کے علاوہ اسکی نوبت بھی نہیں آتی۔ امام شافعیؒ نے مذکورہ اشعار میں اسی حقیقت کا انکشاف کیا ہیکہ؛ جو آدمی عمر بھر کی ذلت سے بچنا چاہتا ہو اسے چاہئے کہ حصول علم کی چند دنوں کی مشقت برداشت کرلے اسلئے کہ بقول سعدی، ''چوں جاہل کسے در جہاں خوار نیست''....

آگے حکمت بھرے انداز میں فرماتے ہیں کہ جسنے جوانی کے ایام میں علم حاصل نہیں کیا اے مخاطب! تو اسپر نماز جنازہ والی چار تکبیریں کہہ دے؛ اسلئے کہ جہالت نے اسکو حقیقی موت سے پہلے مجازی موت سے ماردیا، کیونکہ علم کے بغیر اسکی زندگی میں اصلی و حقیقی حیات کے آثار نمودار ہونے کی امید اب ختم ہوچکی ہے، اب وہ اس سوکھے تنے کی طرح ہوگیا ہے جسکی آبیاری بھی اسے برگ و بار والا نہیں کرسکتی۔

## مَنْ لِی بِهَذَا ؟

قال الإمام الشافعیؒ، يصف شمائل الإخوان الصادقين والأصدقاء الأوفياء القائمين بالودّ والثقة:

١ أُحِبُّ مِنَ الإخوَانِ كُلَّ مُوَاتِی وَ كُلِّ غَضِيضِ الطَّرْفِ عَنْ عَثَرَاتِي

میں ہراس دوست کو پسند کرتا ہوں جومیری موافقت کرے اورمیری لغزشوں پرچشم پوشی سے کام لے

٢ يُوَافِقُنِي فِی كُلِّ أَمْرٍ أُرِيدُهُ وَيَحْفَظُنِیْ حَيًّا وَبَعْدَ مَمَاتِی

جوہرکارخیر میں میری موافقت کرنے ولا ہو اورزندگی اورموت کے بعدعیب جوئی سے محفوظ رکھنے والا ہو

٣ فَمَنْ لِیْ بِهَذَا؟ لَيْتَ أَنِّی اَصَبْتُهُ لَقَاسَمْتُهُ مَالِی مِنَ الحَسَنَاتِ

ہےکوئی جوایسادوست لا وے؟اگرایسادوست مل جائے تو میں اپنی ساری نیکیاں اسکے ساتھ تقسیم کرلوں

٤ تَصَفَّحْتُ إِخْوَانِي فَكَانَ أَقَلَّهُمْ عَلٰی كَثْرَةِ الإِخْوَان أَهْلُ ثِقَاتِی

میں نےجستجو کی توباوجوددوستوں کی کثرت کے ان میں اعتماد کے قابل بہت تھوڑے پائے

**تشریح :** مخلص احباب کا میسر ہونا، جہاں انسان کی ضرورت ہے وہاں مخلص دوست کی پہچان حاصل ہونا بھی انسان کی اہم ضرورت ہے؛ تاکہ انسان وفادار دوست حاصل کرسکے اور بے وفا دوستوں سے بچ سکے، کسی حکیم نے کہاہیکہ حقیقی دوست مصیبت میں سامنے آتے ہیں اور راحت میں پوشیدہ رہتے ہیں؛ جبکہ دسترخوان کے دوست بدلنے کے قابل ہیں۔

⇦

---

١۔ **مُواتِی:** آتَاهُ مُؤَاتَاةً علی الشیء، موافقت کرنا۔

**الغَضِيْضُ:** غَضَّ(ن)غَضاً وغَضَاضاً، طَرَفَهُ أو صَوْتَهُ ، نظریا آوازکوپست کرنا، طَرْفٌ غَضِيْضٌ، پست نگاہ، ج، أغِضَّاءُ، اَغِضَّةٌ، مونث، غَضِيْضَةٌ، ج،غَضَائِضُ.

**الطَّرَفُ:** آنکھ، چیزکا کنارہ، ہرشیئ کی آخری حد، ج،اَطْرَافٌ، قرآن میں ہے ﴿قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ عِيْن﴾.

**عَثَرَاتٌ:** العَثْرَةُ کی جمع لغزش، ج،عَثَرَاتٌ.

**تَصَفَّحْتُ:** تَصَفَّحَ الشيءَ، غورسےسوچنا،دیکھنا، القوم، حالات میں غوروفکرکرنا.

ایک حکیم نے کسی سے بھی دوستی کا معیار اسکا اپنے والدین سے سلوک بتایا ہے؛ اگر وہ والدین کا بار (فرمابردار) ہے تو دوستی کرو، عاق (نافرمان) ہے تو نہیں! کیونکہ تم ایک دوست ہونیکے ناطے اسپر اتنا احسان نہیں کرسکو گے جتنا اسکے والدین نے کیا ہے اور پھر بھی وہ والدین جیسے عظیم محسنین کا احساس بھول گیا تو تمہارا کیا یاد رکھیگا؟ اور یہ حقیقت ہیکہ "إخوان الصّفا" کے اوصاف کے حامل احباب قدر قلیل ہی ملتے ہیں اور وہ بھی درنایاب کی طرح ڈھونڈھنے سے۔

امام شافعیؒ اسی بات کو مخصوص انداز میں بیان فرماتے ہیں کہ میں لغزشوں سے صرف نظر کرنے والے اور موت وحیات میں میری عزت وناموس کی حفاظت کرنے والے دوست ہی کو پسند کرتا ہوں، اگر ایسا دوست مل جائے تو میں ہر قیمت پر اس سے نباہ کرنے کو تیار ہوں مگر افسوس؛ کہ تلاش بسیار کے باوجود مجھے قابل اعتماد دوست بہت کم حاصل ہوئے، اور اکثروں سے بے وفائی کا تجربہ ہوا۔ اردو کا ایک شاعر اس مضمون کو اسطرح ادا کرتا ہے۔

دوست یہاں تھوڑے ہیں اور بھائی بہت　　آرہی ہے چاہ یوسف سے صدا

آپ ﷺ نے ایک حدیث میں مؤمن کامل اور قابل اعتماد ساتھی کے یہ اوصاف ذکر فرمائے ہیں " المسلم أخو المسلم ، لایظلمه ولایخذله ولایحقره " (رواہ مسلم)

# آلُ النَّبِيِّ ذَرِيْعَتِي ...

**قال الإمام الشافعیؒ، يذكر توسّله بآل بيت النبی ﷺ ورجائه المعقود عليهم:**

١ آلُ النَّبِيِّ ذَرِيْعَتِي وَهُمُوْ إِلَيْهِ وَسِيْلَتِي

نبی کریم ﷺ کی پاک اولاد میری نجات کا ذریعہ ہیں اور انہیں کو حق تعالیٰ کے حضور میں اپنا وسیلہ مانتا ہوں

٢ أَرْجُو بِهِمْ أُعْطَى غَداً بِيَدِي اليَمِيْنِ صَحِيْفَتِي

میں امید کرتا ہوں کہ کل قیامت کے دن انہیں کے وسیلہ سے مجھے میرا نامۂ عمل داہنے ہاتھ میں دیا جائیگا۔

**تشریح:** اللہ تبارک وتعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ سے محبت، ایمان میں ترقی وکمال پیدا کرتی ہے؛ اسلئے کہ محبت، محبوب کے حکموں کی اطاعت، محبوب کی رضاجوئی بلکہ ادا پر فدا ہونے کا نام ہے۔ پھر محبت میں درجہ بدرجہ آگے بڑھنا آخرت کی کامیابی کے منازل طے کرنے کا بہترین وسیلہ ہے۔ یہی وہ مقبول عمل ہے جو بالآخر عاشق کو معشوق سے ملا ہی دیتا ہے، جانبین سے شوق دید کا یہ لازمی نتیجہ اور ماحصل ہے۔ آپ ﷺ کا ارشاد ہے " أحبّوا اللّه لما يغذوكم من نعمهِ ، وأحبّوني بحُبِّ الله، وأحبّوا اهل بيتي بحبّي" (رواه الترمذی) امام شافعیؒ نے مذکورہ دوشعر میں اسی فرمان رسول ﷺ کی ترجمانی کی ہے، کیونکہ اہل بیت کی محبت متقاضی ہے رسول اللہ ﷺ کی محبت کی اور رسول ﷺ کی محبت ذریعہ ہے اللہ تعالیٰ کی محبت کے حصول کا اور حق تعالیٰ کی محبت وسیلہ ہے اخروی سرخروئی کا، جسکی تأیید ایک اور روایت سے بھی ہوتی ہے " عن أنس، أن رجلا قال يا رسول الله، متى السّاعة ؟ قال ويلک ما أعددتَ لها ؟ قال ماأعددتُ لها الاّ أنيّ أحبّ اللّه ورسوله، قال أنت مع من أحببت " (متفق عليه) اور ظاہر ہے عشق ومحبت کا یہ عمل کمال اطاعت وبندگی کرواکر عاشق ومحبّ کو محبوب ومعشوق والی جنت یا درجہ میں یقیناً لے جائیگا۔ اسلئے کہ آپ ﷺ نے حدیث مذکور میں خود معیت کو ذکر فرمایا ہے۔

---

١۔ **الذَّرِيعَةُ:** ذَرَعَ (ف) ذَرْعاً وذَرِعَ (س) ذَرَعاً، عند الرّجل وإليه ، سفارش کرنا، الذريعة، وسیلہ، ج، ذَرَائِعُ. **وَسِيلَتِي:** وَسَلَ (ض) وَسِيلَةً، إِلَى اللّهِ بِعَمَلٍ أَوْوَسِيْلَةٍ، کسی عمل یا ذریعہ سے اللہ کا تقرّب حاصل کرنا، الوَسِيلةُ، ذریعہ، تقرّب، ج، وَسِيلٌ، وَسَائِلُ، وُسُلُ .

٢۔ **الصَّحِيفَةُ:** ج، صَحَائِفُ وَصُحُفٌ، لکھا ہوا ورق، کاغذ، دفتر، صَحِيفَةُ الوَجهِ، چہرہ کی کھال، کہا جاتا ہے، صُنْ صَحِيفَةَ وَجْهِكَ، اپنی آبرو محفوظ رکھو.

# أَفْضَلُ النّاسِ

**یقول الإمام الشافعیؒ، فی الحضّ علی المکارم ومحامد النّفس:**

١ النَّـاسُ بـالـنَّـاسِ مَـادَامَ الحَیَاةُ بِهِمُ ‏ وَالسَّـعـدُ لاَشَکَّ تَـارَاتٌ وَهَبَّـاتُ

لوگ حاجات زندگی میں ایک دوسرے سے وابستہ ہیں ‏ اور سعادتمندی کبھی کبھی، کہیں کہیں ہاتھ لگ جاتی ہے

٢ وَأَفْـضَـلُ الـنَّـاسِ مَابَیْنَ الوَرٰی رَجُلٌ ‏ تُـقْـضٰـی عَـلٰـی یَـدِهٖ لِلنَّاسِ حَاجَاتُ

انسانوں میں سب سے افضل انسان وہ ہے ‏ جسکے ہاتھوں لوگوں کی حاجتیں پوری ہوتی ہوں

٣ لاَ تَـمْـنَـعَـنَّ یَـدَ الـمَعْرُوفِ عَنْ أَحَدٍ ‏ مَـادُمْـتَ مُـقْتَـدِراً فَـالسَّعْدُ تَـارَاتُ

جب تک قدرت ہوکسی سے بھلائی کا ہاتھ مت روک ‏ اس لئے کہ نیک بختی گاہے گاہے میسّر ہوتی ہے

٤ وَاشْـکُـرْ فَـضَـائِلَ صُنْعِ اللّٰهِ إِذْ جُعِلَتْ ‏ إِلَیْـکَ لاَ لَـکَ عِـنْـدَ الـنَّـاسِ حَاجَاتُ

اللہ تعالیٰ کی تقسیم کا شکر گذار بن اسلئے کہ اسنے ‏ لوگوں کی حاجتیں تجھ سے وابستہ کیں نہ کہ تیری لوگوں سے

٥ قَـدْ مَـاتَ قَـوْمٌ وَمَـامَـاتَتْ مَکَارِمُهُمْ ‏ وَعَـاشَ قَـوْمٌ وَهُـمْ فِـی الـنَّـاسِ أَمْوَاتُ

کچھ لوگ انتقال کر گئے مگر انکے اچھے اخلاق نے انہیں زندہ رکھا ‏ اور کچھ لوگ زندہ ہیں مگر انکی حیثیت مردہ لاش کی ہے

**تشریح :** گرتے کو سنبھالنا، حاجتمند کی حاجت پوری کرنا اور اپنے پرائے کے ساتھ مکارم اخلاق سے پیش آنا؛ تعلیمات اسلامیہ کے اہم عناوین ہیں، پہلی وحی کے نزول پر ام المؤمنین سیدۃ خدیجۃ الکبریٰؓ نے آنحضرت ﷺ کو تسلی دیتے ہوئے جو الفاظ کہے، اسمیں آپکے انہیں اوصاف کو ذکر فرمائے ہیں، فرماتی ہیں " کلاّ واللّٰه لا یخزیک اللّٰه أبدا، إنّک لتصل الرّحم، وتصدق الحدیث، وتحمل الکلّ، وتکسب المعدوم، وتقری الضّیف، وتعین علی نوائب الحق" (متفق علیه) ⇦

---

١۔ **السَّعْدُ:** برکت، خوش نصیبی، ج، اَسْعُدٌ وسُعُودٌ. **تَارَاتٌ:** تَارَةٌ کی جمع، کہا جاتا ہے تَارَةً بَعْدَ تَارَةٍ باری باری، یکے بعد دیگرے، کبھی کبھی.

**هَبَّاتٌ:** هَبَّةٌ کی جمع، زمانہ کی ایک مدّت، ایک مرتبہ.

٣۔ **المعروف:** م، احسان، خبر مشھور، رزق، بھلائی.

٥۔ **مَکَارِمُ:** مَکْرُمَةٌ کی جمع، کریمانہ فعل، اچھے اخلاق.

ٹھک یہی الفاظ مکہ والوں کی ایذا رسانی پر، ہجرت کے ارادے سے نکل کر جانے والے، سیدنا ابوبکر صدیقؓ کے بارے میں بھی قارۃ قبیلہ کے سردار ابن دغنۃ نے بھی ذکر فرمائے اور انہیں اپنی امان پر مکہ مکرمہ واپس لے آیا، اسلام کا اجتماعی نظام اور اسکے معاملات، معاشرت و اخلاق کے قوانین وضوابط اسی مقصد کی تکمیل کے لئے ہے۔

امام شافعیؒ مذکورہ اشعار میں خدمت خلق کے اسی عظیم الشان وصف کو اختیار کرنے اور موقع کو غنیمت سمجھتے ہوئے کار خیر کر گذرنے کی دعوت دیتے ہوئے فرماتے ہیں؛ کہ اللہ تعالی نے دار دنیا میں انسانوں کی حاجات کو ایک دوسرے سے وابستہ فرمادیا ہے۔ غریب کی امیر سے، بیمار کی تندرست سے، کمزور کی قوی سے، عورت کی مرد سے، حاجتمند کی غنی سے، رعیت کی راعی سے اور ہر ادنی حال کی اعلیٰ حال سے، پھر اعلیٰ حال کو ادنیٰ حال کی خبر گیری و دست گیری کا ضامن بھی بنایا ہے اور اس ذمہ داری کو اکمل طریق پر نبھانے والے کو اپنا محبوب بندہ ذکر فرمایا ہے، پس وہ انسان جسکو حق تعالیٰ نے فریق ثانی یعنی اعلی حال میں شامل فرمایا، اسے چاہئے کہ فریق اول کی خدمت و شفقت میں یہ سوچتے ہوئے ذرّہ برابر کسر نہ اٹھا رکھے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے محتاج بنا کر میری ضرورت کی تکمیل دوسروں سے وابستہ کرنے کے بجائے؛ دوسرے کی حاجت براری کے لئے مجھے استعمال فرمایا اور خلق خدا کی خدمت کا موقع عنایت فرمایا، تا کہ خدمت خلق و طاعت ربّ کے دوہرے اجر کا مستحق بنے۔

آ گے امام علیہ الرحمۃ نے آخرت کی کھیتی کے بارے میں ایک پتہ کی بات بیان فرمائی کہ انسان کی زندگی میں بھلے ارادے اور کار خیر کے موقع گاھے گاہے میسر آتے ہیں، اگر اللہ تعالیٰ نے عزت، ثروت، صحت، فرصت، عافیت، ہدایت اور سیادت وحکومت جیسے کار خیر کے مواقع فراہم کرر کھے ہوں تو یہ سمجھ کر کہ ''یہ موقعے زندگی میں بار بار آیا نہیں کرتے'' انسان کو دار آخرت کی تیاری میں خوب صرف کرنا چاہئے، ممکن ہے کل انمیں سے کوئی ساتھ چھوڑ دے اور انسان کف افسوس ملتارہ جائے، حدیث شریف میں آتا ہے " إغتنم خمسا قبل خمس، شبابک قبل هرمک، وصحّتک قبل سقمک، وغناک قبل فقرک وفراغک قبل شغلک وحیٰوتک قبل موتک'' (رواه الترمذی)

اخیر میں امام شافعیؒ نے حکمت بھرے انداز میں فرمایا؛ کہ خدمت کے تابندہ نقوش چھوڑنے والا حیات سرمدی کو پالیتا ہے جبکہ صرف اپنے لئے جینے والا زندہ مانند مردہ ہے۔

# قَدْ ضَلُّوا

**رأى الإمام الشافعیؒ ، القضاة اللذين باعوا الدّين بالدّنيا فقال:**

١ قُضَاةُ الدَّهْرِ قَدْ ضَلُّوا فَقَدْ بَانَتْ خَسَارَتُهُمْ

دنیادار قاضی گمراہ ہوگئے انکا خسارہ بالکل واضح ہوگیا

٢ فَبَاعُوْا الدِّيْنَ بِالدُّنْيَا فَمَا رَبِحَتْ تِجَارَتُهُمْ

انہوں نے دین کوحقیر دنیا کے بدلہ بیچ دیا سوانکی تجارت نفع بخش نہیں رہی

**تشریح** : حبّ مال اورحبّ جاہ کہتے ہیں کہ سالک کے قلب سے بہت دیر میں نکلتے ہیں، یہی دونوں وہ عناصر تھے جسنے سرداران مکہ وطائف کواسلام قبول کرنے سے روکا اوراسی نے اہل کتاب کو باوجود اسلام سمجھ میں آجانے کے اسلام سے دور رکھا، مال اور جاہ کی محبت انسان کوظلم وزیادتی ، بے راہ روی، حق تلفی، حتی کہ دین واحکامات دین میں دست درازی وغلط ترجمانی تک پہونچادیتی ہے، اھل کتاب کے احبارورھبان کی انہیں خرابیوں کوقرآن کریم نے بار بار ’’وَيَشْتَرُونَ بِهِ ثَمَنًا قَلِيْلاً‘‘ (البقرة: ١٧٤) جیسی آیات میں ذکرفرمایاہے۔

امام شافعیؒ نے جب اپنے زمانے کے قضاۃ واہل منصب کودنیا کے خاطردین بیچتے ہوئے دیکھا توتڑپ اٹھےاورفرمایا کہ جولوگوں کوصحیح راہ پر چلانیکے ذمہ دار تھے وہ خودگمراہ ہوگئے ، دین کے پیغامبر دین کےسوداگر بن گئے، قانون ساز قانون شکن ہوگئے، دین کی اشاعت کرنے والے دین کی تجارت کرنے لگے۔ رہبر رہزن ہوگئے، امین خائن ہوگئے، اب کس سے امیدلگائی جائے؟ کہاں شکایت کی جائے؟’’چوں کفراز کعبہ برخیزد کجاماند مسلمانی؟‘‘ایسا کرنے والوں کوقرآن کےمخصوص انداز میں امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ ’’خسر الدّنيا والآخرة ذلک هو الخسران المبين‘‘(الحج: ١١) چند روزہ زندگی کےعیش کودائمی وابدی حیات کےعیش واکرام پرترجیح دیناخسران مبین نہیں تواورکیاہے؟ حق تعالیٰ عہدہ ومنصب کےغلط استعمال سے ہماری حفاظت فرمائے،آمین۔

---

١ـ **الخَسَارةُ:** خَسِرَ(س) خَسَارَةً وخُسْرَاناً، نقصان اٹھانا،گمراہ ہونا۔ ہلاک ہونا،صفت، خَاسِرٌ وخَسِيرٌ. ٢ـ **رَبِحَتْ:** رَبِحَ(س) رَبَحاً وَرَبَاحاً، فی تجارته، تجارت میں نفع حاصل کرنا.

# مَا عَطَفُوْا

١ وَأَنْطَقَتِ الدَّرَاهِمُ بَعْدَ صَمْتٍ أُنَاساً بَعْدَ مَا كَانُوا سُكُوتاً

دراہم (مال ودولت) نے کچھ گونگوں کو طویل خاموشی کے بعد گویا کردیا

٢ فَمَا عَطَفُوا عَلٰى أَحَدٍ بِفَضْلٍ وَلاَ عَرَفُوا لِمَكْرُمَةٍ ثُبُوتاً

مگرانہوں نے اس نعمت کوداد ودھش میں خرچ نہیں کیا اور نہ ہی کوئی کارخیر روئے ارض پرثبت کیا

**تشریح:** قرآن کریم میں حق تعالیٰ نے دنیامیں اپنے تصرفات کاایک ضابطہ اس طرح بیان فرمایا ہے ” وَتِلْكَ الْأَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاس “ (ال عمران: ١٤٠) جس طرح اللہ تعالیٰ دن کے منور چہرے پر رات کی تاریک چادرڈال کر دن کوتاریک اوررات کی تاریکی کو پھاڑ کر؛ دن کی روشنی بناتا ہے، اسی طرح امیر وغریب،محتاج وغنی، غالب ومغلوب اور حاکم ومحکوم کی حیثیات میں تبدیلی کرکے؛ ہرایک کو ایک دوسرے کی حالت کوسمجھنے اوراس حالت میں ایک دوسرے کے حقوق کوادا کرنے کی تلقین کرتا ہے، تاکہ دنیا سے فساد وبغاوت دور ہواورتاکہ دنیاقدرت الٰہی وعدل خداوندی کا نظارہ مراراًوتکراراً دیکھکر؛ اسپر یقین کرنے لگےاورتاکہ حقوق کی ادائیگی آسان ہو۔

امام شافعیؒ مذکورہ اشعارمیں ایک تہی دست کوجسکواللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے غنی کردیا۔تنبیہہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ تو فقر وفاقہ کےنشیب وفراز سے واقف اورمحتاجین کی حاجتوں سے آشنا ہونے کے باوجود؛ انکی مدد کی طرف متوجہ نہ ہوااور کبر ونخوت میں مبتلا ہوگیا؟ زمانۂ غربت وغرباءقوم کو بھول گیا؟ فقراءپر جملے کسنے لگا؟ اپنے ماضی سے غافل اور مستقبل یعنی آخرت کوضائع کرنے لگا؟ درہم ودینار کا بندہ بن گیا؟ یہ تجھے زیب نہیں دیتا، تجھے تو ماضی کے تلخ تجربات سے فائدہ اٹھاکر؛ مزید احسان مندی اورمزید قدردانی کی طرف متوجہ ہونا چاہئے تھا؛ تاکہ کل اللہ تعالیٰ کے حضورصبر کے بعد شکر کےامتحان میں بھی کامیابی کاتمغہ حاصل کرتااورشاکروصابربنکرنعمتوں والی جنت میں داخل ہوتا۔

---

١۔ **أَنْطَقَتْ: أَنْطَقَهُ،** گفتگوکرانا،گویا کرنا.

٢۔ **عَطَفُوا: عَطَفَ**(ض)**عَطْفاً وعُطُوفاً، إليه،** مائل ہونا، **عليه**،مہربان ہونا. **العَطُوفُ،** مہربان،مشفق.

# مَنْ بَنَی لِلّٰهِ بَیْتاً

**قال الإمام الشافعیؒ ، مشیّداً بیوت الله، ناصحاً بالتماس الخیر عندھم دون سواھم:**

۱ إِذَا رُمْتَ الْمَكَارِمَ مِنْ كَرِيْمٍ فَيَمِّمْ مَنْ بَنَى لِلّٰهِ بَيْتاً

جب تمہیں کسی کریم کے مکارم کی تلاش ہو تو دیکھ کہ کسی نے اللہ کا گھر (مسجد) بنایا ہے

۲ فَذَاكَ اللَّيْثُ مَنْ يَحْمِي حِمَاهُ وَيُكْرِمُ ضَيْفَهُ حَياً وَمَيْتاً

وہ اس شیر کی طرح ہیں جو اپنی کچھار کی حفاظت کرتا ہے اور اپنے مہمان کا زندگی اور موت کے بعد بھی اکرام کرتا ہے

**تشریح :** مساجد زمین میں اللہ کے گھر ہیں، مسجد مذہب اسلام کا شعار اعظم ہے، مسجد اسلامی مرکز ہے، مسجد اسلامی زندگی کا محور و مدار ہے، مسجد سے رحمت وروحانیت منقسم ہوتی ہے، مسجد اجتماعی زندگی کا نمونہ ہے، مسجد عدل ومساوات کا مظہر ہے، مسجد عبادت خداوندی کا اشرف ترین مقام ہے، مسجد سے توحید خداوندی ورسالت محمدی کی منادی ہوتی ہے، مسجد اسلامی ثقافت وکلچر اور اتحاد واتفاق کی آماجگاہ ہے، مسجد مسلمانوں کے لئے قلب وروح کی حیثیت رکھتی ہے، اللہ کے رسول ﷺ ہجرت کے بعد اولا بناء مسجد ہی کی طرف متوجہ ہوئے اور وہیں سے دین اسلامی کے جملہ امورانجام دیتے رہے، یہی وجہ ہیکہ قرآن وسنت میں مسجد بنانے والوں کی بے شمار فضیلتیں وارد ہوئی ہیں، قرآن کریم میں ہے ”إنّما یعمر مساجد اللّٰه من اٰمن باللّٰه والیوم الآخر وأقام الصّلوة واٰتی الزّكوة ولم یخش إلّا اللّٰه “ (البقرة:۱۸) حدیث شریف میں آتا ہے ”من بنی للّٰه مسجداً، بنی الله له بیتا فی الجنّة“ (متفق علیه) امام شافعیؒ نے مذکورہ اشعار میں تعمیر مسجد کو؛ مکارم کی فہرست میں؛ پہلے نمبر پر رکھکر فرمایا کہ کریموں کی فہرست میں پہلے ان لوگوں کا نام رکھ جنہوں نے اللہ کے گھر تعمیر کروائے ہوں، اسلئے کہ یہ وہ شیر مرد ہیں جو مسجد کی شکل میں اسلامی قلعہ تعمیر کرکے؛ دین اور شعائر دین کی حفاظت کا کام کررہے ہیں اور جو دین کو اصلی شکل میں بعد والوں تک پہونچانے کا نظم بھی کرتے ہیں۔

---

۱۔ **رُمْتَ**: رَامَ (ن) رَوْماً ومَراماً، الشَّيئ، ارادہ کرنا، صفت ،رَائِمٌ، ج، رُوَّمٌ ورُوَّامٌ.
**يَمِّمْ**: يَمَّمَهُ، قصد کرنا، يَمَّمَ مَرِيْضٌ لِلصَّلٰوة، بیمار نے نماز کا ارادہ کیا، تَيَمَّمَ الأَمْرَ، امر یا قصد کرنا.
۲۔ **اللَّيْثُ**: شیر، ج، لُيُوْثٌ، طاقتور، سخی، خوش بیان، بہادر.

## البَرَاءَ ةُ والشُّکْرُ

١ مَنْ نَالَ مِنِّی اَوْعَلِقْتُ بِذِمَّتِهِ — اَبْرَأْتُهُ لِلّٰهِ شَاکِرَ مِنَّتَهُ

جسنے میری برائی کی یا جس پر میرا حق باقی رہا — میں نے اسے احسانات خداوندی کی شکر گذاری میں بری کر دیا

٢ أَ أَرٰی مُعَوِّقَ مُؤْمِنٍ یَومَ الجَزَا — أَوْهَلْ أَسُوءُ مُحَمَّداً فِی أُمَّتِهِ ؟

کیا میں روز جزا کسی مؤمن کی بخشش میں مانع بنوں؟ — یا کیا میں محمد ﷺ کو اپنی امت کے بارے میں غمگین کروں؟

**تشریح :** معاف کرنا، درگذر سے کام لینا اور احسان کرنا اخلاق الٰہی اور صفات نبوی ہیں، دوسروں کو معافی دینا اللہ تعالیٰ سے معافی لینے میں معاون ثابت ہوتی ہے۔قرآن کریم میں ہے " وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا اَلاَ تُحِبُّونَ أَنْ يَّغْفِرَاللّٰهُ لَكُمْ" (النور : ٢٢) آپ ﷺ نے بھی طائف و بدر جیسے تکلیف دہ مواقع میں؛اشارہ نبوی کے منتظر؛فرشتوں کے سامنے " اللّهم اغفر لقومی، فإنّهم لایعلمون"(متفق علیه) کہکر امت کو معافی ہی کا اسوۂ حسنہ پیش فرمایا ہے۔

امام شافعیؒ نے مذکورہ اشعار میں معافی پر ابھارنے والی تین غامض حکمتوں کو بھی انوکھے انداز میں ذکر فرمایا ہے، کہتے ہیں کہ میں حق تلفی کرنے والے یا زیادتی کرنے والے کو معافی کیوں نہ دے دوں؟ جبکہ میری وجہ سے کسی مؤمن کو روز محشر پکڑے جانے کو میں پسند نہیں کرتا ،اور جبکہ میں جناب رسول اللہ ﷺ کو اپنی امت کی گرفتاری پر غمگین دیکھنا نہیں چاہتا اور جبکہ میں اللہ تعالیٰ کی مجھ پر ہوئی بے شمار نعمتوں کی؛ اسکے بندوں کو معافی دیکر شکر گذاری کرنا چاہتا ہوں۔گویا معافی دینے کے جہاں دیگر بے شمار اسباب وعوامل ہیں؛ وہیں یہ تین عامل بھی ہیں اور معافی دینے والا معافی دیکر گویا حق تعالیٰ کی شکر گذاری،عظمت ومحبت رسول ﷺ کی پاسداری اور مؤمن بھائی کے ساتھ ایثار وہمدردی کی فضیلت وثواب کا بھی مستحق ہوجاتا ہے۔

---

١۔ نَال: نَالَ يَنِيلُ و يَنَالُ نَيْلاً وَنَالاً ،المَطْلُوبَ، مطلب پانا، نَالَ مِنْ فُلان، کسی کو گالی دینا،اسپرعیب لگانا، نَالَ مِنْ عِرضِ فُلان، کسی کی بےعزتی کرنا۔

٢۔ مُعَوِّق: عَاقَ(ن) عَوْقاً، عَنْ كَذَا، وتَعَوَّقَ فُلاَن، بازرکھنا،روکنا،ہٹادینا،فا،مُعَوِّقٌ،روکنے والا،مانع. أَسُوءُ: سَاءَ (ن)سَوْءً وَسَاءَ ةً، الأَمْرُ فُلاناً ، غمگین کرنا،بدسلوکی کرنا۔

# قَافِيَةُ الْجِيمِ

## اَلْفَرَجُ بَعْدَالشِّدَّةِ

قال الإمام الشافعیؒ ،داعيا إلى عدم القنوط من رحمة الله، فهى الفرج من الضيق، إذا استحكمت حلقاته:

١ وَلَرُبَّ نَازِلَةٍ يَضِيقُ لَهَا الفَتٰى — ذَرْعاً وَعِنْدَ اللّٰهِ مِنهَا المَخْرَجُ

بہت سی مصیبتوں پر انسان دل تنگ اور مایوس ہوجاتا ہے — حالانکہ اس سے نکلنے کی راہ اللہ پیدا فرما سکتے ہیں

٢ ضَاقَتْ فَلَمَّا اسْتَحْكَمَتْ حَلَقَاتُهَا — فُرِجَتْ وَكُنْتُ أَظُنُّهَا لا تُفْرَجُ

تنگی بڑھتی گئی یہاں تک کہ جب اسکے حلقے مضبوط ہوگئے — تو کھول دی گئی جبکہ میں سمجھ رہا تھا کہ وہ دور نہ ہوسکیگی

**تشریح :** رنج وغم اور شدت والم انسانی زندگی کے وہ گوشے ہیں جس سے انسان کو کبھی نہ کبھی سابقہ پڑتا ہے، شدت کی گھڑیوں میں بجائے شکوہ شکایت اور جزع فزع کے صبر جمیل اختیار کرنا اور رحمت خداوندی کا امیدوار رہنا ایک مؤمن بندے کی پہچان ہےاور والقدر خيره وشره من الله تعالىٰ پر ایمان کا تقاضہ ہے۔اسلئے کہ یہ درحقیقت حق تعالٰی کی جانب سے اپنے بندوں میں ہونے والے وہ تصرفات وتقلبات ہیں جسمیں بے شمار حکمتیں اور مصلحتیں ہوتی ہیں؛انہیں مصالح کے پیش نظر،شدت پرصبر کرنا؛سر تسلیم خم کرنا،اطاعت بجالانا اور بلاچوں وچرا رضا بقضا کا مظاہرہ کرنا؛رحمت خداوندی کے نزول کا؛شدت کے فرج میں تبدیل کرنے کا؛ بلکہ ایک سختی کے بعد دو آسانیاں حاصل ہونے کا سبب بنتا ہے،سنت خدوندی ہے " فَإِنَّ مَعَ العُسْرِ يُسْرًا، إِنَّ مَعَ العُسْرِ يُسْرًا " (ألم نشرح:٥،٦) ⇦

---

١۔**رُبَّ**: حرف جر ہے،حسب سیاق کلام کبھی تقلیل کے معنی میں آتا ہے،جیسے "رُبّ منيّة في أمنية " اور کبھی تکثیر کے لئے آتا ہے جیسے " رُبّ كاسية فى الدّنيا عارية يوم القيامة" کبھی اسکے ساتھ،تا،کبھی،ما،اور کبھی تا اور ما، لگتے ہیں جیسے "رُبَّتْ،رُبَّما،رُبَّتَماَ.

**نَازِلَةٍ**: سخت مصیبت ،النَّازِلُ کا مؤنث،ج،نَازِلاتٌ ونَوازِلُ. **ذَرْعاً**:الذَّرْعُ،مص،ہاتھ کا پھیلاؤ،طاقت، وسعت،کہاجاتا ہے،ضِقْتُ بِاالأَمْرِ ذَرْعاً،میں اسپر قدرت نہیں رکھتا۔

عربی کا شاعر آیت خداوندی کی تشریح اسطرح کرتا ہے۔

إذا اشتدّت بک البلوٰی ففکّر فی ألم نشرح فعُسرٌ بین یُسرین إذا فکّرته فافرح

امام شافعیؒ مذکورہ اشعار میں مؤمن بندے کو شدائد وآلام میں؛ شریعت کی اسی ہدایت پر علی وجہ الاکمل عمل کرنے کی دعوت دیتے ہیں اور صبر وثبات اور استقامت واطاعت سے حالات کے تبدیل ہونیکی یقین دہانی کرواتے ہیں۔ مکّی دور کی شدتوں کے بعد مدنی دور کی راحتیں اسکی زندہ جاوید مثال ہے۔ بزرگان دین کی ابتدائی دور کی مشقتیں اور بعد کی راحتیں بھی الفرج بعد الشدة ہی کی مضبوط دلیل ہے اور وضاحت ہے۔

# عَدَاوَةُ الشُّعَرَاءِ دَاءٌ

١ مَـاذَا يُـخَبِّـرُ ضَيْفُ بَيْتِكَ أَهْلَهُ — إِنْ سِيْلَ كَيْفَ مَعَادُهُ وَمَعَاجُهُ

تیرے گھر کا مہمان اپنے گھر والوں کو کیا خبر دیگا — جب اس سے پوچھا جائیگا کہ تیرا آنا جانا کیسا رہا؟

٢ أَيَقُولُ جَاوَزْتُ الفُرَاتَ وَلَمْ انَلْ — رِيّاً لَدَيْهِ وَقَدْ طَغَتْ أَمْوَاجُهُ

کیا وہ یہ کہیگا کہ میں نے دریائے فرات پار کرلیا تو بھی — شکم سیر نہیں ہو سکا حالانکہ اسکی موجیں تھپیڑے مار رہی تھیں

٣ وَرَقِيتُ فِي دَرَجِ العُلا فَتَضَايَقَتْ — عَمَّا أُرِيدُ شِعَابُهُ وَفِجَاجُهُ

میں بلندی کی سیڑھیوں پر چڑھا مگر پھر بھی — منزل مقصود کے بیچ کی وادیاں اور گھاٹیاں مجھ پر تنگ ہوگئی

٤ وَلَتُخْبِرَنَّ خَصَاصَتِي بِتَمَلُّقِي — وَالمَاءُ يُخْبِرُ عَنْ قَذَاهُ زُجَاجُهُ

اور میری چاپلوسی میری غربت کا پتہ دیگی — جیسے پانی کے گدلہ پن کو شیشہ ظاہر کر دیتا ہے

٥ عِنْدِي يَوَاقِيتُ القَرِيضِ وَدُرُّهُ — وَعَلَيَّ إِكْلِيلُ الكَلامِ وَتَاجُهُ

میں شعری موتیوں اور یواقیت کا مالک ہوں — اور منظوم کلام کا تاج میرے سر پر ہے

---

١۔ **المَعَاجُ:** عَاجَ (ن) عَوْجاً ومَعَاجاً، بالمكان، اقامت کرنا، فلانا بالمكان، مقیم کرانا.

٢۔ **الفُرَاتُ:** وہ بڑی نہر جو آرمینیا سے بہتی ہے جسکا طول ۲۳۷۵ کیلومٹر ہے، وہاں سے عراق تک آتی ہے اور عراق میں دجلہ سے ملکر دریا کا روپ لے لیتی ہے، دونوں کے ملنے کی جگہ کو شطّ العرب کہا جاتا ہے.

٣۔ **دَرَجَ:** الدَّرَجَةُ، ج، دُرَجٌ، سیڑھی، دَرَجُ السُلَّم، سیڑھی کا پایہ، ج، دَرُجاتٌ، مرتبہ، درجہ۔
**شِعَابٌ:** الشَّعَبُ، پہاڑی راست، درّہ، پانی کا راستہ، بڑا قبیلہ، ج، شِعَابٌ. **فِجَاجٌ:** الفَجُّ، ج، فِجَاجٌ، دو پہاڑوں کے بیچ کا کشادہ راستہ. ٤ ــ **الخَصَاصَةُ** : بدحالی، شدت فاقہ، قرآن میں ہے ﴿وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَة﴾ **التَّمَلُّقُ:** چاپلوسی، ریاکاری، اعطاء الآخرين من الودّ باللّسان ماليس في القلب.
**القَذَى:** ج، قُذِيٌّ واَقْذَاءٌ، القَذَاةُ، آنکھ یا پینے کی چیز میں گرنے والا تنکا، کہا جاتا ہے صَارَ الأَمْرُ قَذًى فِي عَيْنِهِ، فلاں معاملہ نے اسکو پریشان کیا۔ مثل ہے، يُبْصِرُ اَحَدُكُمُ القَذَى فِي عَيْنِ أَخِيْهِ ويُعمِى عن الجِذْعِ فِي عَيْنِهِ، دوسرے کی آنکھ کا تنکا نظر آتا ہے اور اپنی آنکھ کا شہتیر بھی نظر نہیں آتا۔

٥۔ **يَوَاقِيتُ:** يَاقُوتٌ کی جمع، ایک قیمتی پتھر، یہاں يَوَاقِيتُ القَرِيضِ بطور استعارہ کہا گیا ہے۔ **القَرِيْضُ:** کاٹا ہوا شعر۔ **الدُّرُّ:** بڑے موتی، ج، دُرَرٌ و دُرَّاتٌ. **الإِكْلِيلُ:** تاج، جواھر سے مرصّع پٹکا، ج، اَكِلَّةٌ واَكَالِيلُ.

٦ تَـرْبٰـی علٰی رَوْضِ الـرَّبَـا اَزْهَـارُهُ　　وَيَرِفُّ فِی نَادِی النَّدَی دِيْبَاجُهُ

باغ کی بلندی پرجسکے پھول کھلتے ہیں　　اور سخاوت کی مجلس میں جسکا پرچم لہراتا ہے

٧ وَالشَّـاعِـرُ الـمِـنْـطِيقُ أَسْوَدُ سَـالِخٌ　　وَالشِّـعْـرُ مِـنْـهُ لُعَـابُـهُ وَمُجَـاجُـهُ

اور بلیغ شاعر کھال بدلنے والے کالے سانپ جیسا ہے　　اور اشعار اسکے منہ کالعاب اور رال ہے

٨ وَعَدَاوَةُ الشُّـعَـرَاءِ دَاءٌ مُـعْـضِلٌ　　وَلَـقَـدْ يَهُـوْنُ عَـلَـى الكَرِيمِ عِلاَجُـهُ

اور شعرا کی عداوت مہلک مرض ہے　　البتہ شریف آدمی اسکا علاج بآسانی کر لیتا ہے

**نوٹ:**

وفیات الاعیان کے محشی نے لکھاہیکہ " دیوان امام شافعیؒ " کے اصل نسخہ میں یہ اشعار نہیں ہیں اور اس قسم کے اشعار کسی دینی پیشوا وامام فقہ کے شایان شان بھی نہیں ،اغلب یہ ہیکہ یہ کسی دوسرے شاعر کے اشعار ہیں مگر امام صاحبؒ کی طرف منسوب کردئے گئے ہیں،اور چونکہ امام صاحبؒ کی طرف نسبت مشکوک ہے اسلئے ہم نے اسکی توضیح وتشریح نہیں کی ہے۔استاذ محمد ابراہیم کے نسخہ میں اسکی تشریح کی گئی ہے۔ من شاء فليراجع إليه.

---

٦۔ **تَرْبٰی**: رَبَا يَرْبُو رِبَاءً ورُبُوًّا،المال،مال کا زیادہ ہونا، بڑھنا،الرَّابِيَةُ، ٹیلہ پر چڑھنا،الولدُ،بچہ کا نشو ونما پانا۔
**الـرَّبَـا**:رَابِيَةٌ کی جمع،اونچی زمین،ٹیلہ۔　**يَرِفُّ**: رَفَّ(ض)رَفًّا ورَفِيفاً،وارتَفَّ،النَّبَاتُ،سبزہ کا لہلہانا، الطّائرُ، پرندے کا اپنے بازوؤں کو پھیلانا.
**النَّدَی** : مصـ،فیاضی،فضل،بھلائی،شبنم،بارش،ج، اَنْدَاء.
٧۔ **المِنْطِيْقُ**: والنِّطِّيقُ، بلیغ،خوش بیان۔　**أَسْوَدُ سَالِخٌ**: سَلَخَ(ن) سَلْخاً ،الخَرُوفَ، بکری کے بچے کی کھال اتارنا، الحَيَّةَ، سانپ کا اپنی کینچلی اتارنا، اَللّٰـهُ النَّهَارَمِنَ اللَّيلِ، اللہ کا دن کو رات سے الگ کرنا، سَالِخٌ، سیاہ سانپ کی صفت بنکر اسلئے آتاہیکہ وہ ہر سال اپنی کینچلی اتارتا ہے.
**المُجَاجُ**: تھوک،رال، مُجَاجُ النَّحْلِ،شہد، مُجَاجُ العِنَبِ،شراب، مُجَاجُ المُزنِ،بارش۔
**الدّاءُ المُعْضِلُ**: دَاءٌ عُضَالٌ ودَاءٌ مُعْضِلٌ، عاجز کردینے والامرض،لاعلاج مرض۔

# صَبراً جَمِلاً

قیل للإمام الشافعیؒ ،أیّهم أفضل؟ الصّبر أو المحنة او التّمکین ؟ قال التّمکین درجة الأنبیاء، ولایکون التّمکین إلا بعد المحنة، فإذا امتحن صبر ، وإذاصبر مکّن، وفی هذا الصّدد یقول عن الصّبر :

١ صَبْـراً جَـمِیلاً مَـا أَقْـرَبَ الفَـرَجَا — مَنْ رَاقَـبَ اللّٰـهَ فِـی الْأُمُورِ نَجَا

صبر جمیل اختیار کر کشادگی بہت قریب ہے — جسنے اپنے کاموں میں اللہ تعالی پر نظر رکھی وہ کامیاب ہوگیا

٢ مَـنْ صَـدَقَ اللّٰـهَ لَمْ یَنَلْـهُ اَذٰی — وَمَـنْ رَجَـاهُ یَـکُونُ حَیْثُ رَجَـا

جسکا تعلق مع اللہ سچا ہوگیا اسے کوئی گزند نہیں پہونچیگی — اور جو اللہ سے امید رکھیگا تو امید کے مطابق اللہ کو پائیگا

تشریح : صبر اللہ تعالیٰ کا قرب،معیت اور اجر وثواب کے حصول کا بہترین وسیلہ ہے،قرآن کریم میں وارد ہوا ہے " إِنَّمَا یُوَفَّی الصَّابِرُونَ اَجْرَهُمْ بِغَیْرِ حِسَاب" (الزمر : ١٠ ) دوسری جگہ ارشاد خداوندی ہے " وَاسْتَعِیْنُوا بِاالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصَّابِرِیْن" (محمد : ٣١) ایک حدیث شریف کا مضمون ہے "إنّ عظم الجزاء مع عظم البلاء، وإن الله تعالیٰ إذا أحبّ قوما ابتلا هم، فمن رضی فله الرّضی، ومن سخط فله السّخط" (رواه الترمذی)

امام شافعیؒ مذکورہ اشعار میں فرماتے ہیں کہ انسان کو مصیبتوں پر صبر کرنا چاہئے؛ تکلیفیں دائمی نہیں ہوتیں،عسر کے بعد یسر آتا ہی ہے،انسان کو ہر معاملہ میں اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرنا چاہیے۔ جو شخص حق تعالی کے ساتھ اخلاص اور سچائی کا معاملہ رکھتا ہے حق تعالیٰ اسکے ساتھ خیر کا معاملہ فرماتے ہیں،انسان اللہ تعالیٰ سے جیسی امید لگاتا ہے اللہ تعالیٰ کا اسکے ساتھ ایسا ہی برتاو ہوتا ہے،حدیث قدسی ہے"قال الله عزوجل ، أنا عند ظنّ عبدی بی، وأنا معه حیث یذکرنی، واللّه لَلّه أفرح بتوبة عبده من احدکم، یجد ضالّته بالفلاة، ومن تقرّب إلیّ شبرا تقربت إلیه ذراعا، ومن تقرّب إلیّ ذراعا، تقربت إلیه باعا، وإذا أقبل إلیّ یمشی، أقبلت إلیه اهرول"(متفق علیه)

---

١۔ الفَرَجُ: فَرَجَ(ض) فَرْجاً وَفَرَّجَ ، الشیئ، کھولنا،کشادہ کرنا ،اللّٰه الغَمَّ عَنهُ،غم کو دور کرنا.
رَاقَبَ: رَقَبَ (ن) رُقُوباً ورَاقَبَهُ، نگہبانی کرنا،نگرانی کرنا،انتظار کرنا، رَاقَبَ اللّٰه فی أَمْرِهِ، خدا سے ڈرنا.

# قَافِيَةُ الْحَاءِ

## اَلسُّكُوتُ خَيْرٌ مِنَ الإِجَابَةِ

قال الإمام الشافعیؒ ،إستعينوا على الكلام بالصّمت، وعلى الإستنباط بالفكر، وفى هذا يقول:

١ قَالُوا سَكَتَّ قَدْ خُوصِمْتَ قُلْتُ لَهُمْ ... إِنَّ الْجَوَابَ لِبَابِ الشَّرِّمِفْتَاحُ

دوستوں نے کہا کہ آپ معترضین کو جواب کیوں نہیں دیتے ہیں تو میں نے کہا ... کبھی کبھی جواب شر کے باب کی چابی بن جاتا ہے

٢ وَالصَّمْتُ عَنْ جَاهِلٍ اَوْاَحْمَقٍ شَرَفٌ ... وَفِيهِ أَيْضاً لِصَونِ العِرْضِ إِصْلاَحُ

جاھل احمق کے جواب میں چپ رہنا شرافت ہے ... اور سکوت ہی ناموس کی حفاظت کا بہترین ذریعہ ہے

٣ أَمَا تَرٰى الْأُسْدُ تُخْشٰى وَهِيَ صَامِتَةٌ ... وَالْكَلْبُ يُخْسٰى لَعُمْرِى وَهُوَ نَبَّاحُ

کیا تونہیں دیکھتا کہ شیر چپ رہتا ہے تو بھی اس سے ڈرا جاتا ہے ... اور کتا بھونکتا ہے تو بھی اسے پتھر مارے جاتے ہیں

**تشــــریــــح :** جاہل آدمی بوجہ اپنی جہالت وکم فہمی کے اور جگھڑالو آدمی بسبب اپنے عنادو سرکشی کے لاحاصل بحثیں؛طعن وتشنیع؛ سب شتم اور بہتان وافترا میں ہر وقت مشغول رہتا ہے،نرم گفتگو؛ جدال اَحسن اور افہام وتفہیم کی ساری کوششیں اسکی نادانی وہٹ دھرمی کے سامنے بے سود ثابت ہوتی ہے، مکہ مکرمہ کے جاہل اور اہل کتاب کے ہٹ دہرم اور انکے ساتھ کی گئی افہام وتفہیم کی جملہ کوششوں کی ناکامی اسکی بہترین مثال ہے۔ایسے ہی مواقع کے لئے قرآن کریم نے ہدایت فرمائی ہے ''وَأَعْرِضْ عَنِ الجَاهِلِيْن" (الاعراف : ١٩٩) ⇦

١۔**خُوصِمْتَ :** خَاصَمَ مُخَاصَمَةً سے مجہول،نزاع کرنا،جگھڑا کرنا، الخَصِم، ج، اَخْصَامٌ وخَصِمُونَ، جگھڑالو،مخالف،مدّ مقابل۔

٣۔**يُخسٰى:** خَسَأً (ف) خَسَاءً،الكلب، کتے کو دھتکارنا، وخَسِيَ (س) خَسَأً وإِنْخَسَاءً، الكَلْبَ، دور ہونا دھتکارا جانا، خَاسَأَ مُخَاسَأَةً ،القَوْمَ،ایک دوسرے کو پتھر مارنا،خَسْأً و خُسُوعاً، البصرُ،نظر کا تھکنا،کمزور ہونا۔

**نَبَّاحُ :** نَبَحَ (ف،ض) نَبحاً وَنُبُوحاً ونَبِيحاً، الكَلْبَ، کتے کا بھونکنا،صفت، نَابِحٌ،ج،نوابِحٌ ونُبَّحٌ.

سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

ز جاہل گریزندہ چوں تیر باش      نآمیختہ چوں شکر شیر باش

امام شافعیؒ نے مذکورہ اشعار میں ایسے ہی جاہل وضدی آدمیوں سے نمٹنے کا اسلامی طریقہ سمجھاتے ہوئے فرمایا ہے کہ، کبھی کبھی گفتگو کے بجائے خاموشی انسان کی عزت وناموس کی بہترین محافظ اور باب شر کو بند کرنے کا ذریعہ بن جاتی ہے اور سکوت اختیار کرنے والے کا مقام بڑھاتی ہے۔ لوگ بکواس کرنے والے جاہل کو کتّے کی طرح بھونکتے رہنے والے اور خاموش رہنے والے کو شیر کی طرح بولے بغیر اپنا رعب ووقار قائم کرنے والے کا مقام دیتے ہیں۔ آپ ﷺ کا سکوت وکلام کے مقامات کی تعیین کرنے والا ایک جامع ارشاد ہے "الوحدة خیر من جلیس السوء، والجلیس الصّالح خیر من الوحدة، واملاء الخیر خیر من السّکوت، والسّکوت خیر من املاء الشّر" (رواه البیهقی فی شعب الإیمان) دوسری جگہ ارشاد ہے " مقام الرّجل بالصّمت أفضل من عبادة ستّین سنة" (رواه البیهقی فی شعب الإیمان)

# مَعَاذَ اللّٰه

جاء فی معجم الأدباء لیاقوت الحموی قوله: حدّث الرّبیع بن سلیمان قال کنّا عندالشافعیؒ، إذ جاء ہ رجل برُقعة، فنظر فیھاوتبسّم، ثمّ کتب فیھا ودفعھا إلیه، فقلنا یُسأل الشافعیؒ عن مسئلة لاننظر فیھا جوابه؟ فلحقناالرجل، وأخذنا الرّقعة فقرأناھا وإذا فیھا :

١ سَلِ الـمُفتِیَ المَکِّیَّ ھَلْ فِی تَزَاوُرٍ وَضَـمَّةِ مُشْتَـاقِ الفُؤَادِ جُنَـاحُ

مفتی مکہ سے میرا سوال یہ ہیکہ کسی عاشق کے لئے اپنے محبوب کو سینے سے لگانے اور بوس وکنار میں کوئی حرج ہے

قال ،وإذا إجابة أسفل من ذلک :

٢ اَقُوْلُ مَعَاذَ اللّٰـهِ أَنْ یُذْھِبَ التُّقٰی تَلاَصُـقُ أَکْبَـادٍ بِھِـنَّ جِـرَاحُ

میں نے جوابا کہا، اللہ بچائے کہیں زخمی دلوں کا آپس میں ملنا تقوی کو ختم نہ کردے

قال الرَّبِیع، فأنکرت علی الشافعیؒ أن یفتی لحدیث بمثل ھذا، فقلت یا أبا عبد الله ... تفتی بمثل ھذا شاباً؟ فقال لی، یا أبا محمد ... ھذا رجل ھاشمیّ، قد عرّس ھذا الشھر ، یعنی شھر رمضان ، وھو حدث السنّ ،فَسَأَلَ ھل علیه جناح أن یقبّل أو یضمّ من غیر وطأٍ، فأفتیته بھذا الفتیا، قال الرّبیع، فتبعت الشّاب، فسألته عن حاله، فذکر لی أنّه مثل ماقال الشّافعیؒ، فمارأیت فراسة أحسن منھا.

**تشریح :** مذکورہ واقعہ سے بزرگان دین اوراللہ والوں کی فراست وحکمت سمجھ میں آرہی ہے؛ ساتھ ہی یہ امام شافعیؒ جیسے امام فقہ کی شان کوزیب دینے والی معاملہ فہمی اوراحوال الناس سے واقفیت کی بھی عمدہ مثال ہے،اور کیوں نہ ہو؟ جبکہ حدیث شریف میں مؤمن کامل کی فراست کواسطرح بیان کیا گیا ہے۔

''إتّقوا فراسة المؤمن، فأنّه ینظر بنور الله'' (رواہ الترمذی)

امام شافعیؒ کی فراست کے ایسے اوربھی واقعات سیرت وسوانح کی کتابوں میں ذکر ہوئے ہیں،دلچسپی کے لئے یہاں خودامام شافعیؒ کا بیان کردہ ایک واقعہ لکھا جاتا ہے۔ ⇦

١۔ تَزَاوُر: تَزَاوَرَ القوم ، ایک دوسرے کی ملاقات کوجانا۔

مُشْتَاقٌ: إشْتَاقَهُ وإشْتَاقَ إلَیْهِ، بہت چاہنا،سخت خواہش،بڑی آرزو۔

٢۔ أَکْبَادٌ: الکَبْدُ والکِبْدُ والکَبِدُ، جگر،کلیجہ،مذکر،مؤنث،ج، أکبادٌ وکُبُودٌ.

امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ میں علم فراست سیکھ کر اپنے گھر لوٹ رہا تھا کہ شام ہوگئی اور ایک بستی میں رکنے کا ارادہ کیا؛ مگر یہ فکر ہوئی کہ اجنبی بستی ہے کس کے گھر ٹھہریں؟ ایک شخص سے ملاقات ہوئی اسکی آنکھیں کیری تھیں؛ شکل سے ہی اندازہ کیا کہ یہ شخص کمینہ ہے، سوچا اس سے پوچھ تو لیں کہ یہاں کہیں ٹھہرنے کا انتظام ہو سکے گا؟ اس سے معلوم کیا تو وہ مجھے اپنے گھر لے گیا، اور بڑا اکرام کیا۔ کھانا کھلایا؛ خوشبو پیش کی؛ میری سواری کے لئے چارہ کا انتظام کیا؛ سونے کے لئے چارپائی لگائی؛ اس پر لحاف ڈالا؛ اس کی جانب سے اس قدر اکرام اور آؤ بھگت اور آرام کا انتظام کرنے پر سکون کی نیند سو جانا چاہئے تھا مگر میں رات بھر یہ سوچتے ہوئے کروٹیں بدلتا رہا کہ میرا علم فراست سیکھنا فضول رہا، چونکہ میں نے اسے کمینہ سمجھا تھا اسکے برعکس وہ بڑا خوش اخلاق اور نیک خصلت نکلا۔ میری محنت اور اس علم کے حصول کے لئے صرف کیا ہوا وقت ضائع ہوگیا؛ یہ علم نا قابل اعتبار ہے۔ بمشکل جب صبح ہوئی تو اپنے غلام سے کہا گھوڑے پر زین کس لو اور چلے چلو؛ روانگی سے پہلے مالک مکان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کبھی مکہ مکرمہ آؤ تو مقامِ ذی طُویٰ میں محمد بن ادریس کا پتہ معلوم کر لینا، اس نے کہا کیوں؟ کیا میں تیرے باپ کا غلام ہوں؟ میں نے کہا نہیں تو! اس نے کہا کیا تمہارا کوئی مال میرے پاس جمع رکھا تھا؟ میں کہا ایسا تو نہیں ہے! اس نے کہا میں نے تمہارے لئے رات آرام کا انتظام کیا وہ کہاں سے کیا؟ میں نے پوچھا کیا مطلب ہے؟ اس نے کہا میں نے تمہارے لئے دو درہم کا کھانا خریدا؛ تین درہم کی خوشبو خریدی؛ گھوڑے کے لئے دو درہم کا چارہ خریدا؛ چارپائی اور لحاف کا کرایہ دو درہم ہوتا ہے۔ میں نے غلام سے کہا اس کا سارا حساب چکا دو۔ پھر اس سے پوچھا اور بھی کچھ باقی ہو تو بتلا دو۔ اس نے کہا میرے گھر کا کرایہ؟ رات تمہارے لئے کشادگی کا انتظام کیا اور میں نے تنگی میں بسر کی؛ اور رات بھر تمہارے گھوڑے نے لید کی اس کی صفائی کا معاوضہ؟ میں نے کہا یہ حساب بھی چکا دو۔ پھر پوچھا اب بھی کچھ باقی ہے؟ اس نے کہا خدا تمہیں ذلیل کرے تم سے زیادہ برا انسان مجھے آج تک نہیں ملا۔ میں نے خدا کا شکر ادا کیا کہ میرا علم ضائع نہ ہوا، میرا اندازہ صحیح ثابت ہوا کہ یہ کمینہ شخص ہے۔ (تذکرہ سیدنا امام شافعیؒ صفحہ: ۱۲۸)

# قَاسٍ وَ جَہُولٌ

۱ فَقِیهاً وَصُوفِیاً فَکُنْ لَیْسَ وَاحِداً فَإِنِّی وَحَقَّ اللّٰهِ إِیَّاکَ اَنْصَحُ

فقیہ اور صوفی دونوں بن صرف ایک نہیں میں اللہ تجکو یہ نصیحت کرر ہاہوں

۲ فَذٰلِکَ قَاسٍ لَمْ یَذُقْ قَلْبُهُ تُقٰی وَهٰذَا جَهُولٌ کَیْفَ ذُوالجَهْلِ یَصْلُحُ

خالص فقیہ سخت دل ہوتا ہے کیونکہ اسکے دل نے تقوی کا مزہ نہیں چکھا اور خالص صوفی جہالت کے ساتھ کیسے اصلاح کر سکتا ہے؟

**تشریح:** علم وعمل کا ناطہ چولی دامن اور جان وتن کا ہے، علم عمل کو آواز دیتا ہے جواب ملنے پر ٹھہرتا ہے ورنہ وہ بھی رخصت ہوجاتا ہے، پھر علم وعمل کی جامعیت ہی عنداللہ مقبول ومحبوب ہے، ملائکہ اور جنات کے بیچ انسان نامی تیسری مخلوق پیدا کر کے؛ زمین کی خلافت حوالے کر نیکا راز بھی اسکی یہی جامعیت ہے، کیونکہ نرا علم اگر فخر وغرور پیدا کرتا ہے تو نری جہالت انسان کو پھسلنے اور بھکنے سے نہیں روک سکتی، جاہل عابد جسطرح معرفت خداوندی کی اصلی منزل تک نہیں پہونچ سکتا؛ بےعمل عالم بھی خوف وخشیت کے مطلوبہ منازل میں قدم نہیں رکھ سکتا۔

امام شافعیؒ مذکورہ اشعار میں اسی نقطہ کو سمجھاتے ہوئے فرماتے ہیں کہ انسان کو چاہئے کہ وہ عالم باعمل بنے تاکہ مقصد زندگی میں کامیابی حاصل کر سکے، ورنہ وہ عالم جسکا دل تقوی آشنا نہ ہو؛ خلافت کی ذمہ داری امانت داری سے ادا نہیں کر سکتا اور وہ صوفی جو جاہل ہو؛ حکمت وموعظت کے ساتھ دوسروں کو تصوف کے منازل طے نہیں کرواسکتا، گویا انسان کی فضیلت اسی میں مضمر ہے کہ وہ خداترس عالم بنکر نیابت خداوندی کا مکمل حق ادا کرے۔

---

۱۔ **فَقِیهاً:** الفَقِهُ والفَقُهُ والفَقِیهُ، بہت سمجھدار، ذکی، عالم، علم وفقہ جاننے والا، ج، فُقَهَاءُ.

۲۔ **قَاسٍ:** قَسَا یَقْسُوا قَسْوَةً، سخت ہونا، ٹھوس ہونا، فا، قاسٍ، ج، قُسَاةٌ.

**الجَهُولُ:** ناتجربہ کار، جاہل، ج، جُهَلاَءُ.

# اَحۡسَنُ بِالۡإِنۡسَانِ

۱ أُقۡسِمُ بِاللّٰهِ لَرَضۡخُ النَّوٰی     وَشُرۡبُ مَاءِ الۡقُلۡبِ الۡمَالِحَةُ

قسم خدائے پاک کی گھٹلیاں توڑنا     اور کھارے کنویں کا پانی پینا

۲ أَحۡسَنُ بِالۡإِنۡسَانِ مِنۡ حِرۡصِهِ     وَمِنۡ سُؤَالِ الۡأَوۡجُهِ الۡكَالِحَةُ

بہتر ہے اس بات سے کہ انسان حرص کرے     اور کمینے ترش رو انسانوں سے سوال کرتا پھرے

**تشریح :** حدیث شریف میں آتا ہے سوال کرنے میں ذلت ورسوائی ہے، بُلا کر دینے والے قادر مطلق آقا کے سامنے حاجت پیش کرنے کے بجائے؛ محتاج انسانوں کے سامنے دست سوال پھیلانا؛ حق تعالیٰ کو حاجت روا اور مشکل کشا ماننے کے منافی ہے۔آپ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے ”**لأن یأخذ أحدکم أحبلة، ثم یأتی الجبل،فیأتی بحزمة من حطب علی ظهره،فیبیعها، فیکفّ اللّٰه بها وجهه، خیر له، من أن یسئل النّاس، اعطوه أو منعوه**“ (رواه البخاری)

امام شافعیؒ مذکورہ اشعار میں اسی مفہوم کو ادا کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ مشقت دہ عمل کر کے روزی حاصل کرنا اور ضیق عیش پر صبر کر لینا بہتر ہے اس بات سے کہ آدمی کمینوں کے سامنے دست سوال پھیلائے ؛حرص وامل کا مظاہرہ کرے اور حق تعالیٰ کی صفت رزاقیت پر توکل چھوڑ کر؛ دردر کی ٹھوکریں کھانے لگے۔

انبیاء کرام (علیهم الصلوة والسلام) ہاتھ کی کمائی پر گذارہ فرماتے تھے۔حدیث شریف میں آتا ہے،حلال کمائی کی طلب ایک فریضہ کے بعد دوسرا فریضہ ہے۔قرآن کریم میں ہے ” **فَأَذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانۡتَشِرُوا فِي الۡاَرۡضِ وَابۡتَغُوا مِنۡ فَضۡلِ اللّٰهِ** “ (الجمعة:۱۰)

---

۱۔ **الرَّضۡخُ**: رَضَخَ (ف،ض)رَضۡخاً، النَّوَی أو الحَصٰی، توڑنا،کہاجاتا ہے،رَضَخَ لَهُ مِنۡ مَالِهِ رَضۡخَةً، اسنے اپنے کثیر مال سے تھوڑا سادیا. **الۡقُلۡبُ**: الۡقَلِيۡبُ، کنواں، پرانا کنواں، مذکر ہے اور کبھی مؤنث، ج،قُلُبٌ وُقُلۡبٌ واَقۡلِبَةٌ.

۲۔ **الكَالِحَةُ**: كَلَحَ (ف) كُلُوحاً وكُلَاحاً، وَجۡهَهُ، تیوری چڑھا ہوا ہونا،صفت،كَالِحٌ.

# قَافِيَةُ الدَّالِ

## هُوَ الرَّدِی

١ تَـمَـنّٰـی رِجَـالٌ اَنْ أَمُوتَ وَإِنْ أَمُـتْ فَتِـلْـکَ سَبِيْـلٌ لَسْـتُ فِيْـهِ بِـأَوحَدِ

کچھ لوگ میری موت کی تمنا کرتے ہیں حالانکہ یہ وہ راستہ ہے جسپر مجھے اکیلے کو چلنا نہیں ہے

٢ فَـمَـا عَيْشُ مَنْ يَرْجُو هَلاكِي بِضَائِرِي وَلا مَـوْتُ مَنْ قَدْ مَاتَ قَبْلِی بِمُخلِدِی

نہ تو میری ھلاکت چاہنے والوں کی زندگی مجھے نقصان پہونچا سکتی ہے اور نہ ہی مجھ سے پہلے مرنے والوں کی موت مجھے حیات ابدی دے سکتی ہے

٣ لَعَـلَّ الّـذِی يَـرْجُـو فَنَـائِی وَيَدَّعِي بِـهِ قَبْـلَ مَـوْتِـی أَنْ يَكُونَ هُوَ الرَّدِی

شاید وہ آدمی جو میری موت کا خواہاں اور کوشاں ہے میری وفات سے قبل وہ خود ہی ہلاک ہو جائے۔

**تشــریح :** اسلام امن واسلامتی کا مذہب ہے، اسلام وایمان کے مادے ہی میں امن وسلامتی کا پیغام مخفی ہے، حدیث شریف میں مسلمان کا وصف اسطرح بیان کیا گیا ہے" **المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده** " (متفق عليه) اورمسلمانوں کو ایذا پہونچانے والے کو قرآن کریم نے اسطرح تنبیہ فرمائی ہے" **وَالَّـذِيـنَ يُـؤْذُونَ الـمُـؤْمِـنِيْـنَ وَالمُؤْمِنَاتِ بِغَيْرِ مَااكْتَسَبُو فَقَدْ احْتَمَلُوا بُهْتَانًا وَاِثْمًا مُبِيْنًا**" (الاحزاب : ٥٨)

امام شافعیؒ مذکورہ اشعار میں مؤمن کو ستانے والے حتی کہ مارے حسد کے اسکی موت کی کوشش یا تمنا کرنے والے کو بطور نصیحت فرما رہے ہیں کہ تیرا کسی کی موت کی تمنا کرنا، ⇦

---

١۔ **أُوحَد**: اکیلا، وحدانیت والا، هـو أحد اهل زمانه، وہ اپنے زمانے میں بے نظیر ہے، ج، أُحْدَان، لَست فی هذا الأمر بأوحَدِ، میں اس کام میں اکیلا نہیں ہوں۔

٢۔ **مُـخْلِدِی** : خَـلَـدَ(ن) خُلُوداً، ہمیشہ رهنا۔ خَـلْـداً وخُلُوداً، زیادہ عمر ہونے کے باوجود بڑھاپا ظاھر نہ ہونا۔ صفت، خَالدٌ، مُخْلَدٌ، مُخْلِدٌ، مُخَلَّدٌ، خَلَّدَ واَخْلَدَ، هٗ، ہمیشہ کے لئے رکھنا۔ الخُلد، ہمیشگی، دوام، بقا۔

٣۔ **الرَّدِی** : رَدِیَ (س) رَدیً ، ہلاک ہونا، گرنا ، رَدَّی، الرَّجُل، ہلاک کرنا، هٗ، فی البئرِ وتَرَدّی، فی البِئرِ، کنویں میں گرانا۔

تقسیم نعمتہائے الٰہی وتقدیر خداوندی پر اعتراض ہے جسکا بندہ ہونے کے ناطے تجھے کوئی حق نہیں پہونچتا، بلکہ تیری یہ بے جا خواہش اور گندی فکر ممکن ہے تیرے لئے نقصان دہ ثابت ہو اور اسکی ہلاکتی سے پہلے وہ تجھے ھلاک کردے، حق تعالیٰ فرماتے ہیں " أَمْ يَحْسُدُونَ النَّاسَ عَلٰى مَا اٰتَاهُمُ مِنْ فَضْلِهِ " (النساء : ۵۴) اسلئے مؤمن کو حتی الامکان ایسے خیالات سے بچنا چاہئے اور مؤمن بھائی کے ساتھ اسطرح پیش آنا چاہئے جس طرح آپ ﷺ نے حکم فرمایا ہے، آپ ﷺ نے مؤمن کے ساتھ برتاؤ کے آداب اسطرح بیان فرمائے ہیں" لا تباغضوا، ولا تحاسدوا، ولا تدابروا، ولا تقاطعوا، وكونوا عباد الله إخوانا، ولا يحلّ لمسلم أن يهجر أخاه فوق ثلث" (متفق عليه )

# لَمْ أَرَ غَيْرَ شَامِتٍ

۱ وَلَمَّا أَتَيْتُ النَّاسَ أَطْلُبُ عِنْدَهُمْ أَخَا ثِقَةٍ عِنْدَ ابْتِلَاءِ الشَّدَائِدِ

جب میں لوگوں کے درمیان کوئی ایسا دوست تلاش کرنے گیا جس سے شدائد پیش آنے پر مدد کی امید کی جاسکتی

۲ تَقَلَّبْتُ فِي دَهْرَيْ رَخَاءً وَشِدَّةً وَنَادَيْتُ فِي الْأَحْيَاءِ هَلْ مِنْ مُسَاعِدٍ

میں راحت وتکلیف کے دنوں میں خوب گھوما اور گلی کوچوں میں آواز لگائی کہ ہے کوئی مدد کرنے والا؟

۳ فَلَمْ أَرَ فِيمَا سَاءَنِي غَيْرَ شَامِتٍ وَلَمْ أَرَ فِيمَا سَرَّنِي غَيْرَ حَاسِدٍ

مگر میں نے تکلیفوں پر ہنسنے والوں اور خوشیوں میں حسد کرنے والوں کے علاوہ کوئی اور نہیں پایا

**تشریح :** وفاداری اور امانت داری ایمان کی لازمی صفتیں ہیں اور جسمیں یہ صفتیں نایاب یا کمیاب ہوتی ہیں بفحوائے حدیث اسمیں اتنا حصہ نفاق کا ہے، حدیث شریف کا مضمون ہے" لا إيمان لمن لا أمانة له، ولا دين لمن لاعهد له" (رواه البيهقي في شعب الإيمان) آنحضرت ﷺ کو کفار مکہ کی جانب سے امین وصادق کا لقب ملنا، امت کو غیروں کے ساتھ بھی ان اوصاف سے پیش آنے کی دعوت دیتا ہے، مگر افسوس کہ اُن اوصاف کے حامل لوگ اب دنیا سے ناپید ہوتے جارہے ہیں۔

امام شافعیؒ مذکورہ اشعار میں اسی کمی کا اظہار کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ میں نے خوشی اور غمی میں دوستوں کا جائزہ لیا تو راحت میں جلنے والے اور تکلیف میں خوش ہونے والوں کے علاوہ کوئی ایک بھی ایسا مخلص، دوست نہیں پایا جو میرے ساتھ اخلاص ووفا کا برتاؤ کرتا، ⇦

---

۱۔ **أَخَا ثِقَةٍ:** وَثَقَ (ض) ثِقَةً ووُثُوقاً ومَوْثِقاً، بفُلانٍ، اعتبار کرنا، بھروسہ کرنا، صفت، فا، وَاثِقٌ، صفت مفع، مَوْثُوقٌ، أخَا ثِقَةٍ، بھروسہ مند، ذُوثِقَةٍ، بہادر۔

۲۔ **الرَّخَاء:** سعة العيش وحسن الحال، وفي الحديث الشريف، "تعرَّف إلى الله في الرّخاء يعرفك في الشِّدَّةِ."

۳۔ **شَامِتٍ:** شَمِتَ (س) شَمَاتاً وَ شَمَاتَةً، بفُلاَنٍ، کسی کی مصیبت پر خوش ہونا، صفت، فا، شَامِتٍ، ج، شُمّاتٍ، صفت مفع، مَشْمُوتٌ، بِهِ.

جو میری خوشی میں خوش اور میرے غم میں غمگین ہوتا، تغیّر ناس (لوگوں کے بدل جانے) کی اس کیفیت کو احادیث میں مختلف انداز میں بیان کیا گیا ہے، ایک حدیث میں ہے "إنّما النّاس کالابل المأ ة، لاتکاد تجدفیها راحلة" (متفق علیه) دوسری ایک روایت میں ہے "یذهب الصّالحون الأول فالأول، وتبقی حفالة، کحفالة الشّعیر أوالتّمر، لا یبالیهم اللّه بالة" (رواه البخاری) گویا امام علیہ الرحمۃ بے وفا دوستوں اور بے دین لوگوں سے کنارہ کشی اختیار کرنے اور دینی امور میں معاون بننے والے مخلص اوفیاء کو دوست بنانے کی نصیحت فرماتے ہیں۔

# اِخْتِيَارُ الأَصْدِقَاءِ

قال الإمام الشافعیؒ ،لیس إلی السلامة من النّاس سبیل، فانظر الذی فیه صلاحک فالزمه:

١ إِنِّـی صَـحِبْـتُ الـنّـاسَ مَـالَهُم عَدَدٌ　وَكُـنْـتُ أَحْسَـبُ أَنِّـی قَـدْمَلَئْتُ يَدِی
میں نے بے شمار لوگوں کی صحبت اختیار کی　اور میں یہ سمجھتا رہا کہ میں نے انکا اعتماد حاصل کرلیا

٢ لَـمَّـا بَـلَـوْتُ أَخِلَّائِي فَـوَجَـدْتُّهُـمْ　كَـالـدَّهْـرِفِـی الـغَـدْرِ لَمْ يُبْقُوا عَلَى أَحَدِ
جب میں نے دوستوں کوآزمایا تو دھوکہ دہی میں　مثل زمانہ پایا جنہوں نے کسی کو نہیں بخشا

٣ إِنْ غِبْـتُ عَـنْهُـمْ فَشَـرُّ النَّاسِ يَشْتِمُنِی　وَإِنْ مَـرِضْـتُ فَـخَيْـرُ الـنّاسِ لَمْ يَعُدِ
میری عدم موجوگی میں شریروں نے مجھے برا بھلا کہا　اور بیماری میں اچھےلوگوں نے بھی میری عیادت نہیں کی

٤ وَإِنْ رَأَوْنِـی بِـخَـيْـرٍسَـاءَ هُـمْ فَرْحِي　وَإِنْ رَأَوْنِـي بِشَـرٍّ سَـرَّهُـمْ نَـكَـدِي
جب انہوں نے مجھے خوش دیکھا تو وہ ناراض ہوئے　اور جب مجھےکوئی غم لاحق ہوا تو میرے غم نے انہیں خوش کردیا

**تشـریح:** فرماتے ہیں کہ میں نے بڑی تعداد دوستوں کے ساتھ صحبت اختیار کی اور انکو میں قابل وثوق سمجھتا رہا، مگر جب آزمائش کا وقت آیا تو انکو زمانہ کی طرح بے وفا پایا، ان میں سے بعض تو ایسی بڑی خصلت والے تھے کہ میری غیر حاضری میں مجھے بڑا بھلا کہتے رہے اور ان میں جو بھلے نظر آرہے تھے وہ بھی بیماری میں بیمار پرسی کے لئے نہیں آئے ،اگر مجھے اچھی حالت اور خوش عیشی میں دیکھتے ہیں تو ان کو یہ بات ناگوار گذرتی ہے اور اگر کبھی میری مصیبت اور تکلیف کو دیکھتے ہیں تو ان کو بڑی مسرت ہوتی ہے۔مطلب یہ ہے کہ اس دنیا میں صحیح ہمدرد اور باوفا دوست بہت کم ہیں، دوستی کے دم بھرنے والوں کی کمی نہیں مگر ان میں مخلص خال خال ہی ہوتے ہیں۔

سعدی علیہ الرحمۃ نے خوب ترجمانی کی ہے۔

دوست آن باشد کہ گیر ددست دوست　در پریشان حالی و درماندگی

---

١ـ **مَلَئْتُ يَدِی:** مَلَأهُ،(ن) مَلْأً و مِلاَ ئَةً،بھرنا، عَلَى الأَمْرِ، کسی کی مدد کرنا، یہاں اعتماد و وثوق حاصل کرنے سے کنایہ ہے.　**٢ـ أَخِلَّائِي:** و الخُلَّانُ، الخَلِيلُ کی جمع،خالص دوست۔

**٣ـ يَعُد:** عَادَ ،يَعُودُ، عَوْداً وعِيَادَةً، المَرِيْضَ، بیمار پرسی کرنا،صفت فا،عائدٌ، ج،عُوَّادٌ،صفت مفع، مَعُودٌ.

**٤ـ نَكِدِی:** نَكِدَ(س) نَكَداً، العيش، گزران کا تنگ ہونا. نَكِدَتِ البِئْرُ، کنویں کا پانی کم ہونا.

## حُبُّ الوَلِيِّ

١ قَالُوا تَرَفَّضْتَ قُلْتُ كَلَّا مَا الرَّفْضُ دِيْنِي وَلاَ اعْتِقَادِيْ

لوگوں نے الزام لگایا کہ تو رافضی ہوگیا میں نے کہا ہرگز نہیں رفض میرا دین واعتقاد نہیں ہے

٢ لٰكِنْ تَوَلَّيْتُ غَيْرَ شَكٍّ خَيْرَ إِمَامٍ وَخَيْرَ هَادِي

ہاں مگر اسمیں کوئی شک نہیں کہ میں نے اپنا محبوب بنایا ہے ایک اچھے پیشوا اور بہتر راہنما کو

٣ إِنْ كَانَ حُبُّ الوَلِيِّ رَفْضاً فَإِنَّ رَفْضِيْ إِلَى العِبَادِ

اگر اللہ کے کس ولی سے محبت کرنا رفض ہے تو بے شک ایسی غلط نسبت کی ذمہ داری لوگوں پر ہے

**تشریح :** آپ ﷺ محسن انسانیت ہیں، محبوب خدا ہیں؛ آپ ﷺ کی محبت اللہ تعالیٰ کی محبت کا سبب ہے؛ امت پر آپ ﷺ کا عظیم احسان ہے؛ زندگی بھر آپ ﷺ نے امت کی فکر فرمائی اور پل صراط اور دیگر اہم مقامات پر بھی آپ ﷺ ''یا ربّی اُمّتی یا ربّی اُمّتی''، فرماتے رہینگے ۔ آپ ﷺ کی ذات سے جملہ امتوں کو شفاعت کبریٰ اور امت محمدیہ کو خصوصی شفاعتیں حاصل ہونگی، یہ اور دیگر ان گنت احسانات ایسے ہیں جو صرف اور صرف آپ ﷺ کی ذات بابرکت سے امت کو حاصل ہوئے اور ہوتے رہینگے ،ان اسباب وعوامل کی وجہ سے محسن اعظم ﷺ اور آپکی آل سے امت کا بے انتہا لگاؤ اور محبت کا ہونا برمحل اور قرین قیاس ہے، پھر خود آپ ﷺ نے بھی ایک مؤمن کو اسوقت تک کامل مؤمن کی فہرست میں شامل نہیں فرمایا ⇦

---

١ـ **تَرَفَّضْتَ** : رَفَضَ (ن،ض) رَفْضاً، الشيئَ، پھینکنا، چھوڑنا، ومِنْهُ الرَّافِضَةُ، لڑائی میں اپنے پیشوا اور رہنما کو چھوڑنے والا گروہ، ج، رَوَافِضُ، اسی سے یہ قول ہے'' لاَ خَيْرَ فِي الرَّوَافِضِ ''، شیعوں کی ایک جماعت، نسبت کے لئے، رافِضِيٌّ.

٢ـ **تَوَلَّيْتُ**: وَلَّى تَوْلِيَةً، فُلَانَا الأَمْرِ، حاکم مقرر کرنا، انتظام سپرد کرنا، تَوَلَّيْتُ، اِعْتَنَقْتُ.

٣ ـ **الوَلِيُّ**: قریب، محبت کرنے والا، دوست، مددگار، حلیف، داماد، ج، أَوْلِيَاءُ. اللّٰهِ وَلِيُّكَ، اللہ تیرا محافظ ہے۔ المُؤمنُ وليُّ اللّٰهِ، مؤمن اللہ کا مطیع ہے۔ وَلِيُّ العهد، تخت کا وارث. وَلِيُّ اليَتِيمِ، یتیم کا وارث۔

 دیوان الإمام الشافعیؒ

جب تک اسکے دل میں آپ ﷺ کی محبت والد، ولد اور جملہ لوگوں سے زیادہ نہ ہو، اس ارشاد میں ضمناً آل رسول ﷺ کی محبت بھی شامل ہوگئی کیونکہ محبت، مُحبّ سے محبوب کے محبوب کی محبت کا بھی تقاضہ کرتی ہے۔

متنبّی کہتا ہے:

وإنّــی وإن کــان الــدّفیـن حبیبُــه          حبیبٌ إلی قلبی حبیبُ حبیبی

ان احکامات وفضائل کے سبب ہر دور میں امت کے برگزیدہ بندوں نے رسول ﷺ اور آل رسول ﷺ سے بے پایاں محبت کا اظہار فرمایا اور عشق رسول ﷺ کے تقاضوں کو شریعت کی حد میں رہ کر خوب پورا کیا۔

''دوسری جانب'' تاریخ شاہد ہیکہ ہر زمانے میں باطل فرقوں اور اسکے سرغنوں نے علماء ربّانیین سے امت کی عقیدت ختم کرنے اور انکا اثر ورسوخ وحلقۂ ارادت کم کرنے کی غرض سے؛ انکی جانب؛ انکے شان رسالت میں عقیدت ومحبت بھرے الفاظ میں کتر بیونت کرکے رفض وتشیّع کی غلط نسبت کی، امام شافعیؒ مذکورہ اشعار میں ایسے حضرات کو جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میں نے حبّ رسول ﷺ وحبّ آل رسول میں جادۂ استقامت کو نہیں چھوڑا اور افراط وتفریط سے پاک حد اعتدال ہی پر باقی رہا، مگر پھر بھی میری جانب کوئی رفض کی نسبت کرتا ہے تو وہ خود اسکا ذمہ دار ہے اور میں اس سے بری ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے یہاں ہر چیز کا مبنی بر انصاف فیصلہ ہونے والا ہے اور وہ علیمٌ بذات الصدور ہے۔

## كَمْ ضَاحِكٍ

١ وَمُتْعَبِ العَيْشِ مُرْتَاحاً إِلٰى بَلَدٍ — وَالمَوْتُ يَطْلُبُهُ مِنْ ذٰلِکَ البَلَدِ

زندگی سے تھکا ہارا انسان راحت کے لئے اپنے شہر پہونچتا ہے — اور موت اسی شہر میں اسکو تلاش کر رہی ہوتی ہے

٢ كَمْ ضَاحِكٍ وَالمَنَايَا فَوْقَ هَامَتِهِ — لَوْكَانَ يَعْلَمُ غَيْباً مَاتَ مِنْ كَمَدِ

بہت سے ہنسنے والوں کے سر پر موت منڈ لا رہی ہوتی ہے — اگر انہیں آنے والی موت کا یقینی علم ہوتا تو مارے غم کے مرجاتے

٣ مَنْ كَانَ لَمْ يُؤْتَ عِلْماً فِي بَقَاءِ غَدٍ — مَاذَا تَفَكُّرُهُ فِي رِزْقِ بَعْدَ غَدِ

جوشخص کل تک زندہ رہنے کا علم نہیں رکھتا — وہ پرسوں کی روزی کی فکر میں کیوں پڑا ہے

**تشریح:** دنیا دارالامتحان ہے، آخرت دارالجزاء ہے، عقلمند آدمی وہ ہے جو اس امتحان گاہ میں محنت کر کے کامیابی کا مستحق بن جائے، حدیث شریف میں آتا ہے " الكيّس من دان نفسه وعمل لما بعد الموت" (رواه الترمذی) پھر اس دارفانی میں انسان کو کتنا رہنا ہے یہ بھی متعین نہیں! دارفانی سے دار باقی کی طرف رخصتی کا خطرہ ہر وقت لگا ہوا ہے، موت کسی بھی پل آ کر زندگی کا چراغ گل کر سکتی ہے، مزید برآں موت ایسی اٹل حقیقت ہے جسکا انکار آج تک نہ کوئی کر سکا نہ کر سکتا ہے، جس سے آج تک نہ کوئی بچ سکا؛ نہ بچ سکتا ہے " أينما تكونوا يدرككم الموت " (النساء : ٧٨) میں اگر موت کے پنجے سے کسی کو مفر نہیں کا اعلان ہے تو " إذا جاء أجلهم فلا يستأخرون ساعة ولا يستقدمون" (يونس: ٤٩) اجل ٹالی نہ جانیکی منادی ہے اور " وما تدری نفس بأیّ أرض تموت" (لقمان : ٣٤) زندگی کے اچانک خاتمہ کی اطلاع ہے، موت کی ہر وقت فکر کرنا ایمانی زندگی ہے اور اس سے غافل رہنا مقصد حیات سے غفلت ہے۔ ⇦

---

١۔ **مُتعَبِ العَيْشِ:** تَعِبَ (س) تَعَباً، مشقّت میں پڑنا، تھکنا، صفت، تَعِبٌ، مُتْعِبُ العَيْشِ، زندگی کا تھکا ھارا. **مُرْتَاحاً:** اِرْتَاحَ، خوش ہونا، چست ہونا، اللّٰهُ لَهُ بِرَحْمَتِهِ، اللہ تعالی کا کسی کو بلا ومصیبت سے چھڑانا، صفت، مُرْتَاحٌ.

٢۔ **المَنَايَا:** وَالمَنَى ، المَنِيَّةُ کی جمع، موت، المَنَى، قصد، تقدیر الٰہی۔ **هَامَةٌ:** ہر چیز کی چوٹی، سر، قوم کا سردار، ج، هَامَاتٌ، هَامٌ.

**كَمَدِ:** الكَمْدُ والكَمَدُ والكُمْدَةُ، رنج، سخت غم، كَمِدَ (س) كَمْداً، الرَّجُلُ، رنج وغم سے دل کی بیماری ہونا۔ صفت ،كامِدٌ، كَمِدٌ، كَمِيْدٌ.

امام شافعیؒ مذکورہ اشعار میں اسی جانب لوگوں کی توجہ مرکوز کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ عیش وعشرت میں مشغول ہوکر؛ موت سے غافل ہونے والے اور متاع دنیا کا اسیر ہوکہ عبدالدّینار والدّرہم بننے والے؛ کوموت کی مضبوط گرفت کا دھیان رکھنا چاہئے، کہیں ایسا نہ ہوکہ عین غفلت میں روح قبض ہوجائے اور دنیا سے خالی ہاتھ واپس لوٹنا پڑے۔ بہت سے ہنسنے والوں کوسکرات موت نے مغموم کردیا اور بہت سارے دنیاوی جنّت بنانے والوں کو؛ موت نے انکی جنّت سے محروم کردیا، دانا وہ ہے جو دھوکے کے گھر کی فکر کرنیکے بجائے بلا تأخیر دائمی دار کی فکر میں لگ جائے اور بقدر کفاف دنیا پر گذارا کرکے؛ ہمیشہ کی راحت کے حصول پر نظر رکھے۔

مجذوب فرماتے ہیں۔

عیش وعشرت کے لئے انساں نہیں — یاد رکھ تو بندہ ہے مہماں نہیں
غفلت وسستی تجھے شایاں نہیں — بندگی کرتو اگر ناداں نہیں
ایک دن مرنا ہے آخر موت ہے — کرلے جو کرنا ہے آخر موت ہے

# يَوْمُ الدُّعَاءِ

جاء فی معجم الأدباء، كان الإمام الشافعیؒ ،یوما من أیّام الحجّ جالسا للنّظر ،فجاء ت امرأة فألقت إليه رقعة فيها:

١ عَفَاللّٰهُ عَنْ عَبْدٍ اَعَانَ بِدَعْوَةٍ خَلِيْلَيْنِ كَانَادَائِمَيْنِ عَلٰی الوُدِّ

اللہ تعالیٰ عافیت بخشے اس بندے کو جو مدد کرے اپنی دعا سے ان دوستوں کی جو ہمیشہ مودت کے رشتے سے منسلک رہے

٢ إِلٰی أَنْ مَشٰی وَاشِي الهَوٰی بِنَمِيمَةٍ إِلٰی ذَاکَ مِنْ هٰذافَزَالاَ عَنِ العَهْدِ

یہاں تک کہ کچھ بدخواہ چغل خوروں نے ادھر ادھر کی لگائی تو وہ دونوں اپنی دوستی کے عہد کو نبھا نہ سکے

قال، فبكی الشافعیؒ وقال ليس هذا يوم نظر، هذايوم دعاء، ولم يزل يقول؛ اللّهم....اللّهم... حتی تفرّق أصحابه. قال ابن قضيب فی كتابه"حلّ المقال"، ثمّ ذكر الشافعیؒ أنّ هذه الأبيات مجرّبة فی صرف الآفات:

٣ يَامَنْ تُحَلُّ بِذِكْرِهِ عُقَدُ النَّوَائِبِ وَالشَّدَائِدُ

اے وہ ذات جسکے مبارک نام کی برکت سے مشکلات ومصائب سے نجات حاصل کی جاتی ہے

٤ يَامَنْ إِلَيْهِ المُشْتَكٰی وَإِلَيْهِ أَمْرُ الخَلْقِ عَائِدُ

اے وہ ذات جو ہم سب کی فریادرس ہے جسکی طرف کل مخلوق کے امور لوٹتے ہیں

٥ يَا حَيُّ يَاقَيُّومُ يَا صَمَدٌ تَنَزَّهَ عَنْ مُضَادِدُ

اے ہمیشہ زندہ رہنے والے، اے مخلوق کو سنبھالنے والے اے اضداد سے پاک بے نیاز ذات

---

٢۔ **الوَاشِي:** وَشَی، يَشِی،وَشْياً ووِشَايَةً،بِهِ، چغلخوری کرنا، صفت، الوَاشِی، ج، وَاشُون، وُشَاةٌ. العَهْدُ: عَهِدَ(س) کا مصدر، وفا، ذمّہ، دوستی، میثاق، شاہی فرمان، ج، عُهُودٌ.

٣۔ **عُقَدُ:** العُقْدَةُ، گرہ، ج، عُقَدٌ، عَقَدَ(ض) عَقْداً، الحَبْلَ، گرہ لگانا، البيع او اليمين بیع یا قسم کو پکا کرنا ،ہ،علی الشیئ، معاہدہ کرنا، لهُ، ضامن ہونا۔

٤۔ **المُشْتَكٰی:** شَكَا،يَشْكُو، شَكْواً، وشِكَايَةً واِشْتَكٰی، اِلَيْهِ، شکایت کرنا۔

٥۔ **الصَّمَدُ:** بلندشان والا، بے نیاز، سردار جسکی طرف مھمات میں رجوع کیا جائے، اسماء حسنی میں سے ہے۔

٦ أَنْــتَ الــرَّقِيــبُ عَــلَـى العِبَــا دِ وَأَنْــتَ فِــی الْـمَـلَـكُـوتِ وَاحِـدُ
آپ ہی بندوں کے نگران ہے — اور آپ ہی اپنی بادشاہی میں یکتا ہیں

٧ أَنْــتَ الْـعَــلِيــمُ بِــمَــا بَـلَيْـــ تَ بِــهِ وَأَنْــتَ عَــلَيْـــهِ شَــاهِـدُ
آپ خوب جانتے ہیں ان چیزوں کو جسکو — آپنے بوسیدہ کردیا اور آپ اسپر نگران ہیں

٨ أَنْـــتَ الــمُـعِـــزُّ لِـمَــنْ اَطَـــا عَکَ وَالــمُـذِلُّ لِـكُـلِّ جَـاحِـدُ
آپ ہی فرمانبرداروں کو عزت بخشتے ہیں — اور آپ ہی منکرین کو ذلیل فرماتے ہیں

٩ أَنْـتَ الــمُـنَـزَّهُ يَـابَـدِيـعَ الـخَـلْـقِ عَـــنْ وَلَـــدٍ وَوَالِـــدُ
اے مخلوقات کو ابتداءً پیدا کرنے والے — آپکی ذات والد وولد کے عیب سے پاک ہے

١٠ إِنِّـــی دَعَـــوْتُكَ وَالهُــمُـــو مُ جُيُــوشُهَــا قَــلْبِـی تُـطَــارِدُ
میں نے آپکو پکارا ہے ایسی حالت میں کہ — غموں کے لشکر نے میرے قلب پر حملہ کردیا ہے

**تشریح:** اللہ تبارک وتعالیٰ داتا ہیں ہم محتاج ہیں، مانگنا بندگی کا اظہار ہے اور عطا کرنا معبود کی شان ہے، مانگنے والے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں، اسکی غیرت جوش میں آتی ہے اور اپنے فضل وکرم سے جونہیں مانگا وہ بھی عطا فرمادیتے ہیں۔ حدیث شریف کا مفہوم ہے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا "إنّ ربّكم حيّی كريم ، يستحی من عبده إذا رفع يديه، أن يردّهما صفرا" (رواه الترمذی وابـــو داؤد) . دنیا کے کریم مانگنے پر ناراض ہوتے ہیں جبکہ حق تعالیٰ نہ مانگنے پر ناراض ہوتے ہیں۔ ایک روایت میں ہے " من لم يسأل الله يغضب عليه " (رواه الترمذی) ⇦

---

٦۔ **المَلَكُوت:** بادشاہی، سلطنت، عز وعظمت.

٧۔ **بَلَيْتَ :** بَلِیَ (س) بِلیً وبَلَاءً، وبَلَّی، تَبْلِيَةً، الثّوب، کپڑے کا بوسیدہ یا پرانا ہونا، کرنا، صفت، بَالٍ وَبَلِیٌّ.

٩۔ **المُنَزَّهُ:** نَزِهَ (س) ونَزُهَ (ک) نَزَاهَةً ونَزَّهَ ، نَفْسَهُ عَنْ القَبِيحِ، برائی سے پاک ہونا، اپنے آپ کو گناہ و عیوب سے دور رکھنا.

١٠۔ **تُطَارِدُ:** طَارَدَ، طِرَاداً وَمُطَارَدَةً، الأَقْرَانَ، ہم عصروں کا ایک دوسرے پر حملہ کرنا، تَطَارَدَ القَومُ، ایک دوسرے پر حملہ کرنا.

١١ فَـــرِّجْ بِـحَـــوْلِکَ کُـــرْبَتِـي    يَـــا مَـنْ لَـــهُ حُسْــنُ الـعَـوَائِـدُ
اپنی قدرت سے میرے غم کو دور کر دیجئے    اے وہ ذات جو حسن سلوک کی عادی ہے

١٢ فَــخَــفِــيُّ لُـطْـفِکَ يُسْتَـعَــا    نُ بِـــهِ عَـلٰـى الـزَّمَـنِ المِعَـانِـدُ
اس لئے کہ آپکے ان گنت احسانات کے ذریعہ    سخت زمانے پر مدد طلب کی جاتی ہے

١٣ أَنْـــتَ الـــمُيَسِّـــرُ وَالْـمُسَبِّــبُ    وَالْـــمُسَهِّـــلُ وَالْـــمُسَـــاعِـــدُ
آپ ہی مشکل کو آسان کرنے والے، آپ ہی مسبب الاسباب ہیں    آپ ہی آسانی پیدا کرنے والے اور آپ ہی مددگار ہیں

١٤ يَسِّـــرْ لَـــنَـــا فَـــرَجـــاً قَـرِيْـبـاً    يَـــــا إِلٰهِـــي لَا تُبَـــاعِـــدُ
ہمیں غموں سے فوری نجات عطا فرما    اے خداوندا، کشادگی ہم سے دور نہ فرما

١٥ كُـــنْ رَاحِـــمِـــي فَـلَـقَـدْ أَيِسْـتُ    مِـــنَ الْأَقَـــارِبِ والْأَبَـــاعِـــدُ
تو ہی مجھ پر رحم فرما اسلئے کہ میں    قریب وبعید سب سے مایوس ہو گیا ہوں

١٦ ثُمَّ الصَّـلٰوةُ عَلَى النَّبِيِّ    وَآلِـــــهِ يَـــا خَيْـــرَ سَـــاجِـــدُ
پھر رحمت بھیج نبی اکرم ﷺ پر    اور انکی آل پر اے قریب ومسجود ذات

دعا ہی وہ طاقت ہے جسکے سہارے مؤمن ہر آفت ومصیبت سے نجات پا سکتا ہے، ایک حدیث میں ہے " إن الدّعاء ينفع ممّا نزل وممّا لم ينزل، فعليكم عباد الله بالدّعاء" (رواہ الترمذی)

امام شافعیؒ مذکورہ اشعار میں دعا کی اہمیت کو واضح کرتے ہوئے فرماتے ہیں؛ کہ مؤمن کو مبارک اوقات اور مبارک مقامات میں اللہ تعالیٰ کی جانب خوب رجوع کرنا چاہیئے۔ امام شافعیؒ نے مذکورہ اشعار کو قبولیت دعاء میں مؤثر مانا ہے، اسلئے طلبۂ کرام کو یہ اشعار حفظ کر کے کبھی کبھی اپنی دعا کا حصہ بنانا چاہیئے۔ اسلاف کرام کے تجربات تیر بہدف ہوتے ہیں اور انکے برکات اور وسیلے سے کام بن جایا کرتے ہیں۔ ؎ ان سے ملنے کی یہی ہے ایک راہ    ملنے والوں سے راہ پیدا کر

---

١١۔ **الحَوْلُ**: مص، قدرت، قوت، کہا جاتا ہے " لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰه ".
**العَوَائِدُ**: وعُوَّدٌ وعَائِدَاتٌ، العَائِدَةُ مؤنث کی جمع، العَادَةُ، ج، عَادَاتٌ، عادت، بھلائی، صلہ، مہربانی، منفعت.
١٤۔ **إِلٰهِي**: الإِلٰـهُ، معبود، خدا، ج، آلِهَةٌ. **اللّٰهُ**: ذات واجب الوجود کا نام، اِلٰهِی، بمعنی اللَّهُمَّ، اے خدا، اے اللہ تعالیٰ۔
١٦۔ **الصَّلٰوةُ**: او الصَّلاَةُ، ج، صَلَوَاتٌ، دعا، نماز تسبیح، مِنَ اللّٰهِ، رحمت، مِنَ العِبَادِ، دعا۔

# حقُّ الجَارِ

جاء رجل إلى الشافعيؒ ، فقال له،أصلحک اللّٰه، صديقک فلان عليل،فقال الشافعیؒ ، والله لقد أحسنت إليّ وأيقظتنی لمكرمة، ودفعت عنّی إعتذارا يشوبه الكذب،ثم قال يا غلام، هات السّبتيّة.... للمشیُ علی الحفاء،علی علة الوجاء، فی حرّ الرّمضاء، من ذی طوٰی، أهون من إعتذار إلى صديق يشوبه الكذب، ثم أنشد:

١ أَرٰی رَاحَةً لِلْحَقِّ عِنْدَ قَضَائِهِ — وَيَثْقُلُ يَوْماً إِنْ تَرَكْتُ عَلٰی عَمَدِ

میں ادائیگئ حق کے بعد راحت محسوس کرتا ہوں — اور حق کو عمدا ترک کرنے والا دن مجھ پر ثقیل ہوجاتا ہے

٢ وَحَسْبُکَ حَظّاً أَنْ تُرٰی غَيْرَ کَاذِبٍ — وَقَوْلُکَ لَمْ أَعْلَمْ وَذَاکَ مِنَ الجُهْدِ

اور تیری خوش نصیبی ہے کہ تو جھوٹا نہ سمجھا جائے — اور تیرا یہ کہنا کہ مجھے علم نہیں تھا مشقت کی بات ہے

٣ وَمَنْ يَقْضِ حَقَّ الجَارِ بَعْدَ ابْنِ عَمِّهِ — وَصَاحِبِهِ الأَدْنٰی عَلَی القُرْبِ والبُعْدِ

اور جوشخص اپنے بھائیوں اور قریبی رشتہ داروں کے بعد — نزدیک و دور کے پڑوسی کا حق ادا کرتا ہے

٤ يَعِيشُ سَيِّداً يَسْتَعْذِبُ النَّاسُ ذِكْرَهُ — وَإِنْ نَابَهُ حَقٌّ أَتَوْهُ عَلٰی قَصْدِ

وہ زندگی میں سردار بنتا ہے اور لوگ اسکا عزت سے نام لیتے ہیں — اور ضرورت پیش آنے پر لوگ بقصد مدد پہونچ جاتے ہیں

**تشـــریح :** مذھب اسلام نے اپنے پرائے، چھوٹے بڑے، قریب وبعید حتی کہ جانوروں کے حقوق بیان فرما کر اس کو ادا کرنیکی تاکید فرمائی ہے۔ من جملہ ان حقوق میں ایک اہم حق پڑوسی کا حق ہے، اسلامی تعلیمات میں کہیں تو " واللّٰه لا يؤمن، واللّٰه لا يؤمن، والله لا يؤمن، قيل من يا رسول الله؟ قال الذی لا يأمن جاره بوائقه " (رواه البخاری) ⇦

---

١۔ **يَثْقُلُ :** ثَقُلَ(ک) ثِقْلاً وثِقَالَةً، بھاری ہونا، بوجھل ہونا، صفت، ثَقِيْلٌ، ج، ثُقَلاءُ، ثِقَالٌ.

٣۔ **الأدنٰی:** دَنِیٌّ کا اسم تفضیل، ج، اَدَانٍ، اَدْنُونَ، نسب میں قریب ترین رشتہ دار لوگ۔

٤۔ **يَسْتَعْذِبُ :** اِسْتَعْذَبَ الشَّيئُ، میٹھا اور خوش گوار ہونا، يَسْتَعْذِبُ النَّاس ذِكْرَهُ، يَجِدُونَهُ عَذْباً وَيَرْتَاحُونَ لِسِمَاعِهِ، خَرَجَ يَسْتَعْذِبُ المَاء، میٹھا پانی لینے کے لئے جانا۔ **نَابَهُ:** نَابَ يَنُوبُ نَوباً وَنَوْبَةً، فُلاَناً أَمْرٌ، کوئی امر پیش آنا۔ **الحَقُّ:** مصـ، فیصل شدہ امر، موت، نصیب، مال، ثابت شدہ۔

کہکر پڑوسی کی ایذا رسانی سے بچنے کی تاکید فرمائی گئی ہے تو کہیں "ما آمن بی من بات شبعان، وجاره جائع إلی جنبه، وهو یعلم به" (رواه الطبرانی فی الکبیر) کہکر پڑوسی کا ہر ممکن خیال رکھنے کی ہدایت فرمائی گئی ہے۔ مذکورہ دونوں روایتیں اپنی جامعیت کے ساتھ پڑوسیوں کے ساتھ سلوک کے معاملے میں تہذیب جدید کے علم برداروں کو انکی؛ تہذیب کے ناقص ہونیکا پتہ دیتی ہے، کیونکہ سالہا سال پڑوس میں رہکر؛ پڑوسی کو نہ پہچاننا اگر چہ پڑوسی کو نقصان نہ پہونچانیکی حد تک تو مفید ہے مگر راحت وآرام پہونچانیکے معاملہ میں ناکام اور قابل ردّ، اسلئے کہ پڑوس ایک ایسا تعلق ہے جسمیں طرفین سے ہر دو امور میں تعاون حاصل ہونا مطلوب وممدوح ہی نہیں؛ جانبین کی ضرورت ہے، قرآن کریم میں ہے " وَبِالْوَالِدَیْنِ إِحْسَانًا وبِذِی الْقُرْبٰی والیَتَامٰی والمَسَاکِینِ وَالجَارِ ذِی القُرْبٰی والجَارِ الجُنُبِ والصَّاحِبِ بالجَنْبِ وابْنِ السَّبِیل" (نساء: ٣٦) آپ ﷺ کا " مازَالَ جِبْرَئِیلُ یُوصِینِی بِالجَارِ، حَتّٰی ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَیُوَرِّثُهُ" (رواه الترمذی) فرمانا اس حق کے انتہائی اہم ہونیکی دلیل ہے۔

امام شافعیؒ مذکورہ اشعار میں لوگوں کی؛ حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی اور بہانہ بازی پر تنبیہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں؛ کہ محتاج وبیمار بھائی کی؛ جاننے کے باوجود خبر گیری نہ کرنا اور ملاقات پر عذر ومعذرت اور کذب بیانی سے کام لینا ایک مؤمن کی شان نہیں، کامل مؤمن وہ ہے جو مؤمن بھائی کی نگرانی کرے اور شدائد میں فوری طور پر اسکی مدد کے لئے آگے آئے، ایسا کرنے والا لوگوں کے بیچ عزت کا مقام پاتا ہے؛ خود مصیبت میں مبتلا ہونے پر لوگوں کی ہمدردی کا مستحق ہوتا ہے اور موت کے بعد ذکر خیر اور جنت کے بلند درجات کا بھی حقدار بنتا ہے۔

# وَلَوْلاَ خَشْيَةُ الرَّحْمٰنِ

قال المبرّد، دخل رجل على الشافعیؒ ،فقال،إنّ أصحاب أبی حنيفةؒ لفُصحاء،فقال الشافعیؒ:

١ وَلَوْلاَ الشِّعْرُ بِالعُلَمَاءِ يُزْرِيْ — لَكُنْتُ اليَوْمَ أَشْعَرَ مِنْ لَبِيدِ

اگر شعر گوئی کا پیشہ علماء کے لئے عیب کی بات نہ ہوتا — تو آج میں لبید سے بڑا شاعر ہوتا

٢ وَأَشْجَعَ فِي الوَغٰى مِنْ كُلِّ لَيثٍ — وَآلِ مَهَلَّبٍ وَبَنِي يَزِيدِ

اورلڑائی میں شیر نر سے زیادہ — اورآل مھلّب اور بنو یزید سے زیادہ بہادر ہوتا

٣ وَلَوْلاَ خَشْيَةُ الرَّحْمٰنِ رَبِّي — حَسِبْتُ النَّاسَ كُلَّهُمْ عَبِيدِي

اوراگر بہت رحم کرنے والے میرے رب کی خشیت نہ ہوتی — تو تمام لوگوں کو میں اپنا غلام سمجھتا

**تشریح :** امام شافعیؒ نے مذکورہ اشعار میں شعر گوئی کوعلماء کرام کے لئے عیب قرار دیا ہےاس سے وہ شعر گوئی مراد ہوگی جو درباری شعراء کی طرح پیشہ ورانہ انداز میں ؛ بے جا مدح سرائی کے طور پر اختیار کی جائے ، یا وہ شعر گوئی مراد ہوگی جو افکار باطلہ کی ترویج اور عشق و محبت کے مضامین پر مشتمل ہو،جسکی قباحت قرآن کریم نے "وَالشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ الغَاوُون، اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِي كُلِّ وَادٍ يَّهِيمُونَ،وَ اَنَّهُمْ يَقُولُونَ مَالَا يَفْعَلُون"(شعراء: ٢٢) میں یا" وَمَاعَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَايَنْبَغِي لَه"(یاسين : ٦٩) میں ذکر فرمائی ہے، ⇦

---

**١۔الشِّعْرُ :** شَعُرَ (ن،ک)شِعراً کا مصدر،منظوم کلام،ج، اشْعار. **يُزْرِى :** زَرىَ (ض) زَرْياً وزُرْياً وزِرايةً، عليه عمله، کسی کام پرعتاب کرنا،عیب لگانا، اَزْرٰى بِهِ واَزْرَاهُ،بدگوئی کرنا،حق کم کرنا.

**لَبِيدُ :** پورانام، لبيد بن ربيعة بن مالک، أبو عقيل العامری ،زمانۂ جاھلیت کےفن شاعری کے شہسواروں میں سے ایک ہے۔نجد کے رہنے والے ہیں۔آپ ﷺ کے پاس آئے اورمسلمان ہوگئے اورصحابی رسول ﷺ بننے کا شرف حاصل کیا،مسلمان ہونیکے بعد شعر کہنا چھوڑ دیا،سوائے ،ایک شعر کےکوئی شعرمسلمان ہونے کے بعدنہیں کہا۔وہ یہ شعر ہے، ماعاتب المرأ الكريم كنفسه ــ والمرأ يصلحه الجليس الصالح.

کوفہ میں رہےاورطویل عمر پائی، "السبع المعلقات " میں ایک معلّقہ انکا ہے،جسکا مطلع یہ ہے ،عفت الدّيار محلّهافمقامها. بمنى،تأبّد غولها فرجامها.

**٢۔الوغٰى :** شور،لڑائی. **آل مهلّب، بنى يزيد:** ابتداءاسلام میں جہاد کے سپہ سالار ہوا کرتے تھے۔

باقی دفاع اسلام کے لئے؛ توحید ورسالت کے اثبات کے لئے یا کوئی حکمت بھری بات کو مؤثر انداز میں بیان کرنے کے لئے اشعار کا سہارا لیا جائے تو کوئی حرج کی بات نہیں۔

شاعر اسلامی حسّان بن ثابت انصاریؓ کو آپ ﷺ کا" أجب عنّی ، أللّهم أيّده بروح القدس" (متفق علیہ) کے الفاظ میں دعا دینا؛ حضرت عمرو بن شریدؓ سے ردیف بنکر آپ ﷺ کا ایک سو اشعار کا سننا اور خود موقع بموقع ایک دو اشعار کا کہنا؛ نیک مقصد کے لئے شعر گوئی کی اجازت پر دلالت ہے۔ باقی امام شافعیؒ جیسے مجتہد اور امام فقہ کے لئے استنباط مسائل کو چھوڑ کر شعر گوئی کا پیشہ اختیار کرنا یقیناً عیب کی بات مانا جائیگا، کیونکہ احکام شریعت کو جان کر لوگوں تک پہونچانا ضروریات دین میں سے ہے، جبکہ شعر شاعری کو ہرگز ہرگز یہ مقام حاصل نہیں ہوسکتا۔

## خَمُسُ فَوَائِدِ

**قیل للإمام الشافعیؒ ما لک تکثر من إمساک العصا ولست بضعیف، قال، لأذکر أنّی مسافر، وقال رحمه الله، یعدّد فوائد السّفر والإغتراب:**

۱ **تَغَرَّبْ عَنِ الْأَوْطَانِ فِي طَلَبِ الْعُلٰی ۞ وَسَافِرْ فَفِي الْأَسْفَارِ خَمْسُ فَوَائِدِ**

مقاصد عالیہ کے حصول کے لئے ترک وطن اختیار کر ۞ اور سفر کر اسلئے کہ سفر کرنے میں پانچ فائدے ہیں

۲ **تَفَرُّجُ هَمٍّ وَاكْتِسَابُ مَعِيشَةٍ ۞ وَعِلْمٌ وَآدَابٌ وَصُحْبَةُ مَاجِدِ**

پریشانی کا دور ہونا، روزی کا حاصل ہونا ۞ اور علم وآداب کا سیکھنا اور شریفوں کی صحبت حاصل ہونا

**تشریح:** سفر انسان کی دینی، دنیوی؛ ظاہری، روحانی ومادی ترقی اور ظفر کا بہترین وسیلہ ہے، قرآن کریم اور احادیث نبویہ میں آلات سفر، آداب سفر، اغراض سفر اور متعلقات سفر کا تفصیلی تذکرہ آنا اس بات کی علامت ہیکہ اغراض حسنہ کے لئے سفر کرنا نہ صرف جائز ہے؛ بعض مرتبہ ترقی کے اعلیٰ منازل طے کرنے کے لئے ضروری ہوجاتا ہے۔ امام شافعیؒ مذکورہ اشعار میں اپنے تجربات کی روشنی میں نصیحت فرماتے ہیں کہ اگر وطن میں مقیم رہکر طلب علم، طلب رزق اور اکتساب معالی کے اسباب میسّر نہ ہوں تو انسان کو اُن مقامات کی جانب ضرور سفر کرنا چاہئے جہاں یہ فضیلتیں بآسانی میسّر ہوسکے، سیدالانبیاء ﷺ سے لیکر خیر القرون میں اور آج تک اللہ والوں کا مقاصد حسنہ کے لئے سفر کرنا ثابت ہے، ان گنت اللہ والوں کی جائے ولادت اور جائے وفات کا مختلف ہونا بھی اسی دعوٰی کی دلیل ہے، امام شافعیؒ نے ان اشعار میں سفر سے حاصل ہونے والے بے شمار فوائد میں سے پانچ فائدوں کا بھی تذکرہ فرمایا ہے۔

---

۱۔ **تَغَرَّبْ:** تَغَرَّبَ، اِغْتَرَبَ، وطن سے نکل جانا، الغَرِيبُ، وطن سے دور، ج، غُرَبَاءُ.

**العُلٰی:** والعَلاءَ، بلندی، شرافت.

۲۔ **مَعِيشَةٌ:** ومَعَاشٌ، کھانے پینے کی چیز جس سے گذران ہو، ذرائع زندگی، ج، معایش. قرآن کریم میں ہے ﴿وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ﴾.

**مَاجِدٌ:** مَجُدَ (ک) مَجَادَةً کا فاعل، بزرگی والا، خوش خلق، ج، أَمْجَادٌ، مَجَدَة.

# لَا تَنْقَضِی

**قال الإمام الشافعیؒ ، يذكر كثرة محن الزمان وقلّة أعياد السّرور فيه:**

١ مِحَنُ الزَّمَانِ كَثِيرَةٌ لاَ تَنْقَضِي وَسُرُورُهُ يَأْتِيكَ كَالأَعْيَادِ

زمانے کے مصائب بےحدوبےشمار ہیں اورخوشیاں تو عید کی طرح کبھی کبھی آتی ہیں

٢ مَلَكَ الأَكَابِرَ فَاسْتَرَقَّ رِقَابَهُمْ وَتَرَاهُ رِقاًّ فِي يَدِ الأَوْغَادِ

زمانے نے کبھی کبھی وقت کے بڑوں کی گردنوں کو پکڑ کر ذلیل لوگوں کی غلامی میں دے دیا

**تشــریح:** دنیا مؤمن کے لئے دارالامتحان اور قیدخانہ ہے جبکہ کافر کے لئے آرام گاہ اور جنت ہے، یہاں مختلف احوال وآفات کے ذریعہ مؤمن کے صبر، تسلیم ورضا اور اطاعت وانقیاد کا امتحان لیا جاتا رہتا ہے اور سو فیصد کامیاب ہونے والے کو جنت کے دخول اولین کا پروانہ دیا جاتا ہے، قرآن کریم میں ہے " وَ لَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَیْءٍ مِنَ الخَوفِ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِنَ الأَمْوَالِ والأَنْفُسِ والثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصَّابِرِيْن" (البقرة : ١٥٥) دوسری جگہ ارشاد ہے " أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوا الجَنَّةَ وَلَمَّا يَأْتِكُمْ مَثَلُ اللَّذِيْنَ خَلَوْامِنْ قَبْلِكُمْ مَسَّتْهُمُ البَأسآءُ وَالضَّرَّاءُ وزُلْزِلوا" (البقرة: ٢١٤) ایک حدیث شریف میں مؤمن پر ہر چہار جانب سے آنے والے حوادثات وآفات کو تمثیل دیکر اسطرح سمجھایا گیا ہے" مثل المؤمن كمثل الزّرع ،لا تزال الرّياح تفيئه، ولايزال المؤمن يصيبه البلاء، ومثل المنافق كمثل شجرة الارز لاتهتزّ حتّى تستحصد" (رواه الترمذی) ⇦

١۔**مِحَنٌ**: المِحْنَةُ، کی جمع، آزمائش، مَحَنَ(ف) مَحْناً، فلانا، آزمانا.

**الأَعْيَادُ**: عِيدٌ کی جمع، عِيدٌ دراصل عِوْدٌ تھا، اسکی جمع حسب قاعدہ أَعْوَادٌ آنی چاہئے تھی مگر عُودٌ بمعنی لکڑی کی جمع سے فرق کرنے کے لئے اَعْيَادٌ آتی ہے۔ وہ دن جسمیں بڑے واقعہ یا بڑے آدمی کی یاد منائی جائے۔

٢۔**اِسْتَرَقَّ**: رَقَّ (ض)رَقاًّ، العَبْدُ، غلام ہونا یا رهنا. اِسْتَرَقَّ، العَبْدَ، غلام کا مالک ہونا .

**الأَوْغَادُ**: ووُغْدَانٌ ووِغْدَانٌ، الوَغْدُ کی جمع، کمزورعقل والا، بےوقوف، کمینہ، غلام۔

امام شافعیؒ مذکورہ اشعار میں مؤمن کو تسلی دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ دنیا میں مؤمن کا حوادثات زمانہ سے امتحان لیا جانا قرین قیاس اور اچھے حال کی علامت ہے، اسلئے کہ مؤمن نے اللہ تعالیٰ سے جنت کا سودا کیا ہے اور اللہ تعالیٰ کا یہ سامان اتنا سستا نہیں کہ بآسانی یا کم قیمت پر مل جائے! دائمی جنت کے لئے وقتی تکالیف کو خندہ پیشانی کے ساتھ برداشت کرنا ضروری ہے، جب دنیوی کامیابی بغیر محنت کے ممکن نہیں؛ تو اخروی کامیابی کے لئے محنت کرنا ضروری کیوں نہ ہو؟ مجذوب نے کیا ہی خوب کہا ہے۔

اسی غفلت یہ تیری ہستی نہیں  دیکھ جنت اس قدر سستی نہیں
رہ گذر دنیا ہے، یہ بستی نہیں  جائے عیش وعشرت ومستی نہیں
ایک دن مرنا ہے آخر موت ہے  کرلے جو کرنا ہے، آخر موت ہے

# خَلِّ الهَمَّ عَنِّی

**قال الإمام الشافعیؒ ، مفوّضا أمره إلی الله ،مؤمنا بعنایته ،غیر مهتمّ بشأن الغد، طالبا للغد رزقه الجدید:**

۱ إِذَا اَصْبَحْتُ عِنْدِی قُوْتُ یَومِی فَخَلِّ الهَمَّ عَنِّی یَاسَعِیدُ

جب میں نے ایسی حالت میں صبح کی کہ ایک دن کی روزی موجود ہے — تو اے نیک جان مجھ سے فکر معاش کو دور رکھ

۲ وَلاَ تَخْطُرْ هُمُومُ غَدٍ بَبَالِي فَإِنَّ غَداً لَهُ رِزْقٌ جَدِیدُ

اور میرے دل میں کل کی روزی کا غم نہ آنے دے — اس لئے کہ آئندہ کل کے لئے نیا رزق مقدر ہے

۳ أُسَلِّمُ إِنْ أَرَادَ اللّٰهُ أَمْراً فَأَتْرُکُ مَاأُرِیْدُ لِمَا یُرِیدُ

میں فیصلۂ خداوندی کے سامنے سرتسلیم خم کرتا ہوں — اور مرضیٔ مولیٰ کو اپنی رضا پر ترجیح دیتا ہوں

**تشــریح:** امام شافعیؒ اعلیٰ درجے کے متوکل اور بلند پایے کے بزرگ تھے،حق تعالیٰ کی صفت رزاقیت پر یقین کرنے والے اور کل کی روزی سے مکمل بے نیاز تھے۔فرماتے ہیں کہ جب آج کی روزی میسّر ہوتو کل کی فکر کرنا عیب ہے اسلئے کہ جس خدانے آج روزی دی ہے وہ ہی خدا کل نئی روزی دینے والا ہے، کیونکہ ہمارا عقیدہ ہیکہ کوئی بھی نفس اپنی روزی پوری کئے بغیر ہرگز ہرگز مرتانہیں، پھر جس چیز کی ذمہ داری خوداللہ تعالیٰ نے لے رکھی ہواسکی ہمیں فکر کرنیکی کیا ضرورت؟

حق تعالیٰ نے قرآن کریم میں روزی کا نظام اسطرح بیان فرمایا ہے ” وَمَنْ یَتَّقِی اللّٰہ یَجْعَلْ لَهُ مَخرَجاَ وَیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ“ (الطلاق : ۲،۳) ⇦

---

۱۔ **القُوْتُ** : خوراک،غذا، ج، أَقْوَاتٌ، القَائِتُ، والقَیْتَةُ والقُوَاتُ، غذا،روزی،هُوَ فِی قَائِتٍ مِنَ العَیْشِ، وہ گذارے کی بقدر روزی میں ہے۔

۲۔ **البَالُ**: دل،کہتے ہیں، مَاخَطَرَ الأَمْرُ بِبَالِی، یہ بات میرے دل میں نہیں کھٹکی، فُلانٌ رَخِیُّ البَالِ، فلاں آسودہ حال ہے، فُلانٌ کَاسِفُ الحَالِ،فلاں بدحال ہے،جس چیز کا اہتمام کیا جائےأَمْرٌ ذُو بَالٍ، مَابَالُکَ ؟

۳۔ **أُسَلِّمُ**: سَلَّمَهُ، مِنَ الآفَةِ، کسی کو آفت سے بچانا، هُ، إلی فلان، کسی کو کسی کے سپرد کرنا،سرتسلیم خم کرنا،حوالہ کرنا۔

آپ ﷺ نے بھی اللہ تعالیٰ کی جانب سے ملنے والی روزی اور اسپر توکل کو اسطرح سمجھایا ہے " لو أنّکم تتوکّلون عَلٰی اللّٰہ حقّ توکّلہ، لرزقم کما یرزق الطّیر، تغدا خماصا وتروح بطانا " (رواہ الترمذی وابن ماجہ)

طلب میں اجمال کے ساتھ ابتغاء رزق اگرچہ مطلوب ومحبوب ہے تاہم اسکی فکر میں پڑ کر مقصد حیات سے غافل ہوجانا ناپسندیدہ اور قابل گرفت ہے کیونکہ حق تعالیٰ نے " فَـإِذَا قُـضِيَـتِ الـصَّـلٰوۃُ فَانْتَشِرُوا فِی الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ "(الجمعۃ: ۱۰) میں صلوۃ کو مقدم بھی کیا ہے اور حصول رزق میں مؤثر بھی مانا ہے اور اسمیں کوئی شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے پاس سے ملنے والی چیز اللہ تعالیٰ کی معصیت کر کے حاصل نہیں ہوسکتی۔

# لَا تَيْأَسَنْ

دخل رجل على الشافعیؒ وهو يشكو كثرة ذنوبه، فذكره الشافعیؒ بمغفرة الله ثم أنشد:

١ إِنْ كُنْتَ تَغْدُوْ فِي الذُّنُوبِ جَلِيْداً    وَتَخَافُ فِي يَوْمِ الْمَعَادِ وَعِيْداً

اگر تو گناہوں کا خوگر ہو گیا ہے    اور آخرت کے دن کی وعید کا تجھے ڈر ہے

٢ فَلَقَدْ أَتَاكَ مِنْ الْمُهَيْمِنِ عَفْوُهُ    وَأَفَاضَ مِنْ نِعَمٍ عَلَيْكَ مَزِيداً

تو یقیناً اپنے محافظ خدا کا عفو تو دیکھ ہی چکا ہے    جو باوجود گناہ کے تجھ پر نعمتوں کی بارش کرتا رہا ہے

٣ لَا تَيْأَسَنْ مِنْ لُطْفِ رَبِّكَ فِي الْحَشَا    فِي بَطْنِ أُمِّكَ مُضْغَةً وَوَلِيْداً

تو اس رب کے کرم سے قطعاً مایوس نہ ہو جسنے رحم مادر میں    مضغہ سے بچہ بننے تک تجھ پر مہربانی فرمائی

٤ لَوْ شَاءَ أَنْ تَصْلٰى جَهَنَّمَ خَالِدَا    مَا كَانَ أَلْهَمَ قَلْبَكَ التَّوْحِيداً

اگر وہ تجھے ہمیشہ کی جہنم میں داخل کرنا چاہتا    تو تیرے دل میں کلمۂ توحید کا القاء نہ فرماتا

**تشــریح:** توبہ کرنا اور معافی مانگنا اللہ تعالیٰ کو بہت زیادہ پسند ہے، حالت سفر میں بیابان میں سامان وسواری گم کردہ؛ موت کے منتظر مسافر کو؛ مع ساز وسامان سواری مل جانے پر ہونے والی خوشی سے زیادہ؛ اللہ تعالیٰ بندے کی توبہ پر خوش ہوتے ہیں، توّاب، ستّار، غفّار، رحمٰن وغیرہ وغیرہ اللہ تعالیٰ کی وہ عظیم الشان صفتیں ہیں جو بڑے سے بڑے عاصی؛ کو بشرط ایمان وتوبہ معاف کردینے کے لئے کافی ہیں، ایک روایت میں تو یہاں تک فرمایا گیا ہے۔ ⇦

---

١ـ **تَغْدُو**: غَدَا(ن) غُدُوًّا، صبح کو جانا، مطلقا جانا، صار کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ غَدَا، غُدْوَةً، صبح سویرے پہونچنا، جلدی پہونچنا.    **جَلِيداً**: صابر، قوت والا، چالاک، ج، جُلَدَاءُ، جلادٌ.

٢ـ **الْمُهَيْمِنُ**: الشاهد، وهو من آمن غيره من الخوف، والمهيمن، القائم على خلقه بأعمالهم وأرزاقهم.    **أفاض**: فَاضَ يَفِيْضُ فَيْضاً وفَيْضَاناً، السَّيْلُ او الشَّيْئُ، کثرت سے ہونا، أَفَاضَ إِفَاضَةً، الإِنَاءُ، برتن کو لبریز کردینا.

٣ـ **الحَشَا**: جو کچھ پسلیوں کے اندر ہے، پیٹ کی اندرونی چیزیں، ج، اَحْشَاءُ.

آپ ﷺ کا ارشاد ہے ’’ والّذی نفسی بیدہ، لو لم تذنبوا، لذھب اللّٰہ بکم، ولجاء بقوم، یذنبون فیستغفرون اللّٰہ، فیغفرلھم ‘‘ (رواہ مسلم ) قرآن کریم نے اللہ تعالیٰ کی توبہ قبول کرنے اور مغفرت دینے کی سنت کو بے انتہا بلیغ انداز میں اسطرح بیان کیا ہے ’’ قُلْ لِعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوا عَلٰی اَنْفُسِہِمْ لَاتَقْنَطُوا مِنْ رَحْمَۃِ اللّٰہِ ، إِنَّ اللّٰہَ یَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِیْعًا، إِنَّہُ ھُوَ الْغُفُورُ الرَّحِیْم‘‘ (الزمر:۵۳)

امام شافعیؒ نے مذکورہ اشعار میں حکمت بھرے انداز میں؛ بندے کو اللہ کی طرف رجوع کرنے اور معافی مانگنے پر ابھارا ہے، فرماتے ہیں کہ وہ خدا جس نے تجھے رحم مادر میں بھی ضائع نہیں کیا؛ وہ خدا جس نے تجھے ایمان واسلام کی ھدایت کی؛ وہ خدا جو تجھ پر باوجود معصیت کے نعمتوں کا دروازہ بند نہیں کرتا! وہ خدا جو اپنے بندوں پر بے حد مہربان ہے؛ ایسے خدا کی جانب سے مغفرت اور بخشش سے تو مایوس کیسے ہو گیا؟ تیرے مانگنے میں دیر ہو سکتی ہے وہاں سے ملنے میں دیر نہیں ہو سکتی۔اے عاصی! دیر نہ کر؛ جلد رجوع کر؛ وہاں سے ہر وقت ’ ’ھل من مُستغفِرٍ فأَغفرلہ‘‘ کی منادی ہوتی رہتی ہے؛ نادم اور پشیمان ہو کر؛ دوبارہ کبھی نہ کرنیکے پختہ ارادے کے ساتھ حاضر ہو جا اور ’’ التّائب من الذّ نب کمن لا ذنب لہ‘‘ (رواہ البیھقی فی شعب الایمان ) کی بشارت میں خود کو شامل کر لے۔

# الخَلْقُ لَيْسَ بَهَادٍ

١ لَيْتَ الكِلَابُ لَنَا كَانَت مُجَاوِرَةً ۔۔۔ وَلَيْتَنَا لاَ نَرٰی مِمَّانَرٰی أَحَدَا

کاش کہ کتّے ہمارے پڑوسی ہوتے ۔۔۔ اور کاش جنکو ہم دیکھ رہے ہیں انہیں نہ دیکھنا پڑتا

٢ إِنَّ الكِلَابَ لَتَهْدِی فِي مَوَاطِنِهَا ۔۔۔ وَالخَلْقُ لَيْسَ بِهَادٍ شَرُّهُمْ اَبَدَا

کتے تو مخصوص مقامات میں انسان کے کام آجاتے ہیں ۔۔۔ جبکہ شریروں سے دائمی شرارت کے علاوہ اور کوئی امید نہیں

٣ فَاهْرُبْ بِنَفْسِکَ وَاسْتَأْنِسْ بِوَحْدَتِهَا ۔۔۔ تَبْقَ سَعِيداً إِذَا مَاكُنْتَ مُنْفَرِدَا

پس تو شریروں سے دور ہو کر تنہائی کو اپنا مونس بنالے ۔۔۔ شریروں سے جدائی تجھے دو جہاں کی سعادت عطا کریگی

**تشریح:** امام شافعیؒ نے مذکورہ اشعار میں شاید فتنہ اور ہرج کے زمانے کی نشاندہی کی ہے، جسمیں دین کی حفاظت کے لئے مؤمن کو تنہائی اختیار کرنے؛ حتی کہ بکریاں لیکر پہاڑ کی چوٹیوں پر چلے جانیکی تاکید کی گئی ہے۔ خود قرآن کریم نے فتنے کے دور میں مؤمن کے ایمان کی سلامتی کے لئے یہ ہدایت فرمائی ہے "يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ، لَايَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ" (مائدة: ١٠٥) حدیث شریف میں بھی ایسے مواقع پر لوگوں سے الگ رہنے کی نصیحت کی گئی ہے۔ آپ ﷺ کا ارشاد ہے "يوشک أن يكون خير مال المسلم غنم؛ يتّبع بها شعف الجبال؛ ومواقع القطر، يفرّ لدينه من الفتن" (رواه البخاری). امام شافعیؒ نے برے ساتھی اور شریر افراد کو کتوں سے بھی زیادہ شرانگیز ذکر کر کے ان سے دوری اختیار کرنیکی نصیحت فرمائی ہے، اسلئے کے کتوں میں وفاداری، نگرانی اور مالک کو فائدہ پہونچانے جیسے کچھ اچھے صفات تو پائے جاتے ہیں، جبکہ فسادی لوگ ان صفات سے بھی نہ صرف عاری؛ مخالف صفات کے حامل ہوتے ہیں، اور ظاہر ہے بے وفا اور ضرر رسا دوست کی دوستی سے تنہائی لاکھ درجہ بہتر ہے۔

---

١۔ **مُجَاوَرَةً:** جَاوَرَ، مُجَاوَرَةً وجِوَاراً وجُوَاراً، پڑوس میں رہنا، المسجد، مسجد میں اعتکاف کرنا۔

٢۔ **الكِلاَبُ** : الكَلْبُ، کتا، ج، كِلَابٌ، جج، اَكَالِبُ وكِلاَبَاتٌ.

٣۔ **اِستَأنِسْ**: اِسْتَأنَسَ، وحشت دور ہونا، به وإليه، کسی سے مانوس ہونا۔ لَهُ، کان لگانا، دیکھنا.

# تَقْوَ ی اللّٰهِ أَفْضَلُ

**قال يوسف بن عبدالأحد، قلت للمزنیؒ ،كان الشافعیؒ يتراوح بين بيتين من الشعر ،ما هما؟ فأنشدني:**

١ يُرِيدُ الْمَرْءُ أَنْ يُعْطٰی مُنَاهُ ۔۔۔ وَيَأْبٰی اللّٰهُ إِلَّا مَاأَرَادَا

انسان چاہتا ہے کہ اسکی آرزوئیں پوری ہوجائیں ۔۔۔ مگر اللہ کا ارادہ ہی نافذ ہوکر رہتا ہے

٢ يَقُولُ الْمَرْءُ فَائِدَتِي وَمَالِي ۔۔۔ وَتَقْوَی اللّٰهِ أَفْضَلُ مَااسْتَفَادَا

انسان اپنے مال اور اپنے فائدہ کی فکر کرتا ہے ۔۔۔ حالانکہ تقوی کا حاصل ہوجانا ان تمام فوائد سے بہتر ہے

**تشریح:** تقوی ملاک الحسنات ہے، یہ وہ کنجی ہے کہ جو ہاتھ آجائے تو بھلائی کے دروازے کھلتے جاتے ہیں اور برائی کے دروازے مقفل ہوجاتے ہیں ،تقوی وہ بنیادی خوبی ہے جو مؤمن کو حقیقی فضل اور اصلی عزت کی طرف لے جاتی ہے۔آپ ﷺ کا ارشاد ہے " لافضل لعربیّ علی عجمیّ، و لا عجمیّ علی عربیّ إلّابالتقوی" (رواه البخاری) ، تقوی وہ صفت ہے؛ جو انسان کو درجہ بدرجہ ہدایت کے اعلیٰ منازل تک پہونچا دیتی ہے۔قرآن کریم میں ہے " هُدًی لِلْمُتَّقِيْن" (بقرة: ٢) قرآن کریم نے ہر اہم حکم کے ساتھ تقوی کو بہت اہتمام سے ذکر فرمایا ہے، آپ ﷺ بھی اپنی تقریر میں اکثر وبیشتر یہ الفاظ دہراتے تھے "اوصيكم ونفسی بتقوی الله " جس آدمی کے دل میں اللہ تعالیٰ کا دھیان اور خوف ہوگا وہ "اللہ دیکھ رہا ہے" کے احساس سے سفر وحضر ،سرّ وعلن ،خلوت وجلوت میں یقیناً گناہوں سے بچیگا اور رضاء الٰہی کے خیال میں نیکیوں کی جانب راغب ہوگا،اور وہ ہی دنیا کی گذرگاہ سے دامن آلودہ کئے بغیر؛ عافیت سے گذر جائیگا؛ اسلئے کہ تقوی کی تعریف ہی بعض بزرگوں نے خاردار راستے سے دامن بچا کر؛ سلامت باہر آنے سے کی ہے، چونکہ تقوی اس اعتبار سے بہت ہی اہم اور قیمتی چیز ہے اسلئے امام شافعیؒ نے " تقوی الله افضل مااستفادا" کہکر جملہ اموراور اسباب خیر پر اسکی فضیلت کو ثابت کیا ہے، قرآن کریم میں ہے " فَأَنَّ خَيْرُ الزَّادِ التَّقْوٰی " (البقرة:١٩٧)

---

٢۔ **تَقْوَی اللّٰهُ** :خشْيَتهُ وامتثال أوامره واجتناب نواهيه.

## عَادَاكَ مِنْ حَسَدٍ

١ كُلُّ العَدَاوَةِ قَدْ تُرْجَى مَوَدَّتُهَا إِلَّا عَدَاوَةُ مَنْ عَاداکَ مِنْ حَسَدِ

ہرعداوت کے بعد محبت کی امید کی جاسکتی ہے سوائے اس عداوت کے جسکی بنیاد حسد پر قائم ہو

**تشریح:** حسد بدترین جرم؛ نا قابل علاج مرض اور حسنات کو کھا جانے والا مہلک ترین گناہ ہے، حاسد حسد کرکے؛ دنیوی ہلاکتی کا نیز تقدیر خداوندی پر اعتراض کرکے؛ اخروی گرفت کا بھی مستحق بن جاتا ہے، حسد حاسد کو حق تلفی، دشمنی، آبرو ریزی حتی کہ قتل وغارت گری جیسے جرائم تک پہونچا دیتا ہے، پھر یہ عداوت چونکہ بے جا اور بلا وجہ ہوتی ہے؛ کبھی بھی ختم ہونیکا نام نہیں لیتی؛ یہاں تک کہ نسلا بعد نسلاً اسکا سلسلہ جاری وساری رہتا ہے۔ یہود کی حسد کی بنیاد پر مسلمانوں سے ہونے والی عداوت کو قرآن کریم نے "لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اليَهُودَ" (المائدة: ٨٢) سے تعبیر کیا ہے، جو فی الواقع نہ آج سے پہلے ختم ہوئی؛ نہ آج ختم ہونیکا نام لیتی ہے؛ نہ آج کے بعد ختم ہونیکے آثار نظر آتے ہیں۔ کیونکہ اسکی بنیاد بھی حسد وکینہ پر ہے۔ حسد کی اسی ہلاکت خیزی کی وجہ سے حسد کو "داء الأمم قبلكم" کہکر اگلی امتوں یعنی یہود کی طرف منسوب کیا گیا ہے، ایک حدیث شریف کا مضمون ہے" دبّ إليكم داء الأمم قبلكم؛ الحسد والبغضاء، هی الحالقة، لا أقول تحلق الشعر، ولكن تحلق الدّين " (رواه احمد والترمذی)

امام شافعیؒ نے مذکورہ شعر میں اسی حقیقت کی ترجمانی کرتے ہوئے فرمایا کہ جملہ اسباب کی بنیاد پر ہونے والی عدوتوں میں صلح وآشتی کی امید کی جاتی سکتی ہے؛ مگر حسد کی وجہ سے ہونے والی عداوت میں نہیں! اور وہ اس لئے کہ حسد میں حاسد کی عداوت کا؛ نفس کی جلن کے سوا دوسرا کوئی ایسا معقول سبب نہیں ہوتا؛ جسکو زائل کرکے عداوت کو محبت میں تبدیل کر دیا جائے، اور ایسی عداوت کو؛ جو محض جلن کی وجہ سے ہو دور کرنا ناممکن ہوتا ہے، ایسے ہی سبب کی بنیاد پر ایک حدیث میں بدظنی کو "أكذب الحديث" کہا گیا ہے، الغرض ایک مؤمن کو، گناہ کبیرہ کی فہرست میں شامل؛ اس وبا سے حتی الامکان پرہیز کرنا چاہئے اور بفحوائے حدیث دل میں پیدا ہونے والے وقتی وسوسہ کو بھی فوری طور پر سختی سے دور کر دینا چاہئے۔

---

١۔ **الحَسَدُ:** أن تتمنّى زوال نعمه المحسود إليک وفی الحسد قال النبی ﷺ " إيَّاكُم والحَسَدَ فإِنَّ الحسدَ يأكُلُ الحَسَنَاتِ كما تَأْكُل النَّار الحطبَ." (رواه أبوداود)

## اللّٰهُ الوَاحِدُ

١ فَيَا عَجَبِي كَيْفَ يُعْصٰى الإِلٰه أَمْ كَيْفَ يَجْحَدُهُ الجَاحِدُ

سمجھ میں نہیں آتا کہ حق تعالیٰ کی نافرمانی کیسے کی جاتی ہے؟ یا منکر اسکی ذات کا انکار کیونکر کرسکتا ہے؟

٢ وَلِلّٰهِ فِي كُلِّ تَحْرِيكَةٍ وَتَسْكِينَةٍ اَبَداً شَاهِدُ

حالانکہ ہر متحرّک کی حرکت میں اور ہر ساکن کے سکون میں وجودِ حق کی شہادت موجود ہے

٣ وَفِي كُلِّ شَيْءٍ لَهُ آيَةٌ تَدُلُّ عَلٰى أَنَّهُ وَاحِدُ

اور ہر چیز میں اسکی ایسی نشانی موجود ہے جو اسکی یکتائی پر دلالت کررہی ہے

**تشریح:** توحید جملہ انبیاء کرام علیہم السلام کی تعلیمات کا ماحصل اور کتب سماویہ کا بنیادی عقیدہ رہا ہے ”لا إله الا اللّٰه“ میں نفی اور اثبات کے ساتھ؛ اسی عقیدہ کا اقرار کروایا جاتا ہے، جسکو پڑھنے والا مؤمن، موحّد اور نہ پڑھنے والا کافر، مشرک کہا جاتا ہے، یہ وہ عقیدہ ہے جسکو قرآن کریم اور احادیث نبویہ نے مختلف دلائل اور مختلف شواہد سے جگہ جگہ ثابت کیا ہے، اور بےیقینی کو شرک سے تعبیر کیا ہے، قرآن کریم نے ایک جگہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کے الٰہ نہ ہونے پر؛ ہر کس و ناکس کو سمجھ میں آنے والی؛ جامع دلیل دیتے ہوئے فرمایا ہے ” لو كان فيهما اٰلهة الاّ اللّٰه لفسدتا “ (الانبياء: ٢٢) آج تک عالم کے نظام میں سرِ مو فرق نہ آنا؛ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ کائنات کا نظام ایک قادر ہی کی قدرت سے چل رہا ہے۔

امام شافعیؒ مذکورہ اشعار میں توحید کے عظیم الشان و اہم عقیدہ کو سمجھاتے ہوئے فرماتے ہیں کہ کون و مکان کی ایک ایک چیز؛ سوچنے والے کے سامنے؛ اللہ تعالیٰ کی توحید کو بیان کرتی ہے، ⇦

---

١۔ **العَجَبُ:** حیرانی، تعجب، عَجِيبٌ، عُجَابٌ، وہ چیز جس پر تعجب کیا جائے، **العُجاب**، مبالغہ کے لئے یا تعجب کے حد سے بڑھ جانے کے لئے آتا ہے۔

٢۔ **تَحْرِيكَةٍ:** حرکت، سکون کی ضد۔ **تَسْكِينَةٍ** : سکون، حرکت کی ضد.

٣۔ **آيَةٌ** : علامت، عبرت، من الكتاب، قرآن کی ایک آیت، معجزہ، ج، آیٌ، آیَاتٌ. آيَةُ الرّجُلِ، آدمی کا وجود، کہا جاتا ہے، خَرَجَ القَوْمُ بِاٰيَاتِهِم، پوری کی پوری قوم نکلی۔

اردو کا ایک شاعر کہتا ہے۔

ہسٹری کی کیا ضرورت دین کی تعلیم کو — انجم و شمس و قمر کافی تھے ابراہیم کو

ماننے والے کے لئے دلیلیں ہزار ہیں اور نہ ماننے والا پھر بھی دور کی گمراہی میں مبتلا رہتا ہے، بقول شاعر،

فلسفی کو بحث میں ہرگز خدا ملتا نہیں — دوڑ تو سلجھا رہا ہے، پر سرا ملتا نہیں

ایک شاعر نے " وفي أنفسكم أفلا تبصرون" (الذاريات : ٢١) کی تفسیر میں بہترین شعر کہا ہے۔

میری ہستی ہے خود شاہد وجود ذات باری کی — دلیل ایسی ہے یہ، جو عمر بھر رد ہو نہیں سکتی۔

# قَافِيَةُ الرَّاءِ

## لَسْتُ بِخَاسِرِ

قال الإمام الشافعیؒ ، لو علم النّاس ما فی الکلام من الأهواء، لفرّوا منه کما یفرّون من الأسد:

١ وَجَدْتُ سُکُوتِی مَتْجَراً فَلَزِمْتُهُ    إِذَا لَمْ أَجِدْ رِبْحاً فَلَسْتُ بِخَاسِرِ

میں نے خاموشی کو اچھا پیشہ سمجھ کر اختیار کرلیا    اگر میں نفع حاصل نہیں کرسکونگا تو نقصان بھی نہ ہوگا

٢ وَمَا الصَّمْتُ إِلَّا فِی الرِّجَالِ مَتَاجِرُ    وَتَاجِرُهُ یَعْلُو عَلٰی کُلِّ تَاجِرِ

سکوت شریفوں کا بہترین سرمایہ ہے    اور اسکا تاجر دیگر تجّار سے عزت دار مانا جاتا ہے

**تشریح:** امام شافعیؒ کا مطلب یہ ہے کہ آدمی کو حتی الامکان خاموشی اختیار کرنی چاہئے؛اس میں بہت سارے فوائد ہیں،حدیث شریف میں بھی اس کی تاکید آئی ہے "من کان یؤمن بالله، فلیقل خیرا أو یصمت"(رواہ البخاری) خاموش رہنے والا بہت سے نقصانات سے بچ جاتا ہے،اور بسیار گو اپنی زبان کی لغزشوں کے باعث بہت سارے نقصانات میں مبتلا ہوجاتا ہے۔

دل زپُرگفتن بمیرد در بدن    گرچہ گفتارش بود دُرِّ عدن۔

---

١۔ **مَتْجَراً:** المَتْجَرُ، سوداگری،سرمایا، المَتْجِرَةُ،منڈی، کہتے ہیں، ارضٌ مَتْجِرَة، تجارتی ملک، ج، مَتَاجِرُ.

**خَاسِرٌ:** خَسِرَ (س)خَسِراً وَخَسَارَةً وخُسْرَاناً، گھاٹا پانا،نقصان اٹھانا،گمراہ ہونا،ہلاک ہونا، صفت،خَاسِرٌ وَخَسِیْرٌ .

# لَا اَدرِی

**جاَء فی معجم الأدباء عن أبی بکر ابن بنت الشافعیؒ قال؛ الشافعیؒ بمکة وقد أراد الخروج إلی مصر :**

۱ لَقَدْ أَصْبَحَتْ نَفْسِی تَتُوقُ إِلٰی مِصْرِ　　وَمِنْ دُونِهَا أَرْضُ الْمَهَامِهِ وَالْقَفْرِ
میرا دل ملک مصر جانے کو مشتاق ہے　　مگر جنگلات اور چٹیل میدان بیچ میں حائل ہیں

۲ فَوَاللّٰهِ لاَ أَدْرِی أَلِلْفَوْزِ والغِنٰی　　أُسَاقُ إِلَيْهَا أَمْ أُسَاقُ إِلٰی الْقَبْرِ
بخدا نہیں معلوم یہ اشتیاق فوز وفلاح کے لئے ہے　　یا اسطرح میں موت کی متعین جگہ کی طرف لے جایا جارہا ہوں

**تشـــریـــح :** امام شافعیؒ کے زمانہ میں سفر کی موجودہ سہولتیں میسّر نہیں تھیں، اونٹوں اور گھوڑوں پر سفر کر کے؛ چٹیل میدانوں اور جنگلات سے گذرنا ہوتا تھا؛ کبھی سفر میں ڈاکوؤں کا سامنا ہوتا کبھی اور کوئی مصیبت آجاتی، اس لئے فرمارہے ہیں کہ میرا دل مصر کے سفر کا مشتاق ہے مگر مجھے معلوم نہیں کہ نتیجہ کیا ہوگا؟ ساتھ ہی موت وقبر کا استحضار بھی ہر وقت رہنا لازم ہے اسکی جانب بھی اشارہ فرمارہے ہیں۔

---

۱۔ **تَتُوقُ:** تَاقَ (ن) تَوْقاً وتَوَقَاناً وتِيَاقَةً، هُ، وإليه، شائق ہونا، وتَتَوَّقَ، إِلَى الشَّيْئِ، آرزومند ہونا، شائق ہونا، صفت تائقٌ. **المَهَامِهُ:** المَهْمَهُ والمَهْمَهَةُ کی جمع، لمبا چوڑا بیابان، بنجر ملک۔ **القَفْرُ:** زمین کا وہ حصہ جسمیں نہ گھاس ہو نہ پانی نہ آدمی، ج، قِفَارٌ، و قُفُورٌ، اَقْفَرَ الأَرْضُ اَوالمَكَانُ، زمین یا جگہ کا بے آب وگیاہ ہونا۔ **مِصْرَ:** ایک عرب ریاست ہے، جسکا دار الحکومت قاہرہ ہے، اسکے شمال میں بحر ابیض، مشرق میں فلسطین، جنوب میں سودان اور مغرب میں لیبیا واقع ہے۔ ۱۹۵۲ء میں اسنے ''جمهورية مصر العربية'' کے نام کا اعلان کیا۔

۲۔ **أُسَاقُ:** سَاقَ، يَسُوقُ، سَوْقاً وَسِيَاقاً وَسِيَاقَةً، المَاشية، جانور کو پیچھے سے ہانکنا، صفت، سائقٌ، ج، سَاقَةٌ وسُوَّاقٌ وسَائِقُونَ. سَاقَ الحَدِيث، بیان کرنا۔

## إِلّا .....

قال داعياً إلى حفظ ماء الوجه وعدم الخضوع إلَّا للبارى العظيم:

١ وَ صُــنِ الــوَجْــهَ أَنْ يَـذِلَّ وَيَـخْــ ـضَـــعَ إِلَّا لِــلَّــطِيفِ الــخَبِيـــرِ

اوراپنے آپکوکہیں اور جھکانے اور ذلیل کرنے سے بچا،سوائے لطیف وخبیر رب کے

## فَوُقَ أَمْرِی

١ أُفَـكِّـرُ فِـي نَـوىٰ إِلْـفِي وَصَبْـرِي وَأحْـــمَــدُ هِـمَّتِـي وَأَذُمُّ دَهْـــرِي

میں محبوب کی دوری اور میرے صبر کوسوچتار ہتا ہوں اپنی ہمت کی قدر کرتا ہوں اور گردش ایام سے نالاں ہوں

٢ وَمَـا قَـصَّــرْتُ فِـي طَلَـبٍ وَلٰــكِنْ لِــرَبِّ الــنَّـــاسِ أَمْــرٌ فَـوُقَ أَمْـرِي

اور میں نے تلاش وجستجو میں کوئی کوتاہی نہیں کی لیکن لوگوں کے مالک کا فیصلہ میرے فیصلہ سے اوپر رہتا ہے

---

١۔ **صُنِ الوَجْهَ**: صَانَ (ن) صَوْناً وَصِيَانَةً ،حفاظت کرنا، **العِرْضَ أو الوَجْهَ**، آبروکوعیب لگانے والی چیزوں سے بچانا۔

**الــلّــطيف**: اللہ تعالی کے اسماء حسنی میں سے ہے، بندوں پر احسان کرنے والا، باریک سے باریک بات کا جاننے والا ،**اللّطيف من الكلام**، ایسا کلام جسکے معنی مخفی ہوں ،**من الأجسام**، نازک جسم، لَطُفَ(ک) لُطْفاً ولَطَافَةً، باریک ہونا، چھوٹا ہونا،صفت ،لَطِيفٌ، كلامُهُ، کلام کا نرم ہونا۔

١۔ **النَّوىٰ** : مصـ، دوری۔

**الـإِلْفُ**: اَلِفَ(س) اَلْــفـاً، مانوس ہونا،محبت کرنا،صفت ،الإِلْفُ، ج،آلاف و اَلِيف، ج، الأُلُفُ و آلف، ج، آلاف اوراسم ،اُلْفَةٌ،دوستی،محبت،اُنس۔

# الإعْتِمَادُ عَلَى النَّفْسِ

١ مَـاحَکَّ جِلْدُکَ مِثْلَ ظِفْرِکَ فَتَـوَلَّ أَنْـتَ جَـمِیعَ أَمْـرِکْ

تیری چمڑی کو تیرے ناخن جیسا کوئی کھجا نہیں سکتا اس لئے اپنے جملہ امور بذات خود انجام دے

٢ وَإِذَا قَـصَـدْتَ لِـحَـاجَـةٍ فَـاقْـصِـدْ لِـمُـعْـتَـرِفٍ بِکْ

اور اگر کسی ضرورت کے لئے کہیں جانا پڑے تو اسکے پاس جا جو تیرے فضل کا معترف ہو

**تشــــریــــح:** مطلب یہ ہے کہ آدمی اپنا کام خود ہی بہتر طریقہ سے کرسکتا ہے، خود گھر بیٹھا رہے اور دوسرے اسکا کام کریں یہ بہت مشکل ہے، البتہ کبھی دوسرے کے تعاون کی ضرورت پڑتی ہے تو ایسے وقت ایسے شخص کی طرف رجوع کرنا چاہئے جو تم سے اچھا اعتقاد رکھتا ہو اور تمہاری بات کو خوشی سے قبول کرتا ہو، ورنہ غیر متعلق آدمی فوراً انکار کر کے رنجیدہ کر دیگا اور اگر کام کریگا تو بادل ناخواستہ کریگا جسکا انجام کام کی خرابی اور بے جا احسان ہوگا۔

---

١۔ **حَکَّ:** حَکَّ (ن) حَکًّا، الشَّیْئُ بِالشَّیْئِ، او عَلَیْهِ، رگڑنا، گھسنا، چھلکا اتارنا۔
**ظُفْرُکَ:** الظِفْرُ والظُفُرُ والظُفْرُ، ناخن، ج، اظْفَارٌ، جج، اَظَافِیرُ.
٢۔ **لِمُعْتَرِفٍ:** اِعْتَـرَفَ، اِعْتِرَافاً بالشیئ، اقرار کرنا، ذلیل ہونا، تابعدار ہونا، الضّالة، ملکیت ظاہر کرنے کے لئے اسکے اوصاف بتانا۔

# لَمْ أَجِدْ لِی صَاحِباً

١ كُنْ سَائِراًفِی ذَا الزَّمَانِ بِسَيْرِهِ — وَعَنِ الوَرٰی كُنْ رَاهِباً فِي دَيْرِهِ
زمانے کے ساتھ زمانہ کی رفتار سے چلو — اورشریروں سے دَیر کے ساکن راہبوں کی طرح الگ رہو

٢ وَاغْسِلْ يَدَيْکَ مِنَ الزَّمَانِ وَأَهْلِهِ — وَاحْذَرْ مَوَدَّتَهُمْ تَنَلْ مِنْ خَيْرِهِ
زمانہ اوراھل زمانہ سے امیدلگانا چھوڑ دے — اور کثرت اختلاط سے بچ توانکی بھلائی پائیگا

٣ إِنِّی اطَّلَعْتُ فَلَمْ اَجِدْ لِی صَاحِباً — أَصْحَبُهُ فِي الدَّهْرِ وَلاَ فِي غَيْرِهِ
میں تلاش کے باوجودنہیں پاسکا کوئی ایسامخلص — جسکومیں دائمی یاوقتی طور پراپنادوست بناسکوں

٤ فَتَرَكْتُ أَسْفَلَهُمْ لِكَثْرَةِ شَرِّهِ — وَتَرَكْتُ اَعْلاَهُمْ لِقِلَّةِ خَيْرِهِ
انجام کارمیں نے اسفل کوکثرت شر کی وجہ سے — اوراعلیٰ کوقلت خیر کی باعث چھوڑ دیا

**تشریح:** امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ چونکہ دنیامیں بھلے آدمیوں کی کمی ہے؛ اسلئے بہتر ہے کہ انسان اختلاط ناس سے پرہیز کرے، اپنے کاموں کی تکمیل کے بعد راہب کی طرح گھر کا کونہ پکڑ لے اور لوگوں سے امیدیں لگانا چھوڑ دے، فرماتے ہیں کہ میں نے بہت سوں کو آزمایا مگر ان میں کوئی بھی دوستی کے قابل نہیں پایا، ان میں پست اخلاق کے لوگ تو اپنی برائیوں اورشرارتوں کے سبب قابل ترک ہیں اوراعلیٰ طبقہ کے لوگوں میں بھی خیر کی قلت ہے؛ اسلئے ان کوبھی چھوڑنا مفید ہے۔

---

١۔ **راهِباً:** رَهِبَ (س) رَهْبَةً ورُهْبَاناً کا فاعل، لوگوں سے کنارہ کش ہوکر گرجامیں عزلت نشیں، ج، رُهْبَانٌ، مؤنث، رَاهِبَةٌ، ج، رَاهِبَاتٌ، رَوَاهِبُ.

**الدَّيْرُ:** رَاهب مردوعورت کے رہنے کا مقام، ج، اَدْيَرَةٌ، اَدْيَارٌ، دُيُورَةٌ، نسبت، دَيْرَانِیٌّ.

٣۔ **اِطَّلَعْتُ:** طَلَعَ (ف، ن) وطَلِعَ (س) طُلُوعاً، عَلَى الأَمْرِ، جاننا، واطَّلَعَ، الأَمْر وعَلَيْهِ، جاننا، اِطَّلَعَ، طِلْعَ العَدُوِّ، دشمن کے پوشیدہ حال سے واقف ہونا۔

## هُنَاکَ وَهَا هُنَا

١ هُنَاکَ مَظْلُومَةٌ غَالَتْ بِقِیْمَتِهَا وَهَاهُنَا ظَلَمَتْ هَانَتْ عَلٰی البَارِی

وہ ہاتھ جو ظلماً کاٹا گیا دیت کے اعتبار سے غالی ہو گیا اور وہ ہاتھ جو سارق بنا حد نے اسے بے قیمت کر دیا

**تشریح:** پہلے مصرعہ میں مظلومہ سے مراد شریف آدمی کا وہ ہاتھ ہے جو بغیر کسی گناہ کے ظلما کاٹ دیا گیا ہو تو اس کی قیمت نصف دیت یعنی پانچو سو دینار ہوگی، اس لئے کہا گیا کہ اس کی قیمت بہت مہنگی ہوگئی اور دوسرے مصرعہ میں چور کا ہاتھ مراد ہے، جو دینار کے بدلہ میں بھی کاٹ دیا جاتا ہے گویا سرقہ کے سبب وہ بے قیمت ہو جاتا ہے۔معلوم ہوا اچھا عمل انسان کو با قیمت اور برا عمل انسان کو بے قیمت بنا دیتا ہے، عقلمند آدمی وہ ہے جو عزت نفس کا خیال کر کے؛ عزت ووقار میں اضافہ کرنے والے اعمال کا پابند بنے اور بے وقوف ہے وہ آدمی جو اپنے ہی ہاتھوں اپنی ذات کو ہلاکتی ورُسوائی میں مبتلا کر دے۔

---

١۔ **هَانَتْ:** هَانَ یَهُونُ هَوْناً، ذلیل وحقیر ہونا، اَهَانَهُ اِهَانَةً، حقیر وہیچ جانا، تهاوَنَ به تَهَاوُناً، حقیر جاننا، مسخری کرنا، ہیچ سمجھنا.

**غَالَتْ :** غَلاً، غَلاءً، السِّعرُ، بھاؤ بڑھ جانا، نرخ مہنگا یا ستا ہونا، صفت، غَالٍ وَغَلِیٌّ.

## لَیسَ کَثِیراً

**قال الإمام الشافعیؒ ،علامة الصدیق أن یکون لصدیق، صدیقه صدیق:**

١ وَأَکْثِرْ مِنَ الإِخْوَانِ مَا اسْتَطَعْتَ إِنَّهُمْ — بُطُونٌ إِذَا اسْتَنْجَدْتَّهُمْ وَظُهُورُ

حتی الوسع مخلص دوستوں کی تعداد بڑھا اسلئے کہ — آڑے وقت وہ تیرے آگے پیچھے کھڑے ہوجائینگے

٢ وَلَیْسَ کَثِیْراً أَلْفٌ لِوَاحِدٍ — وَإِنَّ عَدُواً وَاحِداً لَکَثِیْرُ

دوست کی تعداد ہزار کو پہونچ جانا بھی کثیر نہیں ہے — جبکہ ایک دشمن کا ہونا بھی کثیر مانا جائیگا

## دِیَةُ الذَّنْبِ

١ قِیْلَ لِي قَدْ اَسٰی عَلَیْکَ فُلاَنٌ — وَمُقَامُ الفَتیٰ عَلٰی الذُّلِّ عَارُ

مجھ سے کہا گیا کہ فلاں آدمی نے آپکی طرف عیب منسوب کیا — اور شریف آدمی کا رسوائی برداشت کرلینا عار کی بات ہے

٢ قُلْتُ قَدْ جَاءَنِی وَأَحْدَثَ عُذْراً — دِیَةُ الذَّنْبِ عِنْدَنَا الإِعْتِذَارُ

میں نے جواباً کہا کہ انہوں نے آکر معذرت پیش کردی — اور ایسے گناہ کی دیت ہمارے نزدیک اعتذار ہی ہے

**تشریح:** امام صاحبؒ کے پاس آکر کسی نے کہا فلاں شخص آپ کی بدگوئی کرتا ہے اور آپکے ساتھ براسلوک کرتا ہے اور آپ خاموش رہتے ہیں؟ اس طرح ذلت پر خاموش رہنا باہمت آدمی کا کام نہیں، اس کے جواب میں امام صاحبؒ نے فرمایا کہ اس شخص نے میرے پاس آکر اپنے قصور پر معذرت چاہی ہے اور یہ بات ہمارے نزدیک قتل کے معاف کرنے کے لئے خون بہا کی طرح ہے۔

---

١۔ **بُطُونٌ:** بَطَنَ (ن) بُطُوناً وبِطَانَةً، بفُلانٍ ومِنهُ، کسی کے خواص میں سے ہونا، بَطْنٌ مِنَ القَومِ ،قوم کا وہ گروہ جو قبیلہ سے کم ہو، ج، بُطُونٌ و اَبْطُنٌ. **اِسْتَنْجَدْتَهُمْ:** نَجَدَ (ن) نَجداً، مدد کرنا، غالب آنا، اِسْتَنْجَدَ، بہادر ہونا، فُلاناً وبِهِ، علیه، ڈرنے کے بعد کسی پر دلیر ہونا۔

١۔ **اَسٰی عَلَیْکَ:** اَسَاءَ، اِسَاءَ ةً، الشیئ، خراب کرنا، إلیه، کسی کے ساتھ برائی کرنا، به الظَّنَّ، بدگمانی کرنا۔

## الرِّضٰی بِحُکْمِ الدّهْرِ

١ وَمَا کُنتُ أَرْضٰی مِنْ زَمَانِی بِمَا تَرَیٰ — وَلٰکِنَّنِی راضٍ بِمَا حَکَمَ الدَّهرُ

میں زمانے کے میرے ساتھ کے برتاؤ سے خوش نہیں ہوں — لیکن زمانے کے فیصلہ پر میں پھر بھی راضی ہوں

٢ فَإنْ کَانَتِ الأَیَّامُ خَانَتْ عُهُودَنَا — فَإنِّی بِهَا رَاضٍ وَلٰکِنَّهَا قَهْرُ

گو زمانے نے ہم سے وعدہ وفائی نہ کی — مگر میں اس زیادتی کے باوجود اس سے خوش ہوں

## الحَذَرُ والقَدرُ والکَدَرُ

قال الإمام الشافعیؒ، يصف عوايق الإعتذار بأيّام الدّهر ولياليه:

١ تَاهَ الأُعَیرِجُ بِهِ وَاسْتَعْلٰی الخَطَرُ — فَقُلْ لَهُ خَیرُ مَا اسْتَعْمَلْتَهُ الحَذَرُ

جب زہریلا سانپ سر اٹھائے اور اسکا خطرہ بڑھ جائے — تو کہہ دو کہ اس سے دور رہنا ہی حفاظت کی بہترین تدبیر ہے

٢ أَحْسَنْتَ ظَنَّکَ بِالأَیَّامِ إذْ حَسُنَتْ — وَلَمْ تَخَفْ سُوءَ مَا یَأتِي بِهِ القَدَرُ

زمانہ کے حسن سلوک سے تو حسن ظن میں مبتلا ہو گیا — اور تقدیر کی ممکنہ آزمائش کا تو نے اندیشہ نہیں کیا

٣ وَسَالَمَتکَ اللَّیَالِي فَاغْتَرَرْتَ بِهَا — وَعِنْدَ صَفْوِ الَّیَالِي یَحْدُثُ الکَدَرُ

زمانہ کی صلح سے تو دھوکہ میں مبتلا ہو گیا — حالانکہ صفائی کے بعد کدورت کا آنا متیقن ہے

---

٢۔ **خانَتْ**: خَانَ (ن) خَوْناً وخِیانَةً، فِی کَذَا، امانت میں خیانت کرنا، خَانَهُ الدَّهْرُ، زمانہ کا کسی فراخی کی حالت کو تنگی میں بدل دینا۔ خَانَتْهُ رِجْلاهُ، نہ چل سکنا، صفت خَائِنٌ، ج، خُوَّانٌ. **قَهْرٌ**: قَهَرَهُ، قَهْراً، غَلَبَهُ، أو أَذَلَّهُ فهو قَاهِرٌ وقَهّارٌ وذلک مقْهُورٌ، القَهْرُ، الغلَبَةُ.

١۔ **تَاه**: تَاهَ(ض)تَیْهاً وتَیْهَاناً، تکبّر کرنا، سرگشتہ پھرنا، گمراہ ہونا، صفت، تَیَّاه وتَیْهَانٌ.
**الأُعَیرِجُ**: زھریلا سانپ، ج، الأُعَیرِجاتٌ، مؤنث نہیں آتا۔
٣۔ **سَالَمَتکَ**: سَالَمَهُ مُسَالَمَةً، مصالحت کرنا، خیرخواھی کرنا، سَلِمَ (س) سَلامَةً من عیبٍ او افةٍ، کسی عیب یا آفت سے نجات پانا۔ **صَفْوُ اللَّیَالِي**: الصَّفوُ، صَفَا، یَصْفُو، صَفَاءً کا مصدر، محبت میں خلوص، الصَّفوةُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ، خالص اور عمدہ چیز، صَفْوُ اللَّیَالِي، هَنَاءَ اللَّیَالِي وسُکُونها. **الکَدَرُ**: ضِدُّ الصَّفْوِ.

# الدَّهْرُ يَوْمَانِ

**قال الإمام الشافعیؒ ، فی تقلّب الدّهر بین الصّفو والکدر:**

١ الـدَّهْــرُ يَـوْمَــانِ ذَا أَمْـنٌ وَذَا خَـطَـرُ ‏ ‏ وَالـعَيْــشُ عَيْشَــانِ ذَا صَفْوٌ وَذَا كَدَرُ
زمانہ دودنوں کا ہے ایک امن والا دوسرا خطر والا ‏ ‏ اورزندگی دوطرح کی ہے ایک راحت والی دوسری تکلیف والی

٢ أَمَـا تَـرَى البَـحْـرَ تَـعْلُو فَوْقَـهُ جِيفٌ ‏ ‏ وَتَسْتَـقِـرُّ بِـأَقْـصٰـى قَـاعِـهِ الـدُّرَرُ
کیاتونہیں دیکھتا کہ مردہ لاشیں سمندر کے اوپر اُٹھتی ہیں ‏ ‏ اورموتیوں کی قرارگاہ سمندر کی گہرائی ہے

٣ وَ فِـي السَّـمَـاءِ نُـجُـومٌ لاَ عِدَادَ لَهَا ‏ ‏ وَلَيْـسَ يُـكْسَفُ إِلَّا الشَّـمْـسُ والقَمَرُ
آسمان میں بے شمار ستارے ہیں مگر ‏ ‏ گہن تو آفتاب وماہتاب ہی کولگتا ہے

---

١ـ **الدّهْرُ:** لمبازمانہ،درازمدت، **دهـر الانسان**، وہ زمانہ جسمیں انسان زندہ ہے، یہ عصر کے ہم معنی ہے، **مَا ذَاكَ بِدهرى**، یہ میری عادت نہیں، ج، **اَدْهُرٌ و دُهُورٌ**.

٢ـ **جِيَفٌ:** **الجِيفَةُ** ،سڑی مردہ لاش، ج، **جِيَفٌ و اَجْيَافٌ**.

**اَقْصٰى القَاعَ:** **اَقْصٰى فُلاناً عَنهُ**، کسی کوکسی چیز سے دورکرنا، **اَقْصَى، الشَّيْئَ**، کسی چیز کی انتھا کو پہونچنا، **اَقْصَى القَاعِ**، گہرائی کی انتھا، کہاجاتا ہے، **نَزَلْنَا مَنْزِلاً لايُقْصِيهِ البَصَرُ**. ہم نے ایسی جگہ پڑاوکیا کہ نظر اسکی انتھاءکونہیں پہونچ سکتی تھی۔

٣ـ **يُكْسَفُ:** **كَسَفَ(ض) كَسْفاً، اللّٰهُ الشَّمْسَ والقَمَرَ**، اللہ تعالی کا چاند یا سورج میں گرھن لگانا۔ **الشَّمسُ النُّجُومَ**، آفتاب کی روشنی کا ستاروں پر غالب آنا، **الشيئ**، ڈھانکنا۔

# وَحْدَتِی أَلَذُّ

قال الإمام الشافعیؒ، فی وصف استئناسه بالوحدة:

۱ إِذَا لَمْ أَجِدْ خِلًّا تَقِیاً فَوَحْدَتِی — أَلَذُّ وَأَشْهٰی مِنْ غَوِیٍّ أُعَاشِرُهُ

جب میں مخلص دوست نہیں پاتا تو تنہائی کو — گمراہ ساتھی کی صحبت سے زیادہ راحت ولذت دہ محسوس کرتا ہوں

۲ وَأَجْلِسُ وَحْدِی لِلْعِبَادَةِ آمِناً — أَقَرُّ لِعَیْنِی مِنْ جَلِیسٍ أُحَاذِرُهُ

اور تنہائی میں بیٹھکر امن سے اللہ کی عبادت کرنا — مجھے زیادہ راحت پہونچاتا ہے بنسبت بُروں کی صحبت کے

**تشــــریــح:** اگر آدمی کو کسی پرہیز گار آدمی کی صحبت میسر نہ ہو تو تنہائی میں رہ کر کتابوں کا مطالعہ کرنا اور عبادت میں مشغول رہنا زیادہ بہتر ہے، کیونکہ گمراہ اور خواہشات کی پیروی کرنے والوں کے ساتھ صحبت رکھنے میں بہت زیادہ نقصان ہے، اللہ تعالی نے بھی صادقین کی صحبت اختیار کرنے کا حکم فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَکُونُوا مَعَ الصَّادِقِین"(التوبة: ۱۱۹)

---

۱۔ غَوِیٌّ: غَوَی، یَغْوِی، غَیًّا وَغَوَایةً، گمراہ ہونا، ناکام ومحروم ہونا۔ ھلاک ہونا، الغَوِیُّ والغَوِی والغَیَّانُ، گمراہ، خواہش پرست۔

۲۔ جَلِیسُ: والجِلْسُ، ج، جَلْسَاء وجُلَّاس، ہم نشیں۔

# لَستُ أعْدمُ قُوتاً

**قال الإمام الشافعیؒ ، مخاطبا جبال سرندب، مقيّدا بهمّه القعساء:**

١ أمُطِـرِیْ لُـؤْلُـؤاً جِبَـالَ سَـرَنْدِيـبَ ❊ وَفِيـضِـی آبَـارَ تَـكْـرُورَ تِبْـراً

اے لنکا کے پہاڑتم چاہوتو موتی برساؤ ❊ اورتکرور کے کنوؤں کوسونے سے بھردو

٢ أَنَـا إِنْ عِشْـتُ لَسْـتُ أَعْـدَمُ قُـوْتـاً ❊ وَإِذَا مِـتُّ لَسْـتُ أَعْـدَمُ قَبْـراً

اگر مجھے زندگی میں گذارے کا سامان میسر ہوجائے ❊ اورموت کے بعدقبر کی زمین مل جائے

٣ هِـمّتِـی هِـمّةُ الـمُـلُـوكِ وَنَـفْسِـي ❊ نَـفْـسُ حُـرٍّ تَـرىٰ الـمَـذَلَّةَ كُـفْـراَ

تو میری بلندہمتی بادشاہوں کی طرح اورمیرانفس ❊ شریفوں کی طرح ایسامستغنی ہوجائے کہ پستی کفرسمجھے

٤ وَإِذَا مَـا قَـنِـعْـتُ بِـالـقُوتِ عُمْرِي ❊ فَـلِـمَـا ذَا أَزُوْرُ زَيْـداً وَعَـمْـراً

اورجب قوت لایموت پرقناعت کامیں عادی ہوجاؤں ❊ پھرکیوں مجھے زیدوعمرکی خوشامدکرنی پڑے

**تشـــریـح:** جب انسان تھوڑے سے رزق پرقانع ہوتو پھراسکی نظرسرندیپ کے جزیرہ میں اگرموتی برستے ہوں یاافریقہ کےعلاقہ تکرورسونے سے لبریز؛ ہواسکی طرف نہیں جاتی۔شریف آدمی کسی چیز کی آرزودل میں رکھکر مالداروں کے دروازوں پرجانے کوذلت سمجھتا ہےاوروہ اسکے نزدیک کفرکے مانندبرابرہے،اسی لئے کہا گیا کہ جس نے قناعت اختیارکی وہ کبھی ذلیل نہیں ہوا۔

---

١ـ **سَـرَنْـدِيب:** أو سِيُلاَن، ھندوستان کے جنوب مشرق میں واقع ایک جزیرہ،جسکواھل عرب بلادسرندیب کہا کرتے تھے،۱۹۷۲ء سے وہ ’’جمہوریہ سری لنکا‘‘ سے جاناجاتا ہے،جسکادارالسلطنت ’’کولمبو‘‘ ہے۔

**تَـكْرُور:** بلادمغرب کے جنوب میں، جہاں سودانی قبائل پرمشتمل لوگ آبادہیں وہ علاقہ، یہ لوگ حبشیوں سے مشابہ ہیں اوربقول صاحب المنجدح،بشیوں کاایک گروہ جوبنغال اورغانامیں رہتا ہے۔

**التِّبْرُ:** تِبْرَةٌ کی جمع،سونے کاڈھیلاجوڈھلاہوانہ ہویاسکہّ کی شکل میں نہ ہویاابھی کان کی مٹی میں ہو۔

# عِزّةُ النّفْسِ

**لـمّـا أشخص الشافعیؒ إلی سرّ من رآهٗ، دخلها وعليه أطمار رثّة، وطال شعرهٗ، فتقدم إلی مُـزيّـن، فـاستـقـذره لـمّـا نظر إلی رثاثته، فقال لهٗ المزيّن، تمضٰی إلی غيری، فاشتدّ علی الشـافـعیؒ أمـره، فـالتـفـت إلی غلام كان معه فقال: إيش معک من النفقة ؟ قال:عشرة دنانير،فقال الشافعیؒ ، إدفعها إلی المزيّن،فدفعها الغلام إليه، فولّی الشافعیؒ وهويقول:**

١ عَـلَـیَّ ثِيَـابٌ لَـوْ يُبَـاعُ جَـمِيْـعُهَـا — بِـفَـلْـسٍ لَـكَـانَ الـفَلْسُ مِنْهُنَّ اَكْثَرَا

میرے بدن پرایسے کپڑے ہیں کہ اگران تمام کوفروخت کیا جائے — صرف ایک پیسے کی عوض تو پیسہ مالیت میں بڑھ جائے

٢ وَفِيْهِـنَّ نَـفْـسٌ لَوْ تُـقَـاسُ بِبَعْضِهَـا — نُـفُـوسُ الـوَرٰی كَـانَـتْ أَجَلُّ وَأَكْبَرَا

مگر اسمیں ایک روح ایسی ہے کہ اگر اسکے ایک جزء کا — کل مخلوقات کی روحوں سے مقابلہ کیا جائے تو وہ بھاری ثابت ہو

٣ وَمَـا ضَـرَّ نَـصْلُ السَّيْفِ إِخْلاَقُ غَمْدِهِ — إِذَا كَـانَ عَـضْـبـاً أَيْـنَ وَجَّهْتَـهُ فَـرَیٰ

تلوار کے پھل کومیان کا پرانا ہونا نقصان نہیں دیتا — جب تیز دھار ہوتی ہے تو جہاں بھی چلاؤ کاٹتی جاتی ہے

٤ فَـإِنْ تَـكُـنِ الْأَيَـامُ أَزْرَتْ بِـبَزَّتِـی — فَـكَـمْ مِـنْ حُسَامٍ فِي غِلاَفٍ تَكَسَّرَا

اگر زمانہ نے مجھے لباس سے ادنی سمجھا تو انکی غلطی ہے — اسلئے کہ بہت سے عمدہ تلواریں ٹوٹے ہوئے میان میں ہوتی ہیں

---

١۔ **الفَلْسُ**: پیسہ،ج، اَفْلُسٌ،وفُلُوسٌ، الفَلَّاسُ،صرّاف، پیسے خرید وفروخت کرنے والا۔

٢۔ **الوَرٰی**: مخلوق، اَبوُالوَرٰی،زمانہ.

٣۔ **الـنَّـصْلُ**: تیر کا پیکان، نیزہ یاتلوار یا چھری کا پھل،کبھی خود تلوار کوبھی نصل کہتے ہیں،ج، نِـصَـالٌ واَنْصَلٌ ونُصُولٌ. **إِخْلاَقٌ**: خَـلَقَ (ن)وخَلِقَ (س) وخَلُقَ (ک)خَلَقاً وَخُلوُقةً، واَخْلَقَ، الثَّوبُ، کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ اَخْلَقَ الشَّابُ،جوانی کاختم ہونا۔

**الغَمْدُ**: تلوارکا میان،غلاف، ج، غُمُودٌ، اَغْمَادٌ. **عَضْباً**: تیزتلوار، چرب زبان، عَضَبَ(ض) عَضْباً، قطع کرنا. **فَرٰی**: فَرَی وفَرَّی الشَّيْئُ، کاٹنا، پھاڑنا، چیرنا.

٤۔ **أَزْرَتْ**: زَرَی (ض)زَرْياً وزِرَايةً،عليه عمله، عیب لگانا،کسی کام پرعتاب کرنا،اَزْرٰی بِهِ واَزْرَاهُ، بدگوئی کرنا،حق کم کرنا۔ **بِزَّةٌ**: کپڑے ہتھیار، ہیئت، البَزُّ، کتّان یاروئی کے کپڑے،ہتھیار،ج،بُزُوزٌ.

**حُسَامٌ** : تیز کاٹنے والی تلوار، حُسَام السَّيفِ،تلوار کی دھار۔

**تشریح:** ابونعیم نے حلیۃ الاولیاء میں ذکر کیا ہے کہ جب امام شافعیؒ سُرّ من رأی نامی شہر میں پہونچے تو طویل سفر کے سبب آپ کے جسم پر کپڑے میلے اور بال لمبے ہوگئے تھے، آپ ایک بال کاٹنے والے کے پاس گئے تو اس نے آپ کی یہ حالت دیکھ کر کہا کہ میاں کسی دوسرے کے پاس چلے جاؤ، امام صاحبؒ کو یہ بات بہت ناگوار معلوم ہوئی آپ نے خادم سے پوچھا تمہارے پاس کتنا پیسہ بچا ہے؟ اس نے کہا کہ دس دینار آپ نے فرمایا اس مزیّن (حجام) کو دے دو۔ آپ وہاں سے واپس چلے گئے اور یہ اشعار پڑھے، بعض لوگوں نے اور قصے لکھے ہیں۔

بہر حال امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اگر میرے جسم کے کپڑوں پر نظر کروگے تو وہ اتنے معمولی ہیں، کہ ایک ٹکہ بھی اس کی قیمت زیادہ سمجھی جائیگی مگر ان کپڑوں میں جو جان ہے وہ بہت قیمتی ہے؛ اگر ساری مخلوق کی جانوں کو اس کے بعض حصہ پر قیاس کروگے تو بھی زیادہ قیمتی ثابت ہوگی، پھر ایک مثال سے سمجھاتے ہیں کہ اگر تلوار عمدہ قسم کی ہو؛ اسکی دھار تیز ہو تو پھر اسکو چاہے جتنی پرانی میان میں رکھو گے کوئی فرق نہیں پڑیگا۔ ضرورت کے وقت جہاں اسکو استعمال کروگے کاٹتی چلی جائیگی، اسی طرح آدمی علم وفضل کا مالک ہو تو اسکے جسم کے معمولی کپڑے اس کو نقصان نہیں دیتے، وہ ٹاٹ میں رہ کر بھی ریشم پہننے والوں پر بھاری ہوگا، اصل چیز انسان کے ذاتی اوصاف ہیں ظاہری شکل وصورت نہیں، اللہ تعالیٰ نے امام شافعیؒ کو علم وفضل، ذکاوت وفہم کے جس بلند مرتبہ پر پہنچایا تھا یہ دیکھتے ہوئے آپ کا اس طرح کہنا سزاوار ہے، انکی ذات گرامی واقعی لاکھوں انسانوں پر بھاری تھی۔ "رحمه الله رحمة واسعة"

# الإعتِذَارُ

١ إِقْبَلْ مَعَـاذِيْـرَ مَنْ يَـأْتِيْكَ مُعْتَذِراً ‏ إِنْ بَـرَّ عِـنْـدَکَ فِيـمَـا قَـالَ أَوفَجَرَا

معذرت کرنے والے کی معذرت کوقبول کرلے ‏ چاہے تمہارے خیال میں وہ بھلا ہو یا برا ہو

٢ لَـقَـدْ أَطَـاعَکَ مَـنْ يُرْضِيْکَ ظَاهِرُهُ ‏ وَقَـدْ أَجَـلَّکَ مَنْ يَعْصِيْکَ مُسْتَتِراَ

ظاہر میں تجھے راضی رکھنے والا تیرا مطیع ہے ‏ اور جرم کرتے وقت تجھ سے گھبرانے والے کے دل میں تیرا احترام ہے

**تشریح:** مطلب یہ ہے کہ عذرخواہ کے اعذار کوقبول کرلینا چاہئے، اس نے صحیح غلط جوبھی بات پیش کی ہو۔ مگر وہ جب تمہارے سامنے آیا اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ تمہیں راضی کرنا چاہتا ہے اور جو آدمی تمہارے حکموں کی علی الاعلان حکم عدولی نہیں کرتا، چھپ کرنا فرمانی کرتا ہے؛ گویا تمہارا خیال اس کے دل میں ہے اور وہ تمہارا اکرام کررہا ہے، ورنہ بےادب انسان تو سامنے ہی اختلاف کرتا ہے۔

---

١۔ **مَعَاذِيْرُ:** المِعْذَارُ، عذر، بہانہ، ج، مَعَـاذِيْرُ، عَذَرَ(ض)عُذْراً، عُذُراً ومَعْذِرَةً، علی أو فیما صنع، عذرقبول کرنا، الزام سے بری کرنا، العُذْرُ، ج، اَعْذَارٌ، حجت کی بناپر عذرکیا جائے۔

٢۔ **اَجَلَّکَ:** من الإجلال وهو الاحترام والتعظيم، التجلّة، الجلال والعظمة.

# الفِرْدَوْسُ

**قال الإمام الشافعیؒ ،واعظا داعیا إلى العمل الصّالح، لأنَّهُ السّبیل إلى جنان الخلد:**

١ یَـامَـنْ یُـعَـانِقُ دُنْیَا لاَ بَقَـاءَ لَهَـا　　یُـمْسِي وَیُصْبِحُ فِی دُنْیَاهُ سَفَّـاراً

اے وہ شخص جوفانی دنیا کو گلے لگارہا ہے　　اور صبح وشام اسی کے چکّر میں سرگرداں ہے

٢ هَلاَّ تَـرَكْـتَ لِـذِي الـدُّنْیَـا مُعَانَقَةً　　حَتَّـى تُـعَـانِقَ الفِرْدَوْسَ أَبْكَـاراً

تونے دنیاداروں کو گلے لگانا کیوں نہ چھوڑا؟　　تاکہ کل جنت الفردوس کی دوشیزاؤں کو گلے لگاسکے

٣ إنْ كُنْتَ تَبْغِي جِنَانَ الخُلْدِ تَسْكُنُهَا　　فَیَنْبَغِي لَكَ أَنْ لاَ تَـأْمَنَ الـنَّـارَا

اگرتو جنت الخلد میں سکونت چاہتا ہے　　توضروری ہیکہ تو نارجہنم سے مطمئن نہ ہوجائے

**تشریح:** مطلب یہ کہ دنیا فانی ہے،اس کے ساتھ محبت کرنے؛اس کو گلے لگانے اوراس کے لئے دنیا بھر کے سفر کرنے کا کیا فائدہ؟ یہ کام تو دنیا داروں کے لئے چھوڑ دینا چاہئے تاکہ آخرت کے کاموں میں مشغول رہ کر؛جنت میں حوروں سے ملاقات کرسکے۔

شیخ سعدیؒ فرماتے ہیں:

عشق بامردہ نہ باشد پائدار　　عشق راباحیّ وقیّوم دار

اگرآدمی ہمیشہ کی جنت کا خواہش مند ہے تو اسکو اللہ تعالیٰ کے عذاب اورجہنم کی آگ سے ڈرتے رہنا چاہئے؛تاکہ گناہوں سے بچ کر؛خداتعالیٰ کی رضامندی حاصل کرسکے۔

---

١۔ **یُعانِقُ:** عَانَقَهُ مُعَانَقَةً بغل گیرہونا،گلے لگانا۔

٢۔ **الفِردَوْسُ:** جنت کا نام۔قرآن میں ہیں ﴿كَانَتْ لَهُمْ جَنَّاتُ الفِرْدَوْسِ نُزُلًا﴾. باغ،سرسبز وادی،مذکرمؤنث دونوں کے لئے آتا ہے۔قرآن میں دوجگہ اسکا ذکرہے.

**اَبْكَاراً:** البِكْرُ، کی جمع،کنواری،جوان گائے،ماں باپ کا پہلا بچہ،ہرچیزکااول۔وھنا مأخوذ من قوله تعالیٰ ﴿فَجَعَلْنَاهُنَّ اَبْكَارًا﴾.

## تَعَلَّمْ

۱ تَعَلَّمَ مَا استَطَعتَ تَكُنْ اَمِيراً وَلاَ تَكُ جَاهِلاً تَبقٰی أَسِيرَا

حصول علم میں محنت کرو وہ تجھے سرداری عطا کریگا — جاہل نہ رہ ورنہ ماتحتی اختیار کرنی پڑیگی

۲ تَعَلَّمْ كُلَّ يَومٍ حَرفَ عِلمٍ تَرَىٰ الجُهَّالَ كُلُّهُمْ حَمِيرَا

روزانہ کم ازکم کوئی ایک بات سیکھ لیا کر — اس لئے کہ جاہلوں کی زندگی مثل حمار گذرتی ہے

**تشریح:** علم حاصل کرنے والا قیادت کے منصب پر ہوتا ہے اور بلند مقام پر رہ کر دوسروں سے کام لیتا ہے جبکہ جاہل قیدی یعنی غلامی کی زندگی گذارتا ہے، اسکو اپنے آقا اور مولیٰ کی بات کی اطاعت کرنی پڑتی ہے؛ وہ جب تک جاہل رہیگا نوکری کی قید میں رہیگا، روزانہ تھوڑا تھوڑا علم حاصل کر کے آدمی بہت کچھ حاصل کر سکتا ہے، اگر اس طرح تھوڑا بہت علم حاصل کر لیا تو چین کی زندگی گذاریگا، ورنہ جاہل رہ کر گدھے کی طرح بوجھ لادتا پھریگا۔

## مِنَ الشَّقَاوَةِ

۱ وَمِنَ الشَّقَاوَةِ أَنْ تُحِبَّ وَمَنْ تُحِبُّ يُحِبُّ غَيرَكَ

محرومی یہ بھی ہیکہ تو جس سے محبت کرے — وہ تجھے چھوڑ کر دوسرے سے محبت کرے

۲ أَوْ أَنْ تُرِيدَ الخَيرَ لِلإِنْسَانِ وَهُوَ يُرِيدُ ضَيرَكَ

یا تم تو کسی انسان کی بھلائی چاہو — اور وہ تمہارے نقصان کا خواہاں ہو

---

۲۔ حَمِيراً: والأَحمِرَةُ وحُمُرٌ، الحِمَارُ واحد کی جمع، گدھا، حِمَارُ الوَحشِ، نیل گائی۔

۱۔ الشَّقَاوَةُ: شَقَا، يَشقُوا شَقواً وشَقِيَ يَشقٰى شَقَاوَةً، بدبخت ہونا، صفت، شَقِيٌّ، ج، اَشقِيَاءُ.

۲۔ الضَّيرُ: نقصان، تنگی، سختی، قرآن کریم میں ہیں، ﴿قَالُوا لاَ ضَيرَ إِنَّا إِلٰى رَبِّنَا مُنقَلِبُونَ﴾.

# كَشَفْتُ حَقَائِقَهَا

**جاء في معجم الأدباء، حدّث الحسين بن محمد قال، سئل الشافعیؒ عن مسئلة، فأجاب عنها ثم أنشد يقول:**

١ **إِذَا الْـمُشْـكِلاَتُ تَـصَـدَّيْـنَ لِـي** — **كَشَـفْـتُ حَـقَـائِـقَهَـا بِـالـنَّـظَـرِ**
جب مجھے کوئی مشکل درپیش ہوتی ہے — تو غور وفکر کر کے اسکی حقیقت معلوم کر لیتا ہوں

٢ **لِسَــانِــي كَشَـقْـشَـقَةِ الأَرْحَبِـيِّ** — **أَوْ كَـالْـحُسَـامِ الـيَـمَـانِـيِّ الذَّكَـرُ**
میری زبان ارحبی خطباء کی طرح فصیح ہے — اور عمدہ لوھے سے بنی تیز دھار لمبی تلوار کی طرح ہے

٣ **وَلَسْــتُ بِــإِمَّـعَةٍ فِـي الـرِّجَـالِ** — **أُسَــائِـلُ هَـذَا وَذَا مَـا الـخَبَـرُ**
میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جسکی اپنی کوئی رای نہ ہو — اور ادھر ادھر پوچھتا پھروں کہ مسئلہ کیا ہے؟

٤ **وَلٰــكِـنَّـنِي مِــدْرَهُ الأَصْغَرَيْنِ** — **وَجُلاَّبُ خَيْــرٍ وَفَــرَّاجُ شَــرُّ**
بلکہ میں زندہ دل اور فصیح زبان کا مالک ہوں — جو خیر کے حصول اور شر کے دفاع پر خوب قادر ہے

---

١۔ **تَصَدَّيْنَ:** تَصَدّٰی لَهُ، درپے ہونا، سامنے آنا، لِلأَمْرِ، کسی معاملہ کے لئے متوجہ ہونا۔

٢۔ **الشَّقْشَقَةُ:** شَقْشَقَ، شَقْشَقَةً، الجَمَلُ، اونٹ کا بلبلانا۔ الطَّيرُ، پرندے کا آواز نکالنا، الشِقْشِيقَةُ، اونٹ کا جھاگ جو بوقت مستی نکالتا ہے۔ يُقَالُ فُلاَن شَقْشَقَةُ قَوْمِهِ، وہ اپنی قوم میں شریف اور فصیح ہے، اپنی قوم کی زبان ہے۔ یہ لفظ مجازا خطباء کے لئے بولا جاتا ہے۔ **الأرحَبِيِّ:** یہ نسبت یمن کے بادشاہ ارحب بن دعام کی طرف ہے، جسکی نسل میں بہت سارے امراء، شعراء اور فصحاء گذرے ہیں۔ **الذَّكَرُ:** مرد، مِنَ الحَدِيْدِ، اچھا عمدہ لوھا، مِنَ النَّحَاسِ، وہ سخت تانبا جو کوٹا نہ جاسکے۔ سَيْفٌ ذَكَرٌ، وہ تلوار جو عمدہ لوہے کی بنی ہو۔

٣۔ **الإِمَّعَةُ:** والإِمَّعُ، ہرایک کی رائے کی پیروی کرنے والا، بن بلائے دعوت میں جانے والا، ج، اِمَّعُون، اِمَّعٌ کی اصل إِنِّی مَعَكَ ہے اور إِمَّعَةٌ میں تاء تانیث کی نہیں بلکہ مبالغہ کی ہے۔

٤۔ **مِدْرَهُ:** التَّدْرَأَةُ والتُدْرَأُ، وہ شخص جو عزت وشوکت کا مالک ہو، اور دشمن کو دفع کرنے والا ہو۔
**الأَصْغَرَيْنِ:** دل اور زبان، اسی لئے کہا جاتا ہے "الـمَـرْأُ بِـأَصْغَرَيْـهِ" آدمی کی قدر و منزلت اسکی دو چھوٹی چیزوں، دل اور زبان سے ہوتی ہے۔

# صِفَةُ المُنَاظَرَةِ

**وَقـال الشـافعیؒ یدعو إلی التّناظر الهادیٔ ،و ینهی عن اللّجاجة والمکابرة، و کان یقول، ماناظرت أحدا إلاّ علی النّصیحة :**

١ إِذَا مَـا کُـنْـتَ ذَا فَـضْـلٍ وَعِـلْـمٍ — بِـمَـا اخْـتَـلَفَ الْأَوَائِلُ وَالْأَوَاخِـرُ

اگرتو صاحب علم وفضل ہے اور — متقدمین ومتأخرین کے اختلاف سے واقف ہے

٢ فَـنَـاظِـرْ مَـنْ تُـنَـاظِـرُ فِـي سُکُونٍ — حَـلِـيْـمـاً لاَ تُـلِـحُّ وَلاَ تُـکَـابِـرُ

تو مناظر کے ساتھ سکون سے گفتگو کر — حلم سے کام لے اور باطل پر جمنے والا اور حق کا منکر نہ بن

٣ يُـفِـيـدُکَ مـااستَفَـادَ بِلاَ امتِنَـانٍ — مِـنَ الـنُّـکَـتِ الـلَّـطِيْـفَةِ وَالـنَّـوَادِرْ

تو ایسا کریگا تو وہ بلا امتنان تجھے — اسکے پاس موجود لطائف ونوادرات سے فائدہ پہونچائیگا

٤ وَإِيَّـاکَ الـلَّـجُـوْجَ وَمَـنْ يُـرَائِـي — بِـأَنِّـی قَـدْ غَـلَـبْـتُ وَمَـنْ يُـفَـاخِـرُ

اور بچ تو سخت جھگڑالو، اپنی جیت کا غلط — مظاہرہ کرنے والے، اور متکبر سے مناظرہ کرنے سے

٥ فَـإِنّ الشَّـرَّ فِي جَـنَـبَـاتِ هَـذَا — يُـمَـنِّـی بِـالـتَّـقَـاطُـعِ وَالتَّـدَابُـرُ

اس لئے کہ وہ شر جو اسکے دل میں ہے — تقاطع وتدابر کی طرف لے جاتا ہے

**تشـــریـح:** فرماتے ہیں کہ ذی علم آدمی جسکو سلف کے اقوال واحوال سے واقفیت ہو وہ مناظرہ میں نہ تو غیض وغضب اور طعنہ وتشنیع کرتا ہے اور نہ ہی اپنی بات پر اصرار کرتا ہے بلکہ سکون کے ساتھ دلائل کا جواب، دلائل سے دیتا ہے اور درمیان گفتگو لطیفوں اور نادر حکایتوں سے فائدہ بھی اٹھاتا ہے، وہ مناظرہ میں فخر کرنے اور قابلیت کے اظہار کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا اور جو آدمی مناظرہ میں اسطرح کا ارادہ کرکے آیا ہو اسکے ساتھ مناظرہ کرنے سے پرہیز کرنا چاہیئے۔

---

٢۔ **تُلِحُّ**: اَلَحَّ فِی السُّؤال، سوال میں اصرار کرنا۔ **تُکَابِرُ**: تَکَابَرَ الرَّجُلُ، اپنے آپ کو بڑا اور بلند مرتبہ ظاھر کرنا۔

٣۔ **النُّکَتُ**: والنُّکَاتُ، کلام کی باریکی، حکمت سے بھری بات، وہ دقیق علمی مسئلہ جہاں تک غایت تحقیق کے بعد رسائی ہو۔ النُّکتَةُ، کی جمع۔ **النَّوَادِرُ**: النَّادِرَةُ کی جمع، نَوَادِرُ الکَلاَمِ، عجیب وغریب کلام، فصیح وعمدہ کلام۔

٤۔ **اللَّجُوجَ** : اللاجُّ واللَّجُوجُ، بڑا جھگڑالو، لَجَّ (ض،س) لَجَاجاً ولَجَاجَةً، ضد سے جھگڑنا، دشمنی میں مداومت کرنا۔

٥۔ **التَّدَابُرُ**: تَدَابَرَ القَوْمُ، آپس میں دشمنی رکھنا، اختلاف کرنا، تعلقات توڑلینا۔

# یَارَاقِدَ اللَّیْلِ

۱ یَا رَاقِدَ اللَّیْلِ مَسْرُوراً بِأَوَّلِهِ — إِنَّ الْحَوَادِثَ قَدْ یَطْرُقْنَ اَسْحَارَا

اے رات کی ابتدا میں مطمئن سونے والے — حوادثات سحری کے وقت دروازہ پر دستک دیتے ہیں

۲ أَفْنَتْ قُرُوْنَ الَّتِی کَانَتْ مُنَعَّمَةً — کَرُّ الْجَدِیْدَیْنِ إِقْبَالاً وَإِدْبَارَا

آسائش میں رہنے والی بے شمار قوموں کو — گردش لیل ونہار نے فنا کردیا

۳ کَمْ قَدْ أَبَادَتْ صُرُوفُ الدَّهْرِ مِنْ مَلِكٍ — قَدْ کَانَ فِي الدَّهْرِ نَفَّاعاً وَضَرَّارَا

حوادثات زمانہ نے کئی ایسے بادشاہ ہلاک کردئے — جو اپنے زمانے میں لوگوں کو نفع نقصان پہونچایا کرتے تھے

**تشــریح:** آدمی کو اپنی زندگی میں کبھی کبھی مطمئن ہوکر غافل نہیں رہنا چاہئے، اگر آج اسکا اچھا وقت ہے تو کل برا وقت بھی آسکتا ہے۔ دنیا میں بہت سی قومیں جو صاحب قوت واقتدار تھیں زمانہ کی گردش نے ان کو فنا کے گھاٹ اتار دیا۔ قرآن مجید میں ایسی بہت سی قوموں کا ذکر آیا ہے بہت سے بادشاہ؛ جن کا حکم نافذ ہوتا تھا اور جو امر ونہی کے مالک تھے؛ تخت سے اتار کر تختۂ دار پر لٹکا دئے گئے، تاریخ نے ایسے بہت سے فرمارواؤں کی داستانیں اپنے صفحات میں محفوظ کر رکھی ہیں۔ **فاعتبروا یا أولی الابصار.**

---

۱۔**رَاقِدٌ:** رَقَدَ (ن) رُقُوداً ورُقَاداً، سونا، صفت، راقِدٌ، ج، رُقُودٌ ورُقَّدٌ، عَنِ الْأَمْرِ، کام سے غافل ہونا، عَنِ الضَّیْفِ، مہمان کی خبر گیری نہ کرنا۔

**یَطْرُقْنَ:** طَرَقَ (ن) طَرْقاً، البَابَ، کھٹکھٹانا، القَوْمَ، رات کے وقت آنا۔

۲۔ **الکَرُّ:** کَرَّ (ن) کُرُوراً، لوٹنا، واپس آنا۔ مڑنا، اللَّیْلُ والنَّهارُ، رات دن کا باری باری آنا۔

**الجَدِیْدَیْن:** والجَدِیدَانِ والأَجِدَّانِ، دن رات، تثنیہ والی شکل میں انکا استعمال ہے، تنہا دن یا رات کے لئے جَدِیْدٌ یا اَجدٌ نہیں بول سکتے۔

## ثَوْبُ القَنَاعَةِ

۱ تَدَرَّعْتُ ثَوْباً لِلْقُنُوعِ حَصِينَةً ۔۔۔ أَصُونُ بِهَا عِرْضِي وَأَجْعَلُهَا ذُخْراً

میں نے قناعت کا مضبوط لباس پہن لیا ہے ۔۔۔ جس سے میں اپنی آبرو بچاتا ہوں اور جسکو میں ذخیرہ مانتا ہوں

۲ وَلَمْ أَحْذَرِ الدَّهْرَ الخَؤُونَ فَإِنَّمَا ۔۔۔ قُصَارَاهُ أَنْ يَرْمِي بِيَ المَوْتَ والفَقْراَ

میں خائن زمانہ سے نہیں ڈرتا کیونکہ وہ زیادہ سے زیادہ ۔۔۔ مجھے موت یا فقر کی طرف دھکیل سکتا ہے

۳ فَأَعْدَدْتُ لِلْمَوْتِ الإِلٰهَ وَعَفْوَهُ ۔۔۔ وَأَعْدَدْتُ لِلْفَقْرِ التَّجَلُّدَ والصَّبْراَ

موت کے لئے اللہ کا عفو وکرم میرا سہارا ہے ۔۔۔ اور فقر کی صورت میں بلند ہمتی اور صبر میرا ہتھیار رہے

**تشریح:** فرماتے ہیں کہ میں نے قناعت پسندی کی صفت بہت مضبوطی سے اختیار کر رکھی ہے؛ جو میسر آئے اس پر اکتفا کر لیتا ہوں چنانچہ کسی کے سامنے دست سوال دراز کرنے کی نوبت نہیں آتی اور میری عزت آبرو محفوظ رہتی ہے اور یہی قناعت میرا طریقہ ہے۔ زمانہ کی گردشوں سے میں خوف زدہ نہیں ہوں اس لئے کہ یہ گردشیں زیادہ سے زیادہ مجھے فقر میں مبتلا کریگی اور میں پوری ثابت قدمی سے اس پر صبر کرونگا، اگر اسی حالت میں موت آجائے تو اللہ کی ذات اور اس کی صفت عفو پر میرا اعتماد ہے، یہی مؤمن صادق کا طریقہ ہے۔

۱۔ **تَدَرَّعْتُ:** تَدَرَّعَ وادَّرَعَ ،زرہ پہننا، الدِّرْعُ، زرہ،مؤنث ہے کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے،ج، دُرُوعٌ وَاَدْرُعٌ. **حَصِيْنَةٌ:** الحَصِيْنُ مِنَ الأَمَاكِنِ، مضبوط جگہ، دِرْعٌ حَصِيْنٌ،مضبوط زرہ، حِصْنٌ حَصِيْنٌ، مضبوط قلعہ۔ **ذُخراً:** ذَخَرَ کا اسم،وہ چیز جسے آڑے وقت کے لئے ذخیرہ کیا جائے،ج، أَذْخَارٌ.

۲۔ **الخَؤُوْن:** والخَوَّانةُ، بہت بڑا خائن۔ **قُصَارَاهُ:** القَصْرُ والقُصَارُ والقُصَارٰى، کوشش وانتھا،عربی میں محاورہ ہے قُصارَاکَ أَنْ تَفْعَلَ کَذَا،تیری انتھائی کوشش یا آخری حد یہ ہے کہ تو ایسا کرے۔

## الرَّزِیَّةُ

۱ لَعَمْرُکَ مَا الرَّزِیَّةُ هَدْمُ دَارٍ — وَ لاَ شَاةٌ تَمُوتُ وَ لاَ بَعِیرُ

تیری زندگی قسم گھر کا گر جانا یا — اونٹ بکری کا مرجانا حقیقی مصیبت نہیں ہے

۲ وَلٰکِنَّ الرَّزِیّةَ فَقْدُ حُرٍّ — یَمُوتُ بِمَوتِهِ خَلْقٌ کَثِیرُ

لیکن حقیقی مصیبت کسی ایسے شریف کی موت ہے — جسکی موت خلق کثیر کو متأثر کرتی ہے

## البَلَاءُ

۱ إِنِّی بُلِیتُ بِأَرْبَعٍ یَرْمِینَنِی — بِالنَّبْلِ عَنْ قَوسٍ لَهُنَّ صَرِیرُ

میں ایسے چار دشمنوں کی زد میں آ گیا ہوں — جو مجھ پر سخت تیر اندازی کر رہے ہیں

۲ إِبْلِیسَ، والدُّنْیَا وَنَفْسِی وَالهَوٰی — أَنّٰی یَفِرُّ مِنَ الهَوٰی نِحْرِیرُ

شیطان، دنیا، نفس اور خواہشات — شریف آدمی کے لئے ان حملوں سے بچنا کتنا مشکل ہے

---

۱۔**الرَّزِیَّةُ**: والرَّزِیئَةُ، ج، رَزَایَا، بڑی مصیبت۔

**الشَّاةُ**: بکرا، بکری، ج، شَاءٌ، شِیَاهٌ، تصغیر، شُوَیَّةٌ، شُوَیْهَةٌ.

**البَعِیرُ**: چار سالہ یا نو سالہ اونٹ یا اونٹنی، ج، بُعْرانٌ و اَبْعِرَةٌ، جج، اَبَاعِرُو اَبَاعِیرُ.

۱۔**النَّبْلُ**: تیر، ج، نِبَالٌ و اَنْبَالٌ و نُبْلاَنٌ.

**صَرِیرُ**: صَرَّ (ض) صَرِیْراً وصَرَراً، الشَّیئ، چوں چوں کرنا، الاُذُنُ، کان بجنا، الأَسْنَانُ، دانٹ بجنا۔

۲۔**نِحْرِیرُ**: حاذق، سمجھدار، عقلمند، ج، نَحَارِیرُ.

# صُنْ وَجْهَكَ

١ كُلْ بِمِلْحِ الجَرِيشِ خُبْزَ الشَّعِيرِ وَاعْتَقِبْ لِلنَّجَاةِ ظَهْرَ البَعِيرِ
پسے ہوئے نمک کے ساتھ جَو کی روٹی کھالے اور نجات کے لئے اونٹ کی سواری تیار رکھ

٢ وَجُبِ المَهْمَةَ المَخُوفَ إِلٰى طَنْجَةَ أَوْ خَلْفَهَا إِلٰى الدُّرْدُرُوْرِ
اور طنجہ شہر تک خطرناک جنگل پار کرتا جا یا اس سے آگے مقام دُرْدُرور تک

٣ وَصُنِ الوَجْهَ أَنْ يَذِلَّ وَيَخْضَعَ إِلَّا إِلٰى اللَّطِيفِ الخَبِيرِ
اور چہرے کو جھکانے یا رسوا کرنے سے بچا علیم وخبیر ذات کے علاوہ کسی اور کے سامنے

---

١ـ **الجَرِيشُ**: والمجْرُوشُ، دلا ہوا غلّہ، الجَارُوشُ والجَاروشَةُ، غلّہ، دلنے کی ہاتھ کی چکّی، جَوَارِيشُ.

٢ـ **جُبْ**: جَابَ(ن) جَوْباً وتَجْوَاباً، البِلادَ، ملک کو طے کرنا، عبور کرنا، الصَّخْرَةُ، چٹان میں سوراخ کرنا یا تراشنا، الثَّوبُ، کپڑا کاٹنا۔ **المَهْمَهُ**: والمَهْمَهَةُ، لمبا چوڑا بیابان، بنجر ملک، ج، مَهَامِهُ.

**طَنْجَةَ**: مدينة فى المملكة المغربية، على مضيق جبل طارق، كانت مركزا تجاريا للفيقيين، ثم مستعمرة رومانية.

**دُرْدُرُورِ**: موضع فى سواحل بحر عمان مضيق بين جبلين يسلكه الصّغار من السفن.

٣ـ **صُنْ**: صَانَ(ن) يَصُونُ صَوْناً وصِيَاناً، صِيَانَةً، حفاظت کرنا، بچانا، صفت مفع، مَصُونٌ ومَصُوُونٌ، صَانَ، الثوب او العرض، کپڑے یا سامان کو عیب لگانے والی چیزوں سے بچانا۔

## أَلْسُنِ النّاسِ

**قال الإمام الشافعیؒ، ماارتدی أحد بالکلام فأفلح:**

١ وَ مَا أَحَدٌ مِنْ أَلْسُنِ النَّاسِ سَالِماً ‌ ‌ وَلَوْ أَنَّهُ ذَاکَ النَّبِیُّ الْمُطَهَّرُ

لوگوں کی زبان سے کوئی بچ نہیں سکتا ‌ ‌ اگر کوئی بچتا تو پاک باز نبیؐ اسکے زیادہ اھل تھے

٢ فَإِنْ کَانَ سِکِّیتاً یَقُولُونَ أَبْکَمُ ‌ ‌ وَإِنْ کَانَ مِنْطِیقاً یَقُولُونَ أَهْذَرُ

اگر کوئی کم گو ہوتو لوگ اسکو گونگا کہتے ہیں ‌ ‌ اگر کوئی باتونی ہو تو کہتے ہیں کہ بڑبڑاتا رہتا ہے

٣ وَإِنْ کَانَ صَوَّاماً وَبِاللَّیْلِ قَائِمًا ‌ ‌ یَقُولُونَ زَرَّاقٌ یُرَائِئ وَیَمْکُرُ

اور اگر کوئی تہجد گذار اور روزے دار ہو ‌ ‌ تو کہینگے کہ ریا کار اور دھوکے باز ہے

## النَّظْرَةُ

١ یَقُولُونَ لَا تَنْظُرْ وَتِلْکَ بَلِیَّةٌ ‌ ‌ أَلَا کُلُّ ذِی عَیْنَیْنِ لَا بُدَّ نَاظِرُ

لوگ کہتے ہیں مت دیکھ حالانکہ یہ ایک آزمائش ہے ‌ ‌ اس لئے کہ جسکے پاس دو آنکھیں ہوں وہ دیکھے بغیر نہیں رہ سکتا

٢ وَلَیْسَ اکْتِحَالُ الْعَیْنِ بِالْعَیْنِ رِیْبَةً ‌ ‌ إِذَا عَفَّ فِیمَا بَیْنَ ذَاکَ الضَّمَائِرُ

حالانکہ آنکھوں سے دیکھنا اسوقت قابل ملامت نہیں ‌ ‌ جبکہ مخفی ناجائز امور سے پرہیز کیا جائے

---

١۔**الْمُطَهَّرُ**: طَهَرَ(ن،ک)طُهْراً وَطَهَارَةً، پاک ہونا،صفت،طَاهِرٌ،طَهَّرَهُ، پاک کرنا۔

٢۔**سِکِّیتاً**: السَّکْتُ والسِّکِیتُ، کم گو،خاموش طبیعت۔ **مِنْطِیقاً**: والنِّطِیْقُ، خوش بیان۔

**أَهْذَرُ**: هَذَّرَ البَعِیرُ، اونٹ کا بڑبڑانا، الهَذَّارُ، بہت گرجنے والا بادل۔

٣۔ **زَرَّاقٌ**: زَرَقَ (ض،ن)زَرْقاً، زَرَقَتْ عَیْنُهُ نَحْوِی، اسنے میری طرف کنکھیوں سے دیکھا۔الرَّجُلَ بِبَصَرِهِ، کسی کو گھورنا۔

# قَافِيَةُ السِّينِ

## قَلِيْلُ الحَمْلِ لِلدَّنَسِ

قال الشافعیؒ، يدعو من جعل نفسه واعظا للناس أن يصون نفسه من العيب والدّنس... وهو يقول، الخيرفی خمسة، غِنی النّفس ،وكفّ الأذٰی، وكسب الحلال، والتّقوٰی، والثّقة بالله:

١ يَاوَاعِظَ النَّاسِ عَمَّا أَنْتَ فَاعِلُهُ — يَامَنْ يُعَدُّعَلَيْهِ العُمْرُ بِالنَّفَسِ

اے لوگوں کوایسے امور کی نصیحت کرنے والے جسمیں تو خود مبتلا ہے — اے وہ آدمی جسکی زندگی کا شمار ایک ایک پل سے ہوتا ہے

٢ إِحْفَظْ لِشَيْبِكَ مِنْ عَيْبٍ يُدَنِّسُهُ — إِنَّ البَيَاضَ قَلِيلُ الحَمْلِ لِلدَّنَسِ

اپنے بڑھاپے کودھبّہ لگانے والے عیب سے بچا — اس لئے کہ سفیدی میل کم برداشت کرتی ہے

٣ كَحَامِلٍ لِثِيَابِ النَّاسِ يَغْسِلُهَا — وَثَوبُهُ غَارِقٌ فِي الرِّجْسِ والنَّجَسِ

اس دھوبی کی طرح جولوگوں کے کپڑے صاف کرتا ہے — مگر اسکے اپنے کپڑے ناپاک اور گندے ہوتے ہیں

٤ تَبْغِي النَّجَاةَ لَمْ تَسْلُكْ طَرِيْقَتَهَا — إِنَّ السَّفِيْنَةَ لاَ تَجْرِي عَلٰى اليَبَسِ

تو نجات کا طالب ہے مگر نجات کی راہ پرنہیں چلتا — اسمیں کوئی شک نہیں کہ کشتی خشکی پرنہیں چلتی

٥ رُكُوبُكَ النَّعْشَ يُنْسِيكَ الرُّكُوبَ عَلٰى — مَاكُنْتَ تَرْكَبُ مَنْ بَغْلٍ وَمِنْ فَرَسِ

تیرا سریر میت پرسوار ہونا بھولا دیگا — تیری خچّر اور گھوڑے کی سواری کو

٦ يَوْمَ القِيَامَةِ لاَمَالٌ وَلاَ وَلَدٌ — وَضَمَّةُ القَبْرِ تُنْسِي لَيْلَةَ العُرُسِ

قیامت کے دن نہ مال کام آئیگا نہ اولاد — اور قبر کا بھینچنا شبِ زفاف کی لذتیں بھولا دیگا

---

٢۔ **يُدَنِّسُهُ:** دَنِسَ (س) دَنَساً ودَنَاسَةً،عِرْضُهُ اوثَوبُهُ او خُلُقُهُ، عزت واخلاق کاعیب دار ہونا، کپڑے کا میلا ہونا،صفت ،دَنِسٌ،ج، اَدْنَاسٌ ومَدَانِيسُ.دَنَّسَهُ، میلا کرنا، دنَّسَهُ سُوءُ خُلُقِهِ، اسکی بدخلقی نے اسکو بدنام کردیا۔

٦۔ **ضَمَّةُ القَبْرِ:** قبر کا بھینچنا۔ **لَيْلَةُ العُرُسِ:** العُرُسُ والعُرُوسُ، زفاف،طعام ولیمہ،ج،اَعْرَاسٌ وعُرُسَاتٌ، لَيْلَةُ العُرُسِ،شب زفاف۔

# قَرِيْبٌ مِن عَدُوٍّ

**وقال الإمام الشافعیؒ، فی الصّدیق الصّدوق، ودوره فی أوقات الشّدة والحاجة للتآسي:**

١ صَـدِيـقٌ لَيْـسَ يَـنْـفَـعُ يَـوْمَ بُـؤسٍ ۔۔۔ قَـرِيْـبٌ مِـنْ عَـدُوٍّ فِـي الـقِيَـاسِ
وہ دوست جو مصیبت میں کام نہ آئے ۔۔۔ دشمن سے قریبی مشابہت رکھتا ہے

٢ وَمَـا يَبْـقَـى الـصَّـدِيـقُ بِكُلِّ عَصْـرٍ ۔۔۔ وَلَا الإِخْـوَانُ إِلَّا لِـلـتَّـآسِـي
حالانکہ ہر زمانہ میں دوست کو دوست اور بھائی کو بھائی ۔۔۔ اسکی غم خواری ہی کی وجہ سے مانا جا تا رہا ہے

٣ عَبَـرْتُ الـدَّهْـرَ مُـلْتَمِساً بِجُهْدِي ۔۔۔ أَخَـاثِـقَـةٍ فَـأَلْهَـانِـي الـتِـمَـاسِـي
میں نے عمر طویل کسی مخلص دوست کی تلاش میں گذار دی ۔۔۔ مگر میری جستجو نے مجھے عاجز کر دیا

٤ تَـنَـكَّـرَتِ البِلادُ وَمَـنْ عَـلَيْـهَـا ۔۔۔ كَـأَنَّ أُنَـاسُـهَـا لَيْـسُـوا بِـنَـاسِ
اب تو وطن اور اہالیِ وطن اجنبی سے لگتے ہیں ۔۔۔ گویا یہاں کے لوگ میرے اپنے لوگ نہیں ہیں

---

١ـ **البُؤْسُ**: شدت، محتاجگی، ج، اَبْؤُسٌ والبَأسَاءُ والبُوسٰی، یَوْمُ البُؤسِ، ایام مصیبت۔

**القِيَاسُ**: قَاسَ (ض) قِياساً کا مصـ، هذا قِيَاسُ ذَاكَ، یہ اسکے مشابہ ہے۔ القِياسُ فِی عِلْمِ المَنطق، چند قضیوں سے مرکب قول جسکو تسلیم کرنے سے ایک اور قول لامحالہ تسلیم کرنا پڑے مثلاً " الطائر له جناحان وللعصفور جناحان، فالعصفور طائرٌ".

٢ـ **التّآسِي**: تآسی القوم، ایک دوسرے کو تسلی دینا، تأَسّی، صبر کرنا۔ تسلّی کرنا، التأسَاءُ. تعریف، تسلّی۔

٣ـ **أَلْهَانِي**: جعلنی أُلْهُو، اَلْهَاهُ، اِلْهَاءً، فلانا الشیئ، عاجزی سے چھوڑ دینا۔

٤ـ **تَنَكَّرَتْ**: تَنَكَّرَ، الرَّجُلُ، اچھی حالت سے نکل کر بدحال ہونا، بھیس بدلنا، لفلانٍ، اجنبی ہونا، فُلانٌ، بدخلق ہونا. نَكَّرَهُ، تبدیل کرنا، نَكَّرَ الاسم، اسم کو نکرہ بنانا۔

# اَللّٰهُ ذُوالآلاءِ

**قال الإمام الشافعیؒ، یسأل اللّٰه الیقین والعون فی الدّنیا والآخرة:**

١ **قَـلْبِـي بِـرَحْـمَتِكَ الـلّٰهُـمَّ ذُوْأُنَـسِ** — **فِـي السِّـرِّ والـجَهْـرِ والإِصْبَاحِ والغَلَسِ**

اے اللہ تیری رحمتوں سے میرا دل مانوس ہے — جو مجھ پر ظاہری، باطنی اور رات دن ہوتی رہتی ہیں

٢ **وَمَـا تَـقَـلَّبْـتُ مِـنْ نَـوْمِـي وَفِـي سِنَتِي** — **إلَّا وَذِكْـرُكَ بَيْـنَ الـنَّـفْـسِ والنَّفَـسِ**

اور میں نینداور اونگھ میں پہلو نہیں بدلتا — مگر تیرا ذکر میرے دل اور سانس میں جاری ہوتا ہے

٣ **لَـقَـدْ مَـنَـنْـتَ عَـلٰـى قَلْبِـى بِمَعْـرِفَةٍ** — **بِـأَنَّـكَ الـلّٰـهُ ذُو الآلاءِ والـقُـدُسِ**

تو نے میرے قلب پر اس معرفت کا القاء کر کے احسان فرمایا — کہ آپ ہی نعمتوں کے مالک اور پاکیزہ صفات رب ہیں

٤ **وَقَـدْ أَتَيْـتُ ذُنُـوبـاً أَنْـتَ تَـعْـلَـمُـهَـا** — **وَلَـمْ تَـكُـنْ فَـاضِـحِي فِيها بِفِعْلِ مُسِى**

میرے کئے ہوئے گناہ آپ بخوبی جانتے ہیں — مگر پھر بھی آپ نے ان گناہوں کے بسبب مجھے رسوا نہیں کیا

٥ **فَـامْـنُـنْ عَـلَـيَّ بِـذِكْـرِ الصَّـالِحينَ ولاَ** — **تَـجْـعَـلْ عَـلَـيَّ إذاً فِي الدِّينِ مِنْ لَبَـسِ**

بس اے اللہ تو صالحین میں میرا اشمار کر کے مجھ پر کرم فرما — اور دین کا کوئی امر مجھ پر ملتبس نہ فرما

٦ **وَكُـنْ مَعِـي طُـولَ دُنْيَـایَ وآخِـرَتِي** — **وَيَـومَ حَشْـرِي بِـمَـا أَنْزَلْتَ فِي عَبَـسِ**

اور اے اللہ، عمر بھر اور آخرت میں کرم کا معاملہ فرمانا — اور حشر میں سورۃ عبس کی آیت والا اچھا معاملہ فرمانا

---

١۔ **أُنُسُ**: الاُنَسُ والاُنُسَةُ، انسیت، اَنِسَ (س)اَنُسَ (ک) اَنَس (ض)اَنُساً، مانوس ہونا، به وإلیه، کسی سے محبت کرنا، دل لگنا۔

٢۔ **السَّنَةُ**: اونگھ، غفلت، ابتداءِ نوم، وَسِنَ (س) وَسْناً وَسِنَةً، اونگھنا، نیند سے جاگنا، اضداد میں سے ہے، صفت، وَسِنٌ، وَسْنَانٌ، مذکر، وَسِنَةٌ، مؤنث۔

٣۔ **الآلاَءُ**: الأَلٰى والأُلٰى والأَلَي، کی جمع، نعمت، مہربانی، فضل.

**القُدُسُ**: قَدُسَ(ک) قُدْساً وقُدُساً، پاک ہونا، بابرکت ہونا، قَدَّسَ الرَّجُلُ اللّٰهَ، خدا کے مقدس ہونیکا اقرار کرنا، القُدُّوسُ والقَدُّوسُ، ہر نقص وعیب سے پاک، اللہ پاک کا صفاتی نام.

٥۔ **لَبَسِ**: لَبِسَ (س) لُبْساً ،عَلَيْهِ الأَمْرُ، خلط ملط کرنا، کسی امر کو مشتبہ بنانا.

٦۔ **عَبَسِ**: اشارة إلی الآیتین الکریمتین فی سورۃعبس ﴿ وُجُوهٌ يَومَئِذٍ مُسْفِرَةٌ، ضَاحِكَةٌ مُسْتَبْشِرَةٌ ﴾.

# عِزَّةُ النَّفْسِ

وقال الإمام الشافعیؒ ، يصف وطأة السؤال علٰى نفس العزيز الأبیّ ، وقال لا يكمل الرّجل إلاّ بأربع: بالدّيانة،والأمانة، والصّيانة والرَّزانة:

١ لَقَلْعُ ضِرسٍ وضَربُ حَبْسٍ ... وَنَزْعُ نَفْسٍ وَرَدُّ أمْسِ

داڑھ کا اکھاڑنا اور قید خانہ میں مارا جانا ... جان کا نکلنا اور گذرے دن کا واپس آنا

٢ وَقَرُّ بَرْدٍ وَقَوْدُ قِرْدٍ ... وَدَبْغُ جِلْدٍ بِغَيْرِ شَمْسِ

اور سخت سردی برداشت کرنا اور بندر ہنکانا ... اور چمڑے کو دھوپ کے علاوہ سے دباغت دینا

٣ وَنَفْخُ نَارٍ وَحَمْلُ عَارٍ ... وَبَيْعُ دَارٍ بِرُبْعِ فِلْسِ

اور آگ دھونکنا اور عار برداشت کرنا ... اور چار آنے میں گھر فروخت کردینا

٤ وَاَكْلُ ضَبٍّ وَصَيْدُ دُبٍّ ... وَصَرْفُ حَبٍّ بِأَرْضِ خَرْسِ

اور گوہ کھانا اور ریچھ کا شکار کرنا ... اور بنجر زمین میں بیج ڈالنا

٥ أهْوَنُ مِنْ وَقْفَةِ الحُرِّ ... يَرْجُو نَوَالاً بِبَابِ نَحْسِ

آسان ہے بنسبت اسکے کہ کوئی شریف آدمی ... کسی منحوس کے دروازے پر بخشش کی امید میں کھڑا رہے

**تشریح:** امام شافعیؒ نے اشعار میں کئی مشکل چیزوں کا شمار کروایا اور آخر میں فرمایا؛ کہ یہ ساری دشوار اور تکلیف دہ چیزوں کا تحمل کرلینا؛ شریف انسان کے لئے آسان ہے؛ بہ نسبت اس کے کہ اسے کسی بدبخت انسان کے دروازہ پر بخشش کی امید میں کھڑا رہنا پڑے۔شریف انسان تکلیفیں برداشت کرسکتا ہے مگر ایسی ذلت برداشت نہیں کرسکتا۔

---

١۔ **القَلْعُ**: قَلَعَ (ف)قَلْعاً وقَلَّعَ واقْتَلَعَ، الشيئی، جڑ سے اکھاڑنا۔ **الضِرسُ**: داڑھ،دانت،ج، اَضراسٌ، وضُرُوسٌ. **نَزْعُ النَّفْسِ**: نَزَعَ (ض)نَزْعاً، المَرِيض ،قریب المرگ ہونا، نَزْعُ الحَيَاةِ، حالت نزع،موت کے قریب کی حالت۔ ٢۔ **قَرٌّ**: قَرَّ (ن،ض،س)قَرًّا، اليَوْم،دن کا ٹھنڈا ہونا، قَرَّ الكَلامَ فِی اُذُنَيْهِ، کسی کے کان میں منہ لگا کر بات کہنا۔ **الدَّبْغُ**:دَبَغَ(ف،ن،ض) دَبْغاً ودِبَاغَةً، الجِلْدُ، چمڑا رنگنا۔
٤۔ **الدُبُّ**: ریچھ،ج، اَدْبَابٌ، دِبَبَةٌ،مونث،دُبَّةٌ، رَكِبَ دُبَّ فُلاَنٍ،فلاں کا طریقہ اختیار کیا۔
**الخَرُسُ**: والخِرْسُ،ج،خُرُوسٌ،نا قابل کاشت زمین۔
٥۔ **النَّحْسُ**: نَحَسَ (ف) نَحْساً وَنَحُسَ (ک) نَحُوسَةً کا مصدر،نامبارک،ج، نُحُوسٌ.

# العِلْمُ

وقال الإمام الشافعیؒ ،كنت أقرئ النّاس وأنا إبن ثلاث عشرة سنة، وحفظت المؤطا قبل أن أحتلم، يصف الإمام قيمة العلم فی حياة الإنسان ويدعو، إلى نيله بالهمّة العالية ،والإرادة الثّابتة والتّضحية:

١ العِلْمُ مَغْرِسُ كُلِّ فَخْرٍ فافْتَخِرْ وَاحْذَرْ يَفُوتُکَ فَخْرُ ذَاکَ المَغْرَسِ

علم جملہ اسباب عزت کی جائے پیدائش ہے تو بھی اسے حاصل کر اورحصول عزت کےاس سبب کےفوت ہونے سے ڈرتا رہ

٢ واعْلَمْ بِأنَّ العِلْمَ لَيْسَ يَنَالُهُ مَنْ هَمُّهُ فِي مَطْعَمٍ أومَلْبَسِ

اور جان لے کہ علم وہ آدمی حاصل نہیں کرسکتا جسکی توجہ کھانے پینے میں ہو

٣ إلَّا اَخُو العِلْمِ الَّذِی يُعْنٰی بِهِ فِي حَالَتَيْهِ عَارِياً أَوْ مُكْتَسِي

ہاں مگر وہ علم دوست آدمی جو علم میں فقیری اور امیری دونوں حالت میں منہمک رہتا ہو

٤ فَاجْعَلْ لِنَفْسِکَ مِنْهُ حَظاًّ وافِراً وَاهْجُرْ لَهُ طِيْبَ الرُّقَادِ وعَبَّسِ

تو علم سے وافر مقدار حاصل کر اور اسکے لئے میٹھی نینداور چہرہ بگاڑنا چھوڑ دے

٥ فَلَعَلَّ يَومَاً إنْ حَضَرْتَ بِمَجْلِسٍ كُنْتَ الرَّئِيْسَ وَفَخْرَذَاکَ المَجْلِسِ

تو ایک دن ایسا آئیگا کہ تو جس مجلس میں بھی پہونچ جائیگا علم کے سبب فخر مجلس اور صدر نشیں تو ہی ہوگا

---

١ـالمَغْرِسُ: پودہ لگانے کی جگہ، ج، مَغَارِسُ، غَرَسَ(ض)غَرْساً وغِرَاسَةً، الشَّجَرَ، درخت لگانا۔
٣ـعَارِياً: عَرِیَ ،يَعْرٰی، عُرْيَةً، عُرْياً،مِنْ ثِيَابِهِ، ننگا ہونا،صفت عَارٍ وعُرْيَانٌ، ج، عُرَاةٌ.
مُكْتَسِي: كَسٰی يَكْسِی وكُسِی كساً، الثوب، کپڑا پہننا،اِكْتَسٰی،لباس پہننا، اِكْتست الأرض بالنّبات، زمین کا پودوں سے چھپ جانا۔
٤ـ الرُّقَادُ: رَقَدَ(ن) رَقْداً ورُقُوداً ورُقَاداً، سونا،صفت،رَاقِدٌ، ج،رُقُودٌ ورُقَّدٌ.
عَبَّسِ: عَبَسَ(ض) عَبْساً وعُبُوساًوعَبَّسَ، الوَجْهُ، ترشروئی کرنا،تیوری چڑھانا،چیں بہ جبیں ہونا۔

**تشـــــریـــح:** (جب تو علم حاصل کرلیگا) تو شاید کسی دن کسی مجلس میں صدر مجلس اور فخر مجلس ہوگا۔امام صاحبؒ فرماتے ہیں کہ دنیا میں کوئی بھی قابل فخر کارنامہ علم کے بغیر انجام نہیں دیا جاسکتا، اسلئے آدمی کو اس فخر کے حصول میں کوتاہی نہیں کرنی چاہئے، ہاں علم کے طالب کی پوری توجہ ہر حال میں حصول علم کی طرف ہونی چاہئے، جو طالب علم کھانے پینے، عمدہ کپڑے پہننے اور بناؤ سنگار کی فکر میں لگا رہے گا وہ کبھی بھی علم حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکتا، علم کے لئے میٹھی نیند بھی قربان کرنی ہوگی اور جدّ وجہد میں مسلسل مشغول رہنا ہوگا اور جب ان مشقتوں کو برداشت کرے تو عالم بن جائیگا تو پھر انشاء اللہ جس مجلس میں بھی جائیگا تو ہی میرِ مجلس ہوگا۔

سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

پئے علم چوں شمع باید گداخت　　　　که بے علم نتواں خدارا شناخت

# قَافِيَةُ الصَّادِ

## تَرْكُ المَعَاصِي

وقال الإمام الشافعیؒ ، حفظت القرآن وأناابن سبع سنين، وحفظت المؤطّا وأنا إبن عشر، ورغم هذايذكرشكواه إلى المحدّث وكيع إبن الجرّاح الذى دعاه إلى ترك المعاصى:

امام شافعیؒ نے اپنے جلیل القدر استاذ المحدث وکیع بن جرّاح الروٴاسیؒ سے اپنے کمزور حافظہ کی شکایت کی۔

امام وکیعؒ کی کنیت ابوسفیان تھی دوسری صدی ہجری کے مشہور محدث تھے،کوفہ میں ۱۲۹ھ میں ولادت ہوئی اور ۱۹۷ھ میں وفات پائی،تقوی کے بلند مقام پر فائز تھے۔قضاء پیش کیا گیا تو معذرت کردی (رحمه الله رحمة واسعة)۔ ڈاکٹر عمر فاروق نے آپ کی وفات کوفہ میں لکھی ہے حالانکہ آپکی قبر مبارک قاہرہ میں موجود ہیں۔

١ شَكَوْتُ إلٰى وكِيعٍ سُوءَ حِفْظِي فَأَرْشَدَنِي إلٰى تَرْكِ المَعَاصِي

میں نے حضرت وکیعؒ سے کمزور حافظہ کی شکایت کی تو آپ نے مجھے ترک معاصی کی نصیحت فرمائی

٢ وَأَخْبَرَنِي بِأَنَّ العِلْمَ نُورٌ وَنُورُ اللّٰهِ لاَ يُهْدٰى لِعَاصِي

اور یہ بتایا کہ علم نور خداوندی ہے اور نور خداوندی گناہ گار کونہیں دیا جاتا

---

١۔ **وَكِيع:** پورانام،وکیع بن جرّاح بن ملیح الروٴاسی ہے۔کنّیت ابوسفیان ہے۔قرن ثانی کے حافظ الحدیث؛محدث ہیں۔ ۱۲۹ھ میں ولادت ہوئی اور ۱۹۷ھ میں وفات پائی۔صائم الدھر اور پرھیز گار تھے۔کوفہ کا عھدۂ قضا تقوی ہی کی وجہ سے قبول نہیں کیا۔تفسیر،حدیث،تاریخ اور تصوّف میں قابل قدر آپکی تصنیفات ہیں۔

**اَرْشَدَنِي:** رَشَّدَهُ وارْشَدَهُ،إِلَى كَذَا وَعَلَيْهِ وَلَهُ، ھدایت کرنا،اِسْتَرْشَدَ، لِاَمْرِهِ، راہ راست پر ہونا.ۂ،ھدایت طلب کرنا.

# الإيمَانُ وَذِكْرُ الخُلَفَاء

**وقال الإمام الشافعیؒ ، يذكر بعض اركان الإسلام، ويمتدح الخلفاء الراشدين:**

| | |
|---|---|
| ١ شَهِـدْتُ بِـأَنَّ اللّـهَ لاَ رَبَّ غَيْـرُهُ | وَأَشْهَـدُ أَنَّ البَعْـثَ حَقٌّ وَاُخْـلِصُ |
| میں گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے سوا کوئی دوسرا رب نہیں ہے | اور میں سچے دل سے مانتا ہوں کہ بعث بعد الموت برحق ہے |
| ٢ وَأَنَّ عُـرَى الإِيـمَـانِ قَـوْلٌ مُبَيِّـنٌ | وَفِـعْـلٌ زَكِـيٌّ قَـدْ يَـزِيـدُ وَيَـنْـقُـصُ |
| اور یہ کہ ایمان کی بنیاد کلمۂ طیبہ ہے | اور بے داغ عمل ہے اور وہ گھٹتا بڑھتا رہتا ہے |
| ٣ وَأَنَّ أَبَـابَـكْـرٍ خَـلِيْـفَةُ رَبِّـهِ | وَكَـانَ أَبُـو حَـفْـصٍ عَـلَى الخَيْرِ يَحْرِصُ |
| اور یہ کہ ابوبکرؓ رب کے برحق خلیفہ ہیں | اور عمر فاروقؓ اعمال خیر کے بے حد حریص تھے |
| ٤ وَأُشْهِـدُ رَبِّـي أَنَّ عُثْـمَـانَ فَـاضِـلٌ | وَأَنَّ عَـلِيـاً فَـضْـلُـهُ مُتَخَصِّـصُ |
| اور میں رب کو گواہ بناتا ہوں عثمانؓ کی فضیلت پر | اور اس بات پر کہ حضرت علیؓ کا فضل مخصوص تھا |
| ٥ أَئِـمَّةُ قَـوْمٍ يُهْتَـدَى بِهُـدَاهُـمُ | لَـحَى اللّـهُ مَنْ إِيَّـاهُـم يَتَـنَقَّـصُ |
| یہ ہمارے ایسے امام ہیں جنکی پیروی کی جاتی ہے | انکی تنقیص کرنے والوں پر اللہ کی لعنت ہو |

**تشريح:** بہت سے حاسدوں نے امام صاحبؒ پر رافضی ہونے کا الزام لگایا تھا؛ ان اشعار میں انہوں نے خلفاء اربعہؓ کے بارے میں اپنے عقیدہ کا اظہار کیا اور پانچ نمبر کے شعر میں فرمایا کہ یہ ائمہ اربعہؓ ہدایت کے مینار تھے، انکے نقش قدم پر چل کر ہی راہ راست مل سکتی ہے اور جو شخص ان کے بارے میں زبان درازی کرے اللہ تعالیٰ کی اس پر لعنت ہو۔

---

١۔**عُرَى:** والعُرْوَةُ، دستہ، قابل اعتماد چیز، نفیس مال، گنجان درخت جسکے پتے جاڑے میں نہ گریں.
٢۔ **لَحَى:** لَحَى يَلْحى لَحْياً، الشَّجَرَة، درخت چھیلنا، فلاناً، ملامت کرنا، صفت، لاحٍ، لَحَا اللّٰهُ فُلاَنَاً، اللہ تعالی فلاں پر لعنت کرے۔

## الحَسُودُ

١ وَذِی حَسَدٍ یَغْتَابُنِي حَیْثُ لا یَرَی — مَکَانِي وَیُثْنِی صَالِحاً حَیثُ اَسْمعُ

اورحاسدمیری عدم موجودگی میں میری غیبت کرتا ہے — اورمیرے سامنے میری تعریف کرتا ہے

٢ تَوَرَّعتُ أَنْ اغْتَابَهُ مِنْ وَرَائِهِ — وَمَا هُوَ إِذْ یَغْتَابُنِي مُتَوَرِّعُ

میں اسکی غیر حاضری میں اسکی غیبت سے پرہیز کرتا ہوں — اوروہ میری غیبت کرنے سے پرہیز نہیں کرتا

## تَرْکُ الشَّرِّ

١ لَقَدْ أَسْمَعُ القَولَ الَّذِی کَادَ کُلَّمَا — تُذَکِّرُنِیهِ النَّفْسُ قَلْبِي یُصَدَّعُ

کبھی کبھی میں ایسی بات سنتا ہوں کہ جب جب بھی — میرانفس وہ یاد دلاتا ہےتو دل پارہ پارہ ہوجاتا ہے

٢ فَأُبْدِي لِمَنْ أَبْدَاهُ مِنِّي بَشَاشَةً — کَأَنِّی مَسْرُورٌ بِمَا مِنْهُ أَسْمَعُ

پھربھی میں اسکے قائل کے سامنے بشاشت کا اظہار کرتا ہوں — گویا کہ میں اس سے سنی ہوئی بات پرخوش ہوں

٣ وَمَا ذَاکَ مِنْ عُجْبٍ بِهِ غَیْرَ أَنَّنِي — أَرٰی تَرْکَ بَعْضِ الشَّرِّ للشَّرِّ اَقْطَعُ

اور یہ عجب کی بنیاد پرنہیں کرتاہاں مگر میں — بعض شر کے ترک کودیگر شرور کے لئے قاطع مانتا ہوں

---

١۔ **الحَسُودُ:** مذکرومؤنث، وہ شخص جسکی طبیعت میں حسد ہو، ج، حُسُدٌ، حَسَدَ(ن،ض) حَسَداً وحَسَادَةً فُلاناً نِعَمَهُ وَ عَلَی نِعْمَتِهِ، کسی کی نعمت کے زوال اورخوداپنے لئے اسکے حصول کی تمنّا یا آرزوکرنا،صفت، حَاسِدٌ، ج، حُسّادٌ وَحَسَدَة.

١۔ **یُصَدَّعُ:** صَدَّعَ، الشَّیئَ، پھاڑنا، تَصَدَّعَ،القَوْمَ، متفرق ہونا، الشَّیْئُ، پھٹنا، تصدَّعَتِ الأَرْضُ بفُلان، وہ شخص زمین میں کہیں غائب ہوگیا۔ اَنْصَدَعَ الصَّبَاحُ،صبح کا روشن ہونا۔

٢۔ **بَشَاشَةً:** بَشَّ (س)بَشَاشَةً، ہنس مکھ ہونا۔خندہ پیشانی والا، بالصّدیق، دوست کودیکھکر خوش ہونا،صفت، بَشٌّ، بَاشٌّ، بَشُوشٌ وَبَشَّاشٌ.

# القَنَاعَةُ

١ عَـزِيـزُ الـنَّـفُـسِ مَـنُ لَـزِمَ القَنَـاعَـهُ — وَلَـمُ يَـكُـشِفُ لِـمَـخُـلُـوقٍ قِـنَـاعَـهُ
باعزت رہتا ہے وہ آدمی جو قناعت کولازم پکڑتا ہے — اور جومخلوق کے سامنے اپنی مٹھی نہیں کھولتا

٢ أفَـادَتُـنِـى التَّـجَـارُبُ كُـلَّ عِـزٍّ — وَهَـلُ عِـزٌّ أَعَـزُّ مِـنَ الـقَـنَـاعَـهُ
زندگی نے مجھے اسباب عزت بتادئے — اور قناعت سے بڑھکر اور کوئی سبب عزت نہیں

٣ فَـصَـيِّـرُهَـا لِـنَـفُـسِكَ رَأسَ مَـالٍ — وَصَـيِّـرُ بَـعُـدَهَـا التَّـقُـوٰى بِـضَـاعَـهُ
پس تو قناعت کواپناراٗس المال سمجھ — اورتقوی کوبھی اپنی پونجی بنا

٤ وَلَا تُـطِـعِ الهَـوٰى والـنَّفُـسَ واعُـمَلُ — مِـنُ الـخَـيُـرَاتِ قَـدُرَ الإِسُـتِـطَـاعَـهُ
اورنفس اورخواہشات کی اتباع نہ کر — اورحتی المقدوراعمال خیر کرتارہ

---

١۔ قَنِعَ: قَنِعَ(س)قَنُعاً وقَنَاعَةً، جوکچھ حصہ میں آئے اسپر صبر کرنا،صفت، قَانِعٌ، ج،قَانِعُونَ وقُنَّعُ.
القِنَاعُ: اوڑھنی،دوپٹہ،کھانارکھنے کا برتن،ٹرے یاطشت،ج،اَقُنَاعٌ واَقُنِعَةٌ، كَشُفُ القِنَاعَ عَنِ الشَّيُئِ،کسی چیز کوکھول کر بیان کرنا،راز فاش کرنا۔
٢۔ التّجَارُبُ: جَرَّبَهُ، تَجُرِيباً وتَجُرِبَةً، آزمانا،تجربہ کرنا،امتحان لینا۔
٣۔ رَأسُ المال: پونجی،تجارت کا اصلی مال۔ بِضَاعَة: تجارت کا سامان،سرمایہ،پونجی،ج، بَضَائعُ.

# قَافِيَةُ الضَّادِ

## حُبُّ آلِ مُحمَّدٍ

حدّث ربيع بن سليمان قال، حججنا مع الشافعيؒ، فما ارتقى شرفا، ولاهبط واديا،إلّا وهو يبكى ، وينشد:

١ يَارَاكِباً قِفْ بِالْمُحَصَّبِ مِنْ مِنٰى وَاهْتِفْ بِقَاعِدِ خَيْفِهَا والنَّاهِضِ

اے سوار منی کی وادئ محصب میں ذرا ٹھہر جا اور خیف بنی کنانہ میں ہر قاعد وقائم کو آواز دے

٢ سَحَراً إِذَا فَاضَ الحَجِيجُ إِلٰى مِنٰى فَيْضاً كَمُلْتَطِمِ الفُرَاتِ الفَائِضِ

سحری کے وقت جبکہ حاجی لوٹ رہے ہوں منی کی طرف دریائے فرات کی ٹھاٹھیں مارتی ہوئی موجوں کی طرح

---

١۔ **المُحَصَّبُ**: موضع فيما بين مكّة ومنىٰ، وَهُوإلى منى أقرب، وهوبطحاء مكّة، وهو خيف بنى كنانة، وحدّه من الحجون ذاهباً إلى منى، سمّى بالمحصّب، من الحصب وهى الرّمى بالحجارة، چونکہ منی میں کنکریاں ماری جاتی ہیں اس مناسبت سے اسکا نام محصّب رکھا گیا ہے۔

**منىٰ**: بلدة قريبة من مكّة وعرفات،فيها مرمى الحجار،وقربها غار حراء الذى كان رسول الله ﷺ يتحنّث فيه قبل الوحى.

٢۔ **الحجيجُ**: والحُجَّاجُ،ج،مقامات مقدسہ کی وقت مخصوص میں زیارت کرنے والے،مفرد،حاجٌّ۔

**فَاضَ**: أَفَاض الحجّاج من عرفات إلى منى، انصرفوا إليها بعد انقضاء الموقف.

**كَمُلْتَطِمِ**: التطمت الأمواج، ضرب بعضها بعضا.

**الفُرات**: نهر نبعه فى أرمينيا، يجرى فى تركيا مخترفا جبال طوروس وسورية والعراق، حيث تتسرب منه مياه كثيرة إلى الأراضى المنخفضة المجاورة فتظهر بحيرات، ثم يلتقى بنهر دجلة عند القرنة فيكونان شط، العرب الصّالح للملاحة (المنجد فى الاعلام)

٣ إِنْ كَانَ رَفْضاً حُبُّ آلِ مُحَمَّدٍ　　فَلْيَشْهَدِ الثَّقَلاَنِ أَنِّى رَافِضِي

اگر آل محمدؐ سے محبت کرنا رفض ہے　　تو جن وانس گواہ رہیں کہ میں رافضی ہوں

٤ وَأَخْبِرُهُمْ أَنِّى مِنَ النَّفَرِ الَّذِى　　لِوَلاَءِ أَهْلِ البَيتِ لَيْسَ بِنَاقِصِ

اورانہیں بتادے کہ میں ان لوگوں میں سے ہوں　　جواھل بیت کی محبت کے عہد کوتوڑنہیں سکتا

**تشریح:** امام صاحبؒ کومخالفین بار بار رافضی ہونیکا طعنہ دیتے تھے،آپ نے کئی بار اپنے عقائد مختلف انداز میں ظاہر فرمائے پھر بھی بعض حاسد شر پھیلاتے تھے،اس پر یہ اعلان فرمارہے ہیں کہ دنیا بھر کے حجاج جب مزدلفہ سے منی واپس آئیں؛تو بلند آواز سے اعلان کردو کہ اگر رسول اللہ ﷺ کی اولاد سے محبت رکھنے کا نام رفض ہے؛تو بے شک میں رافضی ہوں،خلفاء اربعہؓ کے بارے میں آپ کے اشعار گذشتہ اوراق میں گذر چکے ہیں،سحر کے وقت اعلان اسلئے کروارہے ہیں کہ وہ سکون کا وقت ہوتا ہے۔

---

٣۔ **الرَّفْضُ:** والرّافضة، ج، الرَّوافض، فرقة من الشيعة تستحلّ الطّعن فى الصّحابةؓ، وسمُّوا بالرّافضة، لأنهم رفضوا إمامهم، زيد بن على،لمّا نهاهم عن سبّ أبى بكر وعمر بن الخطّاب رضى الله عنهما (معجم لغة الفقهاء)

٤۔ **النَّفَرُ:** سارے لوگ،تین سے لیکر دس تک کی جماعت،ج، اَنْفَارُ،ثلثة نفر ،تین آدمی،یوم النّفر أو النَّفِير ،بارھویں ذی الحجۃ،جسمیں حاجی منی سے مکہ معظّمہ کی طرف رخ کرتا ہے۔

# مِنْ عَادَةِ الأَیَّام

وقال الإمام الشافعیؒ، یحذر من تجهّم الأیّام، وإعراض الدّنیا، بعد الإقبال، داعیاإلی الجود والعطاء:

١ إِذَا لَمْ تَجُودُوا وَالأُمُورُ بِكُمْ تَمْضِی — وَقَدْ مَلَكَتْ أَیْدِیكُمُ البَسْطَ والقَبْضَا

اگرتم سخاوت نہ کرواسوقت جبکہ امورتم سے انجام پاتے ہوں — اورتمہارے ہاتھ قبض وبسط کے مالک ہوں

٢ فَمَاذَا یُرَجّٰی مِنْكُمُ إِنْ عُزِلْتُمُ — وَعَضَّتْكُمُ الدُّنْیَا بِأَنْیَابِهَا عَضاًّ

پھرتم سے معزولی کے بعد کیاامید کی جاسکتی ہے؟ — جبکہ دنیااپنے مضبوط دانتوں سے تمہیں نوچ ڈالے

٣ وَتَسْتَرْجِعُ الأَیَّامُ مَاوَهَبَتْكُمُ — وَمِنَ عَادَةِ الأَیَّامِ تَسْتَرْجِعُ القَرْضَا

جبکہ زمانہ اپنی عطاتم سے واپس طلب کریگا — اورقرض کامطالبہ کرنا زمانہ کی عادت ہے

**تشـریح:** امام صاحبؒ فرماتے ہیں کہ عقلمند آدمی کو جب اللہ تعالیٰ خوش حالی نصیب فرمادے اوروہ اس پوزیشن میں ہوکہ کسی کو کچھ دے سکتا ہے یامنع کرسکتا ہے؛اس وقت سخاوت کرلینی چاہئے، کیونکہ اگراس حالت میں تبدیلی آگئی اورمن جانب اللہ تم اس حالت سے نیچے اتاردئے گئے اور دنیا کی مصائب نےتم کوتنگ کردیا پھرکسی خیرکی امیدنہیں رکھی جاسکتی،زمانہ تم سے دیا ہواعطیہ کبھی نہ کبھی واپس لیگا اور یہ زمانہ کا دستوراوراسکی عادت ہے کہ دیا ہواقرض واپس لیتاہے؛اسلئے عیش کے وقت انسان کو کارخیرکرلیناچاہئے۔

---

١۔ **تَجُودُوا:** جَادَ فُلان، سن وبذل وتكرّم، وجاد بماله، تكرّم. **البَسْطُ:** نقیض القبض، وبَسَطَ اللّه الرّزق، وسَّعه وكثره.

**القَبْضُ:** ضدّ البسط، وقبض یده عن الصّدقة أو نحوها، بخل وامتنع عن ادائها.

٢۔ **عضَّتكمُ:** العَضُّ، الإمساک بالأسنان.

**أَنْیَابِهَا:** وَاَنْیُبٌ ونُیُوبٌ واَنَایِیبُ، السَّن بجانب الرُّبَاعیة، واحد، النَّابُ، کچلی،دانت۔

٣۔ **القَرْضُ:** ج،قُروضٌ، وہ مال جومقررہ میعادکے بعدواپسی کی شرط پردیاجائے۔

# عُدتُ بالوُدِّ

وقال الشافعیؒ، یصف رعایته الصّدیق وحرصه علی حفظ ودّه وصونه بالتّواصل وعدم الجفاء:

۱ لَسْتُ مِمَّنْ إِذَا جَفَاهُ أَخُوهُ أَظْهَرَ الذَّمَّ أَوْتَنَاوَلَ عِرضَا
میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جو بھائی کی جفا کا بدلہ برائی یا بھائی کی آبروریزی سے دے

۲ بَلْ إِذَا صَاحِبِي بَدَا لِی جَفَاهُ عُدْتُ بِالوُدِّ وَالوِصَالِ لِيَرْضَی
بلکہ میرے ساتھ دوست جب جفا کا معاملہ کرتا ہے تو میں وصل ومحبت شروع کرتا ہوں تاکہ وہ راضی ہوجائے

۳ كُنْ كَمَا شِئْتَ لِیْ فَإِنِّی حَمُولٌ وَأَوَّلُ مَنْ عَنْ مَسَاوِيکَ أَغْضٰی
تو چاہے جیسا برتاؤ کر میں تو بردبار ہوں اور تیرے عیوب سے چشم پوشی کرنے والا پہلا شخص ہوں

**تشریح:** امام صاحبؒ فرماتے ہیں کہ میں ایسا شخص نہیں ہوں کہ اگر میرا دوست یا بھائی میرے ساتھ بدسلوکی کرے تو میں بھی اس کے ساتھ برائی کرنے لگوں؛ یا اسکی مذمت شروع کردوں؛ بلکہ میرا تو معمول ہے کہ میں اسکے ساتھ اور زیادہ محبت کا برتاؤ کرتا ہوں اور اسکی ملاقات کرتا ہوں؛ تاکہ وہ راضی ہوجائے اور کوئی رنجش ہوتو دور ہوجائے؛ میرا معمول تو یہ کہ......

برائی کا بدلہ برائی سے توبہ میں وہ ہوں کہ سب کا بھلا چاہتا ہوں

۱۔ **جفاه:** قاطعه وخاصمه، جفا فلان، اغلظ طبعه، قال رسول الله ﷺ ''من سکن البادية جَفَا، ومن اتّبع الصّيد غفل''.

۲۔ **الوُدُّ:** الحبّ. **الوِصَالُ:** ضدّ الهجران.

۳۔ **مَسَاوِيکَ:** المعايب والنّقائض، ويقابلها المحاسن. **حَمُولٌ:** صابر، بردبار۔
**أَغْضٰی:** أعضی الرّجل علی الأمر، سکت وصبر، وتغاضی عنه، تغافل.

# قَافِيَةُ العَيْنَ

## دُعَاءُ المَظْلُومِ

وقال الإمام الشافعیؒ ، يحذر من عواقب الظّلم ودعاء المظلوم:

١ وَرُبَّ ظَلُومٍ قَدْ كُفِيتَ بِحَرْبِهِ ... فَأَوْقَعَهُ المَقْدُورُ أَىَّ وُقُوعِ

بہت سارے ظالموں کے مقابلے سے تو بچالیا گیا ... تقدیر خداوندی ہی نے انہیں بری طرح پچھاڑا

٢ فَمَا كَانَ لِىَ الإِسْلامُ إِلَّا تَعَبُّداً ... وَأَدْعِيَةً لاَ تُتَّقٰى بِدُرُوعِ

اسلام نے مجھے نہیں تعلیم دی مگر فرماں برداری کی ... اور ایسی دعاؤں کی جسمیں زرہیں بھی کام نہیں آسکتی

٣ وَحَسْبُكَ أَنْ يَنْجُوالظَّلُومُ وَخَلْفَهُ ... سِهَامُ دُعَاءٍ مِنْ قِسِىِّ رُكُوعِ

توسمجھتاہیکہ ظالم چھوٹ جائیگا حالانکہ اسکے پیچھے ... رکوع کرنے والے کی کمان سے نکلے دعا کے تیر ہیں

---

١ـ رُبّ: حرف جر ہے۔نکرہ پرداخل ہوتا ہے اورزائد کے حکم میں ہوتا ہے، تقلیل کا فائدہ دیتا ہے مثلا " ربّ منيّة فی أمنية" اورتکثیر کا بھی فائدہ دیتا ہے جیسے "یاربّ كاسية فی الدّنيا عارية يوم القيامة".

ظلوم: الظَلَّام والظَلِيمُ والظَلُومُ، بڑاظالم، بڑابےانصاف۔

٢ ـ دُرُوعٌ: واحد ، دِرْعٌ ،مؤنث ہے کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے،ج، دِرَاعٌ، اَدْرُعٌ، دُرُوعٌ، تصغیر، دُرَيعٌ، زرہ، دِرْعُ المرأة، عورت کاوہ کپڑا جوگھر میں پہنتی ہے، قمیص، کرتا۔

٣ـ قِسِیٌّ : قُسِیٌّ وَاَقْوَاسٌ وقِيَاسٌ، کمان، مؤنث ہے کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے، واحد، القَوسُ، کبھی تخصیص کے لئے قوس کی اضافت کردیتے ہیں جیسے قَوسُ نبلٍ، تیر کی کمان، قَوسُ قُزَح، قوسُ الرَّجُل، جھکی ہوئی پیٹھ۔

٤ مُرَيَّشَةً بِالهُدْبِ مِنْ كُلِّ سَاهِرٍ　　مُنْهَلَّةً أَطْرافُهَا بِدُمُوعِ

جن پر شب بیداری کی پلکوں کے پر لگے ہیں　　جسکے کنارے اشکہائے مظلوم سے تر ہیں

**تشریح:** امام شافعیؒ ان اشعار میں ظلم کے انجام سے ڈرا رہے ہیں اور مظلوم کی دعا کی تاثیر بتلا رہے ہیں کہ مظلوم کی آنکھوں سے نکلے ہوئے آنسوں وہ تیر ہیں جس سے کوئی زرہ نہیں بچاسکتی، اس لئے ظالم اگر ظلم کرتا ہے تو دعا کا ہتھیار مؤمن کے لئے کافی ہیں۔

فارسی میں کہا گیا ہے،

بترس از آہ مظلوماں کہ ہنگام دعا کردن　　اجابت از درِحق بہر استقبال می آید

کسی عربی شاعر نے کہا ہے،

تَنَامُ عَيْنَاكَ وَالْمَظْلُومُ مُنْتَبِهٌ　　يَدْعُوا عَلَيْكَ وَعَيْنُ اللّٰهِ لَمْ تَنَمْ

---

٤۔ **مُرَيَّشَةً** : المَرِيشُ والمُرَيَّشُ من السّهام، پر لگا ہوا تیر، الرِّيشُ، پرندے کے پر، واحد، رِيشَةٌ، ج، رِياشٌ وارْيَاشٌ. **الهُدبُ:** پلک ج، اَهْدابٌ، مريّشة بالهدب ، كناية عن لصق شعر الاهداب فيها، كما يلصق الشّعر على مأخرة السهم، لتزيد سرعته والمعنى، أنها كأنّ ريشها هدب العيون، ومددها دموع عين المظلوم. **مُنْهَلَّةٌ** : مرتدية ، نَهِلَتْ، س، نَهْلاً ومَنْهَلاً، الابل، پہلی بار کا پینا، المَنْهَلُ، گھاٹ، چشمہ، راستہ پر پانی پینے کی جگہ۔

# إِنَّ المُحِبَّ لِمَنْ يُحِبُّ مُطِيعُ

**وقال الإمام الشافعیؒ ، يندّد بالنّفاق والمنافقين، اللّذين لا يتورّعون عن التّظاهر بحبّ اللّه وهم غارقون فی العصيان والمعاصي:**

۱ تَعْصِی الإِلٰهَ وَأَنْتَ تُظْهِرُ حُبَّهُ ... هَذَا مُحَالٌ فِي القِيَاسِ بَدِيعُ

تو اللہ کی نافرمانی کرتا ہے پھر بھی محبت کا دعویدار ہے ... یہ محال ہے اور قانون محبت کی رو سے بھی عجیب ہے

۲ لَوکَانَ حُبُّکَ صَادِقاً لَأَطَعْتَهُ ... إِنَّ المُحِبَّ لِمَنْ يُحِبُّ مُطِيعُ

اگر تیری محبت سچی ہوتی تو اسکی اطاعت کرتا ... کیونکہ ہر مُحب یقیناً اپنے محبوب کا مطیع ہوتا ہے

۳ فِي كُلِّ يَومٍ يَبْتَدِيکَ بِنِعْمَةٍ ... مِنْهُ وَأَنْتَ لِشُكْرِ ذَاکَ مُضِيعُ

وہ روزانہ بلا استحقاق تجھے نعمتیں دیتا ہے ... تو شکرگذاری کا فریضہ بالکل انجام نہیں دیتا ہے

**تشریح:** امام صاحبؒ ان اشعار میں ان لوگوں کا ذکر کرتے ہیں؛ جو ظاہر میں اللہ تعالیٰ کی محبت کا دعوٰی کرتے ہیں حالانکہ ان کے اعمال اللہ تعالیٰ کے حکموں کے خلاف ہیں، ایسے منافقین سے خطاب کرکے فرماتے ہیں کہ دعوائے محبت اور نافرمانی یہ خلاف عقل بات ہے، محبّ تو اپنے محبوب کی اطاعت میں خوشی محسوس کرتا ہے، ہر روز اللہ تعالیٰ اپنی نعمتوں سے ہم کو نوازتے ہیں اور ہم اسکی نافرمانی کرکے بجائے اسکی شکرگذاری کے ناشکری کے مرتکب ہوتے ہیں۔

---

۱۔ **بَدِيعُ:** فا، بدع الشيئ بدعا، أحدثه على غير مثال سابق وهو بديعٌ.

۳۔ **يَبْتَدِيکَ بِنِعْمَةٍ:** يبدأ بنشر نعمه جلّ جلاله.

# دَ وَا ءُ الـهَوٰی

روی یاقوت الحَمَوی فقال ، بلغنی أنّ رجلا، جاء إلی الشافعیؒ برقعة فیها:

١ سَلِ الـمُـفْتِـيَ المَكِّيَّ مِنْ آلِ هَاشِمٍ إِذَا اشْتَـدَّ وَجْـدٌ بِـأَمْـرِئٍ كَيْفَ يَصْنَعُ
آل هاشم کے مفتیٔ مکہ سے میرا یہ سوال ہے کہ کہ جب کسی عاشق پر فراق کی تکلیف سخت ہو تو کیا کرے؟

قال : فکتب الشافعیؒ، تحته:

٢ يُـدَاوِي هَـوَاهُ ثُـمَّ يَـكْتُـمُ سِـرَّهُ وَيَـصْبِرُ فِی كُـلِّ الْأُمُورِ وَيَـخْـضَـعُ
وہ اپنی محبت کا علاج کرائے اور راز کو چھپائے اور ہر معاملہ میں صبر کے ساتھ سر جھکا تا رہے

فأخذ صاحبها بها، ثم جاء وقد کتب تحت هذا البیت الذی هو الجواب:

٣ فَـكَيْفَ يُـدَاوِي والهَـوٰی قَـاتِلُ الفَتَی وَ فِـي كُـلِّ يَـوْمٍ غُـصَّةٌ يَتَـجَـرَّ عُ
وہ کیسے علاج کرے جبکہ عشق اسکے لئے قاتل بن چکا ہے اور وہ روزانہ غم کے تلخ گھونٹ پی رہا ہے

فکتب الشافعیؒ:

٤ فَـإِنْ هُـوَ لَـمْ يَـصْبِـرْ عَـلٰی مَا أَصَابَـهُ فَـلَيْـسَ لَـهُ شَيئٌ سِوَی المَوتِ أَنْفَعُ
اگر وہ اپنی اس حالت کا صبر سے مقابلہ نہیں کرسکتا تو سوائے موت کے اور کوئی چیز اسکے لئے نافع نہیں ہے

**تشــریح:** ادب کی بعض کتابوں میں یہ اشعار الفاظ کے ذرا سے تغیر کے ساتھ اصمعی کی طرف منسوب ہیں اس میں پہلا شعر اسطرح ہے۔

اَلاَ اَيُّهَـا الـعُشَّـاقُ بِـاللّٰـهِ خَبِّرُوا إِذَا نَـزَلَ العِشْقُ بِالفَتَی فَمَاذَا يَصْنَعُ

---

١۔ **الوَجْدُ:** الحُبُّ الشّدِید.
٣۔ **الغصَّةُ :** ج، غُصَصٌ، جس کا پھندا گئے ،گلوگیر،اندوہ۔غم۔ **تجرّع** :تَـجَرَّعَ، الماء، پانی گھونٹ گھونٹ کر کے پینا، الغَیْظَ، غصہ پینا۔

# حُبُّ الصَّالِحِين وأَدَبُ النُّصحِ

١ أُحِبُّ الصَّالِحِينَ وَلَسْتُ مِنْهُمْ — لَعَلِّيّ أَنْ أَنَالَ بِهِمْ شَفَاعَهْ

میں صالحین سے محبت کرتا ہوں حالانکہ میں اس زمرے کا نہیں ہوں — شاید کہ اس محبت کے بدلے ان کی شفاعت پالوں

٢ وَأَكْرَهُ مَنْ تِجَارَتُهُ الْمَعَاصِي — وَلَوْ كُنَّا سَوَاءً فِي الْبِضَاعَهْ

میں گناہوں کے تاجر کو ناپسند کرتا ہوں — اگر چہ پونجی میں ہم دونوں برابر ہیں

٣ تَعَمَّدْنِي بِنُصْحِكَ فِي انْفِرَادِي — وَجَنِّبْنِي النَّصِيحَةَ فِي الْجَمَاعَهْ

تو مجھے تنہائی میں نصیحت کیا کر — اور لوگوں کے سامنے ٹوکنے سے پرہیز کر

٤ إِنَّ النُّصْحَ بَيْنَ النَّاسِ نَوْعٌ — مِنَ التَّوْبِيْخِ لَا أَرْضَى اسْتِمَاعَهْ

لوگوں کے سامنے نصیحت ایک قسم کی — ڈانٹ ہے جسکو میں نہیں سن سکتا

٥ وَإِنْ خَالَفْتَنِي وَعَصَيْتَ قَوْلِي — فَلَا تَجْزَعْ إِذَا لَمْ تُعْطَ طَاعَهْ

اگر تو نے میری یہ بات نہیں مانی — تو تیری فرماں برداری نہ کئے جانے پر خفا نہ ہونا

---

١ـ **شَفَاعَة :** شَفَعَ (ف)شَفَاعَةً، لِفُلاَن او فيه إلى زيد، سفارش کرنا، الشَّفِيعُ، سفارش کرنے والا، ج، شُفَعَاءُ، المُشَفَّعُ، وہ شخص جسکی سفارش مقبول ہو، المُشَفِّعُ، سفارش قبول کرنے والا۔

٢ـ **البِضَاعَة:** تجارت کا سامان، سرمایہ، پونجی، ج، بَضَائِعُ.

٣ـ **النَّصِيحَةُ:** اخلاقی خیر خواہی، ج، نَصَائِحُ.

٤ ـ **التَّوبِيخ:** التأنيب و اللؤم، جھڑکنا، عار دلانا، ملامت کرنا۔

٥ـ **تَجْزَعْ :** الجَزَعُ، فقد الصَّبر على ما أصابه، فهو جازِعٌ وجَزِعٌ وجَزُوعٌ (للمبالغة) وفى القرآن، ﴿إِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعًا﴾.

# الوَرُعُ

وقال الإمام الشافعیؒ ،لأن یلقی اللّه العبد بکلّ ذنب إلَّا الشّرک، خیرٌ من أن یلقاه بشيئ من الأھواء، وقال یجدّد دور الورع، فی صرف صاحبه، عن الاشتغال بعیوب النّاس:

١ المَرْءُ إِنْ کَانَ عَاقِلاً وَرِعاً أَشْغَلَهُ عَنْ عُیُوبِ غَیْرِهِ وَرَعُهُ

انسان اگر عاقل اور متقی ہوگا تو اسکا تقوی اسے دوسروں کے عیوب سے بے پرواکردیگا

٢ کَمَا العَلِیلُ السَّقِیمُ أَشْغَلَهُ عَنْ وَجْعِ النَّاسِ کُلِّهِمْ وَجْعُهُ

جیسے کہ بیمار آدمی کواسکا اپنادرد لوگوں کے درد کی طرف متوجہ ہونے نہیں دیتا

**تشریح:** مطلب یہ کہ جس طرح تکلیف میں مبتلا مریض اپنے ہی دکھ اور درد میں ایسا مشغول رہتا ہے کہ دوسرے مریضوں کی تکلیف کی طرف اس کی توجہ نہیں ہوتی، اس طرح صاحب تقوی اپنے گناہوں کی طرف نظر کرتا ہے اور دوسروں کے عیوب کی طرف اس کی نظر نہیں جاتی۔

---

١۔ **أَشْغَلَهُ:** شَغَلَهُ (ف)شَغْلاً و شُغْلاً و اَشْغَلَهُ، بکذا، مشغول کرنا،کام میں لگانا، عنه، غافل کرنا۔

# الذُّلُّ في الطَّمَعِ

وقال الإمام الشافعیؒ ،ینهٰی عن الطّمع وعواقبه:

١ حَسْبِـــي بِـعِــلْــمِـي أَنْ نَـفَــعْ　　مَـــاالــذُّلُّ إِلاَّ فِـــي الــطَّــمَــعْ

میرا یہ بات جان لینا میرے لئے مفید ثابت ہوا　　کہ لالچ جیسی ذلت اور کسی چیز میں نہیں ہے

٢ مَـــنْ رَاقَـــبَ الــلّٰـــهَ رَجَــعْ　　عَــنْ سُــوءِ مَـــاكَـــانَ صَـنَـعْ

جسکو حق تعالیٰ کا استحضار ہوتا ہے　　وہ برائیوں سے رجوع کر لیتا ہے

٣ مَـــاطَـــارَ طَـيْــرٌ وارْتَــفَــعْ　　إِلاَّ كَــمَـــاطَـــارَ وَقَـــعْ

کوئی پرندہ پرواز کر کے اوپر نہیں اٹھتا　　مگر بلند ہونیکے بعد اسے نیچے آنا ہی پڑتا ہے

**تشــریح:** امام صاحبؒ فرماتے ہیں کہ اگر آدمی کا علم نفع بخش ہو تو اسکو جان لینا چاہئے کہ لالچ میں انسان کی ذلت ہے، اس لئے حرص ولالچ سے دور رہنا چاہئے اور فرماتے ہیں، جس آدمی کو اللہ تعالیٰ کا دھیان رہتا ہے کہ میرا اللہ مجھے دیکھ رہا ہے وہ گناہوں کے راستوں سے رجوع کریگا۔

آخری شعر میں فرماتے ہیں کہ پرندہ بلند پرواز کے بعد جس طرح نیچے آتا ہے اسی طرح انسان بلند مقام سے پھر کبھی نہ کبھی نیچے آئیگا اسکا خیال رہنا چاہئے۔ ''ہر کمال راز والے است'' آدمی کو گھمنڈ میں نہیں رہنا چاہئے۔

١۔ **الطَّمُعُ** : طَـمَـعَ (س)طَمْعاً کا،مص،خواھش،حرص،لالچ،صفت،طَـامِعٌ وطَمِعٌ وطُمُعٌ ،ج،طُمَعَاءُ وطَمِعُونَ واَطْمَاعُ.

## لَا تَطْمَعُ

١ الْــعَبْــدُ حُــرٌّ إِنْ قَــنِـعْ وَالْـحُــرُّ عَبْــدٌ إِنْ طَــمِـعْ

غلام اگر قناعت پسند ہوتو وہ آزاد جیسا ہے اور آزاد اگر لالچی ہوتو مثل غلام ہے

٢ فَــاقْـنَـعْ وَلاَ تَـطْـمَـعْ فَلاَ شَيْــئٌ يَشِيــنُ سِـوَى الـطَّـمَـعْ

پس تو قناعت اختیار کر اور لالچی نہ بن کیونکہ انسان کو عیب دار کرنے والی لالچ جیسی اور کوئی چیز نہیں

ربیعؒ بن سلیمان فرماتے ہیں کہ امام شافعیؒ نے اپنے ایک دوست کو جس کے ساتھ خط وکتابت رہتی تھی؛ لکھا۔

إنّ الأفئدة مزارع الأنس، فازرع الكلمة الكريمة، فأنّها إن لم تنبت كلّها نبت بعضها، وأنّ من النّطق ماهوأشدّ من الصّخر؛ وأنفذُ من الإبر وأمرّ من الصّبر، وأدورُ من الرّحى وأَحَدّ من الأسنّة، وربما اغتفرتُ حُراً على حرارته مخافة أن يكون أحرّ وأمرّ وأنكر منه.

**تشریح:** بعض مرتبہ آدمی ایسی باتیں دوسروں سے سنتا ہے جو دل کو رنج پہنچانے والی ہوتی ہیں مگر پھر بھی تحمل کر کے اس کو ہنس کر دل سے نکال دیتا ہے اور اسکو اہمیت نہیں دیتا اس لئے کہ بعض شر کو چھوڑ نے سے بڑے شر سے آدمی محفوظ ہوتا ہے، ورنہ بعض مرتبہ ناگواری کے اظہار سے بات بڑھ جاتی ہے اور جنگ وجدال کو تک نوبت پہونچ جاتی ہے۔

# ﴿ قَافِيَةُ الفَاءِ ﴾

## ذِئَابُ خِرَافُ

١ وَدَعِ الَّذِينَ إِذَا أَتَوكَ تَنَسَّكُوا　　　وَإِذَا خَلَوْا فَهُمْ ذِئَابُ خِرَافِ

ان لوگوں کو چھوڑ دے جو تیرے سامنے پارسائی کا اظہار کریں　　　اور تنہائی میں بھیڑوں میں بھیڑیے کا رول ادا کریں

**تشـــریـــح:** مطلب یہ ہے کہ ظاہر میں دیندار متقی بن کر رہیں مگر جب موقع ملے گناہوں کا ارتکاب کرنے میں دریغ نہ کریں اور لوگوں کے اموال میں اسطرح معاملہ کریں جس طرح بھڑیا بکریوں کے ریوڑ میں تباہی مچاتا ہے۔

---

١ـ **تَنَسَّكُو:** نَسَکَ (ن) نَسْكاً وَنُسُكاً وَمَنْسَكاً، الرَّجُلَ، زاہد بننا، تَنَسَّکَ، زہادت کا اظہار کرنا۔
**خِرافُ:** الخَرُوف، بکری کا بچہ، ج، خِرَافٌ، خِرْفَانٌ، اَخْرِفَةٌ.

## كَيْفَ الوُصُولُ

قال الإمام الشافعيؒ ،يصف هول الطّريق قبل الوصول إلى سعاد، ويغلب على شعره هنا الإيماء والرّمز:

۱ كَيْفَ الوُصُولُ إِلٰى سُعَادَ وَدُونَهَا — قُلَلُ الجِبَالِ وَدُونَهُنَّ حُتُوفُ
محبوب حقیقی تک رسائی کیسے ہو جبکہ بیچ میں — پہاڑوں کی چوٹیاں اور سامان موت حائل ہے

۲ وَالرِّجْلُ حَافِيَةٌ وَلَا لِيَ مَرْكَبٌ — والكَفُّ صِفْرٌ والطَّرِيقُ مَخُوفُ
اور پیر ننگے ہیں، سواری بھی نہیں ہے — ہاتھ خالی ہے اور راستہ بھیانک ہے

## العُقَابُ والذُّبَابُ

۱ اَكَلَ العُقَابُ بِقُوَّةٍ جِيَفَ الفَلاَ — وَجَنَى الذُّبَابُ الشَّهْدَ وَهُوَ ضَعِيفُ
عقاب باوجود قدرت کے مردار کھاتا ہے — اور مکھی باوجود کمزوری کے شہد حاصل کرتی ہے

**تشــريح:** مطلب یہ ہے کہ بعض مرتبہ طاقتور انسان بھی معمولی چیزوں پر گذارہ کرتا ہے اور کمزور کو اللہ تعالیٰ بے حساب رزق عطا فرماتا ہے، یہ مقدر کی بات ہے۔

---

۱۔ **سُعَاد:** كنى الإمام الشافعيؒ بسعاد،عن محبوبه الأكبر وهو اللّٰه جلّ جلاله .
**قُلَلٌ:** سب سے اوپر کا حصہ ،قُلَّةُ السَّيفِ تلوار کے قبضہ پر چاندی یا لوھے کی زنیت کی چیز۔ قُلَّةُ وقِلابَةُ الجَبَلِ، پہاڑ کی چوٹی، ج، قُلَلٌ، قِلالٌ.
**حُتُوفٌ:** الحَتْفُ، موت، کہا جاتا ہے،مَاتَ حَتْفَ اَنْفِهِ، طبعی موت مرا، ج، حُتُوفٌ.
۲۔**المَخُوفُ:** خوفناک، طريقٌ مَخُوفٌ، خوفناک راستہ۔

۱۔ **العُقَابُ :** ایک شکاری پرندہ، ج، عِقْبَانٌ واَعْقُبٌ، جج، عَقَابِينُ.
**الشَّهْدُ:** والشُهْدُ، وہ شہد جو موم سے صاف نہ کیا گیا ہو، ج، شُهَادٌ.

# سَلَامٌ عَلَى الدُّنيَا

قال الإمام الشافعيؒ، يصف جوهر الصّداقة ويكشف أهداء اللّذين يتصنّعون الإخاء أو يتظاهرون بالمودّة، وقال، ليس إلى السّلامة من النّاس سبيل، فانظر الذى فيه صلاحک فالزمه:

١ إِذَا الْمَرْءُ لَا يَرْعَاكَ إِلَّا تَكَلُّفاً — فَدَعْهُ وَلَا تُكْثِرْ عَلَيْهِ التَّأَسُّفَا

جب کوئی تیرے ساتھ بناوٹی دوستی کرے — تو ایسے دوست کو بلا افسوس چھوڑ دے

٢ فَفِي النَّاسِ أَبْدَالٌ وَفِي التَّرْكِ رَاحَةٌ — وَفِي الْقَلْبِ صَبْرٌ لِلْحَبِيبِ وَلَوْ جَفَا

دوست اور بھی مل جائینگے انکو چھوڑ کر راحت حاصل کر — ہاں مخلص دوست جفا کرے تو بھی صبر سے کام لے

٣ فَمَا كُلُّ مَنْ تَهْوَاهُ يَهْوَاكَ قَلْبُهُ — وَكُلُّ مَنْ صَافَيْتَهُ لَكَ قَدْ صَفَا

ضروری نہیں کہ ہر وہ جسے تو چاہے وہ بھی تجھے چاہے — اور ہر وہ جس سے تو پر خلوص تعلق رکھے تیرے ساتھ مخلص ہو

٤ إِذَا لَمْ يَكُنْ صَفْوُ الْوِدَادِ طَبِيْعَةً — فَلَا خَيْرَ فِي وُدٍّ يَجِيءُ تَكَلُّفَا

جب محبت فطری اور خالص نہ ہو — تو بناوٹی محبت میں کوئی خیر نہیں ہوتی

٥ وَلَا خَيْرَ فِي خِلٍّ يَخُونُ خَلِيلَهُ — وَيَلْقَاهُ مِنْ بَعْدِ الْمَوَدَّةِ بِالْجَفَا

اور بدعہد دوست کی دوستی میں کوئی خیر نہیں — جو اظہار محبت کے بعد جفا سے کام لیتا ہو

٦ وَيُنْكِرُ عَيْشاً قَدْ تَقَادَمَ عَهْدُهُ — وَيُظْهِرُ سِراً كَانَ بِالْأَمْسِ قَدْ خَفَا

اور گذرے ہوئے دنوں کے اچھے تعلقات کو بھلا دے — اور ایام ماضیہ کے پوشیدہ رازوں کا افشا کردے

٧ سَلَامٌ عَلَى الدُّنْيَا إِذَا لَمْ يَكُنْ بِهَا — صَدِيقٌ صَدُوقٌ صَادِقُ الْوَعْدِ مُنْصِفاً

دنیا کو "سلامٌ علیکم" کہہ دے جبکہ نہ ہو اس میں — کوئی انصاف پسند، مخلص اور وفادار دوست

---

٢۔ اَبْدَالٌ: البِدْلُ والبَدَلُ والبَدِيلُ، بدل، عوض، جانشیں، ج، اَبْدَالٌ وبُدَلَاءُ، الأَبْدَالُ، وہ مقدس لوگ جن سے دنیا کبھی خالی نہیں رہتی، جب کوئی ان میں سے اٹھتا ہے تو دوسرا اسکے قائم مقام ہوجاتا ہے۔ اسی لئے انکو ابدال کہا جاتا ہے۔

٤۔ الطَّبِيعَةُ: فطرت، مزاج، فطری عادت، ج، طَبَائِعُ.

# إِمَامُ المُسْلِمِيْنَ أَبُوحَنِيفَةَ

قال الإمام الشافعیؒ،یذکر مناقب الإمام أبی حنیفةؒ مترحّماً علیه:

١ لَقَدْ زَانَ البِلادَ وَمَنْ عَلَيْهَا — إِمَامُ المُسْلِمِينَ أَبُوحَنِيفَهْ

دنیااوردنیاوالوں کوزینت بخشی — مسلمانوں کےامام ابوحنیفہؒ نے

٢ بِأَحْكَامٍ وَآثَارٍ وفِقْهٍ — كَآيَاتِ الزَّبُورِ عَلَى الصَّحِيفَهْ

شرعی احکام،احادیث نبویہ اورفقہ حنفی سے — جس طرح تقدیس کی آیات نے صحیفۂ داؤدکوزینت بخشی

٣ فَمَا بِالمَشْرِقَيْنِ لَهُ نَظِيرُ — وَلَا بِالمَغْرِبَيْنِ وَلَا بِكُوفَهْ

نہ مشرقین میں آپ کی کوئی نظیرہے — نہ مغربین میں اورنہ ہی کوفہ میں

٤ فَرَحْمَةُ رَبِّنَا أَبَداً عَلَيْهِ — مَدَى الأَيَّامِ مَاقُرِءَتْ صَحِيفَهْ

پس ہمارے پروردگار کی دائمی رحمت ہوآپ پر — اس وقت تک جب تک کہ کتاب پڑھی جاتی رہے

---

١۔ **زَانَ:** زَانَهُ، يَزِينُهُ،زَيْناً، زینت دینا، الشَّيْئُ، خوبصورت بنانا،آراستہ کرنا.

**أَبُوحَنِيفةؒ:** نعمان بن ثابت التّیمی الکوفیؒ، ائمۂ اربعہ میں کےایک امام ہیں،انکافقہ اکثر بلاد میں رائج ہوا، انکے فقہ کوفقہ حنفی اورمتبعین کواحناف کہاجاتاہے۔کوفہ میں ۸۰ھ میں ولادت ہوئی اور ۱۵۰ھ میں وفات پائی۔امام شافعیؒ انکے بارے میں فرماتے ہیں "اَلنّاسُ عَيالٌ فِي الفِقْهِ عَلَى أَبِي حَنِيْفَةَؒ".

٢۔ **الزَّبُورُ:** فرشتہ،گروہ،کتاب،ج، زُبُرٌ،حضرت داؤدعلیہ السلام پرنازل شدہ کتاب۔

٤۔ **مَدَى:** المَدَىٰ والمِيْدَاء والمُدْيَةُ،غایت،حد،فاصلہ۔

# الضِّدَّانِ المُفْتَرِقَانِ

١ فَـإِذَا سَـمِـعْـتَ بِـأَنَّ مَجْدُوداً حَوٰى — عُـوداً فَـأَثْـمَـرَ فِـي يَـدَيْـهِ فَصَدِّقِ

جب تو سنے کہ کسی خوش نصیب نے ایک ٹہنی پکڑی — اور وہ اسکے ہاتھ میں پھلدار ہوگئی تو مان لینا

٢ وَإِذَا سَـمِـعْـتَ بِـأَنَّ مَـحْـرُومـاً أَتَى — مَـاءً لِيَشْـرَبَـهُ فَغَـاضَ فَحَـقِّـقِ

اور جب سنے کہ کوئی نصیب کا مارا پانی کے گھاٹ پر — پہونچا مگر پانی تہ میں چلا گیا تو یقین کر لینا

٣ لَـوْ كَـانَ بِـالْـحِيَـلِ الغِنٰى لَوَجَدْتَنِى — بِـنُـجُـومِ أَقْـطَـارِ السَّـمَـاءِ تَـعَـلُّقِي

اگر مالداری تدبیر سے حاصل ہوتی تو اے مخاطب — تو مجھے آسمان کے ستاروں سے متعلق پاتا

٤ لٰكِـنْ مَـنْ رُزِقَ الْـحِجٰى حُرِمَ الغِنٰى — ضِـدَّانِ مُـفْـتَـرِقَـانِ اَىَّ تَـفَـرُّقِ

لیکن عقل والے کو غنٰی سے محروم کر دیا جاتا ہے — یہ دونوں ضدیں ہیں جنمیں بیّن فاصلہ ہے

٥ وَأَحَـقُّ خَـلْـقِ اللّٰـهِ بِـالْهَـمِّ أَمْـرُأٌ — ذُو هِـمَّـةٍ يُبْـلٰـى بِـرِزْقٍ ضَيِّـقِ

خلق خدا میں غم خواری کا زیادہ مستحق وہ آدمی ہے — جو بلند ہمت ہے مگر ضیق عیش میں مبتلا ہے

٦ وَمِنْ الـدَّلِيْـلِ عَـلٰـى الـقَضَاءِ وَحُكْمِهِ — بُـؤْسُ الـلَّبِيـبِ وَطِيبُ عَيْـشِ الأَحْمَقِ

اور قضائے الٰہی اور تقدیر کی واضح دلیل — عقلمند کی غربت اور احمق کی خوش عیشی ہے

٧ إِنَّ الَّـذِى رُزِقَ الـيَسَـارَ فَـلَـمْ يَنَلْ أَجْراً — وَلاَ حَـمْـداً لَـغَـيْـرُ مُـوَفَّـقِ

وہ آدمی جسکو مالداری دی گئی پھر بھی — اسنے قابل اجر و حمد کام نہ کئے تو وہ بے توفیق ہے

٨ وَالْـجَـدُّ يُـدْنِي كُـلَّ أَمْـرٍ شَـاسِـعٍ — وَالْـجَـدُّ يَـفْـتَـحُ كُـلَّ بَـابٍ مُـغْـلَـقِ

نصیب ہر دور کی چیز کو قریب کر دیتا ہے — اور اچھی تقدیر ہر بند دروازے کو کھول دیتی ہے

---

١۔ **مَجْدُوداً:** جَدَّ (س) جَداً وَجُدَّ، صاحب نصیب ہونا، صفت، مَجْدُوداً، کہتے ہیں، جُدِدْتَ یافُلاَن، تم خوش قسمت ہو۔

**حَوٰى:** حَوَى (ض) حَوَايَةً وَحَياً، الشَّيْئُ، جمع کرنا، حَوَّاهُ، تَحْوِيةً، قبضہ کرنا۔

٤۔ **الحِجٰى:** عقل، سمجھ، ج، اَحْجَاء.

# حَلَاوَةُ العِلْمِ

**قال الإمام الشافعیؒ يصف استمتاعه ولذّته فی مذاكرة العلم، وتنقيح العلوم :**

١ سَهَـرِي لِتَنْـقِيْـحِ الـعُـلُـومِ أَلَذُّ لِي — مِـنْ وَصْـلِ غَـانِيَةٍ وَطِيبِ عِنَـاقِ
تنقیح علوم کے لئے شب بیداری مجھے زیادہ لذیذ ہے — فطری حسینہ کی ملاقات اور معانقہ کی لذت سے

٢ وَصَـرِيْـرُ أَقْلَامِـي عَـلٰى صَفْـحَاتِهَا — أَحْـلٰـى مِـنَ الـدَّوْكَـاءِ والـعُشَّـاقِ
اور کاغذ پر چلنے والے قلم کی آواز مجھے زیادہ پیاری ہے — عاشقوں کے خوشبو پیسنے کے پتھر کی آواز سے

٣ وَأَلَـذُّ مِنْ نَـقْـرِ الْـفَتَاةِ لِدُفِّهَا — نَـقْـرِي لِأُلْـقِي الـرَّمْـلَ عَـنْ أَوْرَاقِـي
اور کسی دوشیزہ کی دف پر چلنے والی انگلیوں سے زیادہ — میری کاغذ سے ریت صاف کرنے والی انگلیاں مجھے پسند ہیں

٤ وَتَـمَـايُـلِي طَرَبـاً لِـحَلِّ عَـوِيصَةٍ — فِـي الـدَّرْسِ أَشْهٰـى مِنْ مُدَامَةِ سَـاقِ
اور میرا درس میں کسی مسئلہ کو حل کرتے ہوئے خوشی سے — جھومنا مجھے ساقی کی شراب سے زیادہ پسند ہے

٥ وَأَبِيـتُ سَهْـرَانَ الـدُّجَـى وَتَبِيتُـهُ — نَـوْمـاً وَتَبْـغِي بَـعْـدَ ذَاكَ لِـحَاقِي
میں شب بیداری کرتا ہوں اور تو آرام سے سوتا ہے — اور پھر بھی درجہ میں مجھے پانے کی خواہش کرتا ہے

---

١۔ **التَّنْقِيحُ:** معنی کی وضاحت کے ساتھ الفاظ کا اختصار۔ نَقَّحَ و اَنْقَحَ الكلام، کلام کی اصلاح ودرستگی۔ تَنْقِيحُ العُلُوم، علوم کی تحقیق وترتیب۔

**الـغـانِيَةُ:** طبعی حسن وجمال کی وجہ سے زینت وآرائش سے بے نیاز عورت، شادی شدہ عورت، ج، غَـانِيَـاتٌ وغَوَان. **عِنَاقِ:** عَانَقَهُ، مُعَانَقَةً وَعِنَاقاً، بغل گیر ہونا، گلے سے لگانا، معانقہ کرنا۔

٢۔ **الدَّوْكَاءُ:** حجرٌ أو أداةٌ لسحق الطِّيب.

**نَقْرٌ:** نَقَرَ (ن) نَقْراً، مارنا، العُود او الدُّفّ، باسندی یا ڈھول بجانا، فی النَّاقُورِ، بگل بجانا، فُلانٌ، چٹکی بجانا، زبان کو تالو سے لگا کر آواز نکالنا۔

٤۔ **العَوِيصَةُ:** العَوِيصُ کا مؤنث، دشوار، من الكلام، جسکا سمجھنا دشوار ہو۔

**المُدامَةُ :** والمُدامُ، شراب، مسلسل بارش۔

# التَّغَرُّبُ

یدعو الإمام الشافعیؒ فی هذه الأبیات إلی الارتحال عن موطن الضّیم والذّل، مبیّنا کیف أن الجوهر رخیص فی أرضه لکنّه یغلو إذا تغرّب:

۱ إِرْحَلْ بِنَفْسِکَ مِنْ أَرْضٍ تُضَامُ بِهَا — وَلاَ تَکُنْ مِنْ فِرَاقِ الْأَهْلِ فِي حُرَقِ
ذلت ورسوائی کی جگہ سے کوچ کر جا — اور گھر والوں کے فراق پر افسوس نہ کر

۲ فَالعَنْبَرُ الخَامُ رَوْثٌ فِي مَوَاطِنِهِ — وَفِي التَّغَرُّبِ مَحْمُولٌ عَلَى العُنُقِ
عنبر مچھلی کا غیر مدبوغ چمڑا گندا اور بد بودار ہوتا ہے — مگر اس سے بنی ڈھال گردن پر اٹھائی جاتی ہے

۳ والکُحْلُ نَوعٌ مِنَ الْأَحْجَارِ تَنْظُرُهُ — فِي أَرْضِهِ وَهُوَ مَرْمِيٌّ عَلٰى الطُّرُقِ
جیسے سرمہ اصلا ایک پتھر ہوتا ہے — جو اسکے پیدا ہونیکی جگہ میں راستے پر پھینک دیا جاتا ہے

---

۱۔ **تُضَامُ**: ضَام یَضِیمُ ضَیماً، ظلم کرنا، دباؤ ڈالنا، ضَامَهُ واِسْتَضَامَهُ، حقَّهُ، کسی کا حق کم کر لینا، الضَّیمُ، ج، ضُیُومٌ، ظلم۔ ضِیْمُ الجَبَل، پہاڑ کا کنارہ۔

**حُرُقِ**: الحَرَقُ و الحَرْقُ، مصدر، جلنا، والحُرْقَة، والحَرُقَةُ، حرارت، جلن، حَرَقَهُ (ن) حَرْقاً، بِالنّار، آگ سے جلانا، بالمبرد، ریتی سے رگڑنا، الشیئ، بعض کو بعض سے رگڑنا۔

۲۔ **العَنْبَرُ**: من الطّبوب، وفی کتاب الحیوان للجاحظ، أنّ العنبر روث سمک، وهو ما أشار إلیه الشافعیؒ، ومن قائل بأن العنبر مادّة دهینة، تقذفها عیون قائمة فی قاع البحر، وإذا طافت جمدت، وألقتها الأمواج علی الشاطئ.

**الخَامُ**: الجلد لم یدبغ ،والثوب لم یقصر، الخام، سوتی کپڑا، ج، أَخْوامٌ.

**رَوثٌ**: الرَّوثُ، لید، ج، أَرْواثٌ، راث (ن) رَوْثاً، الفَرَسُ، گھوڑے کا لید کرنا۔

۳۔ **الکُحْلُ**: سنگ سُرمہ، ہر وہ چیز جو آنکھوں میں شفا یا زینت کے لئے ڈالی جائے، مال کثیر، أَکْحَلُ، پیدائشی آنکھوں کا سُرمگیں ہونا، الکِحَالُ، سنگ سُرمہ۔

٤ لَمَّا تَغَرَّبَ حَازَ الفَضْلَ أَجْمَعَهُ — فَصَارَ يُحْمَلُ بَيْنَ الجَفْنِ والحَدَقِ
جب وہ وطن سے جدا ہوا تو باعزت ہوگیا — اب اسے پلکوں اور آنکھوں پر بٹھایا جاتا ہے

٥ مَنْ ذَلّ بَيْنَ أَهَالِيهِ بِبَلْدَتِهِ — فَالإِغْتِرَابُ لَهُ مِنْ أَحْسَنِ الخُلُقِ
جسکو اپنے وطن میں رُسوائی سے سابقہ ہو — اسکے لئے ترک وطن حصول عزت کا بہترین طریق ہے

---

**٤۔ حَازَ:** حَازَ (ن) حَوْزاً وَحِيَازَةً، اِحْتَازَ، اِحْتِيَازاً، الشيئ، اکٹھا کرنا، جمع کرنا، اپنے لئے مخصوص کرنا۔
**الجَفْنُ:** مصدر، آنکھ کا اوپر نیچے کا پپوٹا، ج، اَجْفَانٌ وَجُفُونٌ واَجْفُنٌ.
**الحَدُقُ:** الحَدَقَةُ، آنکھ کی سیاہی، ج، حَدَقٌ وحَدَقَاتٌ واَحْدَاقٌ وحِداقٌ، کہا جاتا ہے هُم رُمَاةُ الحَدَقِ، وہ ماہر تیر انداز ہیں، تكلمت على حدق القوم، میرے خطاب میں لوگوں کی نظریں مجھ پر جمی ہوئیں تھیں۔

# تَوَكَّلْتُ عَلٰى اللّٰهِ

قال الإمام الشافعيؒ يصف توكّله على اللّٰه فى الرّزق، غير شاكّ بفضل الله مقسّم الأرزاق للعباد، ويقول، ما فزعت من الفقر قطّ:

١ تَوَكَّلْتُ فِي رِزْقِي عَلٰى اللّٰهِ خَالِقِي وَأَيْقَنْتُ أَنَّ اللّٰهَ لاَ شَكَّ رَازِقِي

میرا روزی کے معاملے میں اپنے خالق پر بھروسہ ہے اور اسمیں کوئی شک نہیں کہ اللہ یقیناً میرا رازق ہے

٢ وَمَا يَکُ مِنْ رِزْقِي فَلَيْسَ يَفُوتُنِي وَلَو كَانَ فِى قَعْرِ البِحَارِ العَوَامِقِ

اور میرے مقدر کی روزی مجھ سے فوت نہیں ہوسکتی چاہے وہ گہرے سمندر کی تہہ میں ہو

٣ سَيَأْتِي بِهِ اللّٰهُ العَظِيمُ بِفَضْلِهِ وَلَولَمْ يَكُنْ مِنِّي اللِّسَانُ بِنَاطِقِ

مقدر کی روزی اللہ اپنے فضل سے پہونچائیگا اگر چہ میری زبان سے اسکا مطالبہ نہ ہو

٤ فَفِي أَيِّ شَيءٍ تَذْهَبُ النَّفْسُ حَسْرَةً وَقَدْ قَسَمَ الرَّحْمٰنُ رِزْقَ الخَلاَئِقِ

پھر کس وجہ سے نفس حسرت کرتا ہے جبکہ قسّام ازل نے روزی خود ہی تقسیم فرمادی ہے

---

٢ـ **القَعْرُ**: القَعْرُ من كل شيئ، ہر چیز کی گہرائی، پست زمین، قعر الفم، منھ کا اندرونی حصہ۔
**العَوَامِقُ**: عَمُقَ (ک) عُمُقاً وعُمْقاً، البئرُ ونحوها، گہرا ہونا، صفت، عَمِيقَةٌ، ج، عَمَائِقُ.
٤ ـ **الحَسْرَةُ**: شدّة التلهّف و الحزن وأشدّ النّدم، ج، حَسَرَاتٌ، ومنه وَاحسرتا ويَا حسرتا، وفى القرآن "يَا حَسْرَتَا علٰى مَافَرَّطْتُ فِى جَنْبِ اللّٰه" (الزّمر: ٥٢)

# تَبْقَی بِلاَ صَدِیقٍ

**یدعو الإمام الشافعیؒ، فی هذه الأبیات إلی تقبّل عثرات النّاس، حتی لایبقی أحدنا بلا صدیق :**

| | |
|---|---|
| ۱ وَلاَ تَـأْخُـذْ بِعَثْرَةِ کُـلِّ قَـومٍ | وَلٰـکِـنْ قُـلْ هَـلُـمَّ إِلَی الـطَّـرِیـقِ |
| لوگوں کی لغزشوں پر انکی گرفت نہ کر | بلکہ انکو سیدھی راہ چلنے کی دعوت دے |
| ۲ فَـإِنْ تَـأْخُـذْ بِـعَثْـرَتِهِـمْ یَـقِلُّـوا | وَتَبْـقَـی فِـي الـزَّمَـانِ بِلاَ صَـدِیـقِ |
| اگر تو گرفت کریگا تو دوست گھٹتے جائینگے | اور ایک دن تو لوگوں میں بے یار ہو جائیگا |

**تشریح:** یعنی نکتہ چینی کرنے سے پرہیز کرو ورنہ دوست احباب تنگ ہو کر چھٹ جائیں گے اور تم تنہا رہ جاؤ گے بقول شاعر۔

ہم چلے تھے ساتھ ملکر جانب منزل مگر  لوگ سب چھٹتے گئے اور میں اکیلا رہ گیا۔

۱۔ **هَلُمَّ:** چلے آؤ، لازم ہوتا ہے کبھی متعدی بھی آتا ہے، جیسے **هَلُمَّ شُهَدَائُکُمْ**، اپنے گواہوں کو حاضر کرو۔ مؤنث، هَلُمِّی، تثنیہ، هَلُمَّا، ج، هَلُمُّوا وهَلُمُمْنَ، هَلُمَّ إلی الطّریق، دعوةٌ إلی طریق العمل.

۲۔ **العَثْرَةُ :** لغزش، جہاد، لڑائی، گرنا، ج، عَثَراتٌ، عَثَرَ (ن، ض) عَثِرَ، (س) عَثُرَ (ک) عَثْراً وعِثِیراً وعِثَاراً، گرنا، الفرس، گھوڑا پھسلا، **عَثَرَبِهِمُ الزَّمَانُ**، زمانے نے ان پر تباہی ڈالی۔

## عِلْمِی مَعِی

يقول الإمام الشافعیؒ،أن العلم هو الذى تعيه الصّدور، لاالدّفاتر أو الكتب في الخزائن والصّناديق ، وأنّ العلم النّافع يصحب صاحبه أينما حلّ:

١ عِلْمِي مَعِي حَيْثُمَا يَمَّمْتُ يَنْفَعُنِي  قَلْبِي وِعَاءٌ لَهُ لاَ بَطْنُ صُنْدُوقِ
میں جہاں بھی جاؤں میرا علم ساتھ رہکر مجھے فائدہ دیتا ہے  وہ میرے دل میں محفوظ ہے اسے صندوق کی حاجت نہیں

٢ إِنْ كُنْتُ فِي البَيْتِ كَانَ العِلْمُ فِيهِ مَعِي  أَوْ كُنْتُ فِي السُّوقِ كَانَ العِلْمُ فِي السُّوقِ
میں گھر میں رہوں تو علم گھر میں میرے ساتھ ہوتا ہے  اور بازار جاؤں تو وہاں بھی وہ میرے ساتھ ہوتا ہے

## الرِّزْقُ مَقْسُومٌ

١ لَو كُنْتَ بِالعَقْلِ تُعْطٰى مَاتُرِيدُ، إِذَنْ  لَمَاظَفِرْتَ مِنَ الدُّنْيَا بِمَرْزُوقِ
اگر انسان کی خواہش عقل کی بنیاد پر پوری کی جاتی  تو دنیا میں رزق والا تو کوئی نہ پاتا

٢ رُزِقْتَ مَالاً عَلٰی جَهْلٍ فَعِشْتَ بِهِ  فَلَسْتَ أَوَّلَ مَجْنُونٍ وَمَرْزُوقِ
تجھے جہالت کے باوجود خوش عیشی نصیب ہے  اور بدون عقل روزی پانے والا تو پہلا شخص نہیں ہے

**تشریح:** یعنی رزق کا تعلق صرف عقل سے نہیں بہت سے جاہل لوگوں کو اور بے عقلوں کو بھی قضاوقدر کے فیصلے کے مطابق رزق ملتا رہتا ہے۔

---

١۔ **يَمَّمْتُ** : قصدت وذهبت وتوجهتُ أى أن الإمام الشافعیؒ يحفظ العلم فى ذهنه وقلبه، ولايحتاج إلى استخدام الكتب. **الوِعَاءُ** : والوُعَاءُ ، برتن،ج،اَوْعِيَةٌ ،جج، اَواعٍ. وَعَى، يَعِى، وَعْياً، جمع کرنا، الحديث، قبول کرنا،غورکرنا،یادکرنا، الأذن،سننا۔

١۔ **العَقْلُ** : روحانی نورجس سے غیرمحسوسات کاادراک ہوتاہے،دل،دیت،ج،عُقُولٌ.
٢۔ **الجَهْلُ** : جَهِلَ(س)جَهْلاً وجَهَالَةً، نہ جاننا،ان پڑھ ہونا،صفت، جَاهِلٌ،ج،جُهَّلٌ وجُهَّالٌ وجُهَلاءُ وجَهَلَةٌ. الجَهُولُ، ناتجربہ کار،ج،جُهَلاءُ.

# الغَرِيْبُ

**يصف الإمام الشافعیؒ، مشاعر الغريب وحنينه للأَهْلِ والوطن:**

۱ إِنَّ الـغَـرِيـبَ لَـهُ مَـخَـافَةُ سَـارِقٍ وَخُـضُـوعُ مَـدْيُـونٍ وَذِلَّةُ مُـوثَـقِ

بیشک پردیسی سارق جیسا سہار ہتا ہے اور مدیون جیسا شرمندہ اور غلام جیسا تابع فرمان ہوتا ہے

۲ فَـإِذَا تَـذَكَّـرَ أَهْـلَـهُ وَبِلادَهُ فَـفُـؤَادُهُ كَـجَـنَـاحِ طَيْـرٍ خَـافِقِ

جب اسکواھل وعیال اور وطن کی یاد ستاتی ہے تو اسکا دل پھڑ پھڑانے والے پرندے کی طرح ڈھڑ کتا ہے

**تشـریح:** مطلب یہ ہے کہ اجنبی اور پردیسی آدمی پرائے ملک میں اس شعور کے ساتھ رہتا ہے کہ جیسے اسے کسی کا قرض ادا کرنا ہے یا وہ کسی کا تابعدار ہے اور غلامی کی ذلت اٹھا رہا ہے۔

---

۱ــــ **الـغَـرِيـبُ :** وطن سے دور، ج، **غُـرَبَـاءُ**، عجیب، غیر مانوس، **مـن الـكـلام**، دور از فہم کلام، مؤنث، **غَرِيْبَةٌ**، ج، **غَرَائِبٌ**.

**المَوْثَقُ :** اَوثَقَهُ اِيثَاقاً، رسّی سے مضبوط باندھنا، **المُوثَقُ**، **المُقَيَّدُ**.

۲ـ **خَافِقٍ :** خَفَقَهُ (ن،ض) خَفُقاً، **بالسّيف**، تلوار سے آہستہ ضرب لگانا۔

**الفُؤَادُ :** دل کا دھڑکنا، **الرَّايةَ**، جھنڈے کا ہلنا، **البَرْقَ**، بجلی کا کوندنا، **النَّجْمَ**، ستارے کا غروب ہونا، **الطَّائِرَ**، پرندے کا اڑنا، **اللّيلَ**، رات کا اکثر حصہ گذرنا۔

## الأَحمَقُ مِنَ النَّاسِ

قال الإمام الشافعیؒ،محذّرا من عواقب إفشاء السرّ:

١ إذَا الـمَـرْءُ أَفْشٰی سِرَّہُ بِلِسَانِـہِ وَلامَ عَـلَیـہِ غَیْـرَہُ فَهُـوَ أَحْـمَـقُ

جب انسان بذات خود اپنا راز فاش کردے پھر دوسروں کو ملامت کرے تو وہ احمق آدمی ہے

٢ إِذَا ضَاقَ صَدْرُ الْمَرْءِ عَنْ سِرِّ نَفْسِهِ فَـصَـدْرُ الَّـذِی یَسْتَوْدِعُ السِّرَّ أَضیقُ

جب انسان کا اپنا سینہ راز چھپانے میں تنگ ثابت ہوا تو جسکو راز حوالے کررہا ہے اسکا تو اور بھی تنگ ثابت ہوگا

**تشــریح:** یعنی جب انسان خود اپنا راز چھپانے پر قادر نہ ہو اور اس کو ظاہر کردے تو پھر دوسرا شخص ظاہر کردے تو اس میں تعجب کی کوئی بات نہیں۔

## المَکْرُ والمَلَقُ

قال الإمام الشافعیؒ،منددا بطبائع المکر والملق فی النّاس:

١ لَـمْ یَبْـقَ فِی النَّاسِ إِلَّا الْمَکْرُوَالْمَلَقُ شَـوْکٌ إِذَا لَـمَسُـوا، زَهْرٌ إِذَا رَمَقُوا

لوگوں میں مکر وتملق کے علاوہ کچھ نہیں رہا قریب جاؤ تو کانٹے ہوتے ہیں حالانکہ دور سے پھول نظر آتے ہیں

٢ فَـإِنْ دَعَتْکَ ضَـرُوراتٌ لِعِشْرَتِهِمْ فَـکُـنْ جَـحِیْـماً لَعَلَّ الشَّوکَ یَحْتَرِقُ

اگر چارونا چار ایسے لوگوں سے معاملہ کرنا ہی پڑے تو آگ کی طرح گرمی سے کام لے ممکن ہے کانٹا جل جائے

---

١ـ **الـمَرْءُ** : انسان،آدمی،ج،رِجالٌ من غیر لفظه، مرؤُون بھی سنا گیا ہے،نسبت کے لئے مَرْئِیٌّ، مؤنث،امْرَأَةٌ،ج، نِسَاءٌ، وَنِسْوةٌ من غیر لفظها. **الأَحْمَقُ** : حَمِقَ(س) حَمُقَ (ک) حُمُقاً وحَمَاقَةً، بےوقوف ہونا،صفت،الأَحْمَقُ،مؤنث، حُمَقَاءُ، ج،حُمُقٌ وحُمْقٰی وحَمَاقَی وحُمَاقٰی.

١ـ **المَکْرُ**:الإحتیال والخداع وأن تصرف غیرک عن مقصده، بحیلة.

**المَلَقُ** :التودّد والتلطّف وأن تعطی باللّسان مالیس فی قلبک،خوشامد، چاپلوسی.

**الشَّـوْکُ** : مصدر،کانٹا،ج،اَشْـوَاکٌ،واحد، شَـوکَةٌ، ایک کانٹا۔بچھو کا ڈنک۔سُرخ پھنسی،طاقت وجنگ،ہتھیار اور اسکی تیزی۔ **رَمَقُوا** : رَمَقَ(ن) رَمْقاً،نظر ڈالنا،دیر تک دیکھنا۔

٢ـ **الجَحِیمُ** : دوزخ،گھڑے میں سخت دہکتی ہوئی آگ،سخت گرم جگہ۔ جُحْمَةُ النّار،آگ کی بھڑک۔

## مِنْ غَيْرِ قَصْدٍ

قال الإمام الشافعیؒ،إيَّاکَ وَمخالطة السُّفهاء، و من لا ينصفک:

١ رَامَ نَـفْـعاً فَضَرَّ مِنْ غَيْرِ قَصْدٍ  وَمِـنَ البِـرِّ مَـا يَـكُونُ عُقُوقـاً
اس نے فائدہ سوچا مگر بے ارادہ نقصان پہونچادیا  اسی طرح کچھ نیکیوں کا شمار نافرمانی میں ہوگا

**تشـریح:** یعنی بعض دوست نفع پہنچانا چاہتے ہیں مگر نادانی سے بجائے نفع کے نقصان پہنچادیتے ہیں جیسے کہ بعض آدمی احسان اور بھلائی کرتے ہیں مگر عدم طاعت اور نافرمانی کے ساتھ۔

## أَدَبُ الأَسْفَارِ

١ إِذَا رَافَـقْـتَ فِي الأَسْفَـارِ قَوماً  فَكُنْ لَهُمْ كَذِي الـرَّحِمِ الشَّفِيقِ
جب سفر چند احباب کے ساتھ ہورہا ہو  تو دوران سفر انکے ساتھ شفیق ذی رحم جیسا برتاؤ کر

٢ بِـعَيْبِ النَّـفْـسِ ذَا بَصَـرٍ وَعِـلْمٍ  وَأَعْـمٰـى العَيْـنِ عَنْ عَيْبِ الرَّفِيقِ
اپنے عیوب کی تو خوب نگرانی کر  اور رفیق کے عیب سے چشم پوشی کر

---

١ـ رَامَ: رَامَ (ن)رَوْماً ومَرَاماً، الشيئَ، ارادہ کرنا،صفت،رَائِمٌ،ج، رُوَّمٌ ورُوَّامٌ، المرَامُ،مقصد، مطلب،ج،مَرَامَاتٌ.

**عُقُوقًا:** عَقَّ الوَلَدَ أَبَاه، عَقًّاوَعُقُوقًا، عَصَاهُ، وشَقَّ عَصَا طَاعَتِهِ، وقَطَعَهُ وترک الإحسان إليه، فهو عاقّ وهی عاقَّةٌ، قال رسول الله ﷺ "لا يدخل الجنة عاقٌّ، ولامُدْمِنُ خَمَرٍ" (اخرجه أحمدفی مسنده)

١ـ **كَذِىْ الرَّحِمَ:** الرَّحِمُ والرِحْمُ ،مؤنث ،بچہ دانی،رشتہ داری، ذو الرَّحِم، قرابت والا،رشتہ دار،ج، اَرْحَامٌ، رَحِمَهُ، رَحْمَةً وَ مَرْحَمَةً،ترس کھانا،رحم دل ہونا،مہربانی اور شفقت کرنا،معاف کرنا،مغفرت کرنا۔

٢ـ **العَيْبُ:** مصدر، برائی،ج، عُيُوبٌ، صفت،فاعلی عَائِبٌ،صفت مفعولی مَعِيْبٌ، مَعْيُوبٌ.

# كِتَابَةُ العِلْمِ

١ الـعِـلْـمُ صَيْـدٌ وَالـكِتَـابَةُ قَيْـدُهُ — قَيِّدْ صُيُـودَكَ بِـالـحِبَـالِ الوَاثِقَـهْ

علم شکار ہے اور کتابت اس شکار کو باندھنے کا آلہ ہے — تو بھی اپنے اس شکار کو مضبوط رسّیوں سے باندھے رکھ

٢ فَـمِـنَ الـحَـمَـاقَةِ أَنْ تَـصِيْدَ غَـزَالَةً — وَتَتْـرُكَهَـا بَيْـنَ الـخَلاَئِـقِ طَـالِقَـهْ

یہ حماقت ہے کہ تو ہرنی کا شکار کرے — اور پھر لوگوں کے بیچ اسے آزاد چھوڑ دے

**تشـریح:** یعنی آدمی کو صرف اپنے حفظ پر اعتماد نہ کرنا چاہئے؛ علمی مسائل کو لکھ کر محفوظ کرنا چاہئے؛ ورنہ مرورِ زمانہ سے وہ ذہن سے نکل جائیں گے۔ اس لئے جس طرح شکاری اپنے شکار کو مضبوط رسی سے باندھ رکھتا ہے تم بھی علم کو محفوظ کرو۔

---

١۔ **العِلْمُ** : مصدر، حقیقت شیٔ کا ادراک، یقین، معرفت، ج، عُلُومٌ.

**قَيِّدْ** : القَيْدُ، وہ رسّی یا زنجیر جو جانور کے پیر میں باندھی جاتی ہے تاکہ بھاگ نہ جائے، ج، قُيُودٌ وَ اَقْيَادٌ، قَيْدُ الأَسْنَان، مسوڑھے۔

٢۔ **الغَزَالَةُ** : ہرنی، الغَزَالُ، ہرن کا بچہ، ہرن، ج، غِزْلَةٌ وغِزْلاَنٌ.

**طَالِقَهْ** : طَلَقَتْ (ن) طَلاَقاً، المرأة من زوجها، عورت کا شوہر سے جدا ہونا، صفت، طَالِقٌ، ج، طُلَّقٌ وطَالِقَةٌ، النّاقَة، اونٹنی کا پائے بند سے کھلنا۔

# ﴿ قَافِیَةُ الکَافِ ﴾

## فَسَادٌ کبِیرٌ

قال الإمام الشافعیؒ، فی تهتّک العالِمِ وفساده :

١ فَسَادٌ کَبِیرٌ عَالِمٌ مُتَهَتِّکٌ ۔۔۔ وَأَکْبَرُ مِنْهُ جَاهِلٌ مُتَنَسِّکُ

بدچلن عالم بڑا فساد ہے ۔۔۔ اور جاہل صوفی کا فساد اس سے بھی بڑھا ہوا ہے

٢ هُمَا فِتْنَةٌ فِی العَالَمِینَ عَظِیمَةٌ ۔۔۔ لِمَنْ بِهِمَا فِی دِینِهِ یَتَمَسَّکُ

یہ دونوں ہی عالمین میں بڑے فتنے ہیں ۔۔۔ اس آدمی کے لئے جو دین میں انکی اتباع کرتا ہے

---

١۔ **المُتَهَتِّکُ** : تَهَتَّکَ وانْهَتَکَ، السّتر ونحوه، پردہ پھٹنا، تَهَتَّکَ فُلاَنٌ، ذلیل ورسوا ہونا، فی البطالة، وہ بے کار رہا۔ المُتَهَتِّکُ الذی لا یبالی أن یفضح ستره.

**المُتَنَسِّکُ** : المُتَزَهِّد والعابد، نَسَکَ (ن) نَسْکاً ومَنْسَکاً، الرَّجل ، زاہد بننا، درویش بننا، لِلّٰهِ، خدا کے لئے قربان کرنا۔

٢۔ **یَتَمَسَّکُ** : المُتمسِّکُ، متعلقٌ بشدة، تَمَسَّکَ به، إعتصم.

# القَنَاعَةُ رَأسُ الغِنٰی

قال الإمام الشافعیؒ، أصل العلم التثبّت، وثمرته السّلامة، وأصل الصّبرالحزم،وثمرته الظّفر، وأصل الورع القناعة، وثمرته الرّاحة، وأصل العمل التّوفيق، وثمرته النّجاح، وغاية كلّ أمْر الصّدق:

١ رَأَيْتُ الْقَنَاعَةَ رَأسَ الغِنٰی — فَصِرْتُ بِأَذْيَالِهَا مُمْتَسِکُ

میں نے مالداری کا سرا قناعت کو پایا — پس میں نے اسکا دامن تھام لیا

٢ فَلاَ ذَا يَرَانِي عَلٰی بَابِهِ — وَلاَ ذَا يَرَانِي بِهِ مُنْهَمِکُ

اب نہ کوئی مجھے اپنے دروازے پر کھڑا پاتا ہے — اور نہ ہی کوئی مجھے اسکی ذات میں مشغول پاتا ہے

٣ فَصِرْتُ غَنِيًّا بِلاَ دِرْهَمٍ — أَمُرُّ عَلٰی النَّاسِ شِبْهَ المَلِکُ

میں اب بغیر دراہم کے بھی ایک مالدار آدمی ہوں — اور میں لوگوں کے بیچ شاہوں کی طرح رہتا ہوں

**نوٹ:** زعفرانی فرماتے ہیں کہ میں نے امام شافعیؒ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میری والدہ محترمہ مجھے تیل کا سالن کھلایا کرتی تھیں، حالانکہ میں بچہ تھا، میں نے عرض کیا امی جان! اس تیل نے تو میرے جگر کو خاک کر دیا تو کہنے لگی بیٹا کھاتے رہو یہ مبارک چیز ہے اس پر یہ شعر کہا گیا۔

---

١۔ **اَلْقَنَاعَةُ** :رضا الإنسان بما قسّم له، قال رسول الله ﷺ " القناعة مال لا ينفد" (الدّرالمنثور).
**أَذْيَالِهَا** : الذَيْلُ، چیز کا آخر، ذَيل الثّوب، کپڑے کا دامن، ذيلُ الفرس، گھوڑے کی دم، ج، اَذْيَالٌ وذُيُولٌ واَذْيُلٌ، اَذْيَالُ النّاس، ادنی درجہ کے لوگ۔
٢۔ **مُنْهَمِکُ** : اسم فاعل من انهمک فی العمل، أی جدّ فيه، و دأب عليه، وانشغل.

# قَافِيَةُ اللَّامِ

## طَالِبُ الحِكْمَةِ

قال الإمام الشافعیؒ فی موضوع الحكمة وكيفية إدراكها:

١ لاَ يُدْرِكُ الحِكْمَةَ مَنْ عُمْرُهُ — يَكْدَحُ فِي مَصْلَحَةِ الأَهْلِ
وہ آدمی دانائی وحکمت نہیں پاسکتا — جسے اہل وعیال کے خاطر محنت شاقہ کرنی پڑے

٢ وَلاَ يَنَالُ العِلْمَ إِلَّا فَتىً — خَالٍ مِنَ الأَفْكَارِ وَالشُّغْلِ
اور علم حاصل نہیں کرسکتا مگر وہ آدمی — جو افکار ومشاغل سے فارغ ہو

٣ لَوْ أَنَّ لُقْمَانَ الحَكِيمَ الَّذِي — سَارَتْ بِهِ الرُّكْبَانُ بِالفَضْلِ
اگر وہ لقمان حکیم جسکے — فضل کی شہرت ہر چہار سمت ہوئی

٤ بُلِیَ بِفَقْرٍ وَعَيَالٍ لَمَا — فَرَّقَ بَيْنَ التِّبْنِ والبَقْلِ
محتاجی اور بال بچوں کی فکر میں مبتلا کیا جاتا — تو بھی وہ بھوسہ اور سبزی میں فرق نہ کرسکتا

---

١ـ **يَكْدَحُ** : كَدَحَ (ف) كَدْحاً، فی العمل ،کام میں بہت محنت کرنا، كَدَحَ واكْتَدَحَ لعياله ،اھل وعیال کے لئے کمانے میں مشقت کرنا۔

٣ـ **لُقْمَانُ** : حكيم عربيّ ،تنسب إليه طائفة من الامثال والأخبار والأقاصيص، ورد ذكره فی القرآن، وبأسمه سورة تحمل اسمه رقمها فی ترتيب المصحف (٣١) قال تعالى فی سورة لقمانُ ﴿ وَإِذْقَال لُقْمَانُ لِإبْنِهِ وَهُوَ يَعِظُهُ يَا بُنَيَّ لاَ تُشْرِكْ بِاللّٰه﴾

**سَارَتْ بِهِ الرُّكْبَانُ** : عرفه النّاس اللذين يركبون الدوابّ، أو وصلت شهرته إلى البلاد، بواسطة الرّكبان والقوافل.

# مَنْ طَلَبَ العُلٰی

قال الإمام الشافعیؒ، علی طالب المجد أن یکدح ویجدّ ویؤدّب،وإلاّ ما تحقّق له مطمح، ولاحاز من المجد شیئاً، وهو یقول:

١ بِقَدْرِ الكَدِّ تُكْتَسَبُ المَعَالِي ... وَمَنْ طَلَبَ العُلاَ سَهِرَ اللَّيَالِي

محنت کی بقدر ہی درجات میں ترقی ہوتی ہے ... سربلندی کے طالب پر شب بیداری لازم ہے

٢ وَمَنْ رَامَ العُلاَ مِنْ غَيْرِ كَدٍّ ... أَضَاعَ العُمْرَ فِي طَلَبِ المُحَالِ

اور جسنے بلامحنت بلند مقام حاصل کرنا چاہا ... اسنے امرمحال کے حصول میں عمر ضائع کردی

٣ تَرُومُ العِزَّ ثُمَّ تَنَامُ لَيْلاً ... يَغُوصُ البَحْرَ مَنْ طَلَبَ اللَّآلِي

تو رات بھر سوکر عزت حاصل کرنا چاہتا ہے؟ ... حالانکہ موتی کا طالب تو سمندر میں غوطہ زن رہتا ہے

---

١ــ **الكَدُّ** : مصدر،کوشش،محنت،وہ چیز جسمیں کوئی چیز کوٹی جائے جیسے ہاون، كَـدَّ (ن) كَدًّا، سخت کام،روزی تلاش کرنا،مانگنے میں اصرار کرنا۔

٢ـ **المُحَال** : مالا یمکن وجوده.

٣ـ **يَغُوصُ** : غَاصَ، يَغُوصُ غَوصاً وغِيَاصاً ، فی الماء، پانی میں غوطہ لگانا،صفت، غائصٌ، ج، غُوَّاصٌ وغَاصَةٌ. الغَوَّاصُ. بہت غوطہ لگانے والا،موتی نکالنے کے لئے غوطہ لگانے والا۔

**اللَّآلِي** : اللُؤلُؤ کی جمع،موتی۔

# حَتّٰی أُوَسِّدَ

قال الإمام الشافعیؒ، لا تخوضنّ فی أصحاب رسول الله ﷺ فإنّ خصمک النَبیُّ ﷺ غدا، ولمّا صرَّح الشَّافعیؒ بمحبّته لأهل البيت وأَنَّه من شيعتهم، قيل فيه ماقيل، فقال مجيبا عن ذٰلک:

١ إِذَا نَحْنُ فَضَّلْنَا عَلِياًّ فَإِنَّنَا ‌ ‌ رَوَافِضُ بِالتَّفْضِيلِ عِنْدَ ذَوِي الجَهْلِ

جب ہم حضرت علیؓ کے مناقب بیان کرتے ہیں ‌ ‌ تو جاہلوں کے نزدیک ہمارا شمار روافض میں ہوتا ہے

٢ وَفَضْلُ أَبِي بَكْرٍ إِذَا مَاذَكَرْتُهُ ‌ ‌ رُمِيتُ بِنَصْبٍ عِنْدَ ذِكْرِي لِلْفَضْلِ

اور جب میں ابوبکرؓ کے مناقب بیان کرتا ہوں ‌ ‌ تو مجھے ناصبی ہونے کا طعنہ دیا جاتا ہے

٣ فَلاَ زِلْتُ ذَا رَفْضٍ وَنَصْبٍ كِلاهُمَا ‌ ‌ بِحُبَّيْهِمَا حَتّٰى أُوَسَّدَ فِي الرَّمْلِ

پس میں رافضی اور ناصبی دونوں رہونگا ‌ ‌ ان سے محبت کی وجہ سے یہاں تک کہ قبر میں دفن کیا جاؤں

---

١ـ **الرَّوَافِضُ**: أصلا هم اللذين نادو بآراء، اِعتبرها الإمام علیؓ بدعة وعاقب أصحابها، والفِرق الرّافضة هی فِرق الغلاة فی الإسلام، هم يستحلّون الطّعن فی الصّحابةؓ، وسُمُّوا بالرّافضة، لأنّهم رفضوا إمامهم زيدبن علی لمّا نهاهم عن سبّ أبی بكرؓ وعمرؓ.

٢ـ **رُمِيتُ بنَصْبٍ** : إشارة إلی جماعة النّاصبة اللذين كانوا ينصبون للإمام علیؓ.

٣ـ **أُوَسَّدَ فی الرَّمْلِ** : أی حتی أموت، وتوسّد فی الرّمل أی ثوی فی اللحد بعد الموت.

## مَالَمْ يَعْمَلُ..

١ الْمَرْءُ يَحْظٰى ثُمَّ يَعلُو ذِكْرُهُ — حَتّٰى يُزَيَّنَ بِالَّذِی لَمْ يَفْعَلِ

انسان بلند مقام پر پہونچتا ہے تو اسکا نام روشن ہو جاتا ہے — یہاں تک کہ ناکردہ افعال سے بھی وہ مزیّن کر دیا جاتا ہے

٢ وَتَرٰی الغَنِیَّ إِذَا تَكَامَلَ مَالُهُ — يُخْشٰى وَيُنْحَلُ كُلَّ مَالَمْ يَعْمَلِ

اور تو دیکھتا ہے کہ کوئی غنی جب کثیر المال ہو جاتا ہے — تو لوگ اس سے ڈرتے ہیں اور ناکردہ اعمال اس کی طرف منسوب کرتے ہیں

**تشریح:** یعنی بعض انسان بلند مرتبہ پر پہنچ جاتے ہیں تو پھر لوگ بہت سے ایسے کاموں کی بھی انہیں کی طرف نسبت کر دیتے ہیں جو انہوں نے کئے نہیں ہوتے، اسی طرح جب کوئی شخص غنی ہو جاتا ہے تو لوگ اس سے خوفزدہ رہتے ہیں، اور خوشامداً ان کی طرف ناکردہ افعال کی بھی نسبت کر دیتے ہیں۔

---

١۔ **يَحْظٰى** : حَظِیَ (س) حِظْوَةً وحِظَةً، بالرّزق ،رزق حاصل کرنا، احتظی، صاحب مرتبہ ہونا، نصیب والا ہونا۔

**يُزَيِّنُ** : يُجَمِّلُ ويحسّن بحظه من المال والعرض والغر والشرف.

٢۔ **يُنْحَلُ**: نَحَلَ (ف) نَحْلاً، القول،غلط بات منسوب کرنا، الرّجل،کسی کو کوئی چیز دینا، المرأة،عورت کو مہر دینا۔

## أَدَّبَنِي الدَّهْرُ

قال الإمام الشافعیؒ، مبيّنا أثر الدّهر فی تأديب الإنسان، وزيادة رصيده من العلم :

١ كُلَّمَا أَدَّبَنِي الدَّهْرُ أَرَانِي نَقْصَ عَقْلِي
جب کبھی زمانے نے مجھے کوئی ادب سکھلایا تو مجھے میری عقل کی کمی کا احساس ہوا

٢ وَإِذَا مَا ازْدَدْتُ عِلْماً زَادَنِي عِلْماً بِجَهْلِي
اور جب جب بھی میرے علم میں اضافہ ہوا تو میرے سامنے میری جہالت منکشف ہوئی

**تشریح:** یعنی جب بھی مجھے کوئی ٹھوکر لگی تو معلوم ہوا کہ میرا علم ناقص تھا اور جتنا علم بڑھتا گیا؛ مجھ پر اپنا جہل کھلتا گیا۔

## الفَقِيهُ والرَّئِيسُ والغَنِيُّ

١ إِنَّ الفَقِيهَ هُوَ الفَقِيهُ بِفِعْلِهِ لَيْسَ الفَقِيهُ بِنُطْقِهِ وَمَقَالِهِ
اصلی عالم وہ عالم ہے جو باعمل ہو وہ نہیں جسکا علم اسکی زبان تک محدود ہو

٢ وَكَذَا الرَّئِيسُ هُوَ الرَّئِيسُ بِخُلُقِهِ لَيْسَ الرَّئِيسُ بِقَومِهِ وَرِجَالِهِ
ایسے ہی حقیقی سردار وہ ہے جو بلند کردار کا مالک ہو وہ نہیں جسکی قوم اور جتھا زیادہ ہو

٣ وَكَذَا الغَنِيُّ هُوَ الغَنِيُّ بِحَالِهِ لَيْسَ الغَنِيُّ بِمُلْكِهِ وَبِمَالِهِ
حقیقی غنی وہ ہے جسکا نفس غنی ہو وہ نہیں جسے ملک و مال حاصل ہو

---

١۔ **الدَّهْرُ** : لمبا زمانہ، درازمدت، دهر الإنسان، وہ زمانہ جسمیں انسان زندہ ہے۔ یہ عَصْرٌ کے ہم معنی ہے، مصیبت، عادت، کہتے ہیں، ماذَاکَ بدَهْرِی، یہ میری عادت نہیں، ما دَهْرِی بِکَذَا ، یہ میری غایت نہیں، لاَ اٰتِيهِ دَهْرَ الدَّاهِرِين، میں اسکے پاس کہیں نہیں آ ؤنگا۔

١۔ **الفَقِيهُ** : العالم بالأحكام الشرعية، من الحِلّ والحرمة والصحّة والفساد، ج،فُقَهَاء.

٢۔ **الخُلُقُ** : والخُلْقُ، طبعی خصلت،طبیعت،مروت، عادت،ج،اَخْلاقٌ، علمُ الأخلاق، حکمت عملیہ کی ایک قسم کا نام ہے اسکو حکمۃ خلقیۃ بھی کہتے ہیں۔

# صِفَةُ الإِخْوانِ

**قال الإمام الشافعیؒ، یدعو إلی صون النّفس واکتساب ثقة النّاس بالعمل الصّالح والتمسّک بالفضائل:**

١ صُنِ النَّفْسَ وَاحْمِلْهَاعَلٰی مَایَزِیْنُهَا — تَعِشْ سَالِماً والقَولُ فِیْکَ جَمِیْلُ
نفس کی حفاظت کراورعزت افزا کاموں کا خوگر بنا — اچھی زندگی گذاریگااور تیراذکر جمیل ہوگا

٢ وَلاَ تُولِیَنَّ النَّاسَ إلَّا تَجَمُّلاً — نَبَابِکَ دَهْرٌأَوْ جَفَاکَ خَلِیلُ
اورلوگوں کے ساتھ حسن سلوک کرتارہ — چاہے زمانہ جفا کرے یادوست بے وفائی کرے

٣ وَإِنْ ضَاقَ رِزْقُ الیَومِ فَاصْبِرْ إلٰی غَدٍ — عَسٰی نَکَبَاتُ الدَّهْرِ عَنْکَ تَزُولُ
اگرآج رزق کی تنگی ہے توکل تک صبر کر — ممکن ہے آنے والی کل، مصائب زمانہ ٹل جائے

٤ وَلاَ خَیْرَ فِي وُدِّ امْرِئٍ مُتَلَوِّنٍ — إِذَا الرِّیْحُ مَالَتْ مَالَ حَیْثُ تَمِیلُ
متلوّن مزاج آدمی کی دوستی اچھی نہیں — وہ جوہوا کے رخ پر چلنے کا عادی ہو

٥ وَمَاأَکْثَرَ الإِخْوَانَ حِینَ تَعُدُّهُم — وَلٰکِنَّهُمْ فِي النَّائِبَاتِ قَلِیلُ
اگرتو گنتی کریگاتودوست بے شمار نکلینگے — مگرمصیبت میں کام آنے والے بہت کم ہونگے

---

٢۔ **تَجَمُّلاً** : تَجَمَّلَ، آراستہ ہونا،خوبصورت ہونا،مصائب زمانہ پرصبر کرنااورذلت ظاہر نہ ہونے دینا،حیا کو نہ چھوڑنا، جزع فزع سے دامن بچائے رکھنا۔
**نَبَابِکَ** : نَبَا، یَنْبُو، بَنْوَةً ونُبُوًّا ونُبِیاً،بصره، نظر کا دھندلی ہونا،صفت، نابٍ، الشيئ، دورہونا، پیچھے ہونا، اپنی جگہ قرارنہ پکڑنا، جنبه عن الفراش،بستر پربے چین وبے آرام ہونا، السّهم عن الهدف،تیر کانشانہ چوک جانا، الطّبع عن الشيئ، نفرت کرنا، نَبَتْ بِی تلک الأرض، مجھے وہ زمین موافق نہ آئی۔
٣۔ **نَکَبَاتُ الدَّهْرِ** : مصائبه،النَّکْبَةُ،مصیبت،ج،نَکَبَاتٌ.
٤۔ **المُتَلَوِّنُ** : المتغیّر وکثیر التقلّب، الذی لایقیم علی حال أو قول أوفعل.
٥۔ **النَّائِبَاتُ** : واحد، نَائِبَةٌ،حوادثات زمانہ،مصیبت،تکلیف۔

# بَلاءُ المُلُوكِ

١ إِنَّ الـمُـلُـوکَ بَلاَ ءٌ حَيْـثُـمَـا حَـلُّوا فَلاَ يَـکُـنْ لَکَ فِـي أَبْـوَابِهِـمْ ظِـلُّ

بادشاہ جہاں کہیں بھی ہو آزمائش ہوتے ہیں پس انکے دروازہ پر تیرا سایہ نہ ہونا چاہئے

٢ مَـاذَا تُـؤَمِّـلُ مِـنْ قَـومٍ إِذَا غَـضِـبُـوا جَـارُوا عَـلَـيْـکَ وَإِنْ أَرْضَيْتَهُـمْ مَـلُّوا

اس قوم سے کیا امید جو غصے ہوں تو زیادتی کریں اور تو انہیں خوش کرنے لگے تو اکتا جائے

٣ فَـاسْتَـعِـنْ بِـاللّٰـهِ عَـنْ أَبْوَابِهِـمْ كَـرَماً إِنَّ الـوُقُـوفَ عَـلٰـى أَبَـوَابِهِـمْ ذُلُّ

انکا در چھوڑ کر اللہ سے کرم کا مطالبہ کر کیونکہ انکے دروازے پر ٹھہرنا رسوائی کا سبب ہے

---

١۔ بَلاَءٌ : غم، آزمائش خیر سے ہو یا شر سے، البَلْوٰی والبِلْوَةُ والبِلْيَةُ والبَلِيَّةُ مصیبت، آزمائش، ج، بَلاَيَا.

٢۔ جَارُوا عَلَيْکَ : جَارَ(ن) جَوْراً، عن الشيئ، کسی چیز سے ہٹ جانا، جار عن الطريق، وہ راستہ سے ہٹ گیا، عليه، کسی پر ظلم کرنا، صفت، جائِرٌ، ج، جَوَرَةٌ، وجَارَةٌ.

مَلُّوا : مَلَّ(س) مَلَلاً ومَلاَلَةً، الشيئ، اکتانا، زچ ہونا، المَلوُلُ، اکتایا ہوا، بے قرار۔

# اَلْحَثُّ عَلٰی التَعَلُّمِ

**قال الإمام الشافعیؒ، یدعوا إلی طلب العلم مبیّنا فرق ما بین العالِم والجاهل،وکان یقول، من تعلّم القرآن عظمت قیمته، ومن تکلّم فی الفقه نَمَا قدره، ومن کتب الحدیث قویت حجّته، ومن نظر فی اللّغة رقّ:**

۱ تَعَلَّمْ فَلَيْسَ الـمَرْءُ يُولَدُعَالِماً — وَلَيْسَ أخُوعِلْمٍ كَمَنْ هُوَ جَاهِلُ

علم سیکھ،کوئی ماں کے پیٹ سے عالم پیدانہیں ہوتا — اور عالم اور جاہل مرتبہ میں برابرنہیں ہوتا

۲ وَإنَّ كَبِيرَ الْقَوْمِ لاَ عِلْمَ عِنْدَهُ — صَغِيرٌ إذَا التَفَّتْ عَلَيْهِ الجَحَافِلُ

اورقوم کاوہ سردار جسکے پاس علم نہیں ہوتا — دشمن کی لشکر کشی کے وقت صغیر ثابت ہوتا ہے

۳ وَإنَّ صَغِيرَ الْقَومِ إنْ كَانَ عَالِماً — كَبِيرٌ إذَا رُدَّتْ إلَيْهِ المَحَافِلُ

اور بیشک قوم کا صغیر جب عالم ہوتا ہے — تو مجالس علم میں صدر مقام پاتا ہے

**تشریح:** محفلیں لوٹائی جائیں گی کا مطلب یہ ہے کہ اس کو صدارت سپرد کی جائے گی اور وہ اپنے علم کی وجہ سے عمر میں کم ہونے کے باوجود بڑا مقام پائیگا۔

---

**۲۔ الجَحَافِلُ** : الجَحْفَلُ ،لشکر جرّار، ج، جَحَافِلُ، رَجُلٌ جَحْفَلٌ، بڑے مرتبہ ودرجہ کا آدمی۔

**۳۔ المَحَافِلُ** : المَحْفِلُ ،مجلس، ج، مَحَافِلُ،المُحْتَفَلُ ،جمع ہونے کی جگہ، الحَفْلُ، مصدر، جماعت، گروہ، عنده حفل من الناس، وہ بڑی جماعت والا ہے۔

## مُشاكَلَةُ النَّاسِ

قال الإمام يوسف بن عبدالله النمری القرطبی، فی بهجة المجالس، خرج الشّافعیؒ الفقيه فی بعض أسفاره، فضمّه الّليل إلى مسجد، فبات فيه، وإذا فی المسجد قوام عوام يتحدّثون بضروب من الخنا،وهجرالمنطق فقال:

١ وَأَنْـزَلَنِی طُولُ النَّوٰی دَارَ غُرْبَةٍ إِذَا شِئْتُ لاَقَيْتُ امْرَءًا لا أُشَاكِلُهُ

مجھے اہل علم سے دوری ایک ایسی جگہ لے آئی جہاں مجھے اپنے جیسا کوئی بھی انسان نہیں مل سکتا

٢ أُحَامِقُهُ حَتّٰى يُقَالَ سَجِيَّةٌ وَلَوكَانَ ذَاعَقْلٍ لَكُنْتُ أُعَاقِلُهُ

اگر میں حماقت میں انکی موافقت کروں تو احمق مانا جاتا ہوں مگر کیا کروں کوئی عاقل ہوتا تو میں عاقلانہ گفتگو کرتا

## أَحدَثُوا بِدَعاً

١ لَمْ يَفْتَإِ النَّاسُ حَتّٰى أَحْدَثُوا بِدَعاً فِی الدِّيْنِ بِالرَّأْیِ لَمْ يُبْعَثْ بِهَاالرُّسُلُ

لوگ دین سے دور ہوتے گئے یہاں تک کہ دین میں وہ چیزیں داخل کردیں جو پیغمبر نہیں لائے تھے

٢ حَتّٰى اسْتَخَفَّ بِحَقِّ اللّٰهِ أَكْثَرُهُمْ وَفِی الَّذِی حَمَلُوا مِنْ حَقِّهِ شُغُلُ

یہاں تک کہ اکثر نے اللہ کے حق کا استخفاف کیا اور حق ادا کرنے والے بھی ادائیگی حق میں کوتاہ ثابت ہوئے

---

١۔ النَّوَى : مصدر، دوری، وہ جگہ جہاں کا مسافر ارادہ کرے قریب ہو یا دور، نوى فلان من مكان إلى آخر ، فلاں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوا۔

أُشَاكِلُهُ : شَاكَلَهُ، مُشَاكَلَةً،مشابہ ہونا، تَشَاكَلاَ، ہم رنگ ہونا،ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔

٢۔ سَجِيَّةُ : طبیعت،خصلت،خلق،ج،سَجِيَّاتٌ، وسَجَايَا.

١۔ البِدَعُ : البِدْعَةُ، وہ چیز جو بغیر کسی سابق مثال کے بنائی جائے، مذھب میں غیر ثابت نئی رسم ، ج، بِدَعٌ. المُبْتَدِعُون، بدعتی لوگ۔

٢۔ اِسْتَخَفَّ : اِسْتَخَفَّهُ ، ہلکا جاننا، جاہل سمجھنا، استخَفَّ به ،حقیر جاننا۔

# مُدَارَاةُ الحَسُودِ

**قال الإمام الشافعیؒ، يندّد بالحاسد ويصف شدّة حقده:**

١ وَدَارَيْتُ كُلَّ النَّاسِ لٰكِنَّ حَاسِدِي مُـدَارَاتُـهُ عَـزَّتْ وَعَـزَّ مَنَـالُهَـا

میں نے ہر ایک کے ساتھ نرمی کی مگر حاسد کے ساتھ نرمی نہ کرسکا اور اسکا حصول بھی مشکل ہے

٢ وَكَيْفَ يُدَارِي الـمَـرْءُ حَاسِدَ نِعْمَةٍ إِذَا كَـانَ لاَ يُـرْضِيـهِ إِلَّا زَوَالُهَـا

انسان نعمت پر جلنے والے سے نرمی کر بھی کیسے سکتا ہے؟ جبکہ وہ زوال نعمت سے کم پر راضی ہی نہیں ہوتا

# أَرَاهُ طَعَاماً وَبِيلاً

**روى أنّ الخليفة الرّشيد أمر ببدرة فيها عشرة آلاف درهم للشّافعیؒ ،فأخذها الإمام ثم أعطاها للحاجب، وكتب على بدرة المال قوله :**

١ ذُلُّ الـحَيَـاةِ وَهَـولُ المَـمَـاتِ كُلًّا أَرَاهُ طَـعَـامـاً وَبِيلاً

زندگی میں ذلت اور موت کے وقت کی گھبراہٹ دونوں کی وجہ سے اس کے کھانے کو میں مہلک گردانتا ہوں

٢ فَـإِنْ لَـمْ يَـكُـنْ غَيْـرُ إِحْدَاهُـمَـا فَسَيْـرٌ إِلَـى الـمَـوْتِ سَيْـراً جَـمِيْلاً

اس لئے کہ جب ان دونوں میں سے ایک بھی نہیں ہوتا تو موت کا سفر آسان ہو جاتا ہے

---

١۔**دَارَيْتُ** : دَارَى، مُدَارَاةً، ہُ، باہم نرمی کرنا، دھوکا دینا۔ **عَزَّ مَنَالُهَا**: اشتَدَّ وَصعب نيلها.

١۔ **طَعَاماً وَبِيلاً** : الوَبِيْلُ، سخت، مَرْعىٰ وبيل، مضرصحت چراگاہ، طَعَامٌ وَبِيلٌ، وہ کھانا جسکے ضرر کا اندیشہ ہو۔

# لَعَلَّهُ

قيل: استعار الإمام الشّافعيؒ، من محمد بن الحسن الكوفى الفقيهؒ، تلميذ أبى حنيفةؒ شيئا من كتبه، فلم يسعفه به فكتب إليه الشّافعيؒ :

١ قُلْ لِلَّذِي لَمْ تَرَ عَيْناً ... مَنْ رَآهُ مِثْلَهُ
میری بات اس شخص کو پہونچادو کہ ... دیکھنے والی آنکھ نے اس جیسا با کمال نہیں دیکھا

٢ وَمَنْ كَأَنَّهُ مَنْ رَآهُ ... قَدْ رَأىٰ مَنْ قَبْلَهُ
اورجسکو بھی اسے دیکھنے کا شرف ملا ... اسنے گویا متقدمین کو دیکھ لیا

٣ لِأَنَّ مَا يَجُنَّهُ ... فَاقَ الْكَمَالَ كُلَّهُ
اس لئے کہ جو کمال انکی ذات میں مخفی ہے ... وہ جملہ کمالات سے بڑھکر ہے

٤ الْعِلْمُ يَنْهٰى أَهْلَهُ ... أَنْ يَمْنَعُوهُ أَهْلَهُ
علم صاحب علم کو نہی کرتا ہے ... علم کو مستحق علم سے روکنے کی

٥ لَعَلَّهُ يَبْذُلُهُ ... لِأَهْلِهِ لَعَلَّهُ
ممکن ہے آپ سے علم حاصل کرنے والا ... آگے اسکے مستحق تک پہونچادے

---

٣۔ **يَجُنُّهُ** : جَنَّ (ن) جَناً وجُنُوناً، اللَّيلُ ،الشَّيْئُ وعليه، ڈھانپنا، چھپانا، اللَّيْلُ، رات کا تاریک ہونا، الجَنِين فى الرّحم، بچہ کا رحم میں چھپ جانا۔

٥۔ **لَعَلَّهُ** : لَعَلَّ، حرف مشبّه بالفعل للترجّى، وهو طلب الأمر المحبوب، لعلَّ الحبيب قادم، وللإشفاق وهو الحذر من وقوع المكروه، لعلَّ الشّدّة نازلة، ويجوز حذف حرفها الأول، فيقال علَّ، وإذا اتَّصلت بها ياء المتكلم كثر تجريدها من نون الوقاية فيقال، لعلِّى.

# حُبُّكُمْ فَرْضٌ

قال الإمام الشّافعيؒ ، يعبّر عن حبّ آل رسول الله ﷺ:

١ يَـا آلَ بَيْـتِ رَسُـولِ اللّٰـهِ حُبُّـكُـمُ فَـرْضٌ مِـنَ اللّٰـهِ فِـى القُرْآنِ أَنْزَلَـهُ

اے آل رسول ﷺ آپ سے محبت رکھنا بحکم قرآن امت پر فرض ہے

٢ يَـكْـفِيْـكُـمُ مِـنْ عَـظِيـمِ الفَخْرِ أَنَّكُمُ مَـنْ لَـمْ يُـصَـلِّ عَـلَيْـكُـمْ لاَ صَـلَوةَ لَـهُ

تمہارا عظیم المرتبت ہونا اسی سے سمجھ میں آجاتا ہے کہ جو تم پر صلوۃ نہ بھیجے اسکی نماز تام نہیں ہوتی

---

١ـ **حُبُّكُم فَرْضٌ**: من فرضية الحبّ إشارة إلى الآية الكريمة ﴿إنّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ البَيْتِ ويُطَهِّرَكُم تَطْهِيْرَا﴾ (الاحزاب : ٣٣)

٢ـ **لاصلوة لَهُ** : اشارة إلى الآية الكريمة ﴿إنَّ اللّٰه وَمَلاَئِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلىَ النَّبِيِّ، يَاأَيُّهَا اللَّذِينَ امَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيْمَا ﴾

# قَافِیَۃُ المیم

## مُہْلِکَۃُ الأَنَامِ

١ ثَلاثٌ هُنَّ مُهْلِكَةُ الأَنَامِ — وَدَاعِيَةُ الصَّحِيحِ إِلَى السَّقَامِ

تین چیزیں لوگوں کے لئے باعث ہلاکت ہیں — اور تندرست کو بیماری کی طرف لے جانے والی ہیں

٢ دَوَامُ مُدَامَةٍ وَدَوَامُ وَطْءٍ — وَإِدْخَالُ الطَّعَامِ عَلَى الطَّعَامِ

شراب نوشی کا دوام، کثرت جماع — اور ایک کھانا ہضم ہونے سے پہلے دوسری بار کھانا

**تشریح:** یعنی جو شخص شراب کا عادی، کثرتِ جماع کا خوگر ہو اور بغیر بھوک کے کھانے پر کھانا کھاتا رہتا ہو، تو وہ ہلاک ہو کر رہیگا۔

---

**١۔ الأَنَامُ :** الخَلْقُ، لوگ، ابن آدم۔

**السَّقَامُ :** سَقِمَ (س) وسَقُمَ (ک) سَقْماً وسُقْماً وسَقَاماً وسَقَامَةً، بیمار ہونا، بیماری کا دراز ہونا، صفت، سَقِيمٌ، ج، سِقَامٌ وسُقَمَاءُ، كَلامٌ سَقِيمٌ، نادرست کلام، مَكَانٌ سَقِيمٌ، خوفناک جگہ، هو سقيم الصّدر على أخيه، وہ اپنے بھائی سے کینہ رکھتا ہے، المِسْقَامُ، بہت بیمار رہنے والا۔

**٢۔ مُدَامَة :** الخمرُ، شراب۔

# العِفَّةُ

١ عِفُّوا تَعِفُّ نِسَائُكُمُ فِي المَحْرَمِ وَتَجَنَّبُوا مَالاَ يَلِيْقُ بِمُسْلِمِ

تم پاکدامنی اختیار کروتمہاری عورتیں پاکدامن رہینگی اوران امور سے بچو جومسلمان کی شان کوزیبانہیں

٢ إِنَّ الزِّنَا دَيْنٌ فَإِنْ أَقْرَضْتَهُ كَانَ الزِّنَا مِنْ أَهْلِ بَيْتِكَ فَاعْلَمِ

زناقرض کی طرح ہےاگرتواسکامرتکب ہوا توبدلے میں وہ لوٹ کرتیرے گھربھی آئیگا یہ جان لے

٣ يَا هَاتِكاً حُرَمَ الرِّجَالِ وَقَاطِعاً سُبُلَ المَوَدَّةِ عِشْتَ غَيْرَ مُكَرَّمِ

اےلوگوں کی آبرو پرہاتھ ڈالنےوالےاورمحبت کی راہوں کوقطع کرنے والےتوزمانے میں رسواہوگا

٤ لَوْ كُنْتَ حُراً مِنْ سُلاَلَةِ مَاجِدٍ مَا كُنْتَ هَتَّاكاً لِحُرْمَةِ مُسْلِمِ

اگرتوشریف اورباعزت خاندان کا فردہوتا توکسی مسلمان کی آبروریزی نہ کرتا

٥ مَنْ يَزْنِ يُزْنَ بِهِ وَلَوْ بِجِدَارِهِ إِنْ كُنْتَ يَاهَذاَ لَبِيْباً فَافْهَمِ

جوزناکریگااسکے یہاں ہوگاچاہےدیوارکی اوٹ میں ہو اےآدمی اگرتوعقلمندہےتواسےاچھی طرح سمجھ لے

---

١۔ **عِفُّوا** : عَفَّ(ض) عَفًّا وعِفَّةً وعَفَافاً وتَعَفَّفَ، حرام یاغیرمستحسن کام سے رکنا، پاک دامن ہونا،صفت مذکر،عَفِيفٌ وعِفٌّ، ج، اَعِفَّةٌ وَاَعِفَّاءُ،مؤنث ، عَفِيفَةٌ وعِفَّةٌ،ج، عَفِيفَاتٌ وعِفَّاتٌ ،عَفَّ عن كذا،باز رهنا، **العِفَّةُ**،مصدر،پارسائی،پاکدامنی۔

٢۔ **الزِّنَا** : يمدّ ويقصر،وطئ المرأة فى قبلها وطياً خالياً من الملك والشبهة (لغة الفقهاء) زَنَى (ض) زِنيً وزِنَاءً،زناکرنا،صفت،زَانٍ،ج، زُنَاةٌ،مؤنث، زَانِيةٌ،ج، زَوَان.

٣۔ **هَاتِكاً** : هَتَكَ (ض) هَتْكاً، السّتر ونحوه، پردہ پھاڑنا،بےعزتی کرنا، هتك الله ستر الفاجر. اللہ بدکارکوذلیل ورسواکرے، هُتك عرشه،اسکی عزت جاتی رہی۔

**حُرَم** : الحُرْمَةُ والحُرُمَةُ، ذمّہ،ہیبت،ہروہ حق اللہ جسکی رعایت لازم ہو،حصہ،باحرمت شئی، حرمة الرجل، بیوی،ج، حُرَمٌ وحُرَمَاتٌ وحُرُمَاتٌ.

٤۔ **سُلاَلَةٌ** : النَّسل والولد، يقال هومن سلالة طيّبة أى من نسل طيّب.

٥۔ **الجدارُ** : دیوار،ج، جُدُرٌ،جج،جُدْرَانٌ. **اللَّبِيبُ** :عقلمند،ج،اَلِبَّاءُ، مؤنث،لَبِيلَةٌ،ج،لَبِيبَاتٌ ولَبَائِبُ.

# مَجْدُ العِلْمِ

**وقال الشافعیؒ ، يصف فضل العلم، ويبيّن أهمية العلم فی رفع مكانة الإنسان :**

١ رَأَيْتُ العِلْمَ صَاحِبُهُ كَرِيمٌ     وَلَوْ وَلَدَتْهُ آبَاءٌ لِئَامُ

میں نے دیکھا کہ حامل علم باعزت ہوتا ہے     اگرچہ اسے کمینے ماں باپ نے جنا ہو

٢ وَلَيْسَ يَزَالُ يَرْفَعُهُ إلى أَنْ     يُعَظِّمَ أَمْرَهُ القَومُ الكِرَامُ

اور ہمیشہ اسے بلندیوں پر پہونچاتا رہتا ہے     یہاں تک کہ شرفاء اسکا حکم تعظیما بجالاتے ہیں

٣ ويَتَّبِعُونَهُ فِی كُلِّ حَالٍ     كَرَاعِي الضَّأْنِ تَتْبَعُهُ السَّوَامُ

اور ہر حال میں اسکی اسطرح اتباع کرتے ہیں     جیسے مویشی چرواہے کی اتباع کرتے ہیں

٤ فَلَوْلا العِلْمُ مَاسَعِدَتْ رِجَالٌ     وَلا عُرِفَ الحَلاَلُ وَلاَ الحَرَامُ

اگر علم نہ ہوتا تو لوگ سعادت کا حصول نہ کر پاتے     اور حلال وحرام میں تمیز بھی نہ رہتی

---

١ـ **لِئَامُ** :اللَّئِيمُ، کمینہ،بخیل، دَنِیٌّ الأصل، بہت زیادہ حریص، ذلیل، ج، لِئَامٌ ولُؤمَاءُ ،لَأماً ولَأَّمَ تَلْئِيماً، الرّجل، کمینگی کی طرف نسبت کرنا،

٣ـ **السَّوَامُ** :السَّائِمَةُ والسَّوَامُ، چرنے والا اونٹ، جانور، ج، سَوَائِمُ.

٤ـ **سَعِدَتْ** : سَعِدَ (س) و سُعِدَ سَعَادَةً ،نیک بخت ہونا،صفت، سَعِيدٌ، ج، سُعَدَاءُ ومَسْعُودٌ، ج، مَسَاعِيدٌ.

# إِخْتِيَارُ الأَصدِقَاءِ

١ صَـدِيُـقُکَ مَـنْ يُـعَـادِي مَنْ تُعَادِي — بِـطُـولِ الـدَّهْـرِ مَـا سَـجَعَ الحَمَـامُ

تیرا دوست وہ ہے جو تیرے دشمن کو دشمن جانے — اس وقت تک جب تک کہ کبوتریاں گاتی رھیں

٢ وَيُـوفِـي الـدَّيـنَ عَـنـکَ بِـغَيْـرِ مَطْلٍ — وَلاَ يَـمُـنُّ بِـهِ أَبَـداً دَوَامُ

اور جو بلا پس و پیش تیرا قرض ادا کردے — اور اسپر کبھی بھی احسان نہ جتائے

٣ فَإِنْ صَـافَـى صَـدِيُـقُکَ مَنْ تُعَادِي — وَيَـفْـرَحُ حِيْـنَ تَـرْشُقُکَ السِّهَـامُ

اگر تیرا دوست تیرے دشمن سے محبت رکھتا ہو — اور تجھ پر دشمن کے تیر چلنے پر خوش ہوتا ہو

٤ فَـذَاکَ هُـوَ الـعَـدُوُّ بِـغَيْـرِ شَکٍّ — تَـجَـنَّـبْـهُ فَـصُـحْـبَـتُـهُ حَـرَامُ

ایسا آدمی یقیناً تیرا دشمن ہے — تو اس سے پرہیز کر اور اسکی صحبت کو حرام سمجھ

٥ فَـإِنَّـا قَـدْسَـمِـعْـنَـا بَيْـتَ شِـعْـرٍ — شَبِيْـهَ الـدُّرِّ زَيَّـنَـهُ الـنِّـظَـامُ

اس لئے کہ ہم نے ایک بہترین شعر سنا ہے — جو قافیہ بندی میں موتیوں کے ہار سے مشابہ ہے

٦ إِذَا وَافٰـى صَـدِيُـقُکَ مَـنْ تُـعَـادِي — فَـقَـدْ عَـادَاکَ وَانْـفَـصَـلَ الـکَلاَمُ

جب تیرا دوست تیرے دشمن سے وفاداری کرے — تو بات ختم ہوگئی وہ تیرا دوست نہیں دشمن ہے

---

١ـ سَجَعَ: (ف) سَجْعاً، الخطيبُ، مقفّٰی کلام بولنا،صفت، ساجِعٌ، سَجَّاعٌ، وسَجَّاعَةٌ، الحمامة، کبوتر کا کوکو کرنا،صفت، سَاجِعَةٌ وسَجُوعٌ، ج،سُجَّعٌ وَسَوَاجِع، النَاقَة،اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا۔

٣ـ صَافٰی : صَافٰی،مُصَافَاةً، فلانا ،خالص محبت کرنا، تَصَافَی ، القوم، بعض کا بعض سے خالص محبت کرنا، الصَفُوُ ،مصدر،خالص محبت، الصَّفوةُ والصُّفوةُ، من كل شيئ، خالص اور عمدہ.

تَرْشُقُکَ : رَشَقَهُ(ن) رَشْقاً، بالسّهُم، تیر مارنا، ببصره، گھور کے دیکھنا، بلسانه،طعن و تشنیع کرنا، کہا جاتا ہے" إيَّاکَ ورشَقات اللّسان" زبان کی طعن و تشنیع سے اپنے آپکو بچاؤ۔

٥ـ النِّظَامُ : نَظَمَ (ض) نَظْماً ونِظَاماً، اللُّؤلُؤَ ونحوه، موتی پرونا۔آراستہ کرنا،مزیّن کرنا. الشيئ إلى الشيئ، ترتیب دینا، کسی چیز کو کسی چیز سے جوڑنا۔

## بِهِمْ غَفْلَةٌ

حدّث أبو الحسن الصابونجی المصری قال ، رأیت قبر أبی عبدالله الشافعیؒ بمصر ،عند رأسه لوح مكتوب علیه:

۱ قَضَیْتُ نَحْبِي فَسُرَّ قَومٌ — حَمْقٰی بِهِمْ غَفْلَةٌ وَنَومُ

میری وفات پر کچھ ایسے لوگ خوش ہو گئے — جو بے وقوف ہیں اور غفلت اور نیند میں پڑے ہوئے ہیں

۲ كَأَنَّ یَومِي عَلَیَّ حَتْمٌ — وَلَیْسَ لِلشَّامِتِیْنَ یَومُ

گویا میری موت کا دن تو یقینی ہے — اور خوش ہونے والوں کی موت کا دن ہی متعین نہیں

## كَفَاكَ تَعْلِیمِی

۱ وَلَقَدْ بَلَوْتُکَ وَابْتَلَیْتَ خَلِیقَتِي — وَلَقَدْ كَفَاکَ مُعَلِّمِي تَعْلِیْمِی

میں آپکو آزما چکا ہوں اور آپ میری طبیعت سے واقف ہیں — اور میرے استاذ کی تعلیم مجھے دوسروں سے مستغنی کر چکی ہے

---

۱ــ نَحْبِی: النَّحْبُ ،مصدر، سخت گریہ، کھانسی، سختی، موت، مدت، وقت، بڑا خطرہ، ہمت، نفس، نیند، موٹاپا، حاجت، دلیل، تیز چال یا آہستہ چال۔ نذر، کہا جاتا ہے۔ ”قَضٰی فُلاَنٌ نَحْبَه، فلاں نے اپنی نذر پوری کی۔ قرآن میں ہے” فَمِنْهُمْ مَنْ قَضٰی نَحْبَه“

۲۔ للشَّامِتَینَ: شَمِتَ (س) شَمَاتاً وَشَمَاتَةً، بفلان، کسی کی مصبت پر خوش ہونا، صفت فاعلی، شَامِتٌ، ج، شُمَّاتٌ اور صفت مفعولی، مَشْمُوتٌ به.

۱۔ بَلَوْتُکَ: بَلاَ (ن) بَلْواً وَبَلاءً، الرجل و ابْتَلاَهُ، کسی کو آزمانا، تجربہ کرنا، امتحان لینا۔
خَلِیقَتِي : الخَلِیقَةُ، طبیعت، مخلوق، فطرت، ج، خلائقُ، الخَلِیقُ، لائق، مناسب، کہتے ہیں، هو خلیق به، وہ اسکے لائق ہے، کامل اخلاق والا، ج، خُلُقٌ.

## بَیْنِی وَبَیْنَ اللّٰه

١ أَجُودُ بِمَوْجُودٍ وَلَوْ بِتُّ طَاوِیاً عَلَى الجُوعِ كَشْحاً وَالحَشَا يَتَأَلَّمُ
میں ماحضر کی سخاوت کرتا ہوں اگر چہ میں رات بھوک کی حالت میں گذاروں اور میرا اندرون دردمند ہو

٢ وَأُظْهِرُ أَسْبَابَ الغِنٰى بَيْنَ رِفْقَتِي لِيَخْفَاهُمْ حَالِي وَإِنِّی لَمُعْدِمُ
اور میں دوستوں کے درمیان اسبابِ غنی کا اظہار کرتا ہوں تاکہ میری تنگدستی ان سے مخفی رہے

٣ بَيْنِی وَبَیْنَ اللّٰهِ أَشْكُو فَاقَتِي حَقِيقاً فَإِنَّ اللّٰهَ بِالحَالِ أَعْلَمُ
اور میں حقیقت حال کا اظہار اللہ تعالیٰ کے سامنے کرتا ہوں کیونکہ وہ تو میرے حال سے بخوبی واقف ہے

---

١ـ **طَاوِیاً**: طَوِیَ (س) طَویً واَطْوٰی، بھوکا ہونا، صفت، طیَّان وطَوٍ وطَاوٍ، مؤنث، طَوِیاً وَطَوِیَّةً، طَاوِیَةً.
**كَشْحاً**: كَشِحَ (س) كَشْحاً، درد پہلو والا ہونا، الكَشْحُ، پہلو کی بیماری، پہلو، ج، كُشُوح.
**الحَشَا**: پسلیوں کے اندر کی چیزیں، پیٹ کے اندر کی چیزیں، ج، اَحْشَاء.
٢ـ **لَمُعْدِمُ**: اَعْدَمَ، اِعْدَاماً، الرَّجل، محتاج ہونا، صفت، مُعْدِمٌ وعَدِیمٌ، ٥، الشیئ، محروم کردینا۔

# الأَسْمَاءُ الحُسْنٰی

١ بِـمَوْقِفِ ذُلِّي دُونَ عِزَّتِکَ العُظْمٰی ۔۔۔ بِـمَـخْـفِـيِّ سِـرٍّ لاَ أُحِيطُ بِـهِ عِلْمَـا

تیری عظیم ذات کے سامنے عجز وانکساری کے اظہار کے ذریعہ ۔۔۔ ان مخفی رازوں کے صدقے جہاں تک میرے علم کی رسائی نہیں

٢ بِـإِطْـرَاقِ رَأْسِـي ،بِـاعْتِرَافِي بِذِلَّتِي ۔۔۔ بِـمَـدِّيَدِي، أَسْتَمْطِرُ الجُودَ والرُّحْمٰی

سر جھکاتے ہوئے ،اپنی ذلت کا اظہار کرتے ہوئے ۔۔۔ دست سوال پھیلا کر رحم وکرم کی التجا کرتا ہوں

٣ بِأَسْمَائِکَ الحُسْنٰی الَّتِی بَعضُ وَصْفِهَا ۔۔۔ لِعِـزَّتِهَـا يَسْتَغْـرِقُ الـنَّثْرَ والنَّظَمَـا

آپکے ان اسماء حسنی کے وسیلے سے جسکی عظمت کے ۔۔۔ تھوڑے سے ذکر میں سارے نظم ونثر ختم ہوجائے

٤ بِـعَهْـدٍقَـدِيـمٍ مِـنْ أَلَسْـتُ بِـرَبِّـکُـمْ ۔۔۔ بِـمَـنْ کَـانَ مَـکْـنُـونـاً فَعُرِّفَ بالأَسْمَا

عہد الست کے اس عہد قدیم کے واسطے سے ۔۔۔ اس عظیم ذات سے جو مخفی تھی اور اسماء حسنی سے جانی گئی

٥ أذِقْـنَـا شَـرَابَ الأُنْسِ يَامَنْ إِذَا سَقٰی ۔۔۔ مَـحِبًّـا شَـرَابـاً لا يُضَـامُ وَلاَ يَظْمَـا

ہمیں بھی شراب محبت پلا اے وہ عظیم ذات ۔۔۔ کہ جسکا پلایا ہوا نہ کبھی رسوا ہوتا ہے نہ پیاسا

---

١۔ **بِمَوْقَفِ ذُلِّی**: التَّذلّل لله عزّ وجلّ.

٢۔ **إِطْرَاقِ رَّاسِی** :کنایة عن الخشوع والخضوع. **أَسْتَمْطِرُ** : اِسْتَمْطَرَ اللّٰه، اللہ تعالی سے بارش مانگنا. **الجُود**: طلب العطاء والکرم. **الرُّحْمٰی** : رقة القلب والانعطاف، الذی یقتضی المغفرة والإحسان، الرَّحْمَة والرُّحْمُ والرُّحْمٰی، نرم دلی.

٣۔ **الأَسْمَاءُ الحُسْنٰی** : هی أسماء اللّٰه المأثورة وعددها تسعة وتسعون إسما منها ماهو اسم ذات، ومنها ما هو اسم صفة، قرآن میں ہے ﴿ولِلّٰهِ الأَسْمَاءُ الحُسْنٰی﴾ حدیث میں آتا ہے " إنّ لِلّٰهِ تسعة وتسعین إسماً،من أحصاها دخل الجنّة ". **النَّثْرُ** :الکلام الجیّد المرسل، بلاوزن ولاقافیة وهو غیر النظم. **النَّظْمُ** : الکلام الموزون وهوخلاف النثر.

٤۔**أَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ** : إشارة إلی الآیة الکریمة،" أَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ ،قَالُوا بَلٰی" (سورة الاعراف: ١٧٢)

٥۔ **الأُنْسِ** : والأُنْسَةُ ، انسیت،مودت،محبت، أَنِسَ (س)وأَنُسَ (ک)وأَنَسَ(ض) أُنْساً وأُنْسَةً وأَنُساً ، مانوس ہونا، به وإلیه، کسی سے محبت کرنا،کسی سے دل لگنا. **یُضَامُ** : ضَامَهُ، ضَیْماً، ظلم کرنا، دباؤ ڈالنا، حقه،کسی کا حق کم کرلینا، الضَّیْمُ، ظلم،ج،ضُیُومُ. **یَظْمأَ** : مخفف یَظْمَأُ ای یعطش.

## كَانَ عَفْوُكَ أَعْظَمَا

حدّث المزنیؒ ، وهو إبراهيم بن إسماعيل بن يحيى قال، دخلت على الشافعیؒ ، فی مرضه الذی مات فيه، فقلت كيف أصبحت؟ قال أصبحت فی الدّنيا راحلا، وللإخوان مفارقا،ولكأس المنيّة شارباً، وعلى اللّه جلّ ذكره واردا، ولاوالله ماأدری روحی تصير إلى الجنّة أم إلى النّار؟ ثم بكى وأنشأ يقول:

١ إِلَيْکَ إِلٰـهَ الخَلْقِ أَرْفَعُ رَغْبَتِي ... وَإِنْ كُنْتُ يَا ذَا المَنِّ وَالجُودِ مُجْرِماَ
بارالہا، آپ ہی کے حضور میں اپنی مرادیں پیش کرتا ہوں ... اے احسان واکرام والے اگر چہ میں خطا کار ہوں

٢ وَلَمَّا قَسَا قَلْبِي وَضَاقَتْ مَذَاهِبِي ... جَعَلْتُ الرَّجَامِنِّي لِعَفْوِکَ سُلَّمَا
اور جبکہ دل سخت اور راہیں تنگ ہو گئیں ... تو میں نے آپکے عفو کی امید کو نجات کی سیڑھی بنایا

٣ تَعَاظَمَنِي ذَنْبِي فَلَمَّا قَرَنْتُهُ ... بِعَفْوِکَ رَبِّي كَانَ عَفْوُکَ أَعْظَمَا
مجھے میرے گناہ بھاری معلوم ہوئے مگر جب اسکا موازنہ ... آپکے عفو سے کیا تو آپکا عفو بے حد بھاری ثابت ہوا

٤ خِفِ اللّٰـهَ وَارْجُهُ لِكُلِّ عَظِيمَةٍ ... وَلاَ تُطِعِ النَّفْسَ اللَّجُوجَ فَتَنْدَمَا
اللہ سے ڈراور مصائب میں اسی سے امید واررہ ... اور گناہ میں ڈوبے نفس کی پیروی نہ کر کہ تجھے پچھتانا پڑے

٥ وَكُنْ بَيْنَ هَاتَيْنِ مِنَ الخَوْفِ وَالرَّجَا ... وَأَبْشِرْ بِعَفْوِ اللّٰهِ إِنْ كُنْتَ مُسْلِماَ
اورخوف ورجا کے درمیان قلب کی کیفیت رکھ ... اور اللہ کی معافی کا امیدواررہ اگر تو مسلمان ہے

٦ فَمَازِلْتَ ذَا عَفْوٍ عَنِ الذَّنْبِ لَمْ تَزَلْ ... تَجُودُ وَتَعْفُو مِنَّةً وَتَكَرُّمَا
آپ پہلے بھی ہمیشہ گناہوں کو معاف فرماتے رہے ... اور آئندہ بھی از راہ کرم وعفو بخشش فرماتے رہینگے

---

١۔ **رَغْبَتِي**: رَغِبَ(س) رَغْباً ورُغباً ورَغْبَةً ورُغْبَاناً، إليه، عاجزی وخواری سے مانگنا، التجا کرنا۔

٢۔ **سُلَّمَا**: السُلَّمُ، سیڑھی، مذکر، مؤنث، ج، سَلاَلِمُ، سَلاَلِيمُ، کسی چیز کی طرف وسیلہ اور سبب۔

٣۔ **تَعَاظَمَنِي** : تَعَاظَمَ، تکبر کرنا، تعاظمه الأمر ، بڑا ہونا، کہا جاتا ہے، هو أمر لا يتعاظمه الأمر، یہ معاملہ سب سے بڑا ہے۔

٤۔ **اللَّجُوج**: اللاَجُّ واللَّجُوجُ واللَّجُوجَةُ والمِلْجَاجُ، بڑا جھگڑالو، لَجَّ (ض س) لَجَجًا و لَجَاجًا وَلَجَاجَةً، ضد سے جھگڑنا، دشمنی میں مداومت کرنا، فی الأمر، لازم ہونا، به الهمّ، غم لگنا، على فلان المسئلة، اصرار کرنا اور فیصلہ میں تیزی کا مطالبہ کرنا۔

٧ فَلَوْلاَکَ لَمْ یَصْمُدْ لِإبْلِیسَ عَابِدٌ فَکَیْفَ وَقَدْ أَغْوَي صَفِیَّکَ آدَمَا

اگر آپکی رحمت نہ ہوتی تو کوئی ابلیس کے مقابل ثابت قدم نہ رہتا اور کیسے رہ پاتا؟ جبکہ اسنے توصفی اللہ آدم کو بھی بہکا یا تھا

٨ فَیَا لَیْتَ شِعْرِي هَلْ أَصِیرُ لِجَنَّةٍ أَهْنَا وَإِمَّا لِلسَّعِیرِ فَأَنْدَمَا

کاش میں جانتا کہ مجھے جنت کی طرف جانا ہےتو خوش ہوتا یا جہنم کی طرف کہ ندامت کرتا

٩ فَلِلّٰهِ دَرُّ العَارِفِ النَّدْبِ إِنَّهُ تَفِیضُ لِفَرْطِ الوَجْدِ أَجْفَانُهُ دَمَا

اللہ اس نیک صفت عارف کا بھلا کرے جسکی پلکیں فرط وجد سے خون کے آنسو بہاتی ہیں

١٠ یُقِیمُ إِذَا مَاالَّیْلُ مَدَّ ظَلاَمَهُ عَلٰی نَفْسِهِ مِنْ شِدَّةِ الخَوْفِ مَأْتَمَا

جب رات تاریکی بڑھاتی ہےتو وہ عارف کھڑا ہوکر شدت خوف سے اپنے آپ پر ماتم کرتا ہے

١١ فَصِیْحاً إِذَا مَاکَانَ فِي ذِکْرِ رَبِّهِ وَفِي مَاسِوَاهُ فِي الوَرَی کَانَ أَعْجَمَا

اپنے رب کے ذکر میں تو وہ فصیح اللسان ہوتا ہے اور ماسوائے رب کی تعریف میں گونگا بن جاتا ہے

١٢ وَیَذْکُرُ أَیَّاماً مَضَتْ مِنْ شَبَابِهِ وَمَاکَانَ فِیهَا بِالجَهَالَةِ أَجْرَمَا

وہ اپنی جوانی کے بیتے دن یاد کرتا ہے اور نادانی کے سبب کئے جرموں کو بھی یاد کرتا ہے

---

٧۔ لَمْ یَصْمُد: لَمْ یَثْبُت، ورد هذا البیت فی اسعاف الراغبین بهذا النص، ”فلولاک لم یسلم من إبلیس عابدٌ.

صَفِیُّکَ : الصَفِيُّ، مخلص دوست، ج، أصفِیاءُ، مؤنث، صَفِیَّة، الصفِيُّ من الغَنِیمَة، مالِ غنیمت کا وہ حصہ جو رئیس اپنے لئے مخصوص کر لے۔

٩۔ النَّدْبُ : مصدر، فضیلتوں کی طرف پیش قدمی کرنے والا، شریف، چست، ذهین، دانا، حاکم، ج، نُدُوبٌ ونُدُبَاءُ، فَرَسٌ نَدْبٌ، تیز گھوڑا۔

١٠۔ المَأْتَمُ: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ اور اسکا اطلاق بیشتر ایسے مجمع پر ہوتا ہے جو اظہار غم کے لئے جمع ہو، ج، مآتِمُ.

۱۳ فَـصَــارَ قَـرِيْـنَ الهَـمِّ طُـولَ نَهَـارِهِ
ان گناہوں کے بسبب دن بھر غمگین رہتا ہے

أَخَـا السُّـهُـدِ والنَّجْوىٰ إِذَا اللَّيْلُ أَظْلَمَا
اور پوری رات رب کے سامنے بیداری اور سرگوشی میں گذارتا ہے

۱٤ يَـقُـولُ حَبِيبِـي أَنْـتَ سُـؤْلِـي وَبُغْيَتِي
کہتا ہے اے حبیب آپ ہی میری منزل ومراد ہیں

كَـفَـىٰ بِكَ لِـلـرَّاجِـينَ سُـؤْلاً وَمَغْنَمَا
امیدواروں کے لئے آپکی ذات کافی کارساز ومددگار ہے

۱٥ أَلَسْــتَ الَّـذِي غَـذَّيْتَنِـي وَهَـدَيْتَنِي
کیا آپ ہی نے مجھے روزی اور ہدایت اسلام نہیں دی؟

وَلاَ زِلْــتَ مَـنَّــانــاً عَـلَــيَّ وَمُـنْعِمَـا
اور آپکے احسان وانعام مجھ پر لازوال نہیں ہیں؟

۱٦ عَسَـى مَـنْ لَـهُ الإِحْسَـانُ يَغْفِرُ زَلَّتِي
امید ہے کہ اسکے احسانات میری لغزشیں معاف فرمادے

وَيَسْتُــرُ أَوْزَارِي وَمَــاقَــدْ تَـقَـدَّمَــا
اور میرے اگلے پچھلے گناہوں کو اسکی رحمت ڈھانپ لے

۱۷ تَـعَـاظَـمَـنِـي ذَنْبِـي فَـأَقْبَـلْـتُ خَاشِعاً
بھاری گناہوں کے احساس کے ساتھ روتے ہوئے حاضر ہوا ہوں

وَلَـولاَ الـرِّضَـا مَـاكُنْتَ يَارَبِّ مُنْعِماَ
اے رب رضا کار پروانہ نہ ملا تو آپکی ذات منعم نہیں

۱۸ فَـإِنْ تَـعْفُ عَـنِّـي تَـعْفُ عَنْ مُتَمَـرِّدٍ
اگر آپ معافی دینگے تو ایک ایسے سرکش وظالم کو

ظَــلُــومٍ غَشُــومٍ لا يَـزَايِـلُ مَـأْثَـمَـا
معافی دینگے جو زندگی بھر گناہوں میں پڑا رہا

---

۷۔ **السُّهُدُ** : والسُّهَادُ، بےخوابی، السُّهُدُ، جاگنے والا، کم نیندوالا، سَهِـدَ (س) سَهْداً وسَهَّدَ، جاگتے رہنا، کم نیندوالا ہونا۔

۱٦۔ **أَوْزَارِی**: الوِزْرُ کی جمع، گناہ، بوجھ، أوزار الحرب، جنگی سامان، وضعت الحرب أوزارها، لڑائی ختم ہوگئی.

۱۸۔ **غَشُوم**: الغَاشِمُ والغُشُوم والغَشَّامُ، غاصب، ظالم، غَشَمَه، (ن،ض) غَشْمًا وتَغَشَّمَه، ظلم کرنا۔

 ديوان الإمام الشافعیؒ

١٩ وَإِنْ تَـنْـتَـقِـمْ مِـنِّـي فَـلَسْـتُ بِـآيِـسٍ
اگرانتقام لیں تو بھی میں آپکی رحمت سے مایوس نہیں
وَلَـو أَدْخَـلُـوا نَـفْسِـي بِـجُرْمٍ جَهَنَّمَا
اگرچہ فرشتے جرم کے سبب مجھے جہنّم میں ڈال دیں

٢٠ فَـجُـرْمِـي عَـظِـيـمٌ مِنْ قَدِيمٍ وَحَادِثٍ
میرے نئے پرانے گناہ بہت زیادہ ہیں اورآپکی معافی
وَعَـفْـوُكَ يَـأْتِي العَبْدَ أَعْلٰى وَأَجْسَمَا
بندے کے پاس اس سے بھی وسیع وعریض بنکر پہونچتی ہے

٢١ حَـوَالَـيَّ فَـضْـلُ الـلّٰهِ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ
مجھے ہر چہار جانب سے فضل خداوندی نے گھیر لیا ہے
وَنُـورٌ مِـنَ الـرَّحْـمٰـنِ يَفْتَرِشُ السَّمَا
اوررحمٰن کا نور یہاں سے آسمان تک پھیلا ہوا ہے

٢٢ وَفِـي القَلْبِ إِشْرَاقُ المُحِبِّ بِوَصْلِهِ
اوردل میں محبوب کے لقاء کی روشنی طلوع ہورہی ہے
إِذَا قَـارَبَ البُشْـرٰى وَجَازَ إِلٰى الحِمٰى
بشارت کو پانے اورسرحد کو پار کرنے کا وقت قریب ہے

٢٣ حَـوَالَـيَّ إِيْـنَـاسٌ مِـنَ الـلّٰـهِ وَحْـدَهُ
میرے اردگرد اللہ وحدہ لاشریک لہ، کی اُنسیت ہے
يُـطَـالِـعُـنِـي فِـي ظُـلْـمَةِ القَبْرِ أَنْجُمَا
جوظلمت قبر میں ستاروں کی طرح نظرآتی ہے

٢٤ أَصُـونُ وِدَادِي أَنْ يُـدَنِّسَـهُ الهَـوٰى
میں محبت الٰہی کوخواہشات کے میل سے بچاتا ہوں
وَ أَحْـفَـظُ عَهْـدَ الـحُـبِّ أَنْ يَتَثَلَّمَـا
اورعہد محبت کوٹوٹنے سے محفوظ رکھتا ہوں

٢٥ فَـفِـي يَقْظَتِي شَوقٌ وَفِي غَفْوَتِي مُنىً
بیداری میں میرااشتیاق اورغفلت میں تمنا
تَلاحَـقَ خَـطْـوٰى نَشْـوَةً وَتَـرَنُّـمَـا
میرے ساتھ مست ومترنّم چلتے رہتے ہیں

٢٦ وَمَـنْ يَـعْتَصِمْ بِاللّٰهِ يَسْلَمْ مِنَ الوَرٰى
جواللہ کی رسّی تھام لےمخلوق سے محفوظ رہتا ہے
وَمَـنْ يَـرْجُـهُ هَيْهَـاتَ أنْ يَتَـنَـدَّمَـا
جواس سے امید لگا تاہے پچھتاوااس سے بہت دوررہتا ہے

---

٢٠ــ **أَجْسَـمَا:** جَسُـمَ (ک) جَسَامَةً، تناورہونا،موٹاہونا،مضبوط ہونا، الأَجْسَمُ، تناوراوربڑا۔صفت، جُسَام، جَسِيم، ج، جَسَامٌ. مؤنث، جُسَامَه، جَسِيمة.

٢٤ــ **يَتَثَلَّمَا:** ثَلَمَ (ض) ثَلْماً وَثَلِمَ (س) ثَلَماً وَتَثَلَّمَ ، رخنہ ڈالنا، الثَّلْمَ، ج، اَثلامٌ وثُلْمَةٌ فی الحائط و نحوہ، شگاف،رخنہ،خلل،ٹوٹی ہوئی جگہ۔

٢٥ــ **غَفْوَتِي:** الغَفْوَةُ، اونگھ،نیندکی جھپکی،غَفَا يَغْفُو ا غَفْواً و غُفُوًّا، اونگھنا،ہلکی نیندلینا۔

# فَضْلُ العِلْمِ

١ العِلْمُ مِنْ فَضْلِهِ لِمَنْ خَدَمَهُ أَنْ يَجْعَلَ النَّاسَ كُلُّهُمْ خَدَمَهُ

علم کا کمال یہ ہیکہ جو بھی اسکا حق ادا کرتا ہے تمام لوگوں کو اس آدمی کا خادم بنادیتا ہے

٢ فَوَاجِبٌ صَوْنُهُ عَلَيْهِ كَمَا يَصُونُ فِي النَّاسِ عِرْضَهُ وَدَمَهُ

صاحب علم پر علم کی حفاظت ایسی ہی ضروری ہے جیسے آدمی لوگوں سے اپنی جان اور عزت کی حفاظت کرتا ہے

٣ فَمَنْ حَوٰى العِلْمَ ثُمَّ أَوْدَعَهُ بِجَهْلِهِ غَيْرَ أَهْلِهِ ظَلَمَهُ

جس شخص نے علم حاصل کر کے اسے حوالے کر دیا اپنی نادانی کے سبب نااہل کو اسنے علم پر زیادتی کی

٤ وَكَانَ كَالمُبْتَنِي البِنَاءَ إِذَا تَمَّ لَهُ مَا أَرَادَهُ هَدَمَهُ

اور وہ اس عمارت بنانے والے کی طرح ہے جو پلان کے مطابق عمارت بنانے کے بعد گرادے

---

٧۔ حَوَى: حَوَى (ض) حَوَايَةً وَحَيًّا الشيئ، جمع کرنا، حَوَّاهُ، حَوِيَّةً، قبضہ کرنا۔

# العِلْمُ فِى غَيْرِ أَهْلِهِ

إنّ الإمام الشافعيؒ لمّا دخل مصر، أتاه أصحاب الإمام مالكؒ،وأقبلوا عليه، فلماّ أن رأوه يخالف مالكاً وينقض،جفوه وتنكّرو له، فأنشأ بقول:

١ أأَنْثُرُ دُرًّا بَيْنَ سَارِحَةِ البَهَمْ ... وَأَنْظِمُ مَنْثُوراً لِرَاعِيَةِ الغَنَمْ

کیامیں چرواہوں کے سامنے موتی بکھیروں ... اور کیامیں بکریاں چرانے والوں کے لئے موتی پروؤں؟

٢ لَعَمْرِى لَئِنْ ضُيِّعْتُ فِي شَرِّ بَلْدَةٍ ... فَلَسْتُ مُضِيعاً فِيهِمُ غُرَرَ الكَلِمْ

بخدا اگر میں بری جگہ میں پورا ضائع کر دیا جاؤوں ... تو بھی میں ان پر اپنا بہترین کلام ضائع نہیں کرسکتا

٣ لَئِنْ سَهَّلَ اللّٰهُ العَزِيزُ بِلُطْفِهِ ... وَصَادَفْتُ أَهْلاً لِلْعُلُومِ وِلِلْحِكَمْ

اگر حق تعالی اپنے لطف سے آسانی پیدا فرمادیں ... اور مجھے علم وحکمت کے اہل لوگ مل جائیں

٤ بَثَثْتُ مُفِيداً وَاسْتَفَدْتُ وِدَادَهُمْ ... وَإِلَّا فَمَكْنُونٌ لَدَيَّ وَمُكْتَتَمْ

تو میں علم نافع کی اشاعت کر کے انکی محبت حاصل کرونگا ... ورنہ وہ علم میرے سینے میں محفوظ و پوشیدہ رہیگا

٥ وَمَنْ مَنَحَ الجُهَّالَ عِلْماً أَضَاعَهُ ... وَمَنْ مَنَعَ المُسْتَوْجِبِينَ فقَدْ ظَلَمْ

جسنے جاہلوں کو علم دیا گویا علم کو ضائع کر دیا ... اور جسنے مستحقین سے علم روکا، یقیناً زیادتی کی

---

١ـ أأَنْثُرُ : نَثَرَ (ن.ض) نَثْراً وِنِثَارًا، الشيئ، بکھیرنا،نثر میں کلام کرنا، نثرت المرأة بطنها، عورت کے بہت بچے ہوئے۔

سَارِحَة: السَّارِحُ، اونٹوں کو چرانے والا، چرواہا، سَرَحَتْ (ف) سَرْحاً وَسُرُوحاً، المَوَاشِى، مویشی کا چرنے کے لئے جانا۔

البَهُمُ: والبَهَمُ والبَهَامُ، گائے، بھیڑ، بکری کے بچے، واحد، البَهْمَةُ والبَهَمَةُ.

٣ـصَادَفْتُ: صَادَفَهُ، ارادہ سے یا اتفاقیہ ملاقات کرنا، تَصَادَفَا، باہم ملاقات کرنا۔

٥ـ المُسْتَوْجَبِيْن : الجديدين اللذين، يستحقون التعلم.

## الجَهلُ يَزْرِي بِأَهْلِهِ

١ مَعَ العِلْمِ فَاسْلُکْ حَيْثُمَا سَلَکَ العِلْمُ ... وَعَنْهُ فَسَائِلْ كُلَّ مَنْ عِنْدَهُ فَهْمُ
علم میں تو بھی آگے بڑھ جیسے جیسے علم آگے بڑھے ... اور علمی سوال کرتا رہ ہر اس آدمی سے جسکے پاس سمجھ ہو

٢ فَفِيهِ جَلاءٌ لِلْقُلُوبِ مِنَ العَمٰی ... وَعَونٌ عَلَی الدِّينِ الَّذِی أَمْرُهُ حَتْمُ
اس سے دلوں سے جہالت کا میل دور ہوتا ہے ... اور دین کے حتمی امور سمجھنے میں مدد ملتی ہے

٣ فَإِنِّي رَأَيْتُ الجَهْلَ يَزْرِی بِأَهْلِهِ ... وَذُو العِلْمِ فِي الأَقْوَامِ يَرْفَعُهُ العِلْمُ
میں دیکھتا ہوں کہ جہالت جاہل کو رسوا کر دیتی ہے ... اور علم صاحب علم کو لوگوں میں سر بلند کرتا ہے

٤ فَأَیُّ رَجَاءٍ فِي امْرِیٍٔ شَابَ رَأْسُهُ ... وَأَفْنٰی شَبَاباً وَهُوَ مُسْتَعْجِمٌ فَدْمُ
پس کیا امید اس آدمی سے جسکا سر سفید ہو گیا ... اور جوانی ختم ہوگئی مگر پھر بھی بے زبان اور احمق ہو

٥ وَهَلْ أَبْصَرَتْ عَيْنَاکَ أَقْبَحَ مَنْظَرًا ... مِنَ الشَّيْبِ لاَعِلْمَ لَدَيْهِ وَلاَ حِلْمُ
تیری آنکھوں نے اس سے زیادہ قبیح منظر دیکھا ہوگا ... کہ ایک آدمی بوڑھا ہو جائے مگر اسکے پاس علم وحلم نہ ہو

٦ وَخَالِطْ رُوَاةَ العِلْمِ واصْحَبْ خِيَارَهُمْ ... فَصُحْبَتُهُمْ نَفْعٌ وَخَلْطَتُهُمْ غُنْمُ
رواۃ علم سے تعلق رکھ اور اھل علم کے ساتھ رہ ... انکی صحبت نافع اور انکا اختلاط مفید ہے

٧ وَلاتَعْدُو عَيْنَاکَ عَنْهُمْ فَإِنَّهُمْ ... نُجُومُ هُدٰی مَامِثْلُهُمْ فِي الوَرٰی نَجْمُ
ان سے بے تعلقی نہ برت اس لئے کہ وہ ... ہدایت کے لاثانی و بے مثال ستارے ہیں

٨ فَوَاللّٰهِ لَوْلاَ العِلْمُ مَافَصَحَ الهُدٰی ... وَلاَ لاَحَ مِنْ غَيْبِ السَّمَاءِ لَنَا رَسْمُ
بخدا اگر علم نہ ہوتا تو ہدایت واضح نہ ہوتی ... اور ہم پر راز ہائے خداوندی کا ایک حرف بھی نہ کھلتا

---

١۔ **فَاسْلُکْ**: سَلَکَ (ن) سَلْکاً وسُلُوکاً، المکان، داخل ہونا، الطریق، راستے کو پکڑے ہوئے چلتے چلے جانا، المَسْلَکُ، راستہ، ج، مَسَالِکُ، المِسْلَک، لڑی۔
٤۔ **فَدْمُ**: الفَدْمُ، کلام میں عاجز بے وقوف، کم عقل، گاڑھے خون والا، ج، فِدَامٌ، مؤنث، فَدْمَة

# قَافِيَةُ النّون

## اِكْرَامُ النَّفُسِ

**قال الإمام الشافعیؒ ، يصف قناعته وصون نفسه عن الهوان:**

١ قَنِعْتُ بِالقُوتِ مِنْ زَمَانِي ... وَصُنْتُ نَفْسِي عَنِ الهَوَانِ

میں نے زندگی میں بقدر کفاف روزی پر قناعت اختیار کی ... اور اپنے نفس کو مال کے خاطر ذلیل ہونے سے بچایا

٢ خَوفاً مِنَ النَّاسِ أَنْ يَقُولُوا ... فَضْلُ فُلاَنٍ عَلَى فُلاَنِ

اس ڈر سے کہ لوگ ایسی باتیں کرنے لگیں ... کہ فلاں شخص کا فلاں پر بڑا احسان ہے

٣ مَنْ كُنْتُ عَنْ مَالِهِ غَنِيًّا ... فَلاَ أُبَالِي إِذَا جَفَانِي

میں جسکے مال سے بے پروار ہا ... اگر وہ مجھ پر جفا کرے تو مجھے کوئی پروانہیں

٤ وَمَنْ رَآنِي بِعَيْنِ نَقْصٍ ... رَأَيْتُهُ بِالَّتِي رَآنِي

جو شخص مجھے حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے ... میں بھی اسکو اسی نظر سے دیکھتا ہوں

٥ وَمَنْ رَآنِي بِعَيْنِ تَمٍّ ... رَأَيْتُهُ كَامِلَ المَعَانِي

اور جو شخص مجھے کمال کی نظر سے دیکھتا ہے ... میں بھی اسے صاحب کمال خیال کرتا ہوں

---

١ـ **القُوتُ**: مايقات به المرأ من طعام أو غذاء ليقيم أوده، ج،اَقْوَات، القُوتُ والقَائتُ گذارے کے لائق خوراک، کہا جاتا ہے "هو فی قائتٍ من العيش".

**الهَوَانُ** : الذُلُّ، هَانَ يَهُونُ هَونًا وهُونًا وهَوَانًا، الرجل،ذلّ وحقر، وفی المثل" إذا عزّ أخوک فهُنْ" ای اذا تعززوتعظّم فتذلل وتواضع، واذا عاسرک فياسِره.

٣ـ **جَفَانِي**: جفا، نباعنه ولم يطمئن إليه وتجافی، تباعد.

# طَلاَقُ الوَالِي

**قال الإمام الشافعیؒ ، في صديق له تولّى إمرة بعض البلاد ، فتغيّرت عاداته عمّا كانت عليه، فكتب إليه الشافعیؒ يقول :**

١ إِذْهَبْ فَوُدُّكَ مِنْ فُؤَادِي طَالِقٌ — أَبَداً وَلَيْسَ طَلَاقَ ذَاتِ البَيْنِ

جامیں نے تری محبت کوطلاق دیکر دل سے نکال دیا ہے — اگرچہ یہ طلاق،طلاق بائنہ نہیں ہے

٢ فَإِنِ ارْعَوَيْتَ فَإِنَّهَا تَطْلِيقَةٌ — وَيَدُومُ وُدُّكَ لِي عَلَى ثِنْتَيْنِ

اگرتو راہ راست پرآجائے تو یہ ایک ہی طلاق رہیگی — اور تیری محبت مابقیہ دوپر باقی رہیگی

٣ وَإِنْ امْتَنَعْتَ شَفَعْتُهَا بِمِثْلِهَا — فَتَكُونُ تَطْلِيقَيْنِ فِي حَيْضَيْنِ

اگر باز نہیں آیا تو ایک کے ساتھ دوسری بھی ملا دونگا — تو یہ دو طلاقیں دو حیض میں ہوجائیگی

٤ وَ إِذَا الثَّلاَثُ أَتَتْكَ مِنِّي بَتَّةً — لَمْ تُغْنِ عَنْكَ وِلَايَةُ ' السَّبِيْنِ '

اور جب تین طلاقیں پوری ہوجائیگی — تو تجھے سبین کی امارت بھی کام نہ آئیگی

---

١ـ **طَلاَقُ ذَاتِ البَيْنِ** : الطلاق الذى لارجعة فيه.

٢ـ **اِرْعَوَيْتَ**: ارعوى عن الأذى و القبيح والجهل، كفّ عنه ورجع.

٣ـ **شَفَعْتُهَا**: شفع الشيئ،ضمّ مثله إليه. **حيضين**: الحيض حاضت المرأة حيضا ومحيضا، سال منهادم الحيض، فهى حائض، وحائضة، ج،حوائض وحُيَّض.

٤ـ **السَّبِين**: السَّيْبُ، حيل من وراء وادى القرٰى يقال له سيبان، والسَّيبُ ايضا كورة من سواد الكوفة وفى تاريخ بغداد، نهر باالبصرة فيه قرية كبيرة، والسيب ايضا بخوازم فى ناحيتها السفلٰى، موضع أو جزيرة.

# العَزَاءُ

**قال الإمام الشافعیؒ ، معزّیاً عبد الرحمن بن مهدی بموت ولده :**

۱ إِنِّـي أُعَـزِّيْکَ لاَ أَنِّـی عَـلَـی طَـمْـعٍ مِـنَ الـخُـلُـودِ وَلٰـکِـنْ سُـنَّةُ الـدِّيْـنِ
میں تعزیت پیش کرتا ہوں مگر خلود کی لالچ میں نہیں بلکہ اس لئے کہ یہ دین اسلام کا طریقہ ہے

۲ فَـمَـا الـمُـعَزِّی بِبَـاقٍ بَعْدَ صَـاحِبِـهِ وَلاَ الـمُـعَـزَّی وَإِنْ عَـاشَـا إِلـی حِيْنِ
نہ تعزیت کنندہ باقی رہنے والا ہے اسکے دوست کے بعد نہ تعزیت کیا جانے والا اگرچہ دونوں اجل مسمّیٰ تک زندہ رہیں

# هَذَا بِذَاكَ

۱ تَـحَـكَّـمُـوا فَاسْتَطَالُوا فِي تَحَكُّمِهِمْ وَعَـمَّـا قَـلِـيـلٍ كَـأَنَّ الأَمْـرَ لَمْ يَكُنِ
لوگ متصرف الامور بنیں مگر زیادتیاں کیں تو چند ہی دنوں میں انکا تسلط ختم ہو گیا

۲ لَـوْ أَنْصَفُوا، أُنْصَفُوا لكِنْ بَغَوْا فَبَغٰی عَـلَيْـهِـمُ الـدَّهْـرُ بِـالأَحْـزَانِ والمِحَنِ
اگر انصاف کرتے تو انصاف پاتے مگر سرکشی کی تو زمانہ نے بھی ان پر آلام ومصائب سے سرکشی کی

۳ فَـأَصْبَـحُـوا وَلِسَـانُ الـحَـالِ يُنْشِدُهُمْ هَـذَا بِـذَاكَ وَلاَ عَـتَـبٌ عَلَـی الـزَّمَنِ
انکا انجام لسان حال یوں بیان کر رہی تھی یہ ظلم کا انجام ہے، زمانہ قابل ملامت نہیں

---

۱۔ **مُعزّیک** : عَـزِی عَـزَاءً، صبـراً حسناً علی ما أصابه، يقال أحسن الله عزائک، ای رزقک الصّبر الحسن، وعزاه صبّرهٗ وسلّاهٗ وأمرهٗ بالصبر، تعزی القوم ،تصبّروا وقالوا " إنّا لِلّٰهِ وإِنَّاإِلَيهِ رَاجِعُون، صفت مذکر، عَزٍ، صفت مؤنث، عَزِيَّة.

۱۔ **المِحْنُ** : المِحْنَةُ، آزمائش، ج، مِـحَنٌ، مَحَن(ف)مَحْناً، فلانا، آزمانا،امتحن، الشیئ، آزمائش کرنا،القول، سوچنا،غور کرنا۔

۳۔ **عَتَبَ**: الـعَتَبُ والعَتَبَةُ، مکروہ امر،شدت،سخت زمین، عَتَـبَ (ن ض) عَتْبـاً عُتُبَـانـاً مَعْتَباً مَعْتَبَةً، عليه، کسی فعل پر سرزنش کرنا،خفگی ظاہر کرنا

# كَيْفَ تَنَالُ العِلْم

١ أَخِـي لَـنْ تَـنَـالَ الـعِلْـمَ إِلَّا بِسِتَّةٍ سَــأُنَبِّيْکَ عَـنْ تَـفْـصِيْـلِهَـابِبَيَـانِ

اے بھائی تو علم حاصل نہیں کرسکتا مگر چھ چیزوں کے ذریعہ میں تجھے وہ تفصیلا بتانا چاہتا ہوں

٢ ذَكَــاءٌ وَحِـرْصٌ وَاجْتِهَـادٌ وَبُـلْـغَةٌ وَصُـحْبَةُ اُسْتَــادٍ وَطُـولُ زَمَـانِ

ذکاوت، علم کی حرص، محنت اور گذارے کا سامان استاذ کی صحبت اور زمانۂ دراز تک حصول علم

**تشــریــح:** مطلب یہ کہ علم کے لئے ذکاوت کا ہونا ضروری ہے، غبی آدمی علم حاصل نہیں کرسکتا، اسی طرح علم کی طلب اور حرص بھی ہو اور پھر سخت محنت کرے، زندگی کی ضروریات میں سے بہ قدر ضرورت مال بھی میسّر ہو، استاذ کی صحبت میں رہ کر علم حاصل کرتا ہو اور علم کے لئے لمبی مدت صرف کرے؛ تو علم میں پختگی آئے گی۔

---

١ـ **ذَكَاءُ :** ذَكـى يَـذْكـى وذَكِـيَ يَـذْكـى وذَكُوَ يَذْكُو ذَكَاءً، نیز خاطر ہونا، صفت، ذكيٌّ، مؤنث، ذكِيَّةٌ، ج، اذْكِياءُ.

٢ـ **بُلْغَةٌ :** الكفاية وماتصل به إلى المراد من غيرزيادة، البُلْغَة، والبَلاَغُ والتَبَلُّغ، گذارہ کی مقدار۔

# وَسُوَاسُ الشَّيَاطِينِ

قال الإمام الشافعیؒ ، إذا رأيت رجلا من أصحاب الحديث، فكانّما رأيت رجلا من أصحاب رسول الله ﷺ، جزاهم الله خيرا، حفظوا لنا الأصل، فلهم علينا الفضل:

۱ كُلُّ العُلُومِ سِوَى القُرآنِ مَشْغَلَةٌ إِلَّا الحَدِيثُ وَعِلْمُ الفِقْهِ فِي الدِّينِ

سوائےقرآن کے جملہ علوم دنیویہ مشغلہ ہیں ہاں مگر علم حدیث اور علم فقہ

۲ العِلْمُ مَا كَانَ فِيهِ قَالَ حَدَّثَنَا وَمَا سِوٰى ذَاکَ وَسُوَاسُ الشَّيَاطِينِ

علم تو وہ ہے جسمیں 'وبہ قال حدّثنا' کا ذکر ہو اسکے علاوہ شیاطین کے وساوس ہیں

**تشــریـح:** امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ جب تم حدیث شریف سے مشغلہ رکھنے والے کسی عالم کو دیکھو تو سمجھو کہ گویا تم رسول اللہ ﷺ کے صحابہؓ میں سے کسی کو دیکھ رہے ہو، اللہ تعالیٰ ان حضرات کو بہترین بدلہ عطا فرمائے کہ انہوں نے ہمارے دین کی اصل کو باقی رکھا ہے، اوران حضرات کا ہم پر اور دین پر بڑا احسان وفضل ہے۔

---

۱۔ **مَشْغَلَةٌ** : كل ما يشغل المرأ عمّا هو أوجب فيضيع فرصة الانتفاع به.

۲۔ **الوَسْوَاسُ**: وَسْوَسَ کا اسم، شیطان، ایک مرض جو غلبۂ سوداء کی وجہ سے پیدا ہوجاتا ہے، دل من جو برائی یا بےنفع بات گذرے اسپر بھی اطلاق ہوتا ہے، ج، وَسَاوِسُ.

# جُنُونُ الجُنُونِ

قال الرّبيع بن سليمانؒ ، كنت عند الشافعیؒ ،فجاء رجل، فكلّمه بكلام، فأنشأ الشّافعیؒ يقول:

١ جُنُونُکَ مَجْنُونٌ وَلَسْتَ بِوَاجِدٍ طَبِيباً يُدَاوِي مِنْ جُنُونِ الجُنُونِ

تیرا جنون پوشیدہ ہے اور تو نہیں پا سکتا کوئی بھی ایسا طبیب جو مخفی جنون کا علاج کر سکے

# سَأَصْبِرُ

١ سَأَصْبِرُ لِلحِمَامِ وَقَدْ أَتَانِي وَإِلَّا فَهُوَ آتٍ بَعْدَ حِينِ

میں موت پر صبر کرونگا جو مجھ سے بہت قریب آ چکی ہے اگر آج نہیں تو تھوڑے عرصہ کے بعد تو آنی ہی ہے

٢ وَإِنْ أَسْلَمْ يَمُتْ قَبْلِي حَبِيبٌ وَمَوتُ أَحِبَّتِي قَبْلِي يَسُونِي

اگر میں بچ گیا تو میرا حبیب پہلے وفات پائیگا اور دوستوں کا پہلے فوت ہونا بھی تو تکلیف دہ ہوتا ہے

---

١۔ **جُنُونُکَ** : جَنَّ (ن) جَنًّا وجُنُوناً، اللّيل، الشيئ وعليه ،ڈھانپنا، چھپانا، الجنين فی الرّحم، بچہ کا رحم میں چھپ جانا، جُنَّ (ن) جَنًّا وجُنُوناً، پاگل و دیوانہ ہونا، صفت، مَجنُونٌ، ج، مَجَانِينُ.

١۔ **الحِمَامُ** : موت. **يَسُونِي** : مخفّف يَسُوءُ نِي أی يُؤذينی ويُؤلمني.

# الصَّمْتُ أَجْمَلُ

١ لاَ خَيْــــرَ فِـــي حَشْـــوِالــكَلاَمِ إِذَا اهْتَــدَيْــتَ إِلٰــى عُيُــونِـــهُ

فضول گفتگو اچھی چیز نہیں ہے اگرچہ تو قادر الکلام ہو

٢ والـصَّـمْــتُ أَجْـمَـلُ بِـالـفَتٰـى مِــنْ مَــنْـطِقٍ فِـي غَيْـرِ حِيْـنِـهُ

شریف آدمی کے لئے خاموشی اچھی ہے بے موقع گفتگو کرنے سے

٣ وَعَــلَـــى الــفَتَـــى لِـطِبَـــاعِـــهِ سِـــمَةُ تَــلُــوحُ عَـلَــى جَبِيــنِـــهُ

اور شریف آدمی کی شرافت کی علامت اسکی پیشانی سے ظاہر ہوجاتی ہے

---

١ـ **عُيُونِه** : عيون الكلام، أفضله وأشرفه.

٣ـ **سِمَةٌ** : العلامة.

**تَلُوحُ**: لَاحَ يَلُوحُ لَوحًا، الشيئ ،وَالَاحَ اِلاَحَةً، الشيئ، ظاھر ہونا،البرق، چمکنا، النّجم،ستارے کا نکلنا روشن ہونا۔

**جَبِيْنِهُ**: الجَبِينُ، پیشانی، پیشانی کی طرف،ج، اَجْبُنُ وجُبُن واَجْبِنَةٌ.

# لُقْمَةٌ تَكْفِينِي

١ رَأَيْتُکَ تَـكْـوِيْـنِـي بِـمَيْسَـمِ مِـنَّةٍ كَـأَنَّکَ كُنتَ الأَصْلَ فِي يَوْمِ تَكْوِينِي

تو مجھے احسان کے آلے سے اسطرح داغ رہا ہے گویا میری پیدائش کا اصل سبب تو ہی تھا

٢ فَـدَعْـنِـي مِنَ الْـمَـنِّ الْـوَخِيمِ فَلُقْمَةٌ مِـنَ الـعَيْشِ تَكْفِينِي إِلٰى يَوْمِ تَكْفِينِي

پس تو مجھ پر بدانجام احسان جتانا چھوڑ دے اس لئے ایک لقمہ روزی کا مجھے کفنانے کے دن تک کافی ہوسکتا ہے

# شَوْقٌ إِلَى غَزَّةَ

قال یاقوت الحموی، بغزة وُلِدَ الإمام أبو عبدالله محمد بن ادریس الشافعیؒ ، وانتقل طفلا إلی الحجاز ،وتعلم هناک ویروی له یذکرها:

١ وَ إِنِّي لَـمُشْتَـاقٌ إِلَى أَرْضِ غَـزَّ ةَ وَإِنْ خَـانَـنِـي بَـعْـدَ التَّـفَرُّقِ كِتْمَانِي

میں ارض غزۃ کا مشتاق ہوں اگر چہ جدائی کے بعد میرے کتمان نے اس اشتیاق سے خیانت کی ہے

٢ سَقَـى الـلّٰـهُ أَرْضـاً لَوْ ظَفَرْتُ بِتُرْبِهَا كَـحَـلْـتُ بِـهِ مِنْ شِدَّةِ الشَّوقِ أَجْفَانِي

اللہ اسے تروتازہ رکھے، اگر اسکی مٹی مجھے مل جائے تو شدت شوق سے اپنی پلکوں کا سرمہ بنالوں

---

١۔ **تكويني** : كَـوَى، يَكْوِی، كيّاً،فلانا، لوہے وغیرہ سے داغ دینا ،کوت العقرب،فلاناً، بچھو کا ڈسنا، کـوانـی بـعینـه، مجھے تیز نظر سے دیکھا۔ **الـمَيْسَمُ** : داغنے کا آلہ،داغ کا نشان،ج، الـمَيَـاسِمُ. **تَكْوينى** : كوَّنَ، تكويناً، الشيئ، کسی چیز کو پیدا کرنا،ایجاد کرنا،نا پیدا کو عدم سے وجود میں لانا۔

٢۔ **الوخِيمُ** : الـردئ، الثـقيل، غيرِ الموافق. **تَـكْفِينى** : كـفـی،يكفِی،كفايةً، الشيئ، کافی ہونا، صفت،کـافٍ، كـفـی الشيئ فلانا، کسی چیز پر قناعت کرنا،دوسری چیز سے بے نیاز ہونا۔ **تَـكْفِينى** : كفَّنَ الميّت، مردہ کو کفن دینا الـمعنی یوم وضعی فی الکفن، یہاں تکوینی اور تکفینی دو دو جگہ الگ الگ معنی میں استعمال ہوا ہے۔لغات میں اس فرق کو واضح کردیا ہے۔

١۔ **غزة** : مـدينة جنوبی فلسطين ، قاعدة قطاع، على ساحل البحر المتوسط، فيها مات هاشم بن عبد مناف جد رسول الله ﷺ وبها قبره، ولذلک تعرف بغزة هاشم ( معجم البلدان).

٢۔ **أجفاني** : الجفن، غطاء العين من أعلاها وأسفلها، ج،أَجْفَانٌ وأَجْفُنٌ وجُفُونٌ.

# النَّصائِحُ الغَالِيَة

١ إِذَا رُمْتَ أَنْ تَحْيَا سَلِيماً مِنَ الرَّدَى | وَدِيْنُکَ مَوْفُورٌ وَعِرْضُکَ صَيِّنُ

اگر تو چاہتا ہیکہ سلامت زندگی گذارے | تیرا دین کامل رہے اور عزت محفوظ رہے

٢ فَلاَ يَنْطِقَنْ مِنْکَ اللِّسَانُ بِسَوْأَةٍ | فَکُلُّکَ سَوءَ اتٌ وَلِلنَّاسِ أَلْسُنُ

تو تیری زبان کوئی برا کلمہ ہرگز نہ بولے | اسلئے کہ تجھ میں بھی عیوب ہیں اور لوگوں کے پاس بھی زبانیں ہیں

٣ وَعَيْنَاکَ إِنْ أَبْدَتْ إِلَيْکَ مَعَائِباً | فَدَعْهَا وقُلْ يَاعَيْنُ لِلنَّاسِ أَعْيُنُ

تیری آنکھیں اگر دوسرے کے عیوب تجھے دکھائے | تو صرف نظر کر اور کہہ کہ اے آنکھ لوگوں کی بھی آنکھیں ہیں

٤ وَعَاشِرْ بِمَعْرُوفٍ وَسَامِحْ مَنِ اعْتَدَى | وَدَافِعْ وَلٰکِنْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ

حسن سلوک کر اور معتدی سے درگذر کر | اور مدافعت کرے تو بہتر طریقہ سے کر

---

١۔ **رُمْتَ** : رام الشيئُ روما ومراماً، أراد وطلب، فهو رامٍ، مَرُومٌ اى مَطلوبٌ.

**الرَّدى** : الهلاک والموت. **المَوْفُور** : مکمل چیز۔ **صَيِّنٌ** : صان يصُونُ صَوْناً وصِيَاناً وصِيانةً، حفاظت کرنا،صفت مفع ، مَصُونٌ، مَصوُونٌ وصَيِّنٌ، محفوظ۔

٢۔ **السَّوْأةُ** : العورة والفاحشة والعمل الشائن،ج، سَوْئَاتٌ، يقال، سوء ة لک، أى قبحا لک.

٣۔ **مُعائباً** : المعابُ والمعابة، عیب،برائی ،ج، معائبُ، عاب، يَعِيبُ عيباً، الشيئ، عیب دار بنانا،صفت فا، عائبٌ، صفت مفع ، مَعِيبٌ، مَعْيُوبٌ.

# تَرْكُ الهُمُومِ

١ سَهِـرَتْ أَعْيُـنٌ وَنَـامَـتْ عُيُـونُ فِـي أُمُـورٍ تَـكُـونُ أَوْلَا تَـكُـونُ
کچھ آنکھیں بیدار رہیں اور کچھ سوگئیں ایسے امور میں جو ہو بھی سکتے ہیں اور نہیں بھی ہو سکتے

٢ فَـادْرَأِ الهَـمَّ مَـا اسْتَـطَعْتَ عَنِ النَّفْسِ فَـحُـمْـلانُکَ الهُـمُـومَ جُـنُـونُ
جتنا ممکن ہو سکے غموں کو دل سے دور رکھ اسلئے کہ غموں کا بوجھ اٹھائے پھرنا پاگل پنا ہے

٣ إِنَّ رَبـاً کَـفَـاکَ بِـالأَمْـسِ مَـا کَـا نَ سَيَـکْـفِيْکَ فِـي غَـدٍ مَـا يَکُـونُ
جو رب گذشتہ دنوں میں تجھے کافی ہو گیا تھا وہ ہی رب مستقبل میں بھی کافی ہو جائیگا

**تشریح:** مطلب یہ کہ بہت سے لوگ بلا وجہ کی فکروں میں پریشان رہتے ہیں، ان سے خطاب ہے کہ امور تکوینیہ سب اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہیں تو بلا وجہ غمگین کیوں رہتا ہے؟ کل جس خدا نے تیرے کام بنائے وہ خدا آئندہ بھی تیری مدد کریگا۔

---

٢۔ **فَأَدْرَأْ** : دَرَأَهُ (ف) دَرْأً وَدُرءةً، زور سے دھکیلنا، ہٹانا۔
**حُملانُک** : حَمَلَ (ض) حَمْلاً، حُملاناً، الشيئ علی ظهره، کسی شئ کو اپنی پیٹھ پر اٹھانا، صفت فا، الحَاملُ، ج، حَمَلَة، حَمَلَة القرآن، قرآن کو حفظ کرنے والے، مؤنث، حَامِلَةٌ، ج، حَوَامِلُ.

# هَوَانُ الطَّمْعُ

١ أَمَـتُّ مَـطَـامِـعِي فَـأَرَحْـتُ نَـفْـسِـي فَـإِنَّ الـنَّـفْـسَ مَـاطَـمِـعَـتْ تَـهُـونُ
میں نے لالچ کو مار کراپنے نفس کوراحت پہونچائی اسلئے کہ نفس جتنی لالچ کرتا ہے اتناہی ذلیل ہوتا ہے

٢ وَأَحْـيَـيْـتُ الْـقُـنُـوعَ وَكَـانَ مَـيْـتـاً فَـفِـي إِحْـيَـائِـهِ عِـرْضٌ مَـصُـونُ
اور میں نے قناعت کوزندہ کیامردہ ہونے کے بعد اسلئے کہ اسکے احیاءہی میں آبروکی حفاظت ہے

٣ إِذَا طَـمَـعٌ يَـحُـلُّ بِـقَـلْـبِ عَـبْـدٍ عَـلَـتْـهُ مَـهَـانَـةٌ وَعَـلاَهُ هُـونُ
جب لالچ کسی بندے کے دل میں گھر بنالیتی ہے تواسپر حقارت غالب آجاتی ہےاورذلت چھاجاتی ہے

**تشریح:** فرماتے ہیں کہ میں نے حرص ولالچ سے میرے من کو پاک کردیا تو مجھے راحت ہوگئی، اس لئے کہ نفس جب تک لالچ کرتا رہتا ہے؛ ذلیل ہوتا رہتا ہے، میں نے طبیعت میں قناعت پیدا کی تو میری عزت بچ گئی، اسلئے کہ جب کسی بندہ کے دل میں طمع آجاتی ہےتو وہ ایسے کام کرتا ہے، جس سے اسکی ذلت ہوتی ہے۔

---

١۔ **مَطَامِعُ** : المَطْمَعُ، جسکی خواہش کی جائے، ج، مَطَامِعُ، طَمِعَ (س) طَمَعاً وطَمَاعاً وطَمَاعِيةً فى الشيئ وبه، حرص کرنا، لالچ، صفت، طَامِعٌ وطَمِعٌ وطُمُعٌ، ج، طَمِعُون وطُمَعَاءُ واَطْمَاعُ.

٢۔ **القُنُوع** : قَنَعَ (ف) قُنُوعاً، عاجزی دکھانا، القَنُوعُ، ج، قُنُعٌ والقَنِيعُ، ج، قُنَعَاءُ، قانع آدمی۔ القَانِعُ، فا، جوکچھ حصہ میں آئے اسپر راضی رہنے والا آدمی، تقدیر پر یا کم چیز پر راضی رہنے والا۔

**العِرْضُ** : موضع المدح والذم عند الإنسان، وما يفتخر به الإنسان من حسب أوشرف، ج، أَعْرَاضُ، يقال هو نقى العِرْض، اى برئ من أن يُشتم أو يُعاب.

٣۔ **يَحُلُّ** : حَلّ (ن، ض) حَلًّا وحللاً وحُلُولاً، المكان، کسی جگہ اترنا، به فى المكان، کسی کو کسی جگہ اتارنا، حلَّ (ض) حِلًّا. الشيئ، کسی چیز کا حلال ہونا، اليمين، قسم پوری کرنا، الرَّجل، احرام سے حلال ہونا۔

# إِحفَظْ لِسَانَکَ

وقال الإمام الشافعیؒ، فی صون اللّسان وکیف یکون إذا لم یحفظ، خطرا علی الإنسان:

١ إِحْفَظْ لِسَانَکَ أَیُّهَا الإِنْسَانُ لاَ یَلْدَغَنَّکَ إِنَّهُ ثُعْبَانُ
اے انسان زبان کی حفاظت کر وہ کہیں تجھے ڈس نہ لے کیونکہ یہ اژدھے کی طرح ہے

٢ کَمْ فِي الْمَقَابِرِ مِنْ قَتِیلِ لِسَانِهِ کَانَتْ تَهَابُ لِقَاءَهُ الأَقْرَانُ
بے شمار ایسے لوگوں کو زبان نے مروا کر قبر میں پہونچا دیا جن سے ملنے سے ہیبت کے مارے ہم زمانہ گھبرایا کرتے تھے

**تشریح:** مطلب یہ کہ زبان اژدہا کی طرح ہے، جو انسان کو سخت نقصان پہونچا سکتی ہے؛ اسکی حفاظت کرنی چاہئے، بہت سے لوگ دنیا میں بارعب تھے؛ لوگ ان سے ڈرتے تھے؛ مگر وہ اپنی زبان کی بے احتیاطیوں کی سزا قبر میں پا رہے ہیں۔

---

١۔ **اللِّسَانُ** : جسم لحمی مستطیل متحرک مثبت فی أقصی تجویف الفم، فیه حاسّة الذّوق ویساعد علی البلع والکلام، ج، أَلْسنُ وأَلْسِنَةٌ ولُسُن ولِسَانَاتُ،لسانُ القوم، قوم کا نمائندہ، لِسانُ الصّدق،اچھی شہرت۔

**یَلْدَغنَّک** : لَدَغ (ف)لَدْغاً وتَلْداَغاً،ڈسنا۔ **ثُعْبَانُ** : اژدھا،مذکر ومؤنث،ج،ثَعَابِینُ.

٢۔ **أَقْرَانُ** : القِرنُ، ہمسر،مقابل،شجاعت یا علم میں نظیر،ج، قُرُونٌ، اَقْرانٌ.

# إِهَانَةُ النَّفْسِ

قال الربيع بن سليمان، كان الشافعیؒ،يملى علينا فی صحن المسجد، فلحقته الشمس، فمرّ به بعض إخوانه فقال ،يا ابا عبدالله أفي الشمس؟ فأنشأ الشافعیؒ يقول، وروى أن ابا يعقوب البويطى قال ، لم أزل أسمع الشافعیؒ يردّد هذا البيت كثيراً:

١ أُهِينُ لَهُمْ نَفْسي لِأُكْرِمُهَا بِهِمْ — وَلاَ تُكْرَمُ النَّفْسُ الّتِی لاَ تُهِينُهَا

میں نفس کومتواضع بناتا ہوں تا کہ وہ لوگوں میں مکرم ہوسکے — اور وہ نفس ہرگز مکرم نہیں ہوتا جسے تو متواضع نہ بنائے

یہ شعر ” آداب الشافعي ومناقبه ‘‘میں اسطرح بھی ذکر ہوا ہے۔

١ أُهِينُ لَهُمْ نَفْسي لِكَی يُكْرِمها — وَلَنْ تَكْرم النفس التی لا تهينها

**تشـــريـــح:** مطلب یہ کہ آدمی جب تواضع کر کے دوسرے کا اکرام کرتا ہے تو پھر اسکا بھی اکرام کیا جاتا ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کے لئے تواضع اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسکو بلند فرماتے ہیں۔

## العَيْبُ فِينَا

١ نُعِيبُ زَمَانَنَا والعَيْبُ فِينَا وَمَا لِزَمَانِنَا عَيْبٌ سِوَانَا
ہم زمانہ کو بدنام کرتے ہیں حالانکہ عیب خود ہم میں ہیں درحقیقت ہمارے سوا زمانہ میں کوئی عیب نہیں ہے

٢ وَنَهْجُو ذَا الزَّمَانَ بِغَيْرِ ذَنْبٍ وَلَوْ نَطَقَ الزَّمَانُ لَنَا هَجَانَا
ہم زمانہ کی ناحق ہجو کرتے ہیں اگر اسے گویائی دی جائے تو وہ بھی ہماری ہجو کرنے لگے

٣ وَلَيْسَ الذِّئبُ يَأْكُلُ لَحْمَ ذِئْبٍ وَيَأْكُلُ بَعْضُنَا بَعْضاً عَيَاناً
بھیڑیا بھیڑیے کا گوشت نہیں کھاتا جبکہ ہم علی الاعلان ایک دوسرے کا گوشت کھاتے ہے

٤ دِيَانَتُنَا التَّصَنُّعُ والتَّرَائِي وَنَحْنُ بِهِ نُخَادِعُ مَنْ يَرَانَا
ہماری دینداری بناوٹ اور ریاکاری ہے اسی کے ذریعہ ہم متعلقین کو دھوکہ دیتے ہیں

٥ لَبِسْنَا لِلخِدَاعِ مُسُوحَ ضَأْنٍ فَوَيْلٌ لِلْمُغِيرِ إذَا أَتَانَا
ہم نے دھوکہ دہی کے لئے اُون کے جبّے پہن رکھے ہیں ایسا غارت گر ہمارے پاس آنے سے پہلے ہلاک ہو

**تشــــریـــح:** مطلب یہ کہ لوگ خوامخواہ زمانے کی طرح برائی منسوب کرتے ہیں کہ بھائی زمانہ بہت برا ہے حالانکہ ساری برائیاں ہمارے اپنے دلوں میں ہیں۔ انسان کی حالت تو اس جانور سے بھی بدتر ہے جو بھیڑیا کہلاتا ہے کہ باوجود جنگلی جانور ہونے کے وہ ایک دوسرے کا گوشت نہیں کھاتے مگر انسان بھائی بھائی کا گلا کاٹتا ہے۔

---

١ـ **الذِّئْبُ** : من الحيوانات الضارية المفترسة المعروفة، كثير الخبث ذو غارات، حاد السَّمع والبصر، سريع العدو، كثير الحذر، يعيش على الجيف وعلى لحوم الحيوانات التى يفترسها، يألف الجبال و الهول والصحارى (الموسوعة فى علم الطبيعة).

٤ـ **التصنع والترائى** : الغش والخداع.

٥ـ **مُسُوحُ** : المِسْحُ، ٹاٹ، بالوں کا کمبل، بالوں کی پوشش، ج، اَمْسَاحُ ومُسُوح.

## عِبَادُ الرَّحمٰنِ

١ إنَّ لِلّٰهِ عِبَاداً فُطَنَا تَرَكُوا الدُّنْيَا وَخَافُوا الفِتَنَا
اللہ کے کچھ عقلمند بندے ایسے ہیں جنہوں نے فتنوں کا اندیشہ کیا اور دنیا کو چھوڑ دیا
٢ نَظَرُوا فِيهَا فَلَمَّا عَلِمُوا أَنَّهَا لَيْسَتْ لِحَيٍّ وَطَنَا
انہوں نے دنیا میں غور کیا اور جب جان لیا کہ دنیا کسی جاندار کا دائمی وطن نہیں ہے
٣ جَعَلُوهَا لُجَّةً وَاتَّخَذُوا صَالِحَ الأَعْمَالِ فِيهَا سُفُنَا
توانہوں نے دنیا کو گہرا سمندر سمجھکر نیک اعمال کو اسمیں سفر کرنے کا سفینہ بنا کیا

**تشریح:** دنیا میں صوفیاء نے یہ بات اچھی طرح سمجھ لی ہے کہ دنیا کسی انسان کا دائمی وطن نہیں ہے، ہر ایک کو مرنا ہے، اور آخرت ہی ہمیشہ کی زندگی ہے، لہذا انہوں نے نیک اعمال کو نجات کا ذریعہ بنایا اور دنیا کے بکھیڑوں سے صحیح سالم نکل گئے۔ واقعی یہی لوگ عقلمند ہیں۔

## فَبَشِّرْهُ

قال الإمام الشافعیؒ، يحدّد أثر العلم فی سيرة الإنسان وخلقه:

١ إِذَا لَمْ يَزِدْ عِلْمُ الفَتٰى قَلْبَهُ هُدىً وَسِيرَتَهُ عَدْلاً وَأَخْلاقَهُ حُسْنَا
جب انسان کا علم قلب کی ھدایت سیرت میں عدل اور اخلاق میں حسن کا ذریعہ نہ بنے
٢ فَبَشِّرْهُ أَنَّ اللّٰهَ أَوْلاهُ نَقْمَةً يُسَاءُ بِهَا مِثْلَ الَّذِی عَبَدَ الوَثَنَا
اسکو بشارت دے دو کہ اللہ نے اسکو ایسا عذاب دیا ہے جسکے نتیجہ میں بت پرستوں جیسی سزا پائیگا

---

١۔ **فُطَنَا** : الفاطنُ والفَطِنُ والفَطِينُ والفُطُونُ والفَطُنُ والفَطْنُ، زیرک، سمجھدار، ج، فُطُنٌ وفُطُن.
٣۔ **لُجَّةً** : معظم الماء حيث لا يدرک قعره، جعلوها لجّة ای جعلوها شبيهة بالبحر.
١۔ **هُدًى** : الرُّشد والصلاح، قال تعالٰی "هُدی للمتّقين". **العَدْلُ** : الإستقامة وضدّ الجور والظّلم وهو اعطاء المرء مالهُ وأخذ ماعليه، قال تعالی "إن الله يأمر بالعدل".
٢۔ **نَقْمَة** : اسم من الانتقام، ای العقوبة، ج، نَقِمٌ. **الوَثَنُ** : التمثال، يعبد، مما يتخذ من الخشب او الحجارة او النحاس او غيرها.

## عَمِيْقٌ بَحْرُهُ

**قال الإمام الشافعیؒ ،يصف اتّساع بحر العلوم:**

١ لَنْ يَبْلُغَ العِلْمَ جَمِيعاً أَحَدٌ ‏ لَا وَلَوْحَاوَلَهُ أَلْفَ سَنَهْ
دنیا کے جملہ علوم کوئی حاصل نہیں کرسکتا ‏ ہرگز نہیں اگرچہ ہزار سال حصول علم میں لگا رہے

٢ إِنَّمَا العِلْمُ عَمِيقٌ بَحْرُهُ ‏ فَخُذُوا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ أَحْسَنَهْ
علم تو ایک عمیق سمندر ہے ‏ اسلئے ہر علم وفن کی خوبیاں حاصل کرلو

**تشریح:** دنیا میں علم ایک وسیع سمندر کی طرح ہے، کسی انسان کے لئے ممکن نہیں کہ وہ ہر علم کو مکمل حاصل کر سکے، چاہے ہزاروں سال محنت کرتا رہے، البتہ مختلف علوم میں جو علوم اچھے اور نافع ہوں اس کو حاصل کر لینا چاہئے۔

---

١۔**حَاوَلَهُ** : حاولهُ مُحَاوَلَةً وحِوَالاً، کسی سے کوئی شئ حیلہ سے طلب کرنا، الشيئ، ارادہ کرنا، حیلہ سے طلب کرنا۔

# الصَّبرُ جُنَّةٌ

١ لا تَحْمِلَنَّ لِمَنْ يَمُنُّ مِنَ الأَنَامِ عَلَيْكَ مِنَّةْ
لوگوں میں جو احسان جتانے والا ہو اسکے احسان کا بوجھ اپنے اوپر نہ اٹھا
٢ وَاخْتَرْ لِنَفْسِكَ حَظَّهَا واصْبِرْ فَإِنَّ الصَّبْرَ جُنَّةْ
اپنے لئے تقدیر کے حصے پر راضی ہو جا اور صبر اختیار کر اسلئے کہ صبر ڈھال ہے
٣ مِنَنُ الرِّجَالِ عَلٰى القُلُوبِ أَشَدُّ مِنْ وَقْعِ الأَسِنَّةْ
لوگوں کا احسان اٹھانا غیرتمند قلوب پر نیزوں کی ضرب سے زیادہ بھاری ہوتا ہے

**تشریح:** لوگوں کا احسان اٹھانے سے بہتر ہے کہ جو اپنے نصیب میں ہے اسی پر قناعت کرے اور صبر کرے؛ صبر بمنزلہ ڈھال ہے۔
لوگوں کا احسان شریف انسان کے لئے نیزہ کی تکلیف سے کم نہیں ہے۔

---

١۔ **يَمُنُّ** : مَنَّ (ن) مَنًّا ومِنَّةً عليه بماصنع، احسان جتانا۔ المِنَّةُ، احسان، ج، مِنَنٌ المَنَّانُ، الفخور بعطيته على من اعطى حتى يفسد عطائه.
٢۔ **جُنَّةٌ** : پردہ، ج، جُنَنٌ والمِجَنُّ والمِجَنَّةُ، ہتھیاروں سے بچاؤ کی چیز، ڈھال، ج، مَجَانٌ.
٣۔ **الأسِنَّةُ** : السِّنَانُ، نیزے کا پھل، ج، اَسِنَّةٌ ، السِنَّةُ دوطرفہ کلہاری۔

# مَا شِئْتَ كَانَ

إرادة اللّٰه هی الماضية، وحكمه النّافذ، يعلم منذ أن خلق النّاس ماسوف يصيبون، وما سيكون عليه أمرهم،قال المزنیؒ ،أنشدنی الشافعیؒ لنفسه:

١ مَـــاشِـئْـتَ كَـــانَ وَإِنْ لَـمْ أَشَـــأْ — وَمَـاشِـئْـتُ إِنْ لَـمْ تَشَـأْ لَـمْ يَـكُـنْ

اے مولیٰ آپکا چاہا ہوا ہوکر رہتا ہے چاہے میں نہ چاہوں — اور میری چاہت اگر آپکی مشیت نہ ہوتو پوری نہیں ہوسکتی

٢ خَـلَـقْـتَ الـعِبَـادَ لِـمَـا قَدْ عَلِمْـتَ — فَـفِـي الـعِـلْـمِ يَـجْرِي الفَتَى والمُسِنّْ

آپنے بندوں کوجس کام کے لئے پیدا کیاہے آپ جانتے ہیں — آپکےعلم کے مطابق ہی بوڑھےاور جوان چل رہے ہے

٣ فَـمِـنْـهُـمْ شَـقِـيٌّ وَمِـنْـهُـمْ سَـعِـيـدٌ — وَمِـنْـهُـمْ قَبِيـحٌ وَمِـنْـهُـمْ حَسَـنْ

انمیں کوئی بد بخت ہےتو کوئی نیک بخت — اورانمیں کوئی خوبصورت ہےتو کوئی بدصورت

٤ عَـلَـى ذَا مَـنَـنْـتَ وَهَـذَا خَـذَلْـتَ — وَذَاکَ أَعَـنْـتَ وَذَا لَـمْ تُـعِـنْ

کسی پرآپنے احسان فرمایااورکسی کونا کام کیا — کسی کی مدد فرمائی اورکسی کی مدد نہیں فرمائی

---

٢ـ المُسِنُّ : السِنُّ، عمر،مؤنث،ومنه فلان حديث السنّ،وہ نوعمر ہے، وفلان كبير السنّ، وہ بڑی عمر کا ہے، ومنه المُسِن، من الدوابِّ، بوڑھاجانور،ج، مَسَانُّ.

٣ـالشَّقِيُّ : البائس، نقيض السّعيد. ذو العسر والشدة ،ج، اَشْقِيَاءُ .

السَّعِيدٌ : نقيض الشقی الموفّق والمبارک،ج، سُعَداءُ.

# مِنْ أَقْوَی الفِطَنْ

**قال الإمام الشافعیؒ، أرفع الناس قدرا من لایری قدره، وأکثرهم فضلا من لا یری فضله:**

١ لاَیَکُنْ ظَنُّکَ إِلَّاسَیِّئًا — إِنَّ سُوءَ الظَّنِّ مِنْ أَقْوَی الفِطَنْ

تیرا اپنے نفس کے بارے میں گمان برا ہی ہونا چاہئے — یقیناً اپنے بارے میں بدگمانی اعلی درجہ کی سمجھداری ہے

٢ مَارَمَی الإِنْسَانَ فِي مَخْمَصَةٍ — غَیْرُ حُسْنِ الظَّنِّ والقَولِ الحَسَنْ

انسان مخمصۃ میں مبتلا نہیں ہوتا ہے — مگر حسن ظن اور قول حسن سے

**تشریح:** انسان کو اپنے نفس پر بھروسہ نہیں کرنا چاہئے، اس لئے کہ نفس ہمیشہ دھوکہ دیتا ہے؛ امام شافعیؒ اسی لئے فرماتے ہیں کہ اپنے نفس سے بدگمانی کرتے رہو، اسی میں خیر ہے۔

---

١۔مَخْمَصَةٍ : خَمَصَهُ، خَمْصاً و خُمُوصاً و مَخْمَصَةً، الجُوع، بھوک کا کسی کو دُبلے پیٹ والا کردینا، خَمِصَ (س) خَمْصاً و خُمُوصاً وَمَخْمَصَةً، پیٹ کا خالی ہونا، دبلا ہونا۔

## إِرْجِعْ إِلٰی رَبِّ العِبَادِ

١ زِنْ مَـنْ وَزَنْـتَ بِـمَـا وَزَنْـــ ـكَ وَمَـا وَزَنْكَ بِـهِ فَزِنْـهُ
تو بھی لوگوں کا ایسا وزن کر (برتاؤ کر) جیسا انہوں نے تیرا وزن کیا (تیرے ساتھ برتاؤ کیا)

٢ مَـنْ جَـاءَ إِلَيْكَ فَـرُحْ إِلَيْـهِ وَمَـنْ جَـفَـاكَ فَـصُـدَّ عَـنْـهُ
جو تیرے پاس آئے تو بھی اسکے پاس جا اور جو تجھ سے منھ موڑے تو بھی اس سے اعراض کر

٣ مَـنْ ظَـنَّ أَنَّكَ دُونَـهُ فَـاتْـرُكْ هَـوَاهُ إِذَنْ وَهِـنْـهُ
جو تجھے اپنے سے کمتر سمجھے اسکی محبت چھوڑ دے اور پروانہ کر

٤ وَارْجِـعْ إِلَـى رَبِّ الـعِبَـا دِ فَـكُـلُّ مَـا يَـأْتِيكَ مِـنْـهُ
اور بندوں کے رب کی طرف رجوع کر کیونکہ سارے فیصلے وہیں سے ہوتے ہیں

**تشـــریــح:** امام شافعیؒ مذکورہ اشعار میں آدمی کوعزت نفس کی حفاظت اور غیرت کی طرف ابھارتے ہوئے فرماتے ہیں کہ آدمی کولوگوں کے ساتھ برابری والا برتاؤ کرنا چاہئے، برے آدمی کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا کبھی کبھی اسکی برائی میں اضافہ کرتا ہےاور اچھے اخلاق سے پیش آنے والے کواسکی نظر میں کمتر بنادیتا ہے۔ اگر ایسے لوگوں کے بیچ رہنا پڑے تو احتیاط سے کام لینا چاہئے تاکہ آدمی عزت نفس کی حفاظت کرسکے۔

---

٢۔ **فَرُحْ** : رَاحَ (ن) رَوْحاً، شام کے وقت آنا جانا یا کام کرنا، مطلق جانا۔
**فَصُدَّ** : صَدَّ (ن،ض) صَداً وصُدُوداً، عنه، اعراض کرنا، مائل ہونا، صفت ،صادٌ ،ج، صُدَّادٌ.
**هِنْهُ** : هَانَهُ، ذَلَّهُ، اِحتَقَرهُ.

# الإِحْسَانُ

١ إِذَا هَبَّتْ رِيَاحُكَ فَاغْتَنِمْهَا — فَعُقْبٰى كُلِّ خَافِقَةٍ سُكُونُ

جب تیری ہوائیں چلیں (دور ہو) تو اسکو غنیمت سمجھ — اسلئے کہ ہر اضطراب کا انجام سکون ہوتا ہے

٢ وَلَا تَغْفَلْ عَنِ الإِحْسَانِ فِيهَا — فَلَا تَدْرِي السُّكُونُ مَتَى يَكُونُ

اچھے حالات میں احسان کرنے سے غافل نہ رہ — نہ جانے کب یہ حالت بدل جائے

٣ وَإِنْ دَرَّتْ نِيَاقُكَ فَاحْتَلِبْهَا — فَمَا تَدْرِي الفَصِيلُ لِمَنْ يَكُونُ

جب تک اونٹنی دودھ دیتی رہے تو دوہ — نہ جانے اونٹنی کا بچہ کس کا ہو؟

**تشریح:** مطلب یہ ہے کہ جب تمہارے پاس مال دولت ہو اور وسعت کی ہوائیں چل رہی ہوں، تو اس وقت کو غنیمت سمجھ لو، اس لئے کہ ہر طوفان کے بعد سکون ہوتا ہے، حالات بدلتے ہیں معلوم نہیں، اچھی حالت کب لوٹ جائے اور دائمی سکون ہو، اس لئے احسان سے غافل نہ ہونا چاہئے۔

---

١۔ **هَبَّتْ** : (ن) هُبُوباً وهَبِيباً، الريح، ہوا کا چلنا، النّجم، ستارے کا طلوع ہونا۔

**عُقْبٰى** : کام کا بدلہ، ہر چیز کا آخر، آخرت۔ **خَافِقَةٍ** : خَفَقَ (ن،ض) خَفْقاً، حرکت، اضطراب وخُفُوقاً وخَفَقَاناً، الفؤادَ، دل کا ڈھڑکنا، الراية، جھنڈے کا ہلنا، البرق، بجلی کا کوندنا، الطائر، پرندے کا اڑنا۔

٣۔ **دَرَّتْ** : دَرَّ اللَّبَن، اجتمع فی الضرع و کنز.

**نِيَاقُكَ** : الناقة، اونٹنی، ج، نِيَاقٌ وَنَاقَاتٌ وأَنْوَاقٌ وَأَنْيُقٌ، جج، أَيَانِقُ وَنِيَاقَاتٌ.

**فَاحْتَلِبْهَا** : حَلَبَ (ن،ض) حَلْباً وَحِلَاباً، الشّاة، بکری وغیرہ کا دوہنا، فاعل، حَالِبٌ، ج، حَلَبَةٌ، کہا جاتا ہے، حَلَبَ الدَّهر أَشْطُرَهُ، زمانے کی بھلی باتوں کو خوب آزمایا، حَلَبْتَ بِالساعد الاشدّ تو نے مضبوط آدمی سے مدد لی۔

**الفَصِيلُ** : اونٹنی یا گائی کا وہ بچہ جو ماں سے علیحدہ ہو گیا ہو، شہر پناہ کے سامنے چھوٹی دیوار، ج، فِصَالٌ وفُصْلَانٌ.

# جَامِعُ المَالِ

**يحثّ الإمام الشافعیؒ ،على عمل الخير فى الدّنيا ونحن فى أوج عزّتنا وقوّتنا ، لا أن نعمل الخير قبيل وفاتنا بقليل، أو نحن على فراش المرض والنّزع:**

١ يَا جَامِعَ الـمَـالِ تَـرْجُو أَنْ تَفُوزَ بِهِ　　كُلْ مَـاأَكَلْـتَ وَقَـدِّمْ لِلْـمَوازِينِ

اے مال کے حریص تو مال سے کامیابی چاہتا ہے؟　　کھا سکے اتنا کھالے اور مابقیہ میزان عمل میں بھیج دے

٢ وَلاَ تَـكُـنْ كَـالَّـذِى قَـدْ قَالَ إِذحَضَرَتْ　　وَفَـاتُـهُ،ثُـلْـثُ مَـالِـى لِلْمَسَـاكِينِ

اور اس آدمی کی طرح نہ بن جو مرتے وقت کہے　　میرا تہائی مال مساکین کے لئے صدقہ ہے

# إِنْ شِئْتَ أَنْ تَحْيٰ غَنِياًّ

١ إِذَا شِئْتَ أَنْ تَـحْيـا غَنِيـاًّ فَلاَ تَكُنْ　　عَـلَـى حَـالَةٍ إِلاَّ رَضِيْـتَ بِـدُونِهَـا

اگر تو شأن بے نیازی سے زندگی گذارنا چاہتا ہے　　تو موجودہ حال سے ادنی حال زندگی پر بھی راضی ہوجا

---

**١۔ المَوَازِينُ** : المِيزَانُ، ترازو،مقدار،انصاف،ج،المَوَازِينُ وَهنا ثقل الحسنات يوم الحساب.

# حُبُّ العَجُوزِ

**كتب رجل رقعة يستفتى بها الإمام الشافعیؒ :**

١ مَــاذَاتَـقُـولُ هَـدَاكَ الـلّٰــه فِي رَجُلٍ    أَمْسَى يُـحِـبُّ عَـجُوزًا بِنْتُ تِسْعِينِ

آپ کیا فرماتے ہیں اللہ آپکی رہبری فرمادے    اس مرد کے بارے میں جو نوے سالہ بوڑھی سے محبت کرتا ہے

**فأجابه الإمام الشافعیؒ:**

٢ نَبْكِــي عَـلَيْــهِ فَـقَـدْ حُقَّ الْبُـكَـاءُ لَـهُ    حُبَّ الـعَـجُـوزِ بِتَرْكِ الْخُرَّدِالعِين

ہم اس پر روئینگے اسلئے کہ وہ اسکا مستحق ہوگیا ہے    باکرہ حسینہ کو چھوڑ کر بوڑھی سے محبت کرنے کی وجہ سے

---

١ــ **عَـجُوزاً** : عَـجَـزَتْ (ن) وَعَـجُـزَتْ (ک) عُـجُـوزاً، المَرْأَةُ ، عورت بوڑھی ہوگئی، العَـجُوزُ، بڑھیا، ج،عُجُزٌ وَعَجَائِزُ ، رجل عَجُزٌ وَعَجِزٌ، عاجز مرد، کہتے ہیں هو عُجْزَةُ ابیه ،وہ اپنے باپ کا آخری لڑکا ہے۔

**الخُرَّدُ** : خَـرِدَتْ(س) خَرُداً وتَخَرَّدَتْ، الجارية ،لڑکی کا باکرہ ہونا،دوشیزہ ہونا، الـخَرِيدُ والخَرِيْدَةُ والخَرُودُ، باکرہ لڑکی،شرمیلی اورزیادہ خاموش رہنے والی لڑکی، لُؤلُؤٌ خَرِيدٌ، ناسفتہ موتی۔

**العِينُ** : نُـجْـلُ العيون، حسانها، قال تعالیٰ "قاصرات الطرف عِين" " وَزَوَّجْنَاهُمْ بِحُورٍ عِينٍ " قرنّاهم بنساء بيض مخلوقات فی الجنة واسعات الاعين، حسانها.

# البِرُّ والإِيمانُ

١ يَـامَـنْ تَـعَـزَّرَ بِـالـدُّنْيَـا وَزِيـنَتِهَـا ... الـدَّهْـرُ يَـأتِـى عَـلَـى المَبْنِىِّ والبَانِي

اے وہ آدمی جو دنیاوی زینت کوعزت کا سبب مانتا ہے ... حوادثات زمانہ مکان ومکیں دونوں کو ہلاک کردیگا

٢ وَمَـنْ يَـكُـنْ عِـزُّهُ الـدُّنْيَـاوزِيـنَتُهَـا ... فَـعِــزُّهُ عَـنْ قَـلِيــلٍ زائِـلٌ فَــانِـي

جسکی عزت دنیوی زیب وزینت سے ہو ... سواسکی عزت عنقریب فنا ہو جائیگی

٣ وَاعْـلَـمْ بِـأَنَّ كُـنُوزَ الأَرْضِ مِنْ ذَهَبٍ ... فَـاجْـعَـلْ كُـنُـوزَكَ مِـنْ بِرٍّوَ إيمَانِ

اور جان لے کہ دنیاداروں کا خزانہ سونا چاندی ہے ... مگرتو بھلائی اور ایمان کو اپنا خزانہ بنا

---

١ـ **تَعَزَّرَ** : قوی، ای یا أیها الإنسان الذی قویت بالدَّنیا الفَانِیَة.

**المَبْنِیّ** : بَنٰی(ض) بِناءً وَبُنْیَاناً وبِنیَةً وَبِنَایَةً، البیت، گھرتعمیرکرنا، الأرض، زمین آبادکرنا۔

**البانی**: فاعل، ج، بُناةٌ والبَنَّاءُ ،معمار، ج، بَنَّائُونَ.

٣ــ **الـذَّهَبَ** : مذکرومؤنث، معـدن نـفیـس اصـفـر بـرّاق لا یَتَـأثر بالماء والهواء والحوامض، یستعمل فی صنع الحلی ولصک النقود الذهبیة.

**الإیمانُ** : نَقیض الکفر. والتصدیق بالقلب والاقرار باللّسان. **البِرَّ** : الإحسان.

# سَمِيعُ الدُّعَاء

**قال الإمام محمد بن إدريس الشافعیؒ، فی الدّعاء:**

| | |
|---|---|
| ۱ يَـا سَـمِيْـعَ الـدُّعَـاءِ كُـنْ عِنْدَ ظَنِّي | وَاكْـفِـنِـي مَـنْ كَـفَيْتَـهُ الشَّـرَّ مِنِّي |
| اے دعاؤں کو سننے والے میرے ساتھ میرے گمان جیسا معاملہ فرما | اور میری طرف سے لوگوں کی شرارت کے لئے کافی ہوجا |
| ۲ وَ أَعِـنـيِّ عَـلَـى رِضَـاكَ، وخِـرْلِي | فِـي أُمُـورِي، وَعَـافِـنِي وَأعْفُ عَنِّي |
| تیری رضا کے اعمال پر میری مدد فرما اور میرے لئے اچھے | امور کا انتخاب فرما، عافیت عطا فرما اور درگذر فرما |

---

۱۔ **الدُّعَاء** : الطّلب من الله تعالى مع التّذلّل والخضوع، قال رسول الله ﷺ " الدُّعاء مُخُّ العبادة". **السَّميعُ** : من أسماء اللّٰه الحُسنٰى، يقول الشاعر العربى فى دعاء بإسم السميع :

| | |
|---|---|
| يـا سـامـعـا فـى اللّـيلة الظّـلـماء | صـوت دبيـب الـنّـملة السوداء |
| تَـدبّ فـوق الـصـخـرة الـصـمّـاء | أنـت السّـميع هـامـس الـدُّعـاء |
| تـدعـو بـه الـقـلـوب فـى الـخـفـاء | مـن غيـر مـاصـوت ولا أصـداءِ |

۲۔ **خِرلِي** : خَارَ (ض)خَيْرَة وَخِيْرَةً وخِيراً وَخَيَّرَ الشيئ على غيره، ایک شئی کو دوسرے پر فضیلت دینا، برتری دینا۔ اللّٰهم خِرْلِي، اے اللہ میرے لئے دونوں امور میں سے بہتر کا انتخاب فرما۔

# قَافِيَةُ الهاء

## الأُسُودُ والكِلاَبُ

١ سَأَتْرُكُ حُبَّكُمْ مِنْ غَيْرِ بُغْضٍ — وَلاَ أَرْضى مُقَارَنَةِ السَّفِيهِ
میں بغیر ناراضگی کے تمہاری محبت ترک کردونگا — کیونکہ مجھے بےوقوفوں کی دوستی پسند نہیں

٢ وَتَحْتَرِمُ الأُسُودُ وُرُودَ مَاءٍ — إِذَا كَانَ الكِلاَبُ وَلَغْنَ فِيهِ
شیراس گھاٹ پر پانی نہیں پیتا — جہاں کتے منھ ڈالتے ہوں

٣ إِذَا دَبَّ الدَّبِيبُ عَلَى طَعَامٍ — سَأَتْرُكُهُ وَقَلْبِى يَشْتَهِيهِ
جس کھانے پر چھوٹے کیڑے رینگنے لگے — میں خواھش کے باوجود وہ نہیں کھاتا

٤ إِذاَ شَرِبَ الأَسَدُ مِنْ خَلْفِ كَلْبٍ — فَهَاذَاكَ الأَسَدُ لاَ خَيْرَ فِيهِ
جب شیر کتے کا جھوٹا پینے لگے — تو وہ شیر شیر نہیں رھتا

---

١۔ **المُقَارَنَةُ** : قَرَنَ (ض) قَرْناً، الشيئ بالشيئ، ایک چیز کودوسرے سے متصل کرنا، باندھنا، الثورین، بیل جوتنا، البعیرین، ایک رسی میں دواونٹ باندھنا، قارَنُ، مُقَارَنَةً وَقِرانَاً، کسی کے ساتھ کرنا، متصل کرنا۔ القَرِينُ، متصل، مصاحب، قبیلہ، خاوند، نفس، ج، قُرناءُ۔

٢۔ **الوُرُود** : وَرَدَ يَرِدُ وُرُوداً، الماء، پانی پرآنا یاپہونچنا، صفت، وَارِدٌ، وَفِى القُرْآن الكريم "فَلَمَّا وَرَدَ ماءَ مَدْيَنَ.

٣ــ **دَبّ الدّبِيبُ** : دَبَّ (ض) دَبّاً ودَبِيباً، سانپ کی طرح رینگنا یا بچہ کی طرح ہاتھ پیروں پر گھسٹنا۔ الدَّبِيبُ، ہر رینگنے والا چھوٹا کیڑا۔

# قَافِيَةُ الألف المقصورة

## حَيَاةُ الاَشْرَافِ واللِّئَامِ

١ أَرَى حُمُراً تَرْعٰى وَتُعْلِفُ مَاتَهْوٰى ۔۔۔ وأُسْداً جِيَاعاً تَظْمَأُ الدَّهْرَ لاَ تُرْوٰى

میں دیکھتا ہوں کہ گدھوں کو پسندیدہ چارہ مل جاتا ہے ۔۔۔ اور شیر زر زندگی بھر بھوکے پیاسے رہتے ہیں

٢ وَأَشْرَافَ قَوْمٍ لاَيَنَالُونَ قُوتَهُمْ ۔۔۔ وَقَوماً لِئَاماً تَأْكُلُ المَنَّ والسَّلْوٰى

شرفاء قوم کو قوت لایموت میسّر نہیں ۔۔۔ اور کمینے من وسلوی کھاتے ہیں

٣ قَضَاءٌ لِدَيَّانِ الخَلاَئِقِ سَابِقٌ ۔۔۔ وَلَيْسَ عَلَى مُرَّ القَضَا أَحَدٌ يَقْوٰى

یہ حاکم خلائق کا فیصلہ ہے جو ہو چکا ہے ۔۔۔ اور تقدیر کا تلخ فیصلہ کوئی بدل نہیں سکتا

٤ فَمَنْ عَرَفَ الدَّهْرَ الخَؤُونَ وَصَرَفَهُ ۔۔۔ تَصَبَّرَ لِلْبَلْوٰى وَلَمْ يُظْهِرِ الشَّكْوٰى

جو زمانہ کے انقلابات وتصرفات کو پہچانتا ہے ۔۔۔ وہ حوادثات پر صبر کر لیتا ہے اور شکایت نہیں کرتا

---

١۔ **حُمُراً** : المفرد، الحمار، حيوان داجن اصغر من الفرس فصيلة الخيليّات تخدم للحمل والرّكوب ،هادئ ،صبور، بطئ في سيره، جبان في خلقه، ج،حَمِيْرٌ، حُمُرٌ، المُؤنّث، حِمَارَة وأتَانٌ، التَصغير، حُمَيْرٌ، كنيته أبو صابر وأبو زياد (حياة الحيوان الكبرٰى) . **تَعْلِفُ**: عَلَفَ (ض) عَلْفاً وعَلَّفَ واَعْلَفَ، الدَّابَة، جانور کو چارہ دینا، العَلِيفُ والعَلُوفَةُ،صرف چارہ کھانے والا۔

٢۔ **قُوتَهُمْ** : القُوتُ، مايقوم به بدن الإنسان من الطعام. **اللِّئَامُ** : لؤم فلان لؤما ولآمة، دنوأصله وشحّت نفسه فهو لئيم. **المَنُّ والسَّلْوٰى** : نعمة الله تعالىٰ من رزق وهو الذى أنزله الله تعالى على بنى اسرائيل بوجه عجيب في التّيه، يقول تعالىٰ " وَاَنْزَلْنَاعَلَيْكُمُ المَنَّ السَّلْوٰى"

٣۔ **الدَّيَّانُ** : من أسماء الله الحسنى، وهو القهّار والمجازى بالخير والشر.

٤۔ **الخَئُون** : خان (ن) خَوْناً وخِيَانَةً وَمَخَانَةً وَخَانَةً في كذا، امانت میں خیانت کرنا،خانة الدّهر ، زمانہ کا کسی کی حالت کو فراخی سے تنگی میں تبدیل کرنا،صفت، خائنٌ، ج،خُوَّانٌ ، الخَئُون والخَوَّانةُ، بڑا خائن۔ **الشَّكْوٰى** : مايشكى منه، والتوجّع من ألم وغيره، ج، شكاوٰى.

# قَافِيَةُ اليَاءِ

## أَعْرِضْ عَنِ الجَاهِلِ

١ أَعْـرِضْ عَـنِ الجَـاهِلِ السَّـفِيـهِ فَـكُـلُّ مَـا قَـال فَهُـو فِيـهِ

جاھل بےوقوف کی باتوں سے درگذر کر کیونکہ وہ جو بولتا ہے وہ اسکی جہالت کا نتیجہ ہے

٢ مَـاضَـرَّ بَـحْـرَ الـفُـرَاتِ يَـوْمـاً إِنْ خَـاضَ بَـعْضُ الكِلَابِ فِيـهِ

بہنے والے دریائے فرات کو کوئی نقصان نہ ہوگا اگر کچھ کتّے کسی دن اسمیں گھس جائیں

---

١۔ **أَعْرِضْ** : أَعْرَضَ عنه، منہ موڑنا، اعراض کرنا۔

**السَّفِيهُ** : ج، سُفَهَاءُ، بےوقوف، کم عقل، نادان۔

٢۔ **خَاضَ** : خَاضَ(ن) خَوضاً وخِيَاضاً، الماء، پانی میں گھسنا، داخل ہونا، فی الحدیث، گفتگو میں مشغول ہونا، الغمرات، سختیوں میں گھس جانا۔

# عَیۡنُ الرِّضَا

١ وَعَیۡنُ الرِّضَا عَنۡ کُلِّ عَیۡبٍ کَلِیلَةٌ وَلٰکِنَّ عَیۡنَ السُّخۡطِ تُبۡدِی الۡمَسَاوِیَا

محبت کی نگاہ عیب دیکھنے میں کمزور ہوتی ہے اور ناراضگی کی نگاہ عیوب واضح کرتی ہے

٢ وَلَسۡتُ بِھَیَّابٍ لِمَنۡ لاَ یَھَابُنِي وَلَسۡتُ أَرٰی لِلۡمَرۡءِ مَالاَ یَرٰی لِیَا

جو مجھ سے نہیں ڈرتا میں بھی اس سے نہیں ڈرتا اور جو میرا خیال نہیں کرتا میں اسکا خیال نہیں کرتا

٣ فَإِنۡ تَدۡنُ مِنِّی، تَدۡنُ مِنۡکَ مَوَدَّتِي وَإِنۡ تَنۡأَ عَنِّی تَلۡقَنِي عَنۡکَ نَائِیَا

تو مجھ سے قریب ہوگا تو میری محبت تجھ سے قریب ہوگی اور اگر تو دور ہوگا تو مجھے بھی اپنے سے دور پائیگا

٤ کِلاَنَا غَنِیٌّ عَنۡ أَخِیهِ حَیَاتَهُ وَنَحۡنُ إِذَا مِتۡنَا أَشَدُّ تَغَانِیَا

ہم میں سے ہر ایک زندگی میں ایک دوسرے سے بے نیاز ہیں اور موت کے بعد یہ بے پرواہی اور زیادہ بڑھ جائیگی

---

١۔ **کَلِیلَةٌ** : کَلَّ (ض) کَلًّا وَکَلاَلاً وَکُلُولَةً، تھکنا، کَلِیل اللّسان والبصر، زبان یا نگاہ کا اچھی طرح کام نہ دینا، الکَلِیلُ، تھکا ہوا، بَصَرٌ کَلِیلٌ، کمزور، نگاہ، سَیۡفٌ کَلِیلٌ، کند تلوار، ج، کِلاَلٌ.

٢۔ **ھَیَّاب** : خائفٍ.

٣۔ **تَنَأَ** :نَأی، یَنۡأَیَ نَأۡیاً، فلانا ونَأیَ عن فُلانٍ، دور ہونا، صفت، ناءٍ، مؤنث، نائیَةٌ.

٤۔ **تَغَانِیاً** : تَغَانی، تَغَانِیاً ، ایک دوسرے سے غنی ہونا، بے نیاز ہونا، استغنٰی، بے نیاز ہونا، عنه به، اکتفا کرنا، اللهُ، خدا تعالی سے دعا کرنا کہ وہ غنی کردے۔

# حُبُّ الفَاطِمِيَّةِ

١ إِذَا فِي مَجْلِسٍ نَذْكُرُ عَلِياً وَسِبْطَيْهِ وَفَاطِمَةَ الزَّكِيَّهْ

جب ہم کسی مجلس میں حضرت علیؓ کا ذکر کرتے ہیں اور حسنینؓ اور فاطمہ زکیہؓ کی یاد تازہ کرتے ہیں

٢ يُقَالُ تَجَاوَزُوا يَا قَومُ هَذَا فَهَذَا مِنْ حَدِيثِ الرَّافِضِيَّهْ

تو کہا جاتا ہے کہ اے لوگو اسکو چھوڑ دو کیونکہ یہ روافض والی باتیں کر رہا ہے

٣ بَرِئْتُ إِلَى المُهَيْمِنِ مِنْ أُنَاسٍ يَرَوْنَ الرَّفْضَ حُبَّ الفَاطِمِيَّهْ

میں اللہ تعالی کے سامنے ایسے لوگوں سے براءت ظاہر کرتا ہوں جو اولاد فاطمہؓ سے محبت کو رفض سمجھتے ہوں

---

١ـ **سِبْطَيْهِ** : السبط ولد الإبن والإبنة ، وهما الحسن والحسينؓ

٣ـ **المُهَيْمِنُ** : اسماء الله الحُسنٰى، المُسَيْطِرُ.